اوس قاعدہ قسمت کو جو مہندس ہورنر صاحب نے ایجاد کیا ہی قاعدہ قیاسی کہتے ہین اور وجہ تسمیہ اسکی معلوم ہوجائیگی مرقومہ الذیل سے ظاہر کہ قاعدہ عام تقسیم مین تمام اجزای مقسوم علیہ کے ضرب کئے جاتی ہین اول خارج قسمت کے مین اور اس حاصل ضرب کو تفریق کرتے ہین مقسوم مین سے لیکن عمل تفریق کا جاری کیا جاتا ہے بدیل کرنے سے علامتین مفروق کی اور بعد ازان جمع کرنے سے ساتھ مفروق منہ کی پس معلوم ہوا کہ اگر تبدیل کرین ہم علامتین سب اجزاے مقسوم علیہ کے تو اس صورت مین حاصل ضرب مذکور ساتھ مقسوم کے فقط جمع کرنا چاہیگا اور نہ تفریق کرنا اور چونکہ متواتر یہی عمل کیا جاتا ہی تو معلوم ہوا کہ ہر حاصل ضرب جو حاصل

ہوگا ضرب دینی سے مقسوم علیہ کو کسی جز خارج قسمت کی مین جمع کیا جائیگا اور تفریق نکیا جائیگا اس صورت
مین ظاہر ہی کہ مقسوم دوم وہی ہوگا جیسی کہ ہوتا ہی جسوقت جاری کیا جاتا ہی قاعدہ مروج لیکن چونکہ دوسرا جز
خارج قسمت کا حاصل ہوتا ہی تقسیم کرنی سے اول جز مقسوم دوم کو اول جز مقسوم علیہ پر اور اول جز مقسوم علیہ کے
علامت تبدیل کی گئی ہی تو ظاہر ہی کہ علامت دوسری جز خارج قسمت کی وہ نہین ہوگی جو چاہئے پس واسطی در
کرنے اس وقت کی ہم نہین بولتی ہین علامت اول جز مقسوم علیہ کی اور نہین لکھتے ہین اون حاصل ضربون کو
جو حاصل ہوتی ہین ضرب دینی سے ہر جز خارج قسمت کو اول جز مقسوم علیہ مین کسواسطی موافق قاعدہ مروج کے
بوسیلہ حاصل ضرب مذکور کے اول اجزای تمام مقسومون متواتر کے زایل ہوجاتے ہین پس جسوقت چھوڑ دیا ہمنے
ان حاصل ضربون کو تو بدلے اشال اول جز کسی مقسوم کی ہونگے اشال اول جز خارج قسمت کی کسواسطے کہ اشال اول
جز مقسوم علیہ کا عدد آکا ہی اور یہہ بات عمل مین اسکتی ہی تقسیم کرنی سے مقسوم اور مقسوم علیہ کو اشال اول جز مقسوم
علیہ کے اب ظاہر ہی کہ اشال جزون خارج قسمت کی ہونگی اشال اول جزو مقسومون کے عمل مذکور اور بہی سہل ہوسکتا ہی اگر
جمع نکرین ہم سب اجزای کو بلکہ اوسنے اجزا کو جتنی کفایت کرین واسطے بتادینے اول جز ہر مقسوم کے اور لکھین ہم
اون حاصل ضربون کو جو حاصل ہون ضرب دینی سے ایک کم اجزای مقسوم علیہ کو اجزای خارج قسمت مین خطون یا
قطارون ترچہی مین اور نہ خطون عرضی مین جیسیکہ موافق قواعد مروج کی ہوتا ہی بیان سے یہہ قاعدہ نکلتا ہی

قاعدہ

اول قسمت کرد مقسوم اور مقسوم علیہ کو سر اول جز مقسوم علیہ پر اور اس عمل سے سر اول جز مقسوم علیہ کا آ
ہوجائیگا اور اول جز خارج قسمت اور مقسوم کا ایک ہوجائیگا دویم تبدیل کرد علامتین تمام اجزای الا ایک مقسوم علیہ کو اور
ضرب کرد تمام اجزا کو جنکی علامتین تبدیل کی گئی ہین اول جز خارج قسمت مین اور حاصل ضرب کو اول سطر سی ابتدا کرکے ایک
قطار ترچہی مین لکھو سویم جمع کرد اون اجزا کو جو واقع ہون اول قطار عمودی مین اور ضرب کرد اجزای مبدلہ مقسوم علیہ کو
اس حاصل جمع مین اور بطور سابق کے لکھو حاصل ضرب کو ایک ترچہی قطار مین چہارم جمع کرد اجزای دوم قطار عمودی
کو اور حاصل جمع ہوگا دوسرا جز خارج قسمت کا اور ضرب کرد اجزای مبدلہ مقسوم علیہ کو اس حاصل جمع مین اور حاصل ضرب
کو بطور سابق کے لکھو اور یہی عمل کیے جاوے تبتک کہ اجزای مقسوم کے تمام ہوجائین جیسیکہ ہوتا ہی موافق قاعدہ مروج کے
ظاہر ہی کہ قاعدہ مروج قسمت کی کو دیکھکر مہندس ہورنر نے اس قاعدہ کو قیاس مینے استنباط کرلیا ہی اور اسیواسطے
اس قاعدہ کو قاعدہ قیاسی کہتے ہین

مثال ۱ چاہتے ہین ہم تقسیم کرنا ط^{۵} ـ ۵ ط^{۴} لا + ۱۰ ط^{۳} لا^{۲} ـ ۱۰ ط^{۲} لا^{۳} + ۵ ط لا^{۴} ـ لا^{۵}
کو ط^{۲} ـ ۲ ط لا + لا^{۲} پر اب موافق قاعدہ گذشتہ کی صورت عمل کی یہہ ہوگی

۱	۱ − ۵ + ۱۰ − ۱۰ + ۵ − ۱
+۲	+ ۲ − ۶ + ۶ − ۲
− ۱	− ۱ + ۳ − ۳ + ۱

× × ۱ − ۳ + ۳ − ۱

اور یہان سے معلوم ہوا کہ خارج قسمت مطلوبہ یہہ ہی

ط^{۳} − ۳ ط لا + ۳ ط لا^{۲} − لا^{۳} ظاہر ہی کہ اس مثالین امثال اجزای مقسوم کے خط یا قطار عرضی مین لکھے گئے ہین اور امثال اجزای مقسوم علیہ قطار عمود مین اور تمام اجزا الا ایک مقسوم علیہ کی تبدیل کی گئے ہین اور بعد ازان + ۲ اور − ۱ کو کہ تبدیل کیئے ہوئے اجزای مقسوم علیہ کے ہین ضرب کیا ہی آ مین کہ اول جز مقسوم باخارج قسمت کا ہی اور حاصل ضربون + ۲ اور − ۱ کو خط ترچہی مین نیچے − ۵ اور + ۱۰ کے لکہا ہی کہ یے متماثل ہین + ۲ اور − ۱ کے بعد ازان جمع کیا ہی ہمنے دوسرے قطار عمود کو اور اس عمل سے حاصل ہوا ہی + ۳ کہ دوسرا جز خارج قسمت کا اور جسوقت ضرب کرتے ہین ہم − ۳ کو + ۲ اور − ۱ مین اوسوقت حاصل ضرب − ۶ اور + ۳ ہوتی ہین اور انکو ترچہی قطار مین نیچے + ۱۰ اور − ۱۰ کے لکہا ہی اور حاصل جمع تیسری قطار عمود کا + ۳ ہی اور یہہ ہی تیسرا جز خارج قسمت کا پس ضرب کیا ہمنے اس حاصل جمع کو اجزای تبدیل کیئے ہوئے مقسوم علیہ مین تو حاصل ضرب یے ہونگی + ۶ اور − ۳ پس حاصل جمع چوتہی قطار عمود کا − ۱ اسی طرح سے حاصل ہوتی ہی اخیر قطار ترچہی − ۲ + ۱ اور بعد ازان عمل تمام ہوا ہر

۲ قسمت کرو لا^{۴} − ۵ لا^{۳} + ۱۵ لا^{۲} − ۲۴ لا + ۲۷ − ۱۳ لا^{۲} + ۵ لا^{۳} کو اوپر

لا^{۳} − ۲ لا^{۲} + ۴ لا − ۲ لا + ۱ کے اب ظاہر ہی کہ صورت عمل کی یہہ ہوگی

۱	۱ − ۵ + ۱۵ − ۲۴ + ۲۷ − ۱۳ + ۵
+۲	+ ۲ − ۶ + ۱۰
− ۴	− ۴ + ۱۲ − ۲۰
+ ۲	+ ۲ − ۶ + ۱۰
− ۱	− ۱ + ۳ − ۵

۱ − ۳ + ۵ + ۰ + ۰ + ۰ + ۰

پس معلوم ہوا کہ خارج قسمت مطلوبہ یہہ ہی لا^{۲} − ۳ لا + ۵

۳ تقسیم کرو ط^{۵} + ۲ ط^{۴} ص + ۳ ط^{۳} ص^{۲} − ط^{۲} ص^{۳} − ۲ ط ص^{۴} − ۳ ص^{۵} کو

ط^{۲} + ۲ ط ص + ۳ ص^{۲} پر اس جا واضح ہو کہ چون کہ امثال جز مقسوم علیہ کا کچہہ دخل عمل مین نہین رکہتا ہی تو اوسی ہم صورت عمل مین نہین لکہین گے اور واسیواسطے صورت عمل کی یہہ ہی

	۱ + ۲ + ۳ − ۲ − ۱ − ۳	
− ۲	− ۲ + ۰ + ۲	۲
− ۳	− ۳ + ۰ + ۳	۳

۱ + ۰ + ۰ − ۱

پس معلوم ہوا کہ خارج قسمت مطلوبہ یہہ ہی

ط^{۲} + ۰ × ط^{۲} ص + ۰ × ط ص^{۲} − ص^{۳} = ط^{۲} − ص^{۳}

فصل دوم مساواتون کے خواص کے بیان مین

پہلے لیکنے مطالب اس باب کے ضروری ہی کہ لکہین ہم چند تعریفین یا معنے بعضی اصطلاحون کے جو مساواتون کے بیان مین اکثر مستعمل ہوتے ہین

حدود

۱ اوس صورت جبریہ کو جو تعبیر کرتی ہی مساوات کسی دو مقدارون کو مساوات کہتی ہین

۲ قیمت کسی مساوات کی وہ مقدار ہوتی ہی کہ اگر اسکو لکہین ہم بجاے مقدار مجہول مساوات کے تو وہ شرط جو تعبیر ہوتی ہی مساوات مذکور سے پوری ہو جاتی ہی

۳ جملہ کسی مقدار کا اوس صورت جبریہ کو کہتے ہین جسمین مقدار مذکور پائی جاتی ہو کسی طرح سے مثلاً ط لا^{۲} + ص اور ط لا^{۲} + س لا + د اور ط س لا^{۲} + ص اور ط لا ہین تمام جملے لا کے اور ۴ لا − ۵ اور $\frac{\text{ط لا}^{۲} + \text{ص}}{\text{س لا} + \text{د}}$ اور ر^{۲} + لا ر + لا^{۲} + ص + ۲ ہین تمام جملے لا اور ر کے ان جملون کو تعبیر کیا کرتے ہین ساتہہ علامتون ج (لا) اور ج (لا اور ر) کے

شکل ۱ اگر کسی جملہ لا کو کہ مثل اسکی ہو لا^{ن} + ف لا$^{ن-۱}$ + ق لا$^{ن-۲}$ + ک لا$^{ن-۳}$ + وغیرہ قسمت کرین ہم لا − ط پر تو ہم کہتے ہین کہ جو کچہہ بعد قسمت ہونے کے باقی رہیگا وہ ایسا ہی جملہ ط کا ہوگا جیسا کہ جملہ اصلی ہی لا کا واسطے ثابت کرنے اس بات کے فرض کرو کہ

ج (لا) = لاⁿ + ف لاⁿ⁻¹ + ق لاⁿ⁻² + وغیرہ

اور یہہ بھی فرض کرو کہ تقسیم کرنے سے ج (لا) کو لا − ط پر خارج قسمت تو ع ہوتا ہی اور ب باقی رہتا ہی اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ج (لا) = ع (لا − ط) + ب

اب یہہ بات ظاہر ہی کہ یہہ مساوات درست ہونی چاہئے مطابق ہر قیمت لا کی پس جسوقت لا = ط اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات ج (ط) = ۰ + ب

اب چونکہ ب کچھ تعلق لا سے نہین رکھتا ہی یعنے قیمت ب کی نہین موقوف ہوتی ہی قیمت لا کی پر تو ثابت ہوا کہ باقی یعنے ب وہی جملہ کا ہی جسیکہ جملہ اصلی ہی جملہ لا کا

مثالین

۱ کیا رہیگا باقی اگر قسمت کرین ہم لا⁴ − ۶ لا + ۷ کو لا − ۲ پر اور جواب دو بغیر عمل کرنی تقسیم کے

۲ کیا رہیگا باقی اگر قسمت کرین ہم لا⁴ − ۶ لا³ + ۸ لا − ۱۹ کو لا + ۳ پر

۳ کیا رہیگا باقی اگر قسمت کرین ہم لا⁴ + ۶ لا³ + ۷ لا² + ۵ لا − ۴ کو لا − ۵ پر

۴ کیا رہیگا باقی اگر قسمت کرین ہم لاᵐ + ف لاᵐ⁻¹ + ق لا + ک کو ط − لا پر

اجوبہ

۱ ب = ۲⁴ − ۶ × ۲ + ۷ = ۴ − ۱۲ + ۷ = − ۱

۲ ب = (− ۳)⁴ − ۶ (− ۳)³ + ۸ (− ۳)² − ۱۹ = − ۱۲۴

۳ ۱۵۷۱

۴ طᵐ + ف طᵐ⁻¹ + ق طᵐ⁻² + ک

شکل ۲ اگر ط ہو ویسے ایک قیمت مساوات آئندہ کے

لاⁿ + ۱ لاⁿ⁻¹ + ۱۲ لاⁿ⁻² + ... − ۱ن − ۲ لا² + ۱ن − ۱ لا + ۱ن = ۰

تو ہم دعوی کرتے ہین کہ اول طرف اس مساوات کی پوری قسمت ہوسکتی ہی لا − ط پر کسواسطے کہ اگر قسمت کرین ہم اسس مساوات کو لا − ط پر تو موافق شکل (۱) کے باقی رہیگا یہہ طⁿ + ۱ طⁿ⁻¹ + ۱۲ طⁿ⁻² + ... ۱ن − ۱ ط + ۱ن

اور یہہ یعنے ب مساوی صفر کے ہی کسواسطے کہ جسوقت کہین ہم مساوات

ج (لا) = ع (لا − ط) + ب مین ط بجای لا کے تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

ج (ط) = ۰ + ب اور چونکہ ط ایک قیمت مساوات کی ہی تو بالضرور ج (ط) = ۰ اور اسیواسطی

معلوم ہوا کہ ب = ۰ اور یہان سے معلوم ہوا کہ مساوات مفروض پوری تقسیم ہوسکتی ہی لا − ط پر اس شکل کے برعکس یہہ ثابت ہوسکتا ہی کہ اگر مساوات مفروض لا − ط پر پوری قسمت ہوسکی تو ط بھی ایک قیمت اس مساوات کی ہوگی اس صورت مین حاصل ہوگی یہہ مساوات

ج (لا) = ع (لا − ط) اور جسوقت لا = ط اوسوقت ج (ط) = ۰ اور یہان سی یہہ معلوم ہوا کہ اگر لکھین ہم ط بجای لا کی مساوات ج (لا) = ۰ مفروض مین تو شرط مساوات کی پوری ہوجاتی ہی اور اسیواسطی ط ہی ایک قیمت اس مساوات کی

شکل ۳ ہر مساوات کی کہ جسمین فقط ایک مقدار مجہول ہوتی ہی اوتنی ہی قیمتین ہوتی ہین جتنے احاد ہوتے ہین سب سے بڑی نشان قوت مقدار مجہول مذکور کے مین فرض کرو کہ ج (لا) = ۰ ہی مساوات مفروض ن درجہ کی اور ط۱ ہی ایک اسکی قیمت توموافق شکل گذشتہ کی حاصل ہوگی یہہ مساوات

(لا − ط۱) ج۱ (لا) = ج (لا) = ۰ اور اسسے ج۱ (لا) بتعیر کرتا ہی اوس خارج قسمت کو جو پیدا ہوتا ہی تقسیم کرنی سے ج (لا) کو لا − ط۱ پر اب اگر ط۲ ایک قیمت ج (لا) = ۰ کے ہو تو ظاہر ہی کہ ج (لا) پورا قسمت ہونا چاہیئے لا − ط۲ پر کسواسطی کہ لا − ط۱ نہین قسمت ہوسکتا ہی لا − ط۲ پر اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات (لا − ط۱) (لا − ط۲) ج۲ (لا) = ۰ اور اسسے ج۲ (لا) بتعیر کرتا ہی اوس خارج قسمت کو جو پیدا ہوتا تقسیم کرنی سے

ج۲ (لا) کو لا − ط۲ پر پس اگر اسیطرح سے ہو دین

ط۳ اور ط۴ اور ط۵ ..... ط ن قیمتین مساوات مفروض کی تو ضرور ہی کہ صورت ج (لا) پوری قسمت ہوسکی ہر واحد پر ان جزو یعنی سے لا − ط۳ اور لا − ط۴ اور لا − ط۵ ..... لا − ط ن پر اور اسیواسطی مساوات مفروض کی یہہ شکل ہوجاوے گی (لا − ط۱) (لا − ط۲) (لا − ط۳) ..... (لا − ط ن) = ۰

اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جتنے اجزای ضربی اس مساوات مین ہین اوتنی ہی قیمتین بھی اس مساوات کی ہین یعنے جتنے احاد سب سے بڑے نشان قوت لا یعنی مقدار مجہول کی مین ہین اوتنی ہی قیمتین ہین کسواسطے کہ مساوات گذشتہ پوری ہوسکتی ہی بوسیلہ کسی ایک کے ان مساواتون شرطی مرقوم الزیل سے

لا = ط۱ اور لا = ط۲ اور لا = ط۳ اور ..... لا = ط ن

حکم شکل مذکورہ بالا سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر معلوم ہو ہمین ایک قیمت کسی مساوات کی تو بوسیلہ عمل تقسیم قیاسی کے ہم گھٹا سکتے ہین ایک مرتبہ مساوات مذکورہ کا اور اس نئی مساوات مین باقی قیمتین مساوات مفروض کی ہونگی

ہونگی اور اسیطرح سے اگر ایک سے زیادہ قیمتین کسی مساوات مفروض کی معلوم ہون تو دریافت کرسکتے ہین اوتنی ہی کم درجہ کی مساوات جتنی قیمتین ہمین معلوم ہین اور اس نئی مساوات مین ہونگی باقی قیمتین اب ہم لکھتے ہین چند مثالین واسطے مشق کے

مثالین

۱ ایک قیمت مساوات $لا^۴ - ۲۵ لا^۲ + ۶۰ لا - ۳۶ = ۰$ کے ۳ ہے چاہتے ہین ہم دریافت کرنے وہ مساوات جسمین باقی جاوین باقی قیمتین مساوات مفروض کی

(۳) ۱ + ۰ − ۲۵ + ۶۰ − ۳۶

۳ + ۹ − ۴۸ + ۳۶

۱ + ۳ − ۱۶ + ۱۲

پس معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہہ ہی $لا^۳ + ۳ لا^۲ - ۱۶ لا + ۱۲ = ۰$

۲ دو قیمتین مساوات $لا^۴ - ۱۲ لا^۳ + ۴۸ لا^۲ - ۶۸ لا + ۱۵ = ۰$ کے ۳ اور ۵ ہین اور چاہتے ہم دریافت کرنی وہ مساوات درجہ دویم کی جسمین باقی قیمتین ہونگی

(۳) ۱ − ۱۲ + ۴۸ − ۶۸ + ۱۵

+ ۳ − ۲۷ + ۶۳ − ۱۵

(۵) ۱ − ۹ + ۲۱ − ۵

+ ۵ − ۲۰ + ۵

۱ − ۴ + ۱

اور یہان سے معلوم ہوا کہ مساوات درجہ دوم مطلوبہ یہہ ہی $لا^۲ - ۴ لا + ۱ = ۰$

۳ ایک قیمت مساوات مکعبی $لا^۳ - ۶ لا^۲ + ۱۱ لا - ۶ = ۰$ کی ۱ ہے اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی مساوات درجہ دوم کی کہ اوسمین باقی قیمتین ہونگی

جواب $لا^۲ - ۵ لا + ۶ = ۰$

۴ دو قیمتین مساوات مال مالی یعنے چوتھے مرتبہ

$۴ لا^۴ - ۱۴ لا^۳ - ۵ لا^۲ + ۳۱ لا + ۶ = ۰$ کی ۲ اور ۳ ہین بتاؤ کیا ہوگی مساوات باقی قیمتون کی

جواب $۴ لا^۲ + ۶ لا + ۱ = ۰$

۵ ایک قیمت مساوات مکعبی $لا^۳ + ۳ لا^۲ - ۱۶ لا + ۱۲ = ۰$ کے ۱ کی ہے بتاؤ باقی قیمتین

جواب ۲ اور — ۶

۶ دو قیمتین مساوات چوتھے درجہ لا⁴ — ۶ لا² + ۱۴ لا — ۱۶ = ۰ کی ۲ اور — ۲ ہین دریافت کرو باقی قیمتون کو

جواب ۳ ± √۵

شکل ۴ چاہتے ہین ہم بنانی ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین

ط۱ اور ط۲ اور ط۳ ..... ط ن موافق شکل گذشتہ کے یہہ ظاہر ہی کہ اول طرف اس مساوات مطلوبہ کے یہہ ہوگی (لا — ط۱) (لا — ط۲) (لا — ط۳) (لا — ط۴) .... (لا — ط ن)

اور اسیواسطے مساوات مطلوبہ یہہ ہی (لا — ط۱) (لا — ط۲) (لا — ط۳) .... (لا — ط ن) = ۰

اب جسوقت جاری کرین ہم عمل ضرب کا کہ تعبیر کیا جاتا ہی مقسل ہونے خطوط وحدانی کی سے تو حاصل ہونگی یہ مساواتین

جبکہ ن = ۲ تو لا² — ط۱	لا + ط۱ ط۲ = ۰
— ط۲	

اور جبکہ ن = ۳ تو لا³ — ط۱	لا² + ط۱ ط۲	لا — ط۱ ط۲ ط۳ = ۰
— ط۲	+ ط۱ ط۳	
— ط۳	+ ط۲ ط۳	

جبکہ ن = ۴ اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا⁴ — ط۱	لا³ + ط۱ ط۲	لا² — ط۱ ط۲ ط۳	لا + ط۱ ط۲ ط۳ ط۴ = ۰
ط۲	+ ط۱ ط۳	— ط۱ ط۲ ط۴	
ط۳	+ ط۲ ط۳	— ط۱ ط۳ ط۴	
ط۴	+ ط۱ ط۴	— ط۲ ط۳ ط۴	
	+ ط۲ ط۴		
	+ ط۳ ط۴		

اور اسی قیاس پر اور مساواتین بہی نکل سکتی ہین جسوقت ن زیادہ ہو دسے ۴ سے اور مساواتون گذشتہ سی یے باتین حاصل ہوتی ہین

۱ سر دوسری جز حاصل ضرب کا ہوتا ہی حاصل جمع تمام قیمتونکا کہ اونکی علامتین بدلی گئی ہون

۲ سر تیسری جز اوسی حاصل ضرب کا ہوتا ہی حاصل جمع دو قیمتون کے حاصل ضربونکا لیکن اونکی سب ہے

علامتین بدلی ہوئی ہون

۳ سر جو تہی جزکا ہوتا ہی حاصل جمع تین قیمتون کے حاصل ضربون کا کہ ہر واحد ان مین کے علامت تبدیل کی ہوئے ہو

۴ سر پانچوین جزکا ہوتا ہی حاصل جمع چار چار قیمتون کے حاصل ضربونکا لیکن انکی علامتین تبدیل ہوئی ہون اور علی ہذا القیاس آخیر جز ہوتا ہی حاصل ضرب تمام قیمتونکا لیکن انکی علامتین بدلی ہوئی ہون یعنے ان تمام قیمتون کی اصلی علامتون کو تبدیل کرکے انکو اسمین ضرب دیا ہو سوا ان باتون کی پانچ احکام اس شکل سے نکلتے ہین

حکم ۱ اگر سر دوسری جز کسی مساوات کا صفر ہو یعنے مساوات مذکورمین دوسرا جز نہو تو بالضرور حاصل جمع قیمتون ملت کا مساوی ہوگا حاصل جمع قیمتون منفیہ کی حکم ۲ اگر علامتین تمام اجزا کسی مساوات کی مثبت ہون تو تمام قیمتین اس مساوات منفی ہونگی اور اگر علامتین متواتر مثبت اور منفی ہون تو تمام قیمتین مثبت ہونگے

حکم ۳ ہر قیمت کسی مساوات پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی مساوات مذکور کا اخیر جز کہ اسکو جز مطلق کہتے ہین

حکم ۴ جس مساوات مین سر جز اول کا عدد ایک ہو اور سر باقی اجزا کے اعداد صحیحہ ہون اوسمین کوئی قیمت کسر نہین ہوسکتی ہی یہہ بات ثابت ہوجائیگی جسوقت لیجائینگی ہم جز مطلق کو دوسری طرف مساوات کے اور لکھین سمجھکے کوئی کسر مختصرہ کیونکہ اس صورت مین یہہ لازم اجائیگا کہ ایک کسر مساوی ہی ایک عدد صحیح کی اور یہہ بات محال ہی

حکم ۵ جس مساوات مین تمام قیمتین ممکن ہون اور جز اخیر بہت چھوٹا یعنے کم ہو تو ضرور ہی کہ قیمتین اس مساوات کی بہت چھوٹی ہون

مثالین

بنا ؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین ۲ اور ۳ اور ۵ اور − ۶ ہین بس اس صورت مین فقط یہہ بات لازم ہی کہ جاری کرین ہم عمل ضرب کا کہ تغیر کیا جاتا ہی مساوات آئندہ مین $(ل-۲)(ل-۳)(ل-۵)(ل+۶)=۰$

اب اگر علیحدہ کرین ہم سرون کو حروف سی تو صورت عمل کی یہہ ہوگی

$$ل-۲ \quad ل-۳$$

$$ل+۶ \quad ل-۵$$

$$ل^۲-۵ل+۶ \quad ل-۵$$

$$ل^۳-۵ل^۲+۶ل$$

$$ل^۳-۵ل^۲+۶ل \quad ل+۶$$

$$ل^۴-۵ل^۳+۶ل^۲+۶ل^۳-۳۰ل^۲+۳۶ل$$

$$ل^۴+ل^۳-۲۴ل^۲+۳۶ل-۱۸۰$$

اور یہان سے معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہ ہے لا⁴ − ۴لا³ − ۲۹لا² + ۱۵۶لا − ۱۸۰ = ۰

۲ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین √۲ اور −√۲ اور ۳ اور −۳

۳ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین √۳ اور −۴ اور ۲+√۳ اور ۲−√۳

۴ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین ۳+√۵ اور ۳−√۵ اور ۲ اور −۲

۵ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین ۱ اور −۲ اور ۳ اور −۴ اور ۵ اور −۶

۶ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین ۲+√−۱ اور ۲−√−۱ اور −۳

۷ بناؤ ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین یہ ہین ۳ اور ۴ اور $\frac{۱}{۴}$ اور $\frac{۱}{۳}$

اجوبہ

۲ لا³ − ۷لا + ۶ = ۰

۳ لا⁴ − ۳لا³ − ۱۵لا² + ۴۹لا − ۱۲ = ۰

۴ لا³ − ۳۲لا + ۲۴ = ۰

۵ لا⁶ + ۳لا⁵ − ۴۱لا⁴ − ۸۷لا³ + ۴۰۰لا² + ۴۴۴لا − ۲۰۷ = ۰

۶ لا³ − لا² − ۱۷لا + ۱۵ = ۰

۷ ۸لا⁴ − ۵۴لا³ + ۱۰۱لا² − ۵۴لا + ۸ = ۰

شکل ۵ اگر کسی مساوات کی اجزاء کی ایک ایک چھوڑ کر علامتین بدلی جائین تو علامتین تمام قیمتون اس مساوات کی بھی بدل جائینگی فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات

لا^ن + ۱ لا^{ن−۱} + ۲ لا^{ن−۲} + ۳ لا^{ن−۳} + ... ن = ۰ ..... (۱)

اب اگر علامتین اجزای اس مساوات کی ایک ایک چھین چھوڑ کر بدلین تو حاصل یہہ ہونگی مساواتین

لا^ن − ۱ لا^{ن−۱} + ۲ لا^{ن−۲} ... ± ن لا ± ۱ = ۰ ..... (۲)

− لا^ن + ۱ لا^{ن−۱} − ۲ لا^{ن−۲} ... ± ن لا ± ۱ = ۰ ..... (۳)

اس جا ظاہر ہی کہ مساواتین (۲) اور (۳) ایک سی ہین کیونکہ ان دونوتین حاصل جمع مثبت اجزاء کا مساوی ہی حاصل جمع منفی اجزای سے کے اب اگر لکھین ایک قیمت ط مساوات اول اور − ط کو مساوات دوم مین بجایے لا کے تو جو کچھ ان دونون مساواتون سے اسوقت حاصل ہوگا وہ یکسان ہوگا اور چونکہ

اور چونکہ مساوات (۱) قیمت ط سے پوری ہوتی ہی تو ضرور ہی کہ ط سی مساوات (۲) پوری ہووے ہی اور یہان سے معلوم ہوا کہ ط ہی ایک قیمت مساوات (۲) یا (۳) کی ہی اگر علامتین تمام اجزا کے کسی مساوات کی تبدیل کی جائین تو علامتین قیمتون اس مساوات کی تبدیل نہین ہونگی

مثالین

۱ قیمتین مساوات لا^{۳} − ۶ لا^{۲} + ۱۱ لا − ۶ = ۰ کے ۱ اور ۲ اور ۳ ہین بتا دیا ہین قیمتین اس مساوات کی لا^{۳} + ۶ لا^{۲} + ۱۱ لا + ۶ = ۰ جواب − ۱ اور − ۲ اور − ۳

۲ قیمتین مساوات لا^{۳} − ۶ لا^{۲} + ۲۴ لا − ۱۶ = ۰ کی ۲ اور ۴ اور ۴ ± $\sqrt{-۵}$ ہین بتاؤ وہ کونسی مساوات ہی جسکی قیمتین یہ ہین − ۲ اور − ۴ اور − (۴ ± $\sqrt{-۵}$)

جواب − لا^{۳} − ۶ لا^{۲} − ۲۴ لا − ۱۶ = ۰

شکل ۶ مقدارین نزولی اور قیمتین غیر ممکن کی مساواتون مین جوڑی ہوتی ہین یعنے یہ مقدارین دو دو اسیمین ضرب پاکر مساوات مین نمودار ہوتی ہین فرض کرو کہ یہہ مساوات ہی

لا^{ن} + ۱ لا$^{ن-۱}$ + ۱ لا$^{ن-۲}$ ..... + ۱ لا + ۱ ن = ۰ اور اوسکی ایک قیمت یہہ ہی

ط + ص $\sqrt{-۱}$ تو ہم دعوی کرتے ہین کہ ط − ص $\sqrt{-۱}$ ہی ایک قیمت اسی مساوات کی ہی اسواسطے کہ اگر لکھین ہم ط + ص $\sqrt{-۱}$ کو مساوات مفروض مین بجای لا کے تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

(ط + ص $\sqrt{-۱}$)^{ن} + ۱ (ط + ص $\sqrt{-۱}$)$^{ن-۱}$ + ... + ۱ ن − ۱ (ط + ص $\sqrt{-۱}$) + ۱ ن = ۰

اب اگر دریافت کرین ہم صورت مفصلہ اجزای اس مساوات کی تو حاصل ہونگی دو مجموعی مختلف قسم کی اجزای کے ایک توانین کا ہوگا مجموعہ جفت قوتون ص $\sqrt{-۱}$ کا یعنی مقادیر ممکن کا اور اوسکو تعبیر کرتے ہین ف سے اور دوسرا ہوگا مجموعہ مقادیر غیر ممکن کا اور اوسکو ہم تعبیر کرتے ہین ق $\sqrt{-۱}$ سی پس حاصل ہوگی یہہ مساوات ف + ق $\sqrt{-۱}$ = ۰

اور چونکہ ف اور ق ایک دوسرے سے کچھہ علاقہ نہین رکھتے ہین تو ضرور ہی کہ ف = ۰ اور ق = ۰

اب لکھو ط − ص $\sqrt{-۱}$ واسطے لا کی مساوات مفروض مین اب چونکہ طاق قوتین − ص $\sqrt{-۱}$ کی منفی ہونگی تو ضرور ہی اب حاصل ہووے یہہ صورت ف − ق $\sqrt{-۱}$ اور چونکہ پہلے ثابت ہوچکا ہی کہ ف = ۰ اور ق = ۰ تو معلوم ہوا کہ ۰ + ق $\sqrt{-۱}$ = ۰ اور یہان سے یہہ بات معلوم ہوئی کہ جسوقت لکھتے

لکھتے ہین ہم ط − ص √۸ − ۱ بجای لا کے مساوات مفروض مین تو شرط مساوات کی پوری ہوجاتی ہی اور اسیواسطی ثابت ہوا کہ ق − ق √۸ − ۱ بھی ایک قیمت مساوات مفروض کی ہی بعینہ اسیطرح سے یہہ ثابت ہوسکتا ہی کہ اگر ط + ص √۸ ہودی ایک قیمت کسی مساوات مفروض کے تو بالضرور ط − ص √۸ بھی ایک قیمت اوسی کی ہوگی

حکم ۱ وہ مساوات جسکی بعضی یا تمام قیمتین غیر ممکن ہون ضرور ہی کہ تقسیم ہوسکی

{ لا − (ط + ص √۸ − ۱) } { لا − (ط − ص √۸ − ۱) } پر یعنے اسپر

لا² − ۲ ط لا + ط² + ص² اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ تمام مساواتین نزولی حل ہوسکتی ہین غیر نزول اجزای مین اور یہ اجزا یا تو اول درجہ کی ہونگی یا دوم درجہ کی اور قیمتین غیر ممکن ممکن ہوسکتی موافق شرایط مذکور کے

حکم ۲ ممکن ہی کہ تمام قیمتین ایک جفت درجہ کی مساوات کی غیر ممکن ہون اور اگر یسے سب قیمتین غیر ممکن نہ ہون گی تو بالضرور کم سے کم دو قیمتین ممکن ہونگی

حکم ۳ چونکہ حاصل ضرب ہر جوڑہ غیر ممکن قیمتون کا ط² + ص² کے شکل کا ہوتا ہی اور ط² + ص² اپنی ذات سی ایک مقدار مثبت ہی تو معلوم ہوا کہ اخیر جزا دسی مساوات کا جسکی سب قیمتین غیر ممکن ہین مثبت ہوتا ہی

حکم ۴ ہر مساوات طاق درجہ کی مین بالضرور کم سے کم ایک قیمت ممکن ہوتی ہی اور علامت اسی ایک قیمت کے مخالف ہوتی ہی علامت اخیر جزا دسی مساوات کی سے

حکم ۵ ہر مساوات جفت درجہ کی مین کہ جسکا اخیر جز منفی ہو کم سے کم دو قیمتین ممکن یعنے اصلی ہونی چاہئین ایک ایمن سے مثبت اور دوسری ایمن کی منفی ہوتی ہی

شکل ۷ کسی مساوات مین تعداد قیمتون مثبت کی نہین زیادہ ہوسکتی ہی تعداد تبدیلیون علامتون کے + سے − مین یا − سے + مین اور تعداد منفی قیمتونکی نہین زیادہ ہوسکتی ہی تعداد متواتر آنے ایک ہی علامت کی سے فرض کرو کہ کسی مساوات مین اسس ترتیب سی علامتین نمودار ہین

+ + + − − − − + + + − + − − − + + +

اب اگر پیدا کیا چاہین ایک اور قیمت مساوات مفروض مین تو ظاہر ہے کہ ضرب کرنا چاہیے ہمین مساوات مفروض کو لا − ط مین اور اب ظاہر ہے کہ حاصل ضرب مین اسس صورت سے علامتین نمودار ہونگے

− + + + − − − + − +	
+ − − − + + + − + −	اور دوسری صورت مین
+ − ± ± + ∓ ∓ − + − +	اسطرح نمودار ہونگی
+ + + − + − − − +	
− − − + − + + + −	
− ± ± + − + ± ± − +	

اور اسجای علامت مشکوک ± سے یہہ بات تعبیر ہوتی ہی کہ علامت یا تو + یا − ہوگی اور یہان سے ظاہر ہوا کہ علامتین متواتر تبدیل ہوگئی ہین لیکن یہہ بات ظاہر ہی کہ عمل ضرب مذکورہ بالا سے تعداد متواترانے علامتون کی نہین زیادہ ہوئی گو کہ وے مشکوک ہوگئین ہین اور یہہ اختیار ہی کہ خواہ کیسی علامت دا سطے مشکوک علامتون کے فرض کرو لیکن یہہ ظاہر ہی کہ ایک علامت زیادہ ہوئے اور اسیواسطے تعداد تبدیلیون کے بقدر ایک کے زیادہ ہوئے اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ جبکہ ایک نئی قیمت کسی مساوات مین پیدا ہوتی ہی اوسوقت تعداد تبدیلیون علامتون کی بقدر ایک کے زیادہ ہوتی ہی اور اسیواسطے یہہ ثابت ہوا کہ تعداد قیمتون مثبت کی نہین زیادہ ہوسکتی ہی تعداد تبدیلیون مذکور سے جسوقت علامتون ایک جزو کو کہ چھوڑکر کسی مساوات کی اجزا ئے تبدیل کیئے جاتے ہین اوسوقت موافق شکل (۵) کے علامتین تمام قیمتون اس مساوات کی تبدیل ہوجاتی ہین اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ متواتر علامتین کہ مساوات مفروض مین ہونگی تبدیل ہوجائینگی تبدیلیون علامات کی سے مساوات مبدلہ مین اور تبدیلین مساوات مفروض کی تبدیل ہوجائینگی علامتون متواتر سے مساوات مبدلہ مین اور چونکہ مساوات مبدلہ مین تعداد مثبت قیمتون کی نہین زیادہ ہوسکتی ہی تعداد تبدیلیون علامتون کے سے تو معلوم ہوا کہ تعداد قیمتون منفیہ کی مساوات مفروض مین نہین زیادہ ہوسکتی ہی تعداد متواترانے علامتونکی سے

مثالین

۱ مساوات $لا^۶ + ۳لا^۵ - ۱۴لا^۴ - ۸۷لا^۳ + ۴۰۰لا^۲ + ۴۴۴لا - ۲۷۰ = ۰$ مین چھہ اصلی یعنے ممکن قیمتین ہین بتاو کتنی انمین سے مثبت ہونگی

۲ مساوات $لا^۴ - ۳لا^۳ - ۱۵لا^۲ + ۹۴لا - ۱۲۰ = ۰$ مین چار اصل قیمتین ہین بتاو کتنی انمین سے منفی ہونگی

فصل سویم ہیچ بیان تبدیل کرنی مساوات کے

شکل ۱ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا ایک مساوات مفروض کو ایک اور ایسی مساوات سی کہ اسکی پچھلی مساوات کے قیمتین مساوات مفروض کی سے علیحدہ علیحدہ بقدر ایک خاص مقدار کی زیادہ یا کم ہون مثلاً فرض کرو کہ مساوات آیندہ مساوات مفروض ہی

$$ط لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + \dots\dots + ا_ن لا + ا_{ن+1} = ۰$$

اور چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا اسی مساوات کو ایک اور ایسی مساوات سی کہ اسکی قیمتین قیمتون مساوات مفروض کی سے بقدر مقدار د کے کم ہون یہہ تبدیلی عمل مین اسکتی ہی اگر لکھین ہم مساوات مفروض مین ع + د واسطے لا کے اور جو کچھہ حاصل ہوگا وہ مساوات مطلوبہ ہوگی لیکن یہہ عمل بہت طول طویل ہوتا ہی اور اسیواسطے ہم کوئی اور سہل طریقہ کی طرف رجوع کرینگی ظاہر ہی کہ اگر مساوات مفروض مین لکھین ہم ع + د واسطی لا کے تو حاصل ہوگی ایک اسی درجہ کی مساوات اور شکل بہی اسی مساوات کے وہی ہوگی جو مساوات مفروض کی ہے پس فرض کرو کہ مساوات مذکور یہہ ہی

$$ط ع^ن + ب ع^{ن-1} + ب_2 ع^{ن-2} + \dots\dots ب_ن ع + ب_{ن+1} = ۰ \quad (۱)$$

لیکن چونکہ ع = لا − د تو مساوات (۱) اسی شکل کی ہوجائیگی

$$ط (لا - د)^ن + ب (لا - د)^{ن-1} + \dots\dots ب_ن (لا - د) + ب_{ن+1} = ۰ \quad \dots\dots (۲)$$

اور اسیجای یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر دریافت کرین ہم صورت مفصلہ ہر جز اسی مساوات کی تو جو مساوات حاصل ہوگی وہ مساوات اور مساوات مفروض ایک سی ہونگی اسواسطے کہ مساوات مفروض مین بجاے لا کی ع + د لکہا گیا ہی اور جو مساوات اس طرح لکھنی سے حاصل ہوئی ہی اوسمین تبدیل کیا ہی ع کو لا − د سی اور اسیواسطے ظاہر ہی کہ مراجعت کی ہمنے طرف مساوات مفروض کے پس اب حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$ط (لا - د)^ن + ب (لا - د)^{ن-1} + \dots\dots ب_ن (لا - د) + ب_{ن+1} =$$

$$ط لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + \dots\dots ا_ن لا + ا_{ن+1}$$

اب اگر قسمت کرین اول طرف اسی مساوات کو لا − د پر تو ظاہر ہی کہ باقی رہیگا ب_{ن+1} اور خارج قسمت ہوگا یہہ

$$ط (لا - د)^{ن-1} + ب (لا - د)^{ن-2} + \dots\dots ب_ن$$

اور چونکہ دوسری طرف مساوات گذشتہ کی بعینہ وہی ہی جو اول طرف ہی تو ضرور ہی کہ اگر اوسکو لا − د پر قسمت کرین تو بہی یہی خارج قسمت اور باقیات پیدا ہونگی اور یہان سے یہہ بات معلوم ہوئی کہ اگر اول طرف مساوات مفروض کو لا − د پر قسمت کرین تو باقی رہیگا اخیر جز مساوات مطلوبہ کا اب اگر قسمت کرین خارج قسمت

ط (لا − د)$^{ن-۱}$ + ب (لا − د)$^{ن-۲}$ + ب ن − ۲ (لا − د) + ب ن − ۱ کو لا − د پر تو ظاہر ہی کہ باقی ب ن − ۱ رہیگا اور یہہ ہی سراخیر جزسی پہلے جز کا اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ اگر قسمت کرین اصلی مساوات کی اول طرف کو اور بعد ازان اسیطرح سی ہر خارج قسمت کو تو معلوم ہوجائینگی ہمین سر تمام اجزای مساوات مطلوبہ کی پس واسطی دریافت کرینے مساوات مطلوبہ کی یہہ قاعدہ نکلتا ہی

قاعدہ

فرض کرو کہ اول طرف مساوات مفروض کی کوئی جملہ لا کا ہی اور د ہی وہ مقدار جسقدر قیمتون اس مساوات کو کم یا زیادہ کرنا ہی پس اب قسمت کرو اول طرف مذکور کو لا − د یا لا + د پر جیسیکہ مطلوب ہو یعنے اگر قیمتون مساوات کا کم کرنا ہی تو لا − د پر قسمت کرو اور اگر زیادہ کرنا ہی تو لا + د قسمت کرو اور بعد ازان جو کچھ حاصل ہو اوسی بہی لا − د یا لا + د پر قسمت کرو اور یہی عمل تقسیم کا جاری رکھو جب تک تقسیم انتہا پاوے پس اب سر سب سے بڑی قوت مقدار مجہول مساوات مطلوبہ کا ہوگا سر اسی قوت مقدار مجہول مساوات مفروض کا اور اون مقدارون مین سے جو عملون تقسیم کئی سے باقی بچے ہین اول ہوگی سر اخیر جز مساوات مطلوب کا اور دوسری ہوگی سر اخیر سی پہلی جز مساوات مطلوبہ کا اور علی ہذا القیاس اور اسی طرح سے مساوات معلوم ہوسکتی ہی یہہ بہی واضح ہو کہ اگر کوئی جز مساوات مین نہین ہوا سکی جگہ ایک صفر لکھنا چاہیے

مثالین

۱ چاہتے ہین تبدیل کرنا مساوات ۵ لا^{۴} − ۱۲ لا^{۳} + ۳ لا^{۲} + ۴ لا − ۵ = ۰ کو جسکی قیمتین کم ہون قیمتون مساوات مفروض کی سے بقدر ۲ کی

لا − ۲) ۵ لا^{۴} − ۱۲ لا^{۳} + ۳ لا^{۲} + ۴ لا − ۵ (۵ لا^{۳} − ۲ لا^{۲} − لا + ۲

۵ لا^{۴} − ۱۰ لا^{۳}

− ۲ لا^{۳} + ۳ لا^{۲}

− ۲ لا^{۳} + ۴ لا^{۲}

− لا^{۲} + ۴ لا

− لا^{۲} + ۲ لا

+ ۲ لا − ۵

+ ۲ لا − ۴

− ۱ = باقی اول

$$\text{ل}-۲) \; ۵\text{ل}^۳ - ۲\text{ل}^۲ - \text{ل} + ۲ \; / \; ۵\text{ل}^۲ + ۸\text{ل} + ۱۵$$

$$۵\text{ل}^۳ - ۱۰\text{ل}^۲$$

$$+ ۸\text{ل}^۲ - \text{ل}$$

$$+ ۸\text{ل}^۲ - ۱۶\text{ل}$$

$$+ ۱۵\text{ل} + ۲$$

$$۱۵\text{ل} - ۳۰$$

$$+ ۳۲ = \text{باقی دویم کی}$$

$$\text{ل}-۲) \; ۵\text{ل}^۲ + ۸\text{ل} + ۱۵ \; / \; ۵\text{ل} + ۱۸$$

$$۵\text{ل}^۲ - ۱۰\text{ل}$$

$$+ ۱۸\text{ل} + ۱۵$$

$$+ ۱۸\text{ل} - ۳۶$$

$$+ ۵۱ = \text{باقی سویم}$$

$$\text{ل}-۲) \; ۵\text{ل} + ۱۸ \; / \; ۵$$

$$۵\text{ل} - ۱۰$$

$$۲۸ = \text{چہارم}$$

یہان سے معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہہ ہی $۵ز^۴ + ۲۸ز^۳ + ۵۱ز^۲ + ۳۲ز - ۱ = ۰$
ظاہر ہی کہ عمل گزشتہ بہت طویل ہی لیکن یہہ مختصر ہو سکتا ہی اگر رجوع کرین ہم طرف قاعدہ قیاسی تقسیم مہندس ہورنر کی پس اگر حل کرین مثال گذشتہ کو اس قاعدہ سے تو صورت عمل کی یہہ ہی

$$۲) \; ۵ - ۱۲ + ۳ + ۴ - ۵$$

$$۱۰ - ۴ - ۲ + ۴$$

$$۵ - ۲ + ۱ - ۲ - ۱ \quad \therefore \; \frac{ب}{۱} = -۱$$

$$\frac{۳۰ + ۱۶ + ۱۰}{۳۲ + ۱۵ + ۸ + ۵} \quad \therefore \; \frac{ب}{۲} = ۳۲$$

$$\frac{۳۶ \quad ۱۰}{۵۱ + ۱۸ + ۵} \quad \therefore \; \frac{ب}{۳} = ۵۱$$

$$\frac{۱۰}{۲۸ + ۵} \quad \therefore \; \frac{ب}{۴} = ۲۸$$

پس معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہہ ہی $۵ز^۴ + ۲۸ز^۳ + ۵۱ز^۲ + ۳۲ز - ۱ = ۰$
۲ چاہیے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات $۵ز^۴ + ۲۸ز^۳ + ۵۱ز^۲ + ۳۲ز - ۱ = ۰$ کو
ایک ایسی مساوات سی کہ اوسکی قیمتین قیمتون مساوات مفروض کی سے علیحدہ علیحدہ قدر ۲ کے زیادہ ہون
اس صورت مین ظاہر ہی کہ اگر عمل کرین ہم بوسیلہ قاعدہ تقسیم ہورنر صاحب کے تو صورت عمل کی یہہ ہوگی

$$-2)\ 5+28+51-32+1$$

$$-10-36-30+4$$

$$+18+15+2-5$$

$$-10-16+2$$

$$+8-1+4$$

$$-10+4$$

$$-2+3$$

$$-10$$

$$-12$$

پس معلوم ہوا کہ مطلوبہ یہہ ہی $5لا^4 - 12لا^3 + 3لا^2 + 4لا - 5 = 0$

۳ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات $ع^3 - 2ع^2 + 3ع - 4 = 0$ کو ایک ایسی مساوات سے جسکی قیمتین بہ نسبت قیمتون مساوات مفروض کے بقدر ۷ ر ۱ کے کم ہون

$$1)\ 1-2+3-4$$

$$1-1+2$$

$$-1+2-2$$

$$+1\ 1$$

$$0+2$$

$$1$$

$$1$$

پس معلوم ہوا کہ وہ مساوات جسکی قیمتین بہ نسبت قیمتون مساوات مفروض کے بقدر ۱ کے کم ہین یہہ ہی $لا^2 + لا + 2لا - 2 = 0$ اور اگر یہی عمل کرین اس مساوات پر واسطے کمی ۷ ر کے تو صورت عمل کی یہہ ہوگی

$$7ر1)\ 1+1+2-2$$

$$+7ر7\quad 1ر19\quad 3ر23$$

$$7ر1\quad 9ر19\quad 3ر23$$

$$7ر7\quad 16ر8$$

$$2ر4\quad 8ر7$$

$$7ر7$$

$$3ر1$$

یہان سے معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہہ ہی $3ر1 + 2ر3 + 8ر7 + 4ر2 + 3ر23 = 0$

مثال گذشتہ مین ہمنے دو دفع عمل تقسیم کا کیا لیکن واضح ہو کہ عمل مذکور ایک ہی دفعہ ہو سکتا ہی جیسکہ واضح ہوگا ان دو طرح کی صورتون عملون کی سے

---

* اسجایے کہ دو قسم کی ہین ایک تو نشان کسور اعشاریہ کا اور دوسرا علامت مقدار جبریہ کا



یہہ بات ظاہر ہی کہ ان دو صورتون مین سے اول صورت مین ہمنے دونون عملون کو ایک جا ہی لکھدیا ہی اور دوسری صورت مین ہمنے آ اور ۷ کو جدا کرکے عمل نہین کیا ہی بلکہ ایک ہی بار اسکو اکھٹا رکھہ کر عمل جاری کیا ہی

۴ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات $لا^{۳} - ۷لا + ۷ = ۰$ کو ایک ایسی مساوات سے جسکی قیمتین بہ نسبت اس مساوات کے $\frac{۱}{۲}$ بقدر ایک کے کم ہون

۵ چاہتے ہین دریافت کرنے ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین کم ہون بقدر ۳ کے قیمتون اس مساوات $لا^{۴} - ۳لا^{۳} - ۱۵لا^{۲} + ۴۹لا - ۱۲ = ۰$ سے

اور تبدیل کرو اس مساوات کو جو حاصل ہو ایک اور ایسی مساوات سے جسکی قیمتین اس مساوات کی سی بقدر ۴ کے زیادہ ہون

۶ بتاؤ وہ کونسی مساوات ہی جسکی قیمتین کم ہین بقدر ۱۰ کے بہ نسبت قیمتون اس مساوات کی

$$لا^{۴} + ۲لا^{۳} + ۳لا^{۲} + ۴لا - ۴۰ = ۱۲۳$$

۷ بتاؤ وہ کونسی مساوات ہی جسکی قیمتین کم ہین بقدر ۲ کے قیمتون اس مساوات کی سے

$$لا^{۵} + ۲لا^{۳} - ۶لا^{۲} - ۱۰لا + ۸ = ۰$$

۸ بتاؤ وہ کونسی مساوات ہی جسکی قیمتین کم ہین بقدر $\frac{۱}{۲}$ کی بہ نسبت قیمتون اس مساوات کی

$$۲لا^{۴} - ۶لا^{۳} + ۴لا^{۲} - ۲لا + ۱ = ۰$$

اجوبہ

۴ $ز^{۳} + ۳ز^{۲} - ۴ز + ۱ = ۰$ اور اسسے $لا = ز + ۱$ ....

۵ $ز^۴ + ۹ز^۳ + ۱۲ز^۲ - ۱۴ز = ۰$ ایضاً ..... $لا = ز + ۳$

اور $ع^۴ - ۷ع^۳ + ۶۶ع - ۷۲ = ۰$ ایضاً ..... $لا = ع - ۱$

۶ $ز^۴ + ۲۴ز^۳ + ۶۶۳ز^۲ + ۴۶۶۴ز = ۰$ اور اسیجائے ..... $لا = ز + ۱۰$

۷ $ز^۵ + ۱۰ز^۴ + ۴۲ز^۳ + ۸۶ز^۲ + ۷۰ز + ۱۲ = ۰$ ایضاً $لا = ز + ۲$

۸ $۲ز^۴ - ۲ز^۳ - ۲ز^۲ - \frac{۳}{۲}ز + \frac{۳}{۸} = ۰$ ایضاً $لا = ز + \frac{۱}{۲}$

شکل ۲

جاہتے ہین ہم تبدیل کرنا ایک مساوات مفروض کو ایک ایسی مساوات سیے کہ اسمین دوسرا جز زائل ہوتا ہی فرض کرو کہ مساوات مفروض یہہ ہی

$$لا^ن + ا_۱ لا^{ن-۱} + ا_۲ لا^{ن-۲} + \ldots\ldots + ا_{ن-۱} لا + ا_ن = ۰$$

شکل ۴ فصل گذشتہ سی یہہ بات ظاہر ہی کہ حاصل جمع تمام قیمتون اس مساوات کا $-ا_۱$ ہی اور یہان سیے یہہ معلوم ہوا کہ تاکہ دوسرا جز اس مساوات کا زائل ہوجاوے لازم ہی کہ حاصل جمع تمام قیمتون پر مقدار $ا_۱$ زیادہ کرین لیکن تعداد قیمتون کے $ن$ ہی اور اسیواسطی لازم ہی کہ زیادہ کرین ہم ہر قیمت پر مقدار $\frac{ا_۱}{ن}$ تاکہ دوسرا جز مساوات مفروض کا زائل ہوجاے اگر علامت دوسرے جز کی منفی ہو تو ظاہر ہی کہ حاصل جمع تمام قیمتون کا $+ا_۱$ ہوگا اور اس صورت مین ظاہر ہی کہ کم کرنا چاہیئے ہمین ہر قیمت کو بقدر $\frac{ا_۱}{ن}$ کے تاکہ دوسرا جز زائل ہوجاے پس یہان سیے یہہ قاعدہ نکلتا ہی

قاعدہ

قسمت کرو دوسرے جز مساوات کو سب سیے بڑے نشان قوت مقدار مجہول پر اور بعد ازان اگر علامت دوسرے جز کی منفی ہو تو ہر قیمت مساوات کو بقدر خارج قسمت مذکور سیے کم کرو اور اگر علامت جز مذکور مثبت ہو تو قیمت مذکور کو زیادہ کرنا چاہیئے بقدر اوسی خارج قسمت سیے کے

مثالین

۱ چاہتے ہم تبدیل کرنا مساوات $ز^۳ - ۶ز^۲ + ۸ز - ۲ = ۰$ ایک اور ایسی مساوات سی جسمین دوسرا جز زائل ہوجاے اسجائے ظاہر ہی کہ $ا_۱ = -۶$ اور $ن = ۳$ پس معلوم ہوا کہ کم کرنی چاہیئے ہمین قیمت اس مساوات کی بقدر $\frac{-۶}{۳}$ کے تاکہ دوسرا جز اسکا زائل ہوجاے

$$\begin{array}{r|l} 2 & 1 - 6 + 8 - 2 \\ \hline & 0 + 8 - 2 + \\ & 1 - 4 + 0 + \\ \hline & 0 - 4 + 2 \\ & 1 - 2 + 2 \\ \hline & 0 \end{array}$$

پس معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہ ہی $ع^3 - 4ع - 2 = 0$ اور اسجا $لا = ع + 2$

۲ تبدیل کرو مساوات $لا^4 - 16لا^3 - 6لا + 15 = 0$ کو ایک ایسی مساوات سے جسمین دوسرا جز زائل ہو جائے

۳ تبدیل کرو مساوات $لا^5 + 15لا^4 + 12لا^3 - 20لا^2 + 14لا - 25 = 0$ کو ایک ایسی مساوات سے جسمین دوسرا جز زائل ہو جاوے

۴ تبدیل کرو مساوات $لا^3 + ط لا + ص = 0$ کو ایک ایسی مساوات سے جسمین دوسرا جز زائل ہو جائے

۵ تبدیل کرو مساوات $لا^3 + ط لا^2 + ص لا + س = 0$ کو ایک ایسی مساوات سے جسمین دوسرا جز نہ ہے

اجوبہ

۲ $ع^4 - 96ع^3 - 1805ع - 7776 = 0$ (4) $ع - (\frac{ط^2}{4} + ص) = 0$

۳ $ع^5 - 87ع^3 + 1249ع^2 - 5670ع + 4015 = 0$

(5) $ع^3 - (\frac{ط^2}{3} - ص)ع + \frac{ط^3}{27} - \frac{ط ص}{3} - س = 0$

شکل ۳

چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا ایک مساوات مفروض کو ایک ایسی مساوات سے کہ قیمتین اس مساوات کی متخالفی ہون واسطے قیمتون مساوات مفروض سے کے فرض کرو کہ مساوات مفروض یہ ہی

$$ط لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + \dots + ا_{ن-1} لا + ا_ن = 0$$

اب فرض کرو کہ $ع = \frac{1}{لا}$ اور اس سے حاصل ہوتا ہی یہہ $لا = \frac{1}{ع}$ پس جبوقت لکھین ہم بجاے لا کے $\frac{1}{ع}$ مساوات گذشتہ مین اور بعد ازان ضرب کرین اس مساوات کو $ع^ن$ مین تو ظاہر ہی اس عمل سے پیدا ہوگی ایک نئی مساوات جسکی اجزا کی سرونکی ترتیب بدل جائگی یعنے مساوات نئی یہہ ہوگی

$$ا_ن ع^ن + ا_{ن-1} ع^{ن-1} + ا_{ن-2} ع^{ن-2} + \dots + ا_2 ع^2 + ا_1 ع + ط = 0$$

حکم ۱ بیان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ کوئی مساوات مفروض تبدیل ہوسکتی ہی ایک مساوات سے کہ اسکی قیمتین زیادہ یا کم ہون بہ نسبت مکافیون قیمتون مساوات مفروض کے کیونکہ اس صورت مین فقط یہہ بات ملحوظ رہنے چاہیئے کہ معکوس کرکے ترتیب سرون اجزای مساوات مفروض کے جاری کرین ہم عمل موافق شکل (۱) فصل ہذا کی

حکم ۲ اگر سر اجزای مساوات مفروض کے ایک سے رہین خواہ اونہین کسی ترتیب سی لکہین تو ظاہر ہی کہ مساوات مفروض اور مساوات نئی ایک سی ہوگی اور قیمتین ان مساواتون کی اس شکل کی ہوگی

$$ق_1^{\frac{1}{1}} \text{ اور } ق_2^{\frac{1}{2}} \text{ اور } ق_3^{\frac{1}{3}} \text{ اور علی ہذا القیاس}$$

حکم ۳ اگر سر اجزای مساوات طاق درجہ کی ایک سی رہین خواہ اونہین کسی ترتیب سے لین یعنے سر مذکور سب مساوی ہون لیکن اونکی مختلف علامتین ہون تو ہی قیمتین مساوات مفروض اور مساوات نئی کی ایک سی ہوگی کسواسطے کہ اگر بدلین ہم علامتین تمام اجزای نئی مساوات کی تو ظاہر ہی کہ اس صورت مین قیمتون مین توفق نہین آئیگا لیکن دونو مساواتین ایکسی ہوجائینگی یہی حال ہوگا جبکہ مساوات مفروض جفت درجہ کی ہوگی بشرطیکہ جزاوسط اس مساوات کا نہو تاکہ مساوات نئی کہ تمام اوسکی علامتین تبدیل کیجائینگی اور مساوات مفروض ایک سی ہوسکین پس اون مساواتون کو جنکی اجزا ایکے سر ایک سے رہتے ہین خواہ اونہین کسی ترتیب سی لو مساوات متواتر کہتے ہین اور بلحاظ اونکی قیمتون کے اونہین مساواتون کو مساواتین مکافی بہی کہتے ہین

حکم ۴ اگر علامت کسی اخیر جز تکیلے مساوات مکافی کی طاق مرتبہ کی + ہو تو ایک اس مساوات کی قیمتون سے = ۱ ہوگی اور اگر اخیر جز مذکور پر علامت نفی یعنے − ہوگی تو ایک قیمت + ۱ ہوگی دلیل اسکی یہہ ہے کہ مساوات مفروض اور اوسکی مساوات مکافی کی ایک قیمت ایکسی ہوگی اور یہہ ظاہر ہے کہ عدد آکا ہی ایسی مقدار ہی کہ وہ اور اوسکا مکافی ایک سے ہوتے ہین اب چونکہ مساوات مکافی کی قیمتین سوای مساوات مفروض کے قیمتون کے مکافیون کے اس مساوات کی قیمتین بہی ہوتی ہین تو معلوم ہوا کہ اخیر جز مساوات مکافی کا ہوگا حاصل ضرب قیمتون مساوات مفروض اور اونکی مکافیون کا جسوقت کہ تبدیل کی جائین ان سب کی علامتین اور چونکہ علامت ہر قیمت اور اوسکی مکافی کی ایک سی ہوتی ہی تو معلوم ہوا کہ حاصل ضرب کسی قیمت اور اوسکی مکافی کا مثبت ہوگا پس اب ضرور ہی کہ علامت اخیر جز مذکور اور قیمت مشترک آکی مختلف ہوگی یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ اگر کوئی مساوات مکافی طاق درجہ کی ہو اور قسمت کرین اوسی لا + ۱ پر اوس صورت مین جبکہ علامت اسکی اخیر جز کی مثبت ہو اور لا − ۱ پر اوس صورتمین

جبکہ علامت جزمذکور منفی ہو تو مساوات مذکور ایک درجہ کم کی مساوات ہو جائیگی

حکم ۵ ایک مساوات تکافی جفت درجہ کی ہمیشہ تحویل ہو سکتی ہی طرف ایک مساوات کی جسکا مرتبہ نصف ہو اصلی مساوات سی مثلاً فرض کہ ہی یہہ مساوات $لا^{ن} + ۱ لا^{ن-۱} + ۱ م لا^{ن-۲} + \dots + ۱ م لا^{۲} + ۱ لا + ۱ = ۰$

اب تقسیم کرو اس مساوات کو $لا^{\frac{ن}{۲}}$ پر اور ثبت کرو اخیر امداول جزکو اور دوسرے اور اخیر سے پہلی جز کو اور اسیطرح سے اور اجزا کو جنکی مقام متشابہ ہوں متصل ایک دوسرے کی تو ظاہر ہی کہ حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$لا^{\frac{ن}{۲}} + \frac{۱}{لا^{\frac{ن}{۲}}} + ۱ ۱ \left(لا^{\frac{ن}{۲}-۱} + \frac{۱}{لا^{\frac{ن}{۲}-۱}}\right) + \dots + ۱ ن_{-۱} \left(لا + \frac{۱}{لا}\right) + ۱ ن = ۰$$

اب فرض کرو کہ $لا + \frac{۱}{لا} = ع$ یا ع $= لا + \frac{۱}{لا}$ پس اب حاصل ہونگی یہے مساواتین

$$لا + \frac{۱}{لا} = ع \qquad \therefore لا + \frac{۱}{لا} = ع$$

$$\left(لا + \frac{۱}{لا}\right)^{۲} = لا^{۲} + \frac{۱}{لا^{۲}} + ۲ \qquad \therefore لا^{۲} + \frac{۱}{لا^{۲}} = ع^{۲} - ۲$$

$$\left(لا + \frac{۱}{لا}\right)^{۳} = لا^{۳} + \frac{۱}{لا^{۳}} + ۳\left(لا + \frac{۱}{لا}\right) \therefore لا^{۳} + \frac{۱}{لا^{۳}} = ع^{۳} - ۳ع$$

$$\left(لا + \frac{۱}{لا}\right)^{۴} = لا^{۴} + \frac{۱}{لا^{۴}} + ۴\left(لا^{۲} + \frac{۱}{لا^{۲}}\right) + ۶ \therefore لا^{۴} + \frac{۱}{لا^{۴}} = ع^{۴} - ۴(ع^{۲}-۲) - ۶$$
$$= ع^{۴} - ۴ع^{۲} + ۲$$

وغیرہ وغیرہ وغیرہ ∴ وغیرہ وغیرہ

اب جسوقت لکھیں ہم یہے قیمتیں $لا + \frac{۱}{لا}$ اور $لا^{۲} + \frac{۱}{لا^{۲}}$ وغیرہ کی مساوات گذشتہ مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ع^{ن} + ب ع^{ن-۱} + ج ع^{ن-۲} + \dots + ن_{-۱} ع + ب ن = ۰$

پس اب ظاہر ہو کہ مساوات مفروض تحویل ہو گئی طرف ایک ایسی مساوات کی جسکا مرتبہ نصف ہی اوسکی مرتبہ سے

مثالین

۱ چاہتے ہین تبدیل کرنا مساوات $لا^{۴} - ۷ لا^{۲} + ۷ = ۰$ کو ایک کو ایسی مساوات سے جسکی قیمتین بہ نسبت تکافیون قیمتون مساوات مفروض سے کے ایک سے کم ہون

$$۱ \quad ۰ \quad -۷ \quad ۰ \quad +۷ \quad ۰ \quad +۱$$
$$۱ \quad ۰ \quad -۷ \quad ۰ \quad +۷$$
$$۱ \quad ۰ \quad -۷ \quad ۰$$
$$۱ \quad ۰ \quad -۷$$
$$۱ \quad ۰$$
$$۱$$

∴ ۷ ع۲ + ۱۴ ع۲ + ۷ ع + ۱ = ۰ مساوات مطلوبہ ہی اور اسکے

ع + ۱ = $\frac{۱}{لا}$ یا لا = $\frac{۱}{ع+۱}$

۴ دریافت کیا چاہتے ہین ہم قیمتین اس مساوات متکافی کی

لا۵ − ۶ لا۴ + ۵ لا۳ + ۵ لا۲ − ۶ لا + ۱ = ۰

حکم (۴) سے واضح ہی کہ اس مساوات کی ایک یہہ قیمت ہی لا = − ۱ اب اگر قسمت کرین اس مساوات کو لا + ۱ پر تو حاصل ہوگی یہہ مساوات لا۴ − ۷ لا۳ + ۱۲ لا۲ − ۷ لا + ۱ = ۰ اب اگر قسمت کرین اس پچھلی مساوات کو لا۲ پر اور مرتب کرین اجزاء کو اوسیطرح سے جسطرح کہ حکم (۵) مین کیا ہی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات لا۲ + $\frac{۱}{لا۲}$ − ۷ (لا + $\frac{۱}{لا}$) + ۱۲ = ۰

اب فرض کرو کہ لا + $\frac{۱}{لا}$ = ع تو ظاہر ہی کہ لا۲ + $\frac{۱}{لا۲}$ = ع۲ − ۲ پس اب اگر لکھین یہ قیمتین تو

ع۲ − ۲ − ۷ ع + ۱۲ = ۰ یا ع۲ − ۷ ع + ۱۰ = ۰

اور جسوقت حل کرینگے ہم اس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوگا یہہ

$$ع = \frac{۷}{۲} \pm \sqrt{۱۰ - \frac{۴۹}{۴}}$$

$$= \frac{۷ \pm ۳}{۲} = ۵ \text{ یا } = ۲$$

یہان سے حاصل ہوتی ہین یہ دو مساواتین درجہ دویم کی لا + $\frac{۱}{لا}$ = ۵ اور لا + $\frac{۱}{لا}$ = ۲

اور انکے حل کرنے سے حاصل ہوتی ہین یہ قیمتین لا کی

لا = $\frac{۱}{۲}$ (۵ ± $\sqrt{۲۱}$) اور لا = ± ۱ یا + ۱ پس معلوم ہوا کہ پانچ قیمتین مساوات مفروض کی یہ ہین − ۱ اور + ۱ اور + ۱ اور $\frac{۵+\sqrt{۲۱}}{۲}$ اور $\frac{۵-\sqrt{۲۱}}{۲}$

اور اسجا

$$\frac{۵-\sqrt{۲۱}}{۲} = \frac{(۵+\sqrt{۲۱})}{(۵+\sqrt{۲۱})} \cdot \frac{(۵-\sqrt{۲۱})}{۲} = \frac{۲۵ - ۲۱}{۲ (۵+\sqrt{۲۱})}$$

$$= \frac{۲}{۵+\sqrt{۲۱}}$$ اور یہہ متکافی ہی قیمت $\frac{۵+\sqrt{۲۱}}{۲}$ کا

۳ چاہتے ہین ہم دریافت کرنی ایک ایسی مساوات جسکی قیمتین متکافی ہون اسلیے قیمتون اس مساوات کے

لا۵ − ۳ لا۴ − ۲ لا۳ + ۳ لا۲ + ۱۲ لا + ۸ = ۰

۴ چاہتے ہین دریافت کرنی قیمتین اس مساوات متکافی کے

۵ $ز^5 - ۴ز^4 + ۳ز^3 - ۳ز^2 + ۴ز - ۵ = ۰$

۵ دریافت کیا چاہتے ہین ہم قیمتین ممکنی مساوات آئندہ کی $ن^5 + ۱^5 + ۱^4 + ۱^3 + ۱^2 + ۱ + ۱ = ۰$

ایجوبہ

۳ $۸ ۱^4 - ۱۰ ۱^3 - ۱۲ ۱^2 - ۳ ۱^2 + ۲ ۱^2 + ۳ ۱ - ۱ = ۰$

۴ اور $\frac{۱ + ۸\sqrt{-۳}}{۲}$ اور $\frac{۱ - ۸\sqrt{-۳}}{۲}$ اور $\frac{-۳ + ۸\sqrt{-۱}}{۵}$ اور $\frac{-۳ - ۸\sqrt{-۱}}{۵}$

۵ ۱ اور $\frac{-۱ + ۸\sqrt{-۳}}{۲}$ $\frac{-۱ - ۸\sqrt{-۳}}{۲}$ $\frac{۱ + ۸\sqrt{-۳}}{۲}$ اور $\frac{۱ - ۸\sqrt{-۳}}{۲}$

شکل ۴

چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا کسی مساوات مفروض کو ایک اور ایسی مساوات سی جسکی قیمتین علیحدہ علیحدہ کوئی صحیح یا کوئی جز مقررہ قیمتون مساوات مفروضہ کی ہون فرض کرو کہ سی یہہ مساوات

$$ا^ن + ۱ ا^{ن-۱} + ۱^2 ا^{ن-۲} + \dots\dots ا_{ن-۱} ا + ا_ن = ۰$$

پس اب اگر فرض کرین کہ $ز = م ا$ تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ا = \frac{ز}{م}$ اور جسوقت کہ ہم یہہ قیمت ا کی بجاے اوسکی مساوات مفروض مین رکھ کر ضرب کرین ہر جز اوسکی کو $م^ن$ مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$ز^ن + م ۱ ز^{ن-۱} + م^2 ۱^2 ز^{ن-۲} + \dots\dots م^{ن-۱} ا_{ن-۱} ز + م^ن ۱_ن = ۰$$

اور یہہ ایک ایسی مساوات ہی کہ اسکی قیمتین علیحدہ علیحدہ م گنی قیمتون مساوات مفروض کے ہین پس یہان سے واسطی عمل مین لانے تبدیلی کی کہ اس شکل مین مطلوب ہی ضرب کرو دوسرے جز مساوات مفروض کو م مین اور تیسری جز کو $م^2$ مین اور چوتھے کو $م^3$ مین اور علی ہذا القیاس

حکم ۱ مرقومہ بالا سے ظاہر ہی کہ اگر اول جز مساوات مفروض کا م ہو تو اس صورت مین یہہ قاعدہ برتنا چاہئیے دور کرو سر اول جز کو اور دوسرے جز مین کچھہ تبدیل نکرو اور تیسرے جز کو م مین ضرب کرو اور چوتھے کو $م^2$ مین ضرب کرو اور پانچوین جز کو $م^3$ مین اور علی ہذا القیاس

حکم ۲ مرقومہ بالا سے یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اگر مساوات مفروض کے اجزا کی امثال کسور ہون

تو ہم اس مساوات کو ایک ایسی مساوات سی تبدیل کرسکتی ہین کہ امثال اجزا اس پچھلی مساوات کی اعداد صحیح ہون اور ترکیب اسکی یہہ ہی کہ مساوات مفروض کی امثال کیے (کہ کسور ہین) مخرج نمایون کو اسیمین ضرب کرکے حاصل ضرب معلوم کرو اور بعد ازان مساوات مفروض ایک ایسی مساوات سے تبدیل کرو کہ اسکی قیمتین ایسی ہون کہ پیدا ہون ضرب دینی سے قیمتون مساوات مفروض کو حاصل ضرب مذکورہ بالا مین

حکم ۳ اگر امثال دوسری اور تیسری اور چوتھی وغیرہ جزون کسی مساوات کی پوری قسمت ہوسکتی ہون علیحدہ تم اور م۲ اور م۳ وغیرہ پر تو ضرور ہی کہ م ہووے مقسوم علیہ مشترک سب قیمتون مساوات مذکور کا

مثالین

۱ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات ۲ لا۳ − ۴ لا۲ + ۷ لا − ۳ = ۰ کو ایک ایسی مساوات سے کہ اوسکی قیمتین علیحدہ علیحدہ تین گنی ہون قیمتون مساوات مفروض کی سے

۲ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات ۴ لا۴ − ۳ لا۳ − ۱۲ لا۲ + ۵ لا − ۱ = ۰ کو ایک ایسی مساوات سے جسکی قیمتین علیحدہ علیحدہ چار گنی ہون قیمتون مساوات مفروض کی سے

۳ چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا مساوات لا۳ + ⅓ لا۲ − ¼ لا + ۲ = ۰ کو ایک ایسی مساوات سی جسکی قیمتین علیحدہ علیحدہ ۱۲ گنی ہون قیمتون مساوات مفروض کی سے

اجوبہ

۱ ۲ لا۳ − ۱۲ لا۲ + ۶۳ لا − ۸۱ = ۰

۲ لا۴ − ۳ لا۳ − ۴۸ لا۲ + ۸۰ لا − ۴۳ = ۰

۳ لا۴ − ۴ لا۳ − ۳۶ لا۲ + ۵۶ لا + ۲۴ = ۰

شکل ۵

چاہتے ہین تبدیل کرنا کسی مساوات مفروض کو ایک ایسی مساوات سی جسکی قیمتین ہوویں مجذور قیمتون مساوات مفروض کے فرض کرو کہ یہہ ہی مساوات لا^ن + ۱ لا^{ن−۱} + ۲ لا^{ن−۲} + ... ن − ۱ لا + ۱ ن = ۰

پس اب موافق شکل پانچوین کے باب گذشتہ سی ظاہر ہی کہ مساوات

لا^ن − ۱ لا^{ن−۱} + ۲ لا^{ن−۲} − ..... ± ن − ۱ لا ∓ ۱ ن = ۰ ایسی ہوگی کہ اسکی قیمتین

قیمتون مساوات مفروض کی سے فقط علامتونمین مختلف ہونگی فرض کرو کہ ط۱ اور ط۲ اور ط۳ وغیرہ قیمتین مساوات مفروض کی ہین اور − ط۱ اور − ط۲ اور − ط۳ وغیرہ قیمتین پچھلی مساوات کی ہین پس اب

حاصل ہونگی سے مساواتین کہ اونمین اجزار بہ نسبت سابق کے ذرا مختلف ترتیب سی سے لکھے گئے ہین

$(لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + ا_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$) + (ا'_1 لا^{ن-1} + ا'_2 لا^{ن-2} + ا'_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$)$

$= (لا - ط_1)(لا - ط_2)(لا - ط_3)(لا - ط_4)$ وغیرہ اور

$(لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + ا_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$) - (ا'_1 لا^{ن-1} + ا'_2 لا^{ن-2} + ا'_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$)$

$= (لا + ط_1)(لا + ط_2)(لا + ط_3)(لا + ط_4)$ وغیرہ

اب اگر ضرب کرین ہم ان دو مساواتون کو ایسیمین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$لا^ن + ا_1 لا^{ن-1} + ا_2 لا^{ن-2} + ا_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$)^2 - (ا'_1 لا^{ن-1} + ا'_2 لا^{ن-2} + ا'_3 لا^{ن-3}$ وغیرہ$)^2$

$= (لا^2 - ط_1^2)(لا^2 - ط_2^2)(لا^2 - ط_3^2)(لا^2 - ط_4^2)$ وغیرہ

اب اگر عمل مجذور کا جاری کرین ہم مساوات کی اجزاء کو علی الترتیب موافق قوای لا کی لکھین تو مساوات گذشتہ اس صورت کی ہوجاوے گی

$لا^{2ن} - (ا_1^2 - 2ا_2) لا^{2ن-2} + (ا_2^2 - 2ا_1 ا_3 + 2ا_4) لا^{2ن-4} -$ وغیرہ

$= (لا^2 - ط_1^2)(لا^2 - ط_2^2)(لا^2 - ط_3^2)(لا^2 - ط_4^2)$ وغیرہ

اب اگر واسطے لا^2 کے لکھین ہم ز کو تو مساوات گذشتہ اس شکل کی ہوجاویگی

$ز^ن - (ا_1^2 - 2ا_2) ز^{ن-1} + (ا_2^2 - 2ا_1 ا_3 + 2ا_4) ز^{ن-2} -$ وغیرہ

$= (ز - ط_1^2)(ز - ط_2^2)(ز - ط_3^2)(ز - ط_4^2)$ وغیرہ

پس معلوم ہوا کہ وہ مساوات جسکی قیمتین مجذور ہین واسطے قیمتون مساوات مفروضہ کے یہہ ہی

$ز^ن - (ا_1^2 - 2ا_2) ز^{ن-1} + (ا_2^2 - 2ا_1 ا_3 + 2ا_4) ز^{ن-2} -$ وغیرہ $= 0$

مثالین

۱ تبدیل کرو مساوات $لا^3 + 3لا^2 - 6لا - 8 = 0$ کو ایک اور ایسی مساوات سے جسکی قیمتین مجذور

ہون واسطی قیمتون مساوات مفروض کے ابدال علامات سے ظاہر ہی کہ لا^{۳} − ۶ لا = − ۳ لا^{۲} + ۸
اور اگر دونوطرف اس مساوات کا مجذور لین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات
لا^{۶} − ۱۲ لا^{۵} + ۶۴ لا^{۳} = ۹ لا^{۴} − ۴۸ لا^{۲} + ۶۴ ∴ لا^{۶} − ۲۱ لا^{۴} + ۱۱۲ لا^{۲} − ۶۴ = ۰
یعنے مساوات مطلوبہ یہہ ہی ز^{۶} − ۲۱ ز^{۴} + ۱۱۲ ز^{۲} − ۶۴ = ۰ قیمتین مساوات مفروض کی − ۱
اور − ۴ اور − ۲ ہین اور قیمتین مساوات محصل کی ۱۱ اور ۱۶ اور ۴ ہین

۲ تبدیل کرو مساوات لا^{۳} − لا^{۲} − ۷ لا + ۱۵ = ۰ کو

۳ تبدیل کرو لا^{۴} − ۶ لا^{۳} + ۵ لا^{۲} + ۱۲ لا − ۱۰ = ۰ کو

۴ تبدیل کرو مساوات لا^{۵} − ۴ لا^{۴} − ۸ لا + ۳۲ = ۰ کو

۵ تبدیل کرو مساوات لا^{۶} − ۳ لا^{۵} − ۱۵ لا^{۴} + ۴۹ لا − ۱۲ = ۰ کو

اجوبہ

۲ ز^{۳} − ۱۵ ز^{۲} + ۷۹ ز − ۲۲۵ = ۰

۳ ز^{۴} − ۲۶ ز^{۳} + ۲۹ ز^{۲} − ۱۰۴ ز + ۱۰۰ = ۰

۴ ز^{۵} − ۱۶ ز^{۴} − ۶۴ ز^{۲} + ۱۰۲۴ = ۰

۵ ز^{۶} − ۳۹ ز^{۵} + ۵۹۴ ز^{۴} − ۴۱۲۰ ز^{۲} + ۱۴۴ = ۰

شکل ۶

اگر اصلے قیمتین یعنے ویسے قیمتین جو غیر ممکن نہین ہین کسی مساوات کی متواتر زیادہ ہوتی ہوئی ہون
ط$_{۱}$ اور ط$_{۲}$ اور ط$_{۳}$ اور ط$_{۴}$ وغیرہ یعنے انمین سے ط$_{۱}$ زیادہ ہو ط$_{۲}$ اور ط$_{۲}$ زیادہ ہو
ط$_{۳}$ سے اور ط$_{۳}$ ط$_{۴}$ سے اور ایک اور سلسلہ اعداد کا مثل اسکے ہو
ص$_{۱}$ اور ص$_{۲}$ اور ص$_{۳}$ اور ص$_{۴}$ اور ص$_{۵}$ وغیرہ اور انمین سے ص$_{۱}$ زیادہ ہو ط$_{۱}$ سے
اور ص$_{۲}$ کم ہو ط$_{۱}$ سے اور زیادہ ہو ط$_{۲}$ سے یعنی مابین ط$_{۱}$ اور ط$_{۲}$ کے واقع ہو اور اسیطرح سے
ص$_{۳}$ واقع ہو مابین ط$_{۲}$ اور ط$_{۳}$ کے اور علی ہذا القیاس اور اس پچھلے سلسلہ کے اعداد متواتر
بجای لا کی مساوات مفروض مین لکھے جائین تو جو مقدارین اس عمل سے حاصل ہونگی ویسے ایکبار
تو مثبت اور ایکبار منفی ہونگی یعنے علی الترتیب مثبت اور منفی ہونگی ظاہر ہی کہ اول طرف مساوات گذشتہ کی
ہی حاصل ضرب ان اجزاء مفرد کا (لا − ط$_{۱}$) (لا − ط$_{۲}$) (لا − ط$_{۳}$) (لا − ط$_{۴}$) وغیرہ
اور اجزاء دوسرے مرتبہ کی جنمین پائی جاتی ہین قیمتین غیر ممکن لیکن اجزاء دوسرے مرتبہ کی قیمتین مطابق ہر قیمت

اصلی لا کی نسبت ہوتی ہی اور اسیواسطے ان اجزاء کے ہونی یا نہونی سے کچھہ فرق علامت حاصل ضرب مذکور کی مین نہین اسکتا ہی اور اس باعث سی ہم اونہین دور کر سکتے ہین کیونکہ اسجاے مطلب فقط دریافت کرنا علامتون کا ہی پس اب اگر لکھین واسطے لا کی متواتر ص ۱ اور ص ۲ اور ص ۳ وغیرہ تو حاصل ہونگی یہ مساواتین

(ص ۱ − ط ۱) (ص ۱ − ط ۲) (ص ۱ − ط ۳) (ص ۱ − ط ۴) وغیرہ

= + ۰ + ۰ + ۰ + وغیرہ = + نقاط علامت ضرب کے ہین

(ص ۲ − ط ۱) (ص ۲ − ط ۲) (ص ۲ − ط ۳) (ص ۲ − ط ۴) وغیرہ

= − ۰ + ۰ + ۰ + وغیرہ = −

(ص ۳ − ط ۱) (ص ۳ − ط ۲) (ص ۳ − ط ۳) (ص ۳ − ط ۴) وغیرہ

= − ۰ − ۰ + ۰ + وغیرہ = +

(ص ۴ − ط ۱) (ص ۴ − ط ۲) (ص ۴ − ط ۳) (ص ۴ − ط ۴) وغیرہ

= − ۰ − ۰ − ۰ + وغیرہ = −

وغیرہ وغیرہ

حکم ۱ یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر دو اعداد متواترہ واسطے لا کے کسی مساوات مین لکھین تو اور جو دو مقدارین ان دو اعداد کے لکھنے سے بجاے لا کی حاصل ہون اونکی علامتین مختلف ہون تو ضرور ہی کہ ہوویں مابین ان دو اعداد کے ایک یا تین یا پانچ یا اور کئی قیمتین جنکی تعداد طاق ہی

حکم ۲ اگر وے مقدارین جو حکم (۱) مین حاصل ہوویں ایسی علامتین رکھتی ہون تو ضرور ہی کہ واقع ہون مابین دو اعداد مذکور کے دو یا چار یا چھہ یا کئی قیمتین جنکی تعداد جفت ہی یا انکی مابین کوئی قیمت نہین ہے

حکم ۳ اگر کوئی مقدار ق اور ہر مقدار جو زیادہ ہوق سے ایسی ہون کہ اونکو بجای لا کے لکھنے سے مقدارین محصل مثبت ہون تو ضرور ہی کہ ق زیادہ ہو بہ نسبت سب سے بڑی قیمت مساوات مفروض کے

حکم ۴ یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر ایک ایک جز بیچ مین چھوڑ کر علامتین اجزاء کی تبدیل کی جاین اور ف اور ہر اور مقدار جو زیادہ ہو ف سے ایسی ہو کہ اوسکو بجای لا کی لکھنے سے جو مقدارین حاصل ہون وے مثبت ہون تو ضرور ہی کہ ف کم ہو بہ نسبت سب سے کم قیمت کی

مثال

چاہتے ہین ہم دریافت کرنا اول رقم ایک کی قیمتون مساوات آئندہ سے

$$\text{لا}^3 - ۴\,\text{لا}^2 - ۶\,\text{لا} + ۸ = ۰$$

یہان یہ ظاہر ہی کہ ایک قیمت لا کی صد و ایک سے کچھ فرق نہین رکھتی ہی اسواسطی کہ جسوقت لا = ۱ اوسوقت قیمت داہنی طرف مساوات گذشتہ کی ۱ ہوتی ہی اور جسوقت لا = ۹ ؍ اوسوقت قیمت اول طرف مساوات مذکور کی اسطرح سی دریافت ہوتی ہی

۹ ؍ ۱ — ۴ — ۶ + ۸

۹ ؍ — ۹ ۷ ۲ ؍ — ۱۱۹ ؍

— ۱ ؍ ۳ — ۹ ۷ ؍ ۲ + ۹ ۸ ۰ ؍

پس معلوم ہوا کہ دوسری قیمت اول طرف مساوات مفروض کی ۹ ۸ ۰ ؍ ہی اور چونکہ اول قیمت تو منفی ہی اور دوسری مثبت تو ضرور ہی ایک قیمت مساوات کی مابین انکے واقع ہوا اور اس قیمت کی اول رقم ۹ ؍ ہوئی کسواسطی کہ $\frac{۱ + ۹ ؍}{۲}$ = کچھ زیادہ ۹ ؍ سے

شکل ۷

ایک مساوات ن درجہ کی موجود ہی اور چاہتے ہین ہم دریافت کرین ایک ایسی مساوات (ن — ۱) درجہ کی کہ قیمتین مساوات مفروض کی ہو دین حدود واسطی قیمتون اس مساوات کی یعنے سر قیمتین منفی مساوات بے واقع ہو مابین دو قیمتون مساوات مفروض کی فرض کرو کہ ط۱ اور ط۲ اور ط۳ اور ط۴ اور ط۵ ... ط ن ہین قیمتین مساوات آئندہ کی اسطرح سے کہ ط۱ سب سے زیادہ ہی اور ط۲ ط۱ سے تو کم اور ط۳ سے زیادہ اور علی ہذا القیاس باقی قیمتین ہی اسطرح سے کم ہوتی جاتی ہین

$$\text{لا}^{\text{ن}} + ۱\,\text{لا}^{\text{ن}-۱} + ۱\,۲\,\text{لا}^{\text{ن}-۲} + \ldots\ldots\ldots\ldots + ۱\,\text{ن}-۱\,\text{لا} + ۱\,\text{ن} = ۰$$

اب کم کرو قیمتون اس مساوات کو بقدر ط کے (موافق شکل اول اس باب کے) تو ظاہر ہی کہ اس حالت مین صورت عمل کی یہہ ہوگی

د ۱ + ۱ ۱ + ۱ ۲ + ... + ۱ ن — ۲ + ۱ ن — ۱ + ۱ ن

$$\frac{\text{د}}{\text{ا}\,\text{س}} \quad \frac{\text{د}\,\text{ب}}{\text{ا}\,\text{س}^{۲}} \quad \frac{\text{د}\,\text{ب}^{۲}}{\text{ا}^{۲}\,\text{س}^{۲}} \quad \frac{\text{د}\,\text{ب}^{\text{ن}-۲}}{\text{ا}^{\text{ن}-۲}\,\text{س}^{\text{ن}-۲}} \quad \frac{\text{د}\,\text{ب}^{\text{ن}-۱}}{\text{ا}^{\text{ن}-۱}\,\text{س}^{\text{ن}-۱}} \quad \frac{\text{د}\,\text{ب}^{\text{ن}}}{\text{ا}^{\text{ن}}\,\text{س}^{\text{ن}}}$$

اور اسجا سے ظاہر ہی کہ قیمت س ن ـ ۱ کی مساوات ابتدہ سی معلوم ہوتی ہی

$$\text{س}_{\text{ن}-1} = \text{ا}_{\text{ن}-1} + \text{د ب}_{\text{ن}-2} + \text{د س}_{\text{ن}-2}$$

$$= \text{ا}_{\text{ن}-1} + \text{د}(\text{ا}_{\text{ن}-2} + \text{د س}_{\text{ن}-3}) + \text{د}(\text{ا}_{\text{ن}-2} + \text{د ب}_{\text{ن}-3} + \text{د س}_{\text{ن}-3})$$

$$= \text{ا}_{\text{ن}-1} + 2\,\text{د ا}_{\text{ن}-2} + 2\,\text{د}^2 \text{ب}_{\text{ن}-3} + \text{د}^2 \text{س}_{\text{ن}-3}$$

$$= \text{ا}_{\text{ن}-1} + 2\,\text{د ا}_{\text{ن}-2} + 2\,\text{د}^2(\text{ا}_{\text{ن}-3} + \text{د ب}_{\text{ن}-4}) + \text{د}^2(\text{ا} + \text{د ب} + \text{د س})_{\text{ن}-4}$$

$$= \text{ا}_{\text{ن}-1} + 2\,\text{د ا}_{\text{ن}-2} + 3\,\text{د}^2 \text{ا}_{\text{ن}-3} + 3\,\text{د}^3 \text{ب}_{\text{ن}-4} + \text{د}^3 \text{س}_{\text{ن}-4}$$

$$\vdots \qquad \vdots \qquad \vdots \qquad \vdots \qquad \vdots$$

$$= \text{ا}_{\text{ن}-1} + 2\,\text{د ا}_{\text{ن}-2} + 3\,\text{د}^2 \text{ا}_{\text{ن}-3} + \cdots + (\text{ن}-1)\,\text{د}^{\text{ن}-2} \text{ا}_{\text{ن}-1}$$

یا

$$\text{س}_{\text{ن}-1} = \text{ن د}^{\text{ن}-1} + (\text{ن}-1)\text{ا}_{\text{ن}-1}\,\text{د}^{\text{ن}-2} + (\text{ن}-2)\,\text{ا}_{\text{ن}-2}\,\text{د}^{\text{ن}-3} + \cdots + 2\,\text{ا}_2\,\text{د} + \text{ا}_1 \qquad (۱)$$

اب ظاہر ہی کہ قیمتین تبدیل کی گئی مساوات کی یہ ہونگی

ط۱ = د اور ط۲ = د اور ط۳ = د اور ط۴ = د ..... ط ن = د

اور جسیکہ ہمنے مساوات مذکور کے اخیر جزسے پہلی جز کے ایک خاص طریقہ سی دریافت کر لی ہی تو ہم اب اوسی جز کے سر کی قیمت کو ایک اور طریقہ سے دریافت کرینگی بوسیلہ شکل (۶) باب گذشتہ کے پس حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\text{س}_{\text{ن}-1} = (\text{د} - \text{ط}_1)(\text{د} - \text{ط}_2)(\text{د} - \text{ط}_3) \cdots (\text{ن}-1) \text{ جزو تک}$$
$$+ (\text{د} - \text{ط}_1)(\text{د} - \text{ط}_2)(\text{د} - \text{ط}_4) \cdots \text{ایضاً}$$
$$+ (\text{د} - \text{ط}_1)(\text{د} - \text{ط}_3)(\text{د} - \text{ط}_4) \cdots \text{ایضاً} \qquad (۲)$$
$$\vdots \qquad \vdots \qquad \vdots$$
$$+ (\text{د} - \text{ط}_2)(\text{د} - \text{ط}_3)(\text{د} - \text{ط}_4) \cdots \text{ایضاً}$$

اب چونکہ یہ دو قیمتین س ن ـ ۱ کی مساوی ایک دوسرے کی ہین تو ضرور ہی کہ جو کچھ تبدیلی کسی مقدار کی بجاے کسی مقدار کی رہنے سے ہر ایک کے ان قیمتون مین سے ہوگی وہی تبدیلی اوسی باعث سے دوسری قیمت مین بھی ہوگی پس جسوقت لکھین گے ہم پی در پے ط ۱ اور ط ۲ اور ط ۳ وغیرہ واسطے ق کے دوسری طرف مساوات (۲) کے مین تو حاصل ہونگی یہ مساواتین

(ط ۱ − ط ۲) (ط ۱ − ط ۳) (ط ۱ − ط ۴) ..... = ... + ۰ + ۰ + ۰ = + ۰ ۰ ۰ ۰

(ط ۲ − ط ۱) (ط ۲ − ط ۳) (ط ۲ − ط ۴) .... = ... + ۰ + ۰ − ۰ = ... = −

(ط ۳ − ط ۱) (ط ۳ − ط ۲) (ط ۳ − ط ۴) ..... = ... − ۰ − ۰ + ۰ ۰ = +

وغیرہ وغیرہ وغیرہ

لیکن جسوقت کہ مقدارین مثل ط ۱ اور ط ۲ اور ط ۳ اور ط ۴ وغیرہ کی بجاے مقدار مجہول کے کسی مساوات مین لکھی جاتی ہین اور اس عمل سے جو کچھ مقدارین حاصل ہوتی ہین وے پی در پی مثبت اور منفی ہوتی ہین اوسوقت موافق شکل (۶) اسس باب کی ہر کسر مقدارونمین سے کہ یہ سب ترتیب وار لی جائین واقع ہوتی ہی پس ان دو اصلی قیمتون مساوات مفروض کے پس جسوقت لکھین ہم س ن ـ ۱ کے اور تبدیل کرین دونو لاے تو مساوات (۱) سے حاصل ہوگی یہ مساوات

ق ن − ۱ + (ن − ۱) ۱ ق ن − ۲ + (ن − ۲) ۱ ۲ ق ن − ۳ + ... ۱ ۲ ... ن − ۲ ق ۱ + ۱ ن − ۱ = ۰ (۳)

اور یہ ظاہر ہی کہ یہہ ایک ایسی مساوات ہی کہ اسکی قیمتین محدود قیمتون مساوات مفروض کی یعنی اسکی

ن ن − ۱ ن − ۲
ق ـ ۱ ق + ۱ ۲ ق + ... ۱ ن − ۱ ق ۱ + ۱ ن = ۰

اور طریقہ حاصل کرنے نئی مساوات کا مساوات اصلی سے نہایت ظاہر ہی فرض کرو کہ ط ۱ اور ط ۲ اور ط ۳ اور ط ۴ وغیرہ قیمتین مساوات اصلی کی ہین اور ص ۱ اور ص ۲ اور ص ۳ وغیرہ قیمتین حاصل کی ہوئے مساوات (۳) کی ہین اور یہہ بھی فرض کرو کہ یے سب مرتب ہین موافق اپنی مقدار کے تو قیمتین دونون مساواتون کے لکھی جائین گی موافق اپنی اپنی مقدار کے ترتیب آئندہ سے

ط ۱ اور ص ۱ اور ط ۲ اور ص ۲ اور ط ۳ اور ص ۳ اور ط ۴ اور ص ۴ اور ط ۵ اور ص ۵ وغیرہ

حکم ۱ اگر ط ۲ = ط ۱ تو ضرور ہی کہ (د − ط ۱) پایا جاے بطریق ایک جزو ضربی کے ہر مجموعہ اجزاے ضربی مساوات (۲) کے مین اور یہہ ثابت ہوچکا ہی کہ مساوات (۲) اور مساوات حدی یعنی مساوات

(۳) ایک ہی تبین تو معلوم ہوا کہ لا − ط۱ ایک جزو ضربی مشترک مساوات حدی اور مساوات مفروض مین پایا جائیگا

حکم ۲ اگر ط۳ = ط۲ = ط۱ تو جزو (د − ط۱)(د − ط۲) واقع ہوگا بطریق ایک جزو ضربی کے ہر مجموعہ اجزای ضربی مساوات (۲) کے یعنی مساوات (۳) پوری تقسیم ہوسکتی ہی (لا − ط۱)² پر اور اسیواسطے معلوم ہوا کہ مساوات حدی و مساوات مفروض مین جزو (لا − ط۱)² مشترک ہوگا

حکم ۳ اگر مساوات مفروض مین یہہ بہی مساوات ہو ط۳ = ط۲ تو مساوات حدی و مساوات مفروض مین یہہ جزو مشترک ہوگا (لا − ط۱)ف (لا − ط۲) یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر ہم کسی مساوات کی مساوی قیمتون کی تعداد دریافت کیا چاہین تو اول ہمین یہہ لازم ہی کہ دریافت کرین مساوات حدی اس مساوات کی اور بعد ازان دریافت کرین مقسوم علیہ اعظم اول طرفون دونون مساواتونکا اگر مقسوم علیہ اعظم اس شکل کا ہو (لا − ط۱)ف (لا − ط۲)ق (لا − ط۳)ر وغیرہ تو مساوات مفروض مین (ف + ۱) قیمتین تو مساوی ط۱ کے ہونگی اور (ق + ۱) قیمتین مساوی ط۲ کے اور (ر + ۱) قیمتین مساوی ط۳ کے اور علی ہذا القیاس بعد ازان مساوات مفروض کو کم درجہ کا کرسکتے ہین

فصل چہارم بیچ بیان قاعدون کے واسطے دریافت کرنی قیمتون غیر ممکن کسی مساوات مفروض کے

اول قاعدہ مہندس بودن کا

اگر اصلی قیمتین کسی مساوات مفروض کی یہ ہون ط۱ اور ط۲ اور ط۳ وغیرہ کہ موافق اپنی اپنی مقدار کے مرتب ہین اور انمین سے ط۱ سب سی کم ہی اب اگر کم کرین ہم ہر قیمت مذکور کو بقدر ہ کے کہ ایک ایسا عدد ہی کہ زیادہ ہی بہ نسبت ط۱ کے اور کم بہ نسبت ط۲ کے تو قیمتین مذکور اس شکل کی ہوجائینگی ط۱ − ہ، ط۲ − ہ اور ط۳ − ہ وغیرہ ط ن − ہ تک اور ظاہر ہی کہ اول انمین کی منفی ہوگی لیکن جبکہ تمام قیمتین اصلی ہوتی ہین + اور سوقت تعداد قیمتون مثبت کی مکثوتی ہی بعد اوتبدیلیون علامت کی کہ واقع ہوتی ہین مساوات مفروض کے اجزا مین اور چونکہ ہمنے تبدیل کیا ہی ایک قیمت مثبت کو ایک قیمت منفی سے تو یہ مساوات اس تبدیلی کے بعد حاصل ہوگی اوسمین ایک تبدیلی علامت کی بہ نسبت مساوات مفروض کے کم ہوگی اگر کم کرین ہم قیمتون مساوات مفروض کو بقدر کسی کے کہ زیادہ ہی بہ نسبت ط۲ کے لیکن کم بہ نسبت

ط ۳ کے تو اس صورت مین ظاہر ہی کہ جو مساوات بعد کمی مذکور کی حاصل ہوگی اوسمین دو منفی قیمتین ط ۱ — ک اور ط ۲ — ک ہونگی اور اسیواسطے اس مساوات مین دو تبدیلی علامت کی بہ نسبت مساوات مفروض کے کم ہونگے اسواسطے کہ دو قیمتین مثبتہ دو قیمتون منفیہ سی تبدیل کی گئی ہین یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر گھٹا دین ہم ہر قیمت مساوات مفروض کو بقدر ایک ایسی مقدار کے جو زیادہ ہی بہ نسبت ط ۱ کی تو ظاہر ہی کہ تمام قیمتین مثبتہ منفی ہوجائے اور اسیواسطے جو مساوات ما بعد اس کمی کے حاصل ہوگی اوسمین سب اجزا مثبت ہونگی کیونکہ سب قیمتین اسکی منفی ہین

(موافق شکل (۶۰) باب گذشتہ کے) اور اس صورت مین ظاہر ہی کہ تمام تبدیلین علامات کی جاتی رہینگی یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر قیمتین مساوات مفروض کو یہان تک کم کرین کہ تمام قیمتین اوس مساوات کی جو بعد ازان حاصل ہوتی ہی منفی ہوجائین یعنے تمام اجزاء اوسکی مثبت ہوجائین تو ظاہر ہی کہ وہ عدد جسکا ہم اس صورت مین استعمال کرینگے ہین زیادہ ہوگا یہ نسبت سب سے بڑی قیمت مثبتہ مساوات مفروض کی اور اسیواسطے مکافی اس عدد کا کم ہوگا بہ نسبت سب سے چھوٹی قیمت مساوات مفروض کے مساوات مکافی کی سے اب اگر دریافت کرینگے مساوات مفروض کی مساوات مکافی کو کم کرین ہم اوسکی قیمتون کو بقدر مکافی عدد مذکور کے تو ضرور ہی کہ مساوات مکافی مین اوتنی ہی قیمتین منفیہ رہینگی جتنی قیمتین مثبت مساوات اصلی مین پہلی تھین الا اوس صورت مین جبکہ مساوات مین قیمتین غیر ممکن بہی ہون یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ تعداد ان تبدیلیون کی جو مساوات اول مین سے زائل ہوگئی ہین بالضرور مساوی ہوا ون تبدیلیون کے جو باقی رہین مساوات دوم مین بشرطیکہ تمام قیمتین مساوات مفروض کی اصلی ہون نہ کہ غیر ممکن پس اگر یہہ شرط پوری نہو تو ضرور ہی کہ حاصل تفریق اون اعداد کا جنسی تعداد تبدیلیون مذکور کی تعبیر ہوتی ہی مساوی ہو تعداد قیمتون غیر ممکن کی واسطی توضیح مرقوم الصدر کے ہم فرض کرتے ہین کہ کوئی ایسی مساوات ہی جسمین تین مثبت قیمتین ہین مثلاً ۱ اور ۲ اور ۳ اب اگر ہر واحد کو ان قیمتون مین سے بقدر عدد ۴ کے جو زیادہ ہی سب سے کہ سب سے بڑی قیمت مساوات مفروض کی ہی کم کرین تو ظاہر ہی کہ تینون قیمتین منفی ہوجائینگی اور اسی سبب سے تین تبدیلین علامات کی مساوات تبدیل کی ہوئی مین زائل ہوجائینگی یہہ بہی ظاہر ہی کہ مساوات مفروض کی مساوات مکافی کی تین مثبت قیمتین یے ہونگی ۱ اور $\frac{۲}{۳}$ اور $\frac{۱}{۳}$ اور اگر ہر واحد کو ان قیمتون مساوات مکافی کی مین سے بقدر $\frac{۱}{۴}$ کے کہ مکافی ہی $\frac{۴}{۴}$ کا کم کرین تو ظاہر ہی کہ علامات تینون قیمتون کی تبدیل نہین ہوجائینگی کسواسطے کہ قیمتین کم کی گئی یے ہونگی $\frac{۳}{۴}$ — $\frac{۱}{۴}$ اور $\frac{۲}{۴}$ — $\frac{۱}{۴}$ اور $\frac{۱}{۴}$ — $\frac{۱}{۴}$ اعداد مثبت ہین اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ کوئی تبدیلی نہین سے مساوات مکافی تبدیل کی ہوئی مین زائل نہین ہونیکی اور چونکہ تین ہی تبدیلین علامات کی مساوات مفروض تبدیل کی ہوئی مین زائل ہوگئی ہین تو معلوم ہوا

کہ مساوات مفروض مین کوئی قیمت غیر ممکن نہین ہی یہان سے پیدا ہوتا ہی دعوی آئندہ اگر کسی مساوات مفروض کی قیمتون کو بقدر کسی عدد م کی کم کرین اور تبدیل کی ہوئی مساوات مین ن تبدیلین علامات سے زائل ہوجائین اور مبدا زان ہر واحد کو قیمتون مساوات مفروض کی مساوات ممکانی مین سے بقدر م کے کہ ممکانی م کا بھگرین اور اس تبدیل کی ہوئی مساوات ممکانی مین ح کتی تبدیلین علامات باقی رہین تو ضرور ہی کہ مابین صفر اور م کے ن — ح کتنی قیمتین غیر ممکن ہون

مثال

چاہیے ہم دریافت کرنا تعداد قیمتون غیر ممکن اس مساوات لا⁴ — لا³ + ۲ لا² + لا — ۴ = ۱ کے

مساوات مفروض	مساوات مفروض کی مساوات ممکانی
۱) ۱ — ۱ + ۲ + ۱ — ۴	۱) — ۴ + ۱ + ۲ — ۱ + ۱
۱ / ۱ ÷ ۲ / ۳ / ۱ — ۳	۴ / ۲ — ۲ / ۳ — ۲ / ۱ — ۲
۱ / ۱ / ۲ / ۶ — ۳	— ۴ / ۴ — ۸ / ۱۰ — ۵
۱ / ۲ / ۵ — ۲	— ۴ / ۱۱ — ۱۱ / ۱۹
۱ / ۳	— ۴ / ۱۵

اس مثال مین ظاہر ہی کہ مساوات مفروض کی تبدیل کرنے مین دو تبدیلین علامات کی زائل ہوگئی ہین اور مساوات مفروض کی مساوات ممکانی تبدیل کی ہوئی مین کوئی تبدیلین علامات کی باقی نہین رہین ہین تو معلوم ہوا کہ مساوات مفروض مین کم سے کم دو قیمتین غیر ممکن ہین لیکن فقط دو ہی ایسی قیمتین ہین کسواسطی کہ مساوات مفروض کے اخیر جز منفی ہونے سی یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ اوسمین دو قیمتین اصلی بھی ہین ایک تو اونمین سے مثبت اور دوسری منفی کسواسطی کہ تین تو قیمتین غیر ممکن نہین ہوسکتی ہین کسواسطی کہ اگر ایسا ہوتا تو اخیر جز مذکور مین کوئی مقدار غیر ممکن بھی نمودار ہوتی اور قیمتین غیر ممکن اسواسطے نہین ہین کہ اگر ایسا ہوتا تو اخیر جز مذکور مثبت ہوتا اور حالانکہ وہ منفی ہی

بیان دوسرا

بیچ ایک قاعدہ مہندس دیگو اسکے واسطی دریافت کرنے قیمتون غیر ممکن مساواتون کے

اگر کسی مساوات مفروض مین کتنی کا سر صفر ہو یعنے کوی جزا اس مساوات مین یا یا نجا دیے اور بیچ صفری مابین ایسی دو اجزا کے واقع ہو کہ اونکی علامتین یکسان ہون تو ہم کہتے ہین کہ اس مساوات مین دو قیمتین غیر ممکن ہونگی فرض کرو کہ مساوات مفروض مین علامات اس ترتیب سی نمودار ہین + + − − + − − + − − اور اگر واسطے ۔ کے + یا − لکھین تو حاصل ہونگی یے ترتیبین علامات کی

+ + − + − + − − اور + + − − − + − −

صورت اول مین ہم پاتی ہین کہ تعداد متواتر آنے ایکہی علامت کی دو ہین اور پانچ تبدیلین علامات کی ہین اور صورت دویم مین یہہ ظاہر ہی کہ تعداد متواتر آنے ایکہی علامت کی تین ہین اور تبدیلین علامات کی تین ہین پس معلوم ہوا کہ اگر تمام قیمتین مساوات مفروض کی ممکن ہون تو صورت اول مین پانچ تو مثبت قیمتین ہون اور دو منفی اور صورت دویم مین تین تو مثبت قیمتین ہون اور چار منفی اور اس سے یہہ بات لازم آتی ہی کہ کوئی دو ایسی قیمتین ہین کہ منفی بھی ہین اور مثبت بھی اور اسیواسطی یے دو قیمتین اصلی قیمتین نہین ہوسکتی ہین پس ضرور ہی کہ یے قیمتین غیر ممکن ہون قریب اسطرحسی سے دو دعوی آئندہ بھی ثابت ہوسکتی ہین

۱ اگر مابین ایسی جزدون کے جنکی علامات متماثل ہین ۲ن یا ۲ن − ۱ امثال صفری واقع ہون تو ہم کہتے ہین کہ انکی ہونی سے یہہ بات معلوم ہوگی کہ مساوات مفروضہ مین ۲ن کتنی قیمتین غیر ممکن ہین

۲ اگر مابین ایسے اجزا کی جو علامات غیر متماثل رکھتے ہین ۲ن + ۱ یا ۲ن امثال صفری واقع ہون تو ہم کہتے ہین کہ انکی واقع ہونی سے یہہ بات معلوم ہوگی کہ مساوات مفروض مین ۲ن قیمتین غیر ممکن ہین مثال مساوات لا⁴ − لا³ + ۶ لا² + ۴ لا + ۲ = ۰ مین دو قیمتین غیر ممکن ہین کیونکہ اس مساوات مین دو اجزا کی جنکے مابین وہ جز جسکا سر صفر واقع ہی متماثل ہین اور اسیطرح سی مساوات لا³ ± ۱ مین کہ اسمین یے امثال ۱ ± ۰ ± ۰ ± ۱ ہین دو قیمتین غیر ممکن ہین

مثالین واسطی مشق کے

۱ بتاو کتنی قیمتین غیر ممکن مساوات آئندہ مین پائی جاتی ہین ۔ لا⁵ + لا³ − ۳ لا² + ۲ لا − ۱ = ۰

۲ مساوات لا⁴ − ۲ لا³ + ۶ لا² + ۶۰ لا + ۱۰۰ = ۰ مین کوئی قیمت غیر ممکن ہی یا نہین

فصل پنجم بیچ بیان قاعدہ مہنرکارڈن کے واسطی حل کرنے مساواتون تیسری مرتبہ کی

فرض کرو کہ کوئی مساوات مفروض تیسری مرتبہ کی طرف اس شکل کی تحویل کی گئی ہی لا^{۳} − ق لا + ف = ۰
اور اسجای ق اور ف خواہ مثبت ہون خواہ منفی اب فرض کرو کہ لا = ط + ص پس موافق اس فرض کے
مساوات مفروض اس شکل کے ہوجائیگی (ط + ص)^{۳} − ق (ط + ص) + ف = ۰ اور جسوقت اسکی صورت
مفصلہ لین تو حاصل ہوتا ہی یہہ ط^{۳} + ص^{۳} + ۳ ط ص (ط + ص) − ق (ط + ص) + ف = ۰ اب چونکہ
مقدارین مجہول ط اور ص تو دو ہین اور شرط ہمنے فقط ایک فرض کی ہی یعنے یہہ مانی ہی کہ
ط + ص = لا تو ظاہر ہی کہ انکی بابت ہم ایک دوسری بات بھی فرض کرسکتے ہین پس فرض کرو کہ
۳ ط ص − ق = ۰ اور اس صورت مین ظاہر ہی کہ مساوات مفروض اس شکل کی ہو جاے گی
ط^{۳} + ص^{۳} + ف = ۰ اور چونکہ یہہ مساوات ۳ ط ص − ق = ۰ بھی حاصل ہی تو اس سے حاصل ہوتے
ہی یہہ مساوات ص = $\frac{ق}{۳ط}$ اور جسوقت لکھین یہہ قیمت ص کی بجاے اوسکی مساوات
ط^{۳} + ص^{۳} + ف = ۰ مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ط^{۳} + $\frac{ق^{۳}}{۲۷ ط^{۳}}$ + ف = ۰ اور اس سے
حاصل ہوسکتی ہی یہہ مساوات ط^{۶} + $\frac{ق^{۳}}{۲۷}$ + ف ط^{۳} = ۰ اور یہہ ایک مساوات دوسرے درجہ
کی ہی اور اسمین ط^{۳} ایک مقدار مجہول ہی پس اب اگر کامل کرین مربعہ کو تو حاصل ہوگا یہہ

$$ط^{۶} + ف ط^{۳} + \frac{ف^{۲}}{۴} = \frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}$$ اور اب حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$ط^{۳} + \frac{ف}{۲} = \pm \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}$$ اور اسیواسطے پیدا ہوگی یہہ مساوات

$$ط^{۳} = -\frac{ف}{۲} \pm \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}$$ اور اسیواسطے

$$ط = \sqrt[۳]{-\frac{ف}{۲} \pm \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}}$$ اور چونکہ ط^{۳} + ص^{۳} + ف = ۰ اسیواسطے

$$ص^{۳} = -\frac{ف}{۲} \mp \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}$$ اور اسیواسطے

$$ص = \sqrt[۳]{-\frac{ف}{۲} \mp \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}}$$ پس معلوم ہوا کہ لا = ط + ص

$$= \sqrt[۳]{-\frac{ف}{۲} \pm \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}} + \sqrt[۳]{-\frac{ف}{۲} \mp \sqrt{\frac{ف^{۲}}{۴} - \frac{ق^{۳}}{۲۷}}}$$

اسجا یہ بات واضح ہو کہ جسوقت ایک جزو دوسری طرف اس مساوات مین علامت $\sqrt{\frac{ب^۲}{۴} - \frac{ق^۳}{۲۷}}$ کے بجاے اسیکی علامت دوسرے جزو مین مختلف ہوتی ہی یعنی یہہ مساوات ہوتی ہی

$$لا = \sqrt[۳]{-\frac{ن}{۲} + \sqrt{\frac{ق^۳}{۲۷} - \frac{ب^۲ن^۲}{۴}}} + \sqrt[۳]{-\frac{ن}{۲} - \sqrt{\frac{ق^۳}{۲۷} - \frac{ب^۲ن^۲}{۴}}}$$

چونکہ $ص = \frac{ق}{۳ط}$ تو ظاہر ہی کہ مساوات آئندہ بھی پیدا ہوسکتی ہی

$$لا = \sqrt[۳]{-\frac{ن}{۲} \pm \sqrt{\frac{ق^۳}{۲۷} - \frac{ب^۲ن^۲}{۴}}} + \frac{ق}{۳\sqrt[۳]{-\frac{ن}{۲} \pm \sqrt{\frac{ق^۳}{۲۷} - \frac{ب^۲ن^۲}{۴}}}}$$

مثال

فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات تیسری درجہ کی $لا^۳ + ۶ لا - ۲۰ = ۰$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت مقدار مجہول لا کی اسجاے ظاہر ہی $ق = -۶$ اور $ن = -۲۰$ اور اسیواسطی

$$لا = \sqrt[۳]{+۱۰ + \sqrt{۱۰۸}} + \sqrt[۳]{-۱۰ + \sqrt{۱۰۸}} = ۲٫۷۳۲ - ۲٫۷۳۲ = ۲$$

جسوقت معلوم ہوی ایک قیمت مساوات مفروض کی اوسوقت اوس مساوات کو ہم ایک مرتبہ کم کی مساوات یعنی درجہ دوم کی مساوات سی بتدیل کرسکتے ہین اور حل کرنے سی اس مساوات درجہ دوم کو ہم دریافت کرسکتے ہین دو اور قیمتین واضح ہو کہ جسوقت $\frac{ق^۳}{۲۷}$ ہووی اپنی ذات سیے مثبت اور زیادہ ہو $\frac{ب^۲ن^۲}{۴}$ سی تو اس صورت مین ظاہر ہی کہ مقدار $\sqrt{\frac{ب^۲ن^۲}{۴} - \frac{ق^۳}{۲۷}}$ غیر ممکن ہوجائیگی اور اسیواسطی اس حالتمین قاعدہ مہنہ سل کارڈان کا جاری نہین ہوسکیگا اس صورت مین واسطی حل کرنے مساوات مفروض کے استعانت جدول مثلثی کی ضرور ہوتی ہی لیکن چونکہ اس حساب مین علم مثلث کا کام پڑتا ہی تو ہم اس مختصر مین طریقہ حل کرنے ایسی مساواتون کا نہین دینگے

مثالین واسطے مشق کے

۱ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $لا^۳ - ۶ لا + ۱۰ = -۲۲$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت لا کی

۲ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $ز^۳ + ۳۰ ز = ۱۱۷$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت ز کی

۳ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $ز^۳ - ۳۶ ز = ۹۱$ اور چاہتے ہین دریافت کرنی قیمت ز کی

۴ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $ز^۳ - ۳ز = ۱۸$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت ز کی

۵ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $ز^۳ + ۲۴ز = ۲۵۰$ اور چاہتے ہین دریافت کرنی قیمت ز کی

۶ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات $ز^۶ - ۳ز^۴ - ۲ز^۲ - ۸ = ۰$ کیا ہی قیمت ز کی

اجوبہ

(۱) $لا = ۴$ (۲) $ز = ۳$ (۳) $ز = ۷$ (۴) $ز = ۲$

(۵) $ز = ۵.۵۰۵$ (۶) $ز = ۲$ یہہ بات ظاہر ہی کہ جسوقت مساوات مفروض تیسرے درجہ کی مین کوئی ایسی مقدار مجہول ہی پائی جاتی ہو کہ اوسمین دوسرے درجہ کا صعود ہو تو اوسوقت قاعدہ مہندس کارڈن کا جاری نہین ہوسکتا ہی لیکن ہم اس خبر کو جسمین دوسرے مرتبہ کا صعود مقدار مجہول کا ہی دور کرسکتے ہین پس اوس قاعدہ سے جو (۲) شکل تبدیل مساوات اور بعد ازان قاعدہ مہندس مذکور کا جاری ہوسکتا ہی فقط

فصل ہشتم بیچ بیان قاعدہ مہندس بمبلی کے واسطی تحویل کرنی مساواتون چوتہی درجہ کی طرف مساواتون تیسری درجہ کے

فصل گذشتہ مین ہمنے ترکیب حل کرنے مساواتون تیسری درجہ کی موافق قاعدہ مہندس کارڈن کے لکہی ہی پس اب اگر ہم تحویل کرسکین مساواتون چوتہے درجہ کو طرف مساواتون تیسرے درجہ کی تو ہماری غرض حاصل ہوجاگی یعنے ہم مقدار مجہول چوتہے درجہ کی مساواتون کی قیمت دریافت کرلین گے سوائی اسکے یہہ بات غیر ممکن ہی کہ بغیر مدد قاعدہ تیسری درجہ کے مساواتون کے مساواتین چوتہی درجہ کی حل ہوسکین کسواسطی کہ جسوقت ایک قیمت مساوات چوتہی درجہ کی معلوم ہوجاتی ہی اوسوقت معلوم ہونا ہر قیمت کا موقوف ہوجاتا ہی اور قاعدہ تیسری درجہ کی مساواتون کے اور یہی حال ہی سب درجونکی مساواتون کا پس یہان سے یہہ نتیجہ نکلتا ہی کہ حل ہونا کسی درجہ کی مساوات کا موقوف ہی اوپر حل ہونے سب اون مساواتون کے جو اوس سے کم درجہ کی ہین چند سو برس گذرے ہین کہ مہندس بمبلی نے ایک قاعدہ واسطی حل کرنے مساواتون چوتہے درجہ کے ایجاد کیا اور اوس قاعدہ کو ہم اس فصل مین بیان کرینگے فرض کرو کہ مساوات مفروض چوتہے درجہ کی ہی یہہ $لا^۴ + ا لا^۳ + ب لا^۲ + س لا + ص = ۰$ اور اس مین آ اور ب اور س اور ص مقدارین ممکن ہین اور یہہ بات بہی فرض کرو کہ مساوات مفروض اس شکل کی ہی $(لا^۲ + \frac{۱}{۲} ا لا + ف)^۲ - (ق لا + د)^۲ = ۰$

پس اب چاہیے ہمین دریافت کرنا ف اور ق اور د کو تاکہ مساوات مفروض حل ہوسکے اب اگر عمل مخذور کا جاری کرین اور قوای متماثلہ لا کی مقدار عمومی مین ثبت کرین تو حاصل ہوگا یہہ

$$\left.\begin{array}{l} لا^۴ + ا لا^۳ + \frac{۱}{۴} ا^۲ لا^۲ + ا ف لا + ف^۲ \\ + ا ف لا^۲ - ۲ق د لا - د^۲ \\ - ق^۲ لا^۲ \end{array}\right\} = ۰$$

اس جا ظاہر ہی کہ اول دو جزو اس مساوات کی وہی ہین جو مساوات مفروض مین ہین اور تیسری جزو یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ

$\frac{1}{4}$ ا^2 + ۲ ف − ق^2 = ب اور اس مساوات سی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ق^2 = $\frac{1}{4}$ ا^2 + ۲ ف − ب اور چوتھے جزو سی یہہ بات لازم آتی ہی کہ ہووے یہہ مساوات

ا ف − ۲ ق د = س یا ۲ ق د = ا ف − س اور اخیر جزو سے یہہ مساوات پیدا ہوتی ہی

ف^2 − د^2 = ص یعنے د^2 = ف^2 − ص پس اب پیدا ہوئین تین مساواتین ایسی کہ انکی ذریعہ سے

قیمتین تین مقدارون ف اور ق اور د کی معلوم ہوسکتی ہین نہایت سہل ترکیب واسطے معلوم کرنے

قیمتون ان مقادیر کی یہہ ہی اگر ضرب کرین ہم مساوات اول کو عدد چار مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

۴ ق^2 = ا^2 + ۸ ف − ۴ ب اب اگر اس مساوات کو مساوات د^2 = ف^2 − ص مین ضرب کرین تو حاصل

ہوگی یہہ مساوات ۴ ق^2 د^2 = ۸ ف^3 + (ا^2 − ۴ ب) ف^2 − ص (ا^2 − ۴ ب) ف + ص ب اگر مساوات

دوم کا مجذور لین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۴ ق^2 د^2 = ا^2 ف^2 − ۱۲ س ف + س^2 پس اب حاصل ہوئین

ہمین دو قیمتین ایکہی مقدار ۴ ق^2 د^2 کی اور اسیواسطی سے قیمتین مساوی ایک کی دوسری سے ہونی چاہئین پس

حاصل ہوگی یہہ مساوات ۸ ف^3 + (ا^2 − ۴ ب) ف^2 − ۸ ص ف − ص (ا^2 − ۴ ب) = ا^2 ف^2 − ۱۲ س ف + س^2

اور اگر سب اجزا اس مساوات کو ایک ہی طرف لی آوین تو پیدا ہوگی یہہ مساوات

۸ ف^3 − ۴ ب ف^2 + (۱۲ س − ۸ ص) ف − ا^2 ص + ۴ ب ص − س^2 = ۰ اور یہہ مساوات تیسری

درجہ کی ہی اور اسکے وسیلہ سی موافق قواعد مرقوم الصدر کی قیمت ف کی معلوم ہوسکتی ہی جسوقت دریافت ہوئی

ہمین تین قیمتین مقدار ف کی بوساطت مقدارون ا اور ب اور س اور ص کی گو ہمین ایک ہی قیمت ف

کی دریافت کرنی منظور رہی) اوسوقت معلوم ہوجاوینگے ہمین قیمتین باقی دو مقدارون مجہول کی یہہ یعنے

ق اور د کی اسواسطے کہ مساوات اول سے حاصل ہوتا ہی یہہ ق = $\sqrt{\frac{1}{4}ا^2 + ۲ ف − ب}$ اور

مساوات دوسری سے یہہ د = $\frac{ا ف − س}{۲ ق}$ اب جسوقت سے قیمتین تین مقدارون ف اور ق اور د کی

معلوم ہوجاتی ہین اوسوقت چاہ مقدار مجہول مساوات مفروض کی اس ترکیب سے معلوم ہوسکتی ہین چونکہ

مساوات مفروض تحویل ہوگئی ہی طرف اس شکل کے (لا^2 + $\frac{1}{2}$ ا لا + ف)^2 − (ق لا + د)^2 = ۰ تو

ظاہر ہی کہ حاصل ہوگی یہہ مساوات کہ دو طرف اوسیکا جذر نکل سکتا ہی

(لا^2 + $\frac{1}{2}$ ا لا + ف)^2 = (ق لا + د)^2 اور جسوقت مکافین ہم جذر دو طرف اس مساوات کا تو حاصل

ہوتی ہی یہہ مساوات لا^2 + $\frac{1}{2}$ ا لا + ف = ق لا + د یا یہہ مساوات

لا^2 + $\frac{1}{2}$ ا لا + ف = − ق لا − د مساوات اول سے حاصل ہوتا ہی یہہ لا = $(ق − \frac{1}{2}ا) ± \sqrt{}$ ف + د

اور اسسے حاصل ہوتی ہین دو قیمتین اور دوسری مساوات سی حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا² = − (ق + ½ ا) لا − ف − د اور اسسے حاصل ہونگی دو اور قیمتین ہم اب توضیح کرتے ہین اسس قاعدہ کی بوسیلہ مثال آئندہ کے فرض کرو کہ مساوات آئندہ چوتھے مرتبہ کی مساوات مفروض ہی اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی چار اسکی قیمتین بوسیلہ قاعدہ مذکور کے

لا⁴ − ۱۰ لا³ + ۳۵ لا² − ۵۰ لا + ۲۴ = ۰ اگر مطابق کرین ہم مساوات عام مذکورہ بالا کو اسس مساوات سی تو دریافت ہوگا کہ اس صورت مین ا = − ۱۰ اور ب = ۳۵ اور س = − ۵۰ اور ص = ۲۴ اور اسیواسطی وہ مساوات جسکی ذریعہ سی قیمت ف کی معلوم ہوجائیگی یہہ ہی

۸ ف³ − ۴۰ ا ف² + ۸۰۸ ف − ۱۵۴۰ = ۰ یا یہہ

۲ ف³ − ۱۰ ا ف² + ۲۰۲ ف − ۳۸۵ = ۰

اور اخیر جزو اسس مساوات کا قسمت ہوسکتا ہی ان اعداد پر ۱ ۵ ۷ ۱۱ وغیرہ اول عدد سی تو مطلب نہین حاصل ہوتا ہی یعنے جو شرط اسس مساوات سی تعبیر ہوتی ہی وہ شرط اسس عدد سی پوری نہین ہوتی ہی پس لو ف کو مساوی ۵ کے اور موافق اسس عدد کی مساوات گذشتہ پوری ہوجائیگی یعنے ہم پائینگی یہہ

۲۵۰ − ۸۷۵ + ۱۰۱۰ − ۳۸۵ = ۰ پس معلوم ہوا کہ ف = ۵ اور یہہ قیمت مساوات تیسری درجہ مرقومہ بالا کی ہی بعد ازان مان لو کہ ف = ۷ اور موافق اس فرض کے مساوات گذشتہ پوری ہوتی ہی یعنے حاصل ہوتی ہی مساوات ۶۸۶ − ۱۷۱۵ + ۱۴۱۴ − ۳۸۵ = ۰ یہان سے ثابت ہوتا ہی کہ ف = ۷ اور یہہ دوسری قیمت مساوات مذکور کی ہی اب دریافت کرنا رہا تیسری قیمت مساوات تیسری درجہ مذکورہ بالا کا واسطے اسس مطلب کے قسمت کرو مساوات مذکورہ کو ۲ پر تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ف³ − ۳۵/۲ ف² + ۱۰۱ ف − ۳۸۵/۲ = ۰ اب چونکہ سہ دوسرے جزو اسس مساوات کا مساوی ہے حاصل جمع تمام قیمتون اسس مساوات کی اور چونکہ حاصل جمع دو قیمتون اسس مساوات کا ۱۲ ہی تو بالضرور باقی تیسری قیمت اسس مساوات کی ۱۱/۲ ہوگی پس معلوم ہوئین ہمین اب تین قیمتین تیسری درجہ کی مساوات کی لیکن یہہ بات اسجاے واضح ہو کہ ایک ہی قیمت واسطی ہماری مطلب کے کفایت کرتی ہی کسواسطی کہ بذریعہ ہر واحد کے ان تین قیمتونمین سے وہی چار قیمتین مساوات مفروض کی حاصل ہوتی ہی یہہ بات اسطرح سے ثابت ہوتی ہی جسوقت ف = ۵ اوسوقت بذریعہ مساوات

ق = √(¼ ا² + ۲ ف − ب) کے حاصل ہوگی یہہ مساوات

ق = √(۲۵ + ۱۰ − ۳۵) = ۰ اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات

د = $\frac{-۵۰+۵۰}{۰}$ = ÷ لیکن اس مساوات سے کچھ بات نہین معلوم ہوتی ہی پس لازم ہی
کہ رجوع کرین ہم طرف مساوات تیسری سے جو یہہ ہی د^۲ = ف^۲ − ص = ۲۵ − ۲۴ = ۱
پس دو مساواتین درجہ دوم کی جنکا اوپر ذکر ہی اس شکل کی ہوجائینگی (۱) لا^۲ = ۵ لا − ۴ اور
(۲) لا^۲ = ۵ لا − ۶ اونمین کی اول مساوات سے یہہ دو قیمتین حاصل ہوتی ہین
لا = $\frac{۵}{۲}$ ± $\sqrt{\frac{۹}{۴}}$ یا لا = $\frac{۵ \pm ۳}{۲}$ یعنے لا = ۴ یا لا = ۱ دوسری مساوات درجہ
دوم سے یہہ دو قیمتین حاصل ہوتی ہین لا = $\frac{۵}{۲}$ ± $\sqrt{\frac{۱}{۴}}$ = $\frac{۱ \pm ۵}{۲}$ یعنے لا = ۳
یا لا = ۲ اب فرض کرو کہ ف = ۷ پس ہوگی یہ مساواتین ق = $\sqrt{۲۵+۱۴-۳۵}$ = ۲
اور ∴ د = $\frac{-۷۰+۵۰}{۴}$ = − ۵ پس اب حاصل ہوگی یہ دو مساواتین دوسرے درجہ کی
(۱) لا^۲ = ۷ لا − ۱۲ اور (۲) لا^۲ = ۳ لا + ۲ انمین کی اول مساوات سے یہہ دو قیمتین حاصل
ہوتی ہین لا = $\frac{۷}{۲}$ ± $\sqrt{\frac{۱}{۴}}$ یا لا = $\frac{۷ \pm ۱}{۲}$ یعنے لا = ۴ یا لا = ۳ دوسری مساوات
سے یہ دو قیمتین حاصل ہوتی ہین لا = $\frac{۳}{۲}$ ± $\sqrt{\frac{۱}{۴}}$ = $\frac{۳ \pm ۱}{۲}$ اور اسیواسطے لا = ۲
اور لا = ۱ یہان سے یہہ بات ثابت ہوئی کہ چار قیمتین چوتھی درجہ کی مساوات مفروض کے موافق
اول فرض کے یعنے اس فرض کہ ف = ۵ حاصل ہوئی تھین وہی قیمتین موافق اس دوسرے فرض کے یعنے
اس فرض کہ ف = ۷ حاصل ہوتی ہین صورت اخیر مین فرض کرو کہ ف = $\frac{۱۱}{۲}$ اور اس صورت مین
حاصل ہونگی یہہ دو مساواتین ق = $\sqrt{۲۵-۱۱-۳۵}$ = ۱ اور د = $\frac{-۵۰+۵۵}{۲}$ = − $\frac{۵}{۲}$
پس دو مساواتین دوسرے درجہ کی یہہ ہونگی (۱) لا^۲ = ۶ لا − ۸ اور (۲) لا^۲ = ۴ لا − ۳
اول مساوات سے یہہ حاصل ہوتا ہی لا = ۳ ± $\sqrt{۱}$ یعنے لا = ۴ اور لا = ۲ اور دوسری
مساوات سی یہہ لا = ۲ ± $\sqrt{۱}$ یعنے لا = ۳ اور لا = ۱ اور یہ چار قیمتین وہی ہین جو
پہلے دو فرضون کے موافق حاصل ہوئی تھین

سوالات واسطی مشق کے

۱ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات چوتھی درجہ کی لا^۴ − ۱۶ لا − ۱۲ = ۰ اور چاہتے ہم دریافت کرنے
چار قیمتین اسکی **جواب** لا = ۱ + $\sqrt{۳}$ اور لا = ۱ − $\sqrt{۳}$ اور
لا = ۱ + $\sqrt{-۵}$ اور لا = ۱ − $\sqrt{-۵}$

۲ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات چوتھی درجہ کی لا^۴ − ۴ لا^۳ − ۸ لا + ۳۲ = ۰ اور چاہتے ہین ہم

دریافت کرنیمے چار قیمتین اس کی **جواب**

لا = ۴ اور لا = ۲ اور لا = $-۱+\sqrt{-۳}$ اور لا = $-۱-\sqrt{-۳}$

۳ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات چوتھے مرتبہ کی لا^۴ − ۴ لا^۳ − ۲ لا^۲ − ۴ لا + ۱ = ۰ اور چاہتی ہم دریافت کرنی چار قیمتین اسکی **جواب** لا = $\frac{-۱+\sqrt{-۳}}{۲}$ اور لا = $\frac{-۱-\sqrt{-۳}}{۲}$

اور لا = $\frac{۵+\sqrt{۲۱}}{۲}$ اور لا = $\frac{۵-\sqrt{۲۱}}{۲}$

۴ فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات چوتھی درجہ کی لا^۴ − ۳ لا^۳ − ۴ لا − ۳ = ۰

اور دریافت کیا چاہتے ہن ہم چار قیمتین مقدار مجہول لا کی **جواب**

لا = $\frac{۱+\sqrt{۱۳}}{۲}$ اور لا = $\frac{۱-\sqrt{۱۳}}{۲}$

اور لا = $\frac{-۱+\sqrt{-۳}}{۲}$ اور لا = $\frac{-۱-\sqrt{-۳}}{۲}$

فصل ہفتم ہیچ بیان اون قواعد کی جنکی ذریعہ سی تقریبی قیمتین سب درجہ کے مساواتون کی دریافت ہوسکتین ہن

جسوقت کہ قیمتین کسی مساوات مفروض کی مقدارین غیر نزدلی نہین ہوتی ہین بلکہ نزدلی یا جسوقت کہ مساواتین مفروض جنکو حل کرنا منظور ہوتا ہی جو تھے درجہ سی بہی زیادہ کی ہوتی ہن اوس صورت مین ہم قیمتین حقیقی مقدارون مجہول کی نہین دریافت کرسکتے ہین اور فقط قیمتین تقریبی دریافت کرکی قناعت کرنی پڑتی ہی لیکن ہندسون نے ایسی قاعدے نکالی ہین کہ یے تقریبی قیمتین اتنی قریب قیمتون حقیقی کے ہوسکتی ہین جتنی ہم چاہین اور جبکہ بہت کم فرق ان قیمتون مین رہجاے اوسوقت ٹہر جاتی ہین اور قیمت تقریبی پر قناعت کرتے ہین اول قاعدہ یہہ ہی بوسیلہ قیاس یا امتحان کے ایک تقریبی قیمت جو بہت قریب قیمت حقیقی کے نہین ہی دریافت کرو اور بعد ازان ایک ایسی مقدار مثل ط کے فرض کرو کہ اگر اوسی قیمت مذکور پر زیادہ یا منہا کرین تو مجموعہ مساوی قیمت حقیقی کا ہو دیے لیکن چونکہ وہ قیمت تقریبی جو قیاس سے مقرر کی گئی ہی ایسی فرض کی جاتی ہی کہ اوسمین اور قیمت حقیقی مین فقط بقدر کسی کسر کے فرق ہوتا ہی اور چونکہ مجذور اور مکعب وغیرہ کسور کی کم ہوتی جایا کرتی ہین تو قاعدہ یہہ ہی کہ اگر عمل مساوات مفروض کی مین ط یا ط^۲ وغیرہ واقع ہون تو انہین دور کرتے ہین اور جو قیمت بعد دور کرنی انکی کے واسطی مقدار مجہول کے دریافت ہوگی اوسی قیمت قاسی قرار دیکر پہر ایک مقدار مثل ص کے ایسی فرض کرو کہ اگر اوسی قیمت مذکورمین سے نکالین یا اوسپر زیادہ کرین تو مجموعہ قیمت حقیقی ہوجاے اور پہر عمل مذکورہ بالا کرین تو اوس سے ایک اور قیمت قریب تر قیمت حقیقی کے حاصل ہوگی اور اس ترکیب سی قیمت تقریبی کو اتنا قریب تر قیمت حقیقی کے لاسکتی ہین

جتنا ہم چاہین یہہ قاعدہ مثال آئندہ سے خوب واضح ہوجائیگا چاہتے ہین ہم دریافت کرنا خبر ۲۰ کا یعنی حل کیا چاہتے ہین ہم اس مساوات درجہ دوم کو لا = ۲۰ اسلئے ظاہر ہی کہ لا زیادہ ہی ۴ سے اور کم ۵ سے پس لازم ہی کہ فرض کرین ہم لا = ۴ + ط اور اسسے واسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا² = ۱۶ + ۸ ط + ط² = ۲۰ اور اسلئے یہہ حاصل ہوتا ہی ۸ ط + ط² = ۴ اور چونکہ ط ایک کسر ہی تو موافق قاعدہ مرقومہ بالا کی ط² کو ہم دور کرسکتے ہین اور اسسے واسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات

۸ ط = ۴ ∴ ط = ۴/۸ = ۱/۲ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ لا = ۴ + ۱/۲ = ۴ ۱/۲ اور یہہ قیمت تقریبی بہت قریب قیمت حقیقی کے ہی یعنی بہ نسبت ۴ کے قریب تر قیمت حقیقی کے ہی اب اگر ہم قیمت تقریبی کو اور قریب تر قیمت حقیقی کے لایا چاہین تو لازم ہی ہمین بطور سابق کے فرض کرنا لا = ۱/۲ ۴ + ص اور چونکہ یہہ بات تحقیق ہی کہ ص ایک چھوٹی سی کسر ہی تو دور کرسکتے ہین ہم مجذور اسکے کو پس مساوات

لا² = ۱/۴ ۲۰ + ۹ ص + ص² سے حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا² = ۱/۴ ۲۰ + ۹ ص = ۲۰ ∴ ۹ ص = −۱/۴ اور ∴ ص = −۱/۳۶ پس معلوم ہوا کہ

لا = ۱/۲ ۴ − ۱/۳۶ = ۱۵/۳۶ ۴ اب اگر اور زیادہ قریب تر قیمت حقیقی کے قیمت تقریبی کو لایا چاہین تو لازم ہی کہ فرض کرین ہم لا = ۱۷/۳۶ ۴ + س اور اسی سبب سے حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا² = ۱/۱۲۹۶ ۲۰ + ۲۴/۳۶ ۸ س + س² اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

لا² = ۱/۱۲۹۶ ۲۰ + ۲۴/۳۶ ۸ س = ۲۰ اور یہان سے حاصل ہوتا ہی یہہ

۲۴/۳۶ ۸ س = −۱/۱۲۹۶ ∴ ۳۲۲ س = −۳۶/۱۲۹۶

∴ س = −۳۶/۱۲۹۶×۳۲۲ = −۱/۱۱۵۹۲ اسیواسطی حاصل ہوتی ہی

یہہ مساوات لا = ۱۷/۳۶ ۴ − ۱/۱۱۵۹۲ = ۵۴۷۳/۱۱۵۹۲ ۴

اور یہہ قیمت اتنی قریب قیمت حقیقی کے ہی کہ جو غلطی اس صورت مین رہتی ہی وہ قابل لحاظ کے نہین اب ہم لکھتے ہین ایک عام قاعدہ جسکی مثال گذشتہ ایک خاص صورت ہی واسطی اس مطلب کے فرض کرو کہ مساوات مفروض لا = ط ہی اور یہہ مان لو کہ ہم جانتے ہین کہ لا زیادہ ہی ن سے اور کم ن + ۱ سے پس اب اگر فرض کرین ہم کہ لا = ن + ص تو بالضرور ص کم ہوگا عدد ۱ کے سے یعنی وہ کسر ہوگا اور اسیواسطے اوسکے مجذور اور مکعب وغیرہ کو دور کرسکتے ہین کیونکہ وہ بہ نسبت ص کی بہت چھوٹی مقدارین ہونگی اور

اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات لا^{۲} = ن^{۲} + ۲ن ص = ط اور اسیواسطی ص = $\frac{ط - ن^{۲}}{۲ن}$

اور اسیواسطی لا = ن + ص = ن + $\frac{ط - ن^{۲}}{۲ن}$ = $\frac{ط + ن^{۲}}{۲ن}$

اب اگر ن ہووے ایک قیمت تقریبی قریب قیمت حقیقی کے تو $\frac{ط + ن^{۲}}{۲ن}$ ایک قیمت تقریبی قریب تر قیمت حقیقی کے ہوگی اور جسوقت بجای ن کے لکہا $\frac{ط + ن^{۲}}{۲ن}$ کو تو ایک قیمت اور قریب تر قیمت حقیقی کے حاصل ہوگی اور اگر یہی عمل کئے جائین تو قیمت تقریبی کو اتنا قریب قیمت حقیقی کے لاسکتے ہین جتنا ہم چاہین مثلاً فرض کرو کہ چاہتے ہین ہم حل کرنا اس مساوات لا^{۲} = ۲ کو یعنے دریافت کیا چاہتے ہین ہم جذر ۲ کا اب اگر بجای ن کے عدد آ کا فرض کرین کہ ایک قیمت تقریبی ۲ کے جذر کی ایسی ہی کہ وہ کم ہی بہ نسبت قیمت حقیقی کے فقط بقدر ایک کسر کی تو $\frac{ط + ن^{۲}}{۲ن}$ ایک اور قیمت قریب تر قیمت حقیقی جذر مذکور کے ہوگی اور اگر یہی عمل متواتر کرتے جائینگی تو صورت اوسکی یہہ ہوگی

(۱) ن = ۱ اور اس صورت مین حاصل ہوگی یہہ قیمت لا = $\frac{۳}{۲}$

(۲) ن = $\frac{۳}{۲}$ ایضاً ایضاً لا = $\frac{۱۷}{۱۲}$

(۳) ن = $\frac{۱۷}{۱۲}$ ایضاً ایضاً لا = $\frac{۵۷۷}{۴۰۸}$

اور قیمت اخیر لا کی اتنی قریب قیمت حقیقی کے ہی کہ اوسکے مجذور یعنے $\frac{۳۳۲۹۲۹}{۱۶۴۶۴}$ مین اور ۲ مین فقط یہہ فرق ہی $\frac{۱}{۱۶۴۶۴}$ اور یہہ ایک ایسی چہوٹی کسر ہی کہ قابل لحاظ کے نہین ہی یہی قاعدہ جاری ہوسکتا ہی جسوقت کہ مطلوب ہو ہمین جڑ تہی یا زیادہ مرتبہ کا نزول کسی مقدار کا مثلاً فرض کرو کہ چاہتے ہین ہم حل کرنا اس مساوات تیسری درجہ کو لا^{۳} = ط یعنے دریافت کیا چاہتے ہین ہم قیمت $\sqrt[۳]{ط}$ کی چونکہ ہم جانتے ہین کہ لا ن سے زیادہ اور ن + ۱ سے کم ہی تو فرض کرسکتے ہین ہم لا = ن + ص اور اسجا ص بالضرور ایک کسر ہوگی اور اسیواسطے ص^{۲} اور ص^{۳} نسبت ص کے بہت چہوٹی چہوٹی مقدارین ہونگی اور موافق مرقومہ بالا کے انکو دور کرسکتے ہین پس اب حاصل ہوگی یہہ مساوات

لا^{۳} = ن^{۳} + ۳ن^{۲} ص = ط ∴ ص = $\frac{ط - ن^{۳}}{۳ن^{۲}}$ اور

∴ لا = ن + ص = ن + $\frac{ط - ن^{۳}}{۳ن^{۲}}$ = $\frac{ط + ۲ن^{۳}}{۳ن^{۲}}$

اب اگر ن ہووے قریب $\sqrt[۳]{ط}$ کے تو مقدار $\frac{ط + ۲ن^{۳}}{۳ن^{۲}}$ کے قریب تر قیمت حقیقی کے ہوگی اور اگر اس قیمت کو بجای ن کے لکہو تو قیمت $\frac{ط + ۲ن^{۳}}{۳ن^{۲}}$ اور قریب تر قیمت حقیقی کے ہوگی اور علی ہذا القیاس مثلاً فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات لا^{۳} = ط = ۲ یعنے چاہتے ہین ہم دریافت کرنا مکعب ۲ کا پس موافق

مرقومہ بالا کی حاصل ہوگا ہمین یہہ سلسلہ قیمتون تقریبی کا

جسوقت ن = ۱ اوسوقت دریافت ہوگا کہ لا = $\frac{۴}{۳}$

ایضاً ن = $\frac{۴}{۳}$ ایضاً ایضاً لا = $\frac{۹۱}{۷۲}$

ایضاً ن = $\frac{۹۱}{۷۲}$ ایضاً ایضاً لا = $\frac{۱۶۲۱۳۰۸۹۶}{۱۲۸۶۳۴۲۹۴}$

یہی قاعدہ واسطی دریافت کرنے قیمتون تقریبی ہر قسم کی مساوات کی جاری ہوسکتا ہی واسطی اس بات کے ثابت کرنی کے لیتی ہین ہم ایک مساوات تیسری درجہ کی $لا^۳ + ط لا^۲ + ص لا + س = ۰$ اور اسمین ن ہی ایک تقریبی قیمت لا کی فرض کرو کہ لا = ن — م اور چونکہ اس جاے م ایک کسر ہی تو موافق مرقومہ بالا کے ہم $م^۲$ اور $م^۳$ وغیرہ کو دور کرسکتے ہین اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہ مساوات

$لا^۳ = ن^۳ - ۳ن^۲ م$ اور $لا^۲ = ن^۲ - ۲ن م$ اور اسیواسطی جسوقت کہ ہم قیمتین بجاے $لا^۳$ اور $لا^۲$ اور لا کے مساوات مفروضہ مین توحاصل ہوگی یہہ مساوات

$ن^۳ - ۳ن^۲ م + ط ن^۲ - ۲ط ن م + ص ن - ص م + س = ۰$ یا

$ن^۳ + ط ن^۲ + ص ن + س = ۳ن^۲ م + ۳ط ن م + ص م = م (۳ن^۲ + ۲ط ن + ص)$ اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$م = \frac{ن^۳ + ط ن^۲ + ص ن + س}{۳ن^۲ + ۲ط ن + ص}$ اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات

$لا = ن - \left(\frac{ن^۳ + ط ن^۲ + ص ن + س}{۳ن^۲ + ۲ط ن + ص}\right) = \frac{۲ن^۳ + ط ن^۲ - س}{۳ن^۲ + ۲ط ن + ص}$

یہہ تقریبی قیمت لا کی بہ نسبت ن کی زیادہ قریب قیمت حقیقی اوسکی کے ہی اور اگر بجای ن کے اس قیمت کو لکھین تو ایک اور قیمت قریب تر قیمت حقیقی کے حاصل ہوگی اب ہم توضیح کرتے ہین اس قاعدہ کی بذریعہ ایک مثال کے فرض کرو کہ چاہتے ہین ہم دریافت کرنے قیمت تقریبی اس مساوات تیسری درجہ کے

$لا^۳ + ۲لا^۲ + ۳لا - ۵۰ = ۰$

پس اسوقت ظاہر ہی کہ ط = ۲ اور ص = ۳ اور س = — ۵۰ اب اگر ہووے ن ایک تقریبی قیمت اس مساوات کی تو ہووے گی قیمت آئندہ قریب تر قیمت حقیقی کے

$لا = \frac{۲ن^۳ + ۲ن^۲ + ۵۰}{۳ن^۲ + ۴ن + ۳}$

اس مثال مین ظاہر ہی کہ ۳ ہی ایک قیمت تقریبی لا کی یعنے اس صورتین ن = ۳ پس حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\text{لا} = \frac{۲\text{ن}^۳ + ۲\text{ن}^۲ + ۵۰}{۳\text{ن}^۲ + ۴\text{ن} + ۳} = \frac{۱۲۲}{۴۲} = \frac{۶۱}{۲۱}$$

اور اگر ہم اس قیمت لا کو بجاے ن کے تو ایک اور قیمت قریب تر قیمت حقیقی کے معلوم ہوجائیگی مساوات گذشتہ فقط تیسری درجہ کی تہی لیکن یہی قاعدہ جاری ہوسکتا ہی جبکہ مساوات مفروض زیادہ درجہ کی ہو اور واسطی ثبوت اس بات کی مثال آئندہ کفایت کریگی فرض کرو کہ مساوات مفروض جسکی تقریبی قیمت دریافت کرنی منظور ہی یہہ ہی لا^۵ = ۶ لا + ۱۰ یا لا^۵ − ۶ لا − ۱۰ = ۰ اور اس مساوات مین یہہ بات ظاہر ہی کہ آ تو کم اور ۲ زیادہ ہی اسکی قیمت سی پس فرض کرچکے ہین ہم کہ ن ایک قیمت تقریبی لا کی ایسی ہی کہ وہ زیادہ آسے اور کم ۲ سے ہی پس موافق مرقوم المصدر کے حاصل ہوگی ہمین یہ مساوات لا = ن + م اور اس جا ظاہر ہی کہ م ایک کسر ہی اور لا^۵ = ن^۵ + ۵ن^۴ م اور ن^۵ + ۵ن^۴ م − ۶ن − ۶م − ۱۰ = ۰ یا ۵ن^۴ م − ۶م = ۶ن + ۱۰ − ن^۵ اور اسیواسطی م = $\frac{۶\text{ن} + ۱۰ - \text{ن}^۵}{۵\text{ن}^۴ - ۶}$ اور اسیواسطی قیمت آئندہ لا کی قریب تر قیمت حقیقی کے ہوگی لا = ن + م = ن + $\frac{۶\text{ن} + ۱۰ - \text{ن}^۵}{۵\text{ن}^۴ - ۶} = \frac{۴\text{ن}^۵ + ۱۰}{۵\text{ن}^۴ - ۶}$

اب اگر ن = ۱ تو لا = $\frac{۱۰ + ۴}{۱} = ۱۴$ اور یہہ ایک ایسی قیمت ہی جو بالکل مطلوب نہ تہی اور یہہ بات اس سبب سے واقع ہوئی کہ آ بہت کم بہ نسبت قیمت حقیقی کے ہی اب فرض کرو کہ ن = ۲ تو اس صورت مین لا = $\frac{۱۲۸ + ۱۰}{۸۴} = \frac{۱۳۸}{۸۴} = \frac{۶۹}{۴۲}$ اور یہہ قیمت قریب قیمت حقیقی کے ہی اور اگر اسے بجاے ن کے پہر لکھین تو جو قیمت بعد ازان حاصل ہوگی وہ اور ہی قریب تر قیمت حقیقی کے ہوگی سو اسی قاعدہ مرقومہ بالا کی جو سب سے بہتر قاعدہ ہی اور یہی قواعد واسطے دریافت کرنی قیمتون تقریبی مساواتون کے ہین انمین سے ایک بہت اچھا قاعدہ یہہ ہی دریافت کرو ایک ایسا سلسلہ اعداد کا مثل ط ص س وغیرہ کے کہ اگر قسمت کرین ایک کو انمین سے اوسکی ماقبل پر تو خارج قسمت اوسکی ہمیشہ قریب تر قیمت حقیقی کے ہووے جتنا عدد قسمت کیا ہوا دو سلسلہ مین واقع ہو فرض کرو کہ سلسلہ مطلوب یہہ ہی ف ق ک ل م پس اس صورت مین ضرور ہی کہ $\frac{\text{ق}}{\text{ف}}$ ایک قیمت تقریبی لا کی ہو یعنے $\frac{\text{ق}}{\text{ف}}$ = لا تقریبا اور ضرور ہی کہ یہہ بھی مساوات ہو $\frac{\text{ک}}{\text{ق}}$ = لا* اور جسوقت ضرب کرین ہرون دونون مساواتون کو اسیمین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{\text{ک}}{\text{ف}}$ = لا^۲ اور چونکہ $\frac{\text{ل}}{\text{ک}}$ = لا تو اگر ضرب کرین اسکل مساوات اخیر کو مساوات

* لا کے آگے لفظ تقریبا کا محذوف ہی اور یہی قیاس کرنا چاہیئے ایسی ہی موقعون پر

$\frac{ك}{ق}$ = لا۲ مین تو حاصل ہوگا یہہ $\frac{ل}{ق}$ = لا۲ اور چونکہ $\frac{م}{ل}$ = لا ∴ $\frac{م}{ق}$ = لا۳ اور علی ہذا القیاس یہان تک بیان کرنیکے ہم لیتی ہین ایک خاص مساوات جسسے ماہیت اس قاعدہ کی معلوم ہوجاوے فرض کرو کہ یہہ مساوات دوسری درجہ کی لا۲ = لا + ا اب چونکہ یہہ بات ثابت ہوچکی ہی کہ $\frac{ك}{ق}$ = لا۲ اور $\frac{ق}{ق}$ = لا پس جسوقت لکھین ہم یے قیمتین بجاے لا اور لا۲ کے تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{ك}{ق}$ = $\frac{ق}{ق}$ + ا اور اسیواسطی کہ = ق + ن اور اسیطور سے یہہ بہی ثابت ہوسکتا ہی کہ ك + ق = ل اور ك + ل = م اور علی ہذا القیاس اور یہان سے یہہ بات معلوم ہوئی کہ وہ سلسلہ اعداد کا جسکا دریافت کرنا منظور ہی ایسا ہی کہ ہر جزو اوسکا مساوی ہوتا ہی حاصل جمع اوسکی ماقبل کے دو اجزا کے اور یہان سے یہہ بات ظاہر ہی کہ جسوقت معلوم ہوجائین ہمین دو اول کے جز تو ساری اجزا سلسلہ کی معلوم ہوسکتی ہین لیکن اول دو اجزا کا مقرر کرنا ایک امر اختیاری ہی کیونکہ گو یی دو اجزا بہت دور قیمت حقیقی کے ہون لیکن عمل کرنے سے موافق اوس شرط کی جو مساوات مذکور مین ثابت ہوئی ہی ہر جز اوس سلسلہ کا جو پیدا ہوا ہی قسمت کرنی سے ہر جز سلسلہ مذکورہ بالا کو اوسکی ماقبل پر اور ثبت کرنی سی ان خارج قسمتون کو کو ایک مقدار معین قریب ترقیمت حقیقی کی ہوگا فرض کرو کہ اول دو اجزا ۱ اور آہین پس موافق اوسکے پہلی ثابت ہوا ہی سلسلہ قیمتون لا کا یہہ ہوگا

لا = $\frac{۱}{۱}$ $\frac{۱}{۱}$ $\frac{۲}{۱}$ $\frac{۳}{۲}$ $\frac{۵}{۳}$ $\frac{۸}{۵}$ $\frac{۱۳}{۸}$ $\frac{۲۱}{۱۳}$ $\frac{۳۴}{۲۱}$ $\frac{۵۵}{۳۴}$ $\frac{۸۹}{۵۵}$ $\frac{۱۴۴}{۸۹}$

اور علی ہذا القیاس مثلاً اگر فرض کرین ہم کہ لا = $\frac{۲۱}{۱۳}$ تو $\frac{۴۴۱}{۱۶۹}$ = $\frac{۲۱}{۱۳}$ + ا = $\frac{۴۴۲}{۱۶۹}$ اور اسسے ظاہر ہی کہ غلطی فقط $\frac{۱}{۱۶۹}$ ہی اور اگر یہون ہم ایک اور آگے کا جز تو اوس سے بہی کم غلطی وقوع مین آوے گی اب فرض کرو کہ دریافت کرنی ہی ہمین قیمت لا کی اوس مساوات مین لا۲ = ۲ لا + ا اب چونکہ ہر صورت مین لا = $\frac{ق}{ق}$ اور لا۲ = $\frac{ك}{ق}$ تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{ك}{ق}$ = $\frac{۲ق}{ق}$ + ایا کہ = ۲ق + ن اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ ہر جز سلسلہ قیمتون لا کا مساوی ہوتا ہی حاصل جمع دوگنی اوسکی پہلے کے جز کے کہ اوسپر زیادہ کرین اوس جز کی پہلے جز کو اب اگر فرض کرین کہ اول دو جز ۱۰ اور آہین تو حاصل ہوگا یہہ

۱۰ ۲ ۵ ۱۲ ۲۹ ۷۰ ۱۶۹ ۴۰۸ وغیرہ اور اسیواسطی سلسلہ قیمتون لا کا یہہ ہوگا

$\frac{۱}{۱}$ $\frac{۲}{۱}$ $\frac{۵}{۲}$ $\frac{۱۲}{۵}$ $\frac{۲۹}{۱۲}$ $\frac{۷۰}{۲۹}$ $\frac{۱۶۹}{۷۰}$ $\frac{۴۰۸}{۱۶۹}$ وغیرہ

یے قیمتین نوبت بنوبت قریب ترقیمت لا کی جو اس مساوات سی تعبیر ہوتی ہی لا = ۱ + $\sqrt{۲}$ آتی جاتی ہین اور اگر تفریق کرین ہم ہر جز اس سلسلہ مین سے عدد ایک کو تو حاصل ہوگا سلسلہ آئندہ کہ اوسمین ہر جز تعبیر کریگا قیمت تقریبی جذر ۲ کی یعنے اسکے $\sqrt{۲}$

$$\frac{1}{0}\quad\frac{1}{1}\quad\frac{3}{2}\quad\frac{7}{5}\quad\frac{17}{12}\quad\frac{41}{29}\quad\frac{99}{70}\quad\frac{239}{169}\quad\text{وغیرہ}$$

مثلاً $\frac{99}{70}$ کا مجذور $\frac{9801}{4900}$ ہی اور اسمین اور مجذور 2 کے بین یعنے تین فقط بقدر اسکسر کی $\frac{1}{4900}$ فرق ہی جسوقت کہ مساواتین مفروض زیادہ درجہ کی ہون اوسوقت بہی یہی قاعدہ جاری ہوسکتا ہی مثلاً اگر ہو ویسے یہہ مساوات تیسری درجہ کی $\lambda'' = \lambda' + 2\lambda + 1$ تو لازم ہی کہ فرض کرین کہ $\lambda = \frac{\zeta}{\xi}$ اور $\lambda' = \frac{\kappa}{\xi}$ اور $\lambda'' = \frac{\lambda}{\xi}$ اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات $\lambda = \kappa + 2\zeta + \xi$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جسوقت معلوم ہون ہمین تین اجزا تو اوسوقت معلوم کرسکتے ہین چوتہا جز سلسلہ مطلوب کا اور چونکہ شروع کے جزون کو ہم کچہہ ہی فرض کرسکتی ہین تو ہم بناسکتے ہین سلسلہ آئندہ $0\ 1\ 1\ 3\ 7\ 17\ 41\ 99\ 239$ وغیرہ

اور یہان سے حاصل ہوتا ہی یہہ سلسلہ کسور کا کہ تقریبی قیمتین λ کی ہین

$$\lambda = \frac{1}{0}\quad\frac{1}{1}\quad\frac{3}{1}\quad\frac{7}{3}\quad\frac{17}{6}\quad\frac{41}{13}\quad\frac{99}{28}\quad\frac{239}{60}\quad\text{وغیرہ}$$

چند قیمتین اول کی ان کسور میں حقیقی قیمت سے بہت ہی دور ہین لیکن اگر لکہین ہم بجای λ کی مساوات مفروض مین کسر $\frac{60}{28}$ یا $\frac{17}{7}$ تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\frac{3375}{343} = \frac{2205}{49} + \frac{30}{7} + 1 = \frac{3388}{343}$$ اور اسمین غلطی فقط یہہ ہی $\frac{13}{343}$

اسجای یہہ بات بیان کرنی چاہئے کہ شکل تمام مساواتون کی ایسی نہین ہوتی ہی کہ اون پر قاعدہ مذکورہ بالا جاری ہوسکے مثلاً وہ نہین جاری ہوسکتا ہی جبکہ مساوات مفروض مین دوسرا جز نہین یا یا جاتا ہی تو فرض کرو کہ مساوات مفروض یہہ ہی $\lambda' = 2$ اور اسجای ظاہر ہی کہ دوسرا جز اس مساوات درجہ دوم کا اسمین نہین یا یا جاتا ہی سو اب اگر فرض کرین ہم $\lambda = \frac{\zeta}{\xi}$ اور $\lambda' = \frac{\kappa}{\xi}$ تو حاصل ہوگا ہمین یہہ $\frac{\kappa}{\xi} = 2$ اور $\kappa = 2\xi$ یعنے کہ $= 0 \times \zeta + 2\xi$ اور یہان سے پیدا ہوتا ہی یہہ سلسلہ اعداد صحیح کا $1\ 1\ 2\ 2\ 4\ 4\ 8\ 8\ 16\ 16\ 32\ 32$ وغیرہ اور اس سے کچہہ بات مفید نہین نکل سکتی ہی کسواسطے کہ اگر قسمت کرین ہم کسی جز اس سلسلہ کو اوسکے ماقبل پر تو خارج قسمت ہمیشہ آیا 2 ہوتا ہی یعنے حاصل ہوتی ہین ہمیشہ یہے مساواتین $\lambda = 1$ یا $\lambda = 2$ لیکن یہہ اعتراض جو اس قاعدہ پر ہے دور ہوسکتا ہی اگر فرض کرین ہم $\lambda = \iota - 1$ کسواسطے کہ اس ترکیب سے حاصل ہوگی ہمین یہہ مساوات $\iota^2 - 2\iota + 1 = 2$ اور اگر فرض کرین ہم

$\frac{ق}{ب} = ز$ اور $\frac{ک}{ب} = ک$ اور ان مساواتون کے وسیلہ سے وہی قیمت تقریبی جذر آ کی حاصل ہوگی جو پہلے دریافت کی گئی ہی اعتراض مذکورہ بالا اس مساوات $لا^۲ = ۲$ کے حل کرنے مین بھی ہوسکتا ہی یعنے اس صورت مین بھی قاعدہ مذکورہ بالا جاری نہین ہوسکتا ہی لیکن اگر طریق سابق کے فرض کرین ہم $لا = ز - ۱$ تو حاصل ہوگی ہمین یہہ مساوات $ز^۳ - ۳ز^۲ + ۳ز - ۱ = ۲$ یا یہہ مساوات $ز^۳ = ۳ز^۲ - ۳ز + ۳$ اور جسوقت فرض کرین ہم $\frac{ق}{ب} = ز$ اور $\frac{ک}{ب} = ز^۲$ اور $\frac{ل}{ب} = ز^۳$ تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ل = ۳ک - ۳ق + ۳ف$ اور اس مساوات سے یہہ بات ظاہر ہی کہ جسوقت معلوم ہون تین اجزاء اوسوقت معلوم ہوسکتے ہین اگلی کی جز سلسلہ مطلوب مین اگر فرض کرین ہم کہ اول تین اجزاء اس سلسلہ کی ۱۰۰ ۱۰ ۱ مین تو پیدا ہوگا سلسلہ آئندہ

۱۰۰ ۱ ۳ ۶ ۱۲ ۲۷ ۶۳ ۱۴۴ ۳۲۴ وغیرہ اخیر جزو اس سلسلہ سے

حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت آ کی $ز = \frac{۳۲۴}{۱۴۴}$ اور اسیواسطے

$لا = ز - ۱ = \frac{۳۲۴}{۱۴۴} - ۱ = \frac{۱۸۰}{۱۴۴} = \frac{۵}{۴}$ یہہ قیمت قریب کعب ۲ کے ہی

کسواسطے کہ مکعب $\frac{۵}{۴}$ کا $\frac{۱۲۵}{۶۴}$ ہی اور ۲ $= \frac{۱۲۸}{۶۴}$ پس غلطی فقط $\frac{۳}{۶۴}$ ہی

مثالین واسطی مشق کی

۱ فرض کرو کہ $لا^۳ + ۳لا^۲ - ۵۲۳ = ۰$ کیا ہی قیمت لا کی

جواب لا $= ۵ ۰ ۴ ۳ ۱ ۵$

۲ فرض کرو کہ $لا^۳ - ۱۵لا^۲ + ۶۳لا - ۵۰ = ۰$ کیا ہی قیمت لا کی

جواب لا $= ۹ ۳ ۰ ۸ ۲ ۰ ۱$

۳ فرض کرو کہ $لا^۳ - ۳لا^۲ - ۷۵لا = ۱۰۰۰$ کیا ہی قیمت لا کی

جواب ۱۵ ۲۶ ۱۰

۴ فرض کرو کہ $لا^۵ + ۲لا^۴ + ۳لا^۳ + ۴لا^۲ + ۵لا = ۲۱۳۴۵$ کیا ہی قیمت لا کی

جواب لا $= ۴۴ ۴۱ ۸$

۵ فرض کرو کہ $۱۲۰لا^۳ + ۶۵۷لا^۲ - ۳۶۵۹لا = ۸۰۰۷۱۵$

کیا ہی قیمت لا کی **جواب** لا $= ۳۴ ۶۵۳۲$

باب چہارم مطالب مختلفہ

فصل اول ترتیب و اجتماع کی بیانمین

۱ اگر کئی مقدارین مختلف ترتیب سی ثبت کی جاوین تو سے مختلف ترتیبین مقدارون مذکور کی ترتیبین کہلاتی ہین مثلاً سب مختلف ترتیبین حروف $\overline{ا}$ اور $\overline{ب}$ اور $\overline{س}$ کی کہ دو دو اکہٹی ثبت کیجاوین یہ ہونگی $\overline{اب}$ اور $\overline{با}$ اور $\overline{اس}$ اور $\overline{سا}$ اور $\overline{بس}$ اور $\overline{سب}$

۲ اگر کئی مقدارین ہون اور بغیر لحاظ ترتیب کے اونکی مختلف مجموعے بناکر الگ الگ ثبت کرین تو ان مجموعون کو اجتماع مقدارون مذکور کا کہتے ہین مثلاً $\overline{اب}$ اور $\overline{بس}$ اور $\overline{اس}$ ہین مختلف اجتماع مقدارون $\overline{ا}$ اور $\overline{ب}$ اور $\overline{س}$ کے کہ لکھی جاوین دو دو اکہٹے اور یہان سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ $\overline{اب}$ اور $\overline{با}$ اگرچہ دو ترتیب ہین لیکن ان دونون کا اجتماع ایک ہی ہی

۳ اگر ن کتی تعداد مین مقدارین ہون اور اگر اونمین سے دو دو کو اکہٹا کرین تو تعداد ترتیبونکی بتعبیر کی جائیگی ن (ن — ۱) سے اور اگر تین تین اکہٹے لکھی جاوین تو تعداد مختلف ترتیبون کی ہوگی یہہ ن (ن — ۱) (ن — ۲) دلیل اسکی یہہ ہی اگر ن کتی شی تعداد مین مثلاً اب س وغیرہ ہون اور اگر $\overline{ا}$ کو پہلے ہر ایک کی باقی حروف مجموعے ثبت کرین تو ظاہر ہی کہ (ن — ۱) کتی مختلف ترتیبین پیدا ہونگی لیکن اگر $\overline{ب}$ کو پہلے سب حروف کی لکھین تو بہی اتنی ہین پس (ن — ۱) کتی مختلف ترتیبین حروف مذکور کی پیدا ہونگی اور علی ہذا القیاس پس کل تعداد ترتیبونکی تعبیر کیجائیگی ساتھہ ن (ن — ۱) کے اور ترتیبین مذکور اس شکل کی ہونگی $\overline{اب}$ $\overline{با}$ $\overline{اس}$ $\overline{سا}$ وغیرہ اگر (ن — ۱) کتی شی تعداد مین ہون اور انکو دو دو لیکر اکہٹا کرین تو موافق گذشتہ کے تعداد مختلف ترتیبون کے یہہ (ن — ۱) (ن — ۲) ہوگی اور اگر ان سب ترتیبون کے پہلے $\overline{ا}$ کو لگاوین تو ظاہر ہی کہ تین تین حروف کی ترتیبین تعداد مین (ن — ۱) (ن — ۲) کتی ہونگی اور ان سب مین $\overline{ا}$ اول ہوگا لیکن اتنی ہی ترتیبین ہونگی جنمین $\overline{ب}$ اول ہوگی اور یہی قیاس کرنا چاہیئے واسطی باقی حروف کی پس کل تعداد ترتیبون حروف مذکور کے کہ تین تین ثبت کی جاوین یہہ ہوگی ن (ن — ۱) (ن — ۲)

۴ اگر جاری کرین ترکیب مرقومہ بالا کو تو ظاہر ہو جائیگا کہ اگر ن کتی شی مین سے ر کتی کو اکہٹا الگ الگ لکہین تو کل تعداد ترتیبون کے

ن (ن — ۱) (ن — ۲) (ن — ۳) .... (ن — ر + ۱) ہوگی

۵ اگر ن کتنے حروف تھے اور انکو دو دو کو الگ الگ لکھین تو تعداد اجتماعون کی ن $\frac{ن-۱}{۲}$ ہوگی اور اگر تین تین الگ الگ لکھین تو تعداد مذکور ن $\frac{(ن-۱)}{۲}$ $\frac{(ن-۲)}{۳}$ ہوگی دلیل اسکی یہہ ہی صورت اول مین تعداد ترتیبون کے ن (ن - ۱) ہوگی لیکن ہر ایک اجتماع مثلاً اب مین ہوسکتے ہین دو ترتیبین مثلاً اب اور با پس معلوم ہوا کہ تعداد ترتیبون کی دوچند ہوتی ہی تعداد اجتماعون کی سے یہہ ن $\frac{ن-۱}{۲}$ ہوگی اب ظاہر ہی کہ اگر ن کتنی شیے ہون اور اونمین سے تین تین الگ الگ لکھین تو تعداد ترتیبون کی ن (ن - ۱) (ن - ۲) ہوگی اور یہہ بھی ظاہر ہی کہ ہر اجتماع تین چیزون کی مین ۳ × ۲ × ۱ ترتیبین ہوتی ہین تو معلوم ہوا کہ ترتیبین بہ نسبت اجتماعون کے ۳ × ۲ × ۱ دفع زیادہ ہین اور اسیواسطی تعداد کل اجتماعون کے یہہ ہوگی

$$\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲)}{۱ \times ۲ \times ۳}$$

۶ اسیطرح سی یہہ بھی ظاہر ہوتا ہی کہ اگر ن کتنی شیے ہون اور اونمین سے ر کتنی الگ الگ لکھی جاوین تو کل تعداد اجتماعون کی یہہ ہوگی $\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲) \ldots\ldots (ن-ر+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots\ldots \times ر}$

مثال ۱ بتاو کتنی ہین ترتیبین جنمین حروف لفظ حمد کی دو دو لکھی جاسکتی ہین یہان ظاہر ہی کہ

ن = ۳ اور ر = ۲ پس تعداد ترتیبونکی ہوگی = ۳ × (۳-۱) = ۳ × ۲ = ۶

مثال ۲ ایک شخص کے پاس سات رنگ ہی اور اوسنے دو دو رنگ ملاکر اور رنگ بنائے بتاو کل تعداد رنگون کی کیا ہی یہان ظاہر ہی کہ ن = ۷ اور ر = ۲

اور ∴ تعداد مطلوب = $\frac{۷\ (۷-۱)}{۲}$ = $\frac{۶ \times ۷}{۲}$ = ۳ × ۷ = ۲۱

۷ اگر کتنی چیزین ہون اور اونسی ر کتنی الگ الگ لکھی جاوین تو تعداد اجتماعون کے اوسیقدر ہوگی جسقدر (ن - ر) الگ الگ لکھنے سی ہوتی ہی اسواسطی کہ جسوقت ر کتنی الگ الگ لکھی جاوین تو موافق (۶) کے تعداد اجتماعون کے یہہ ہوتی ہی $\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲) \ldots\ldots (ن-ر+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots\ldots ر}$

اب اگر اوسی صورت مین بجاے ر کی ن - ر لکھین تو یہہ حاصل ہوتا ہی $\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲) \ldots (ر+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots (ن-ر)}$

اور ظاہر ہی کہ جسوقت ر کم ہووے ن - ر سے اوسوقت صورت گذشتہ اسطرح کی ہوجاویگی

$$\frac{ن(ن-۱)\cdots(ن-ر+۱)(ن-ر)\cdots(ر+۱)}{۱\times۲\times۳\cdots ر(ر+۱)\cdots(ن-ر)} \quad (۱)$$

کیونکہ اجزاء ضربی شمار کنندہ مین کہٹی جاتی ہین اور نسب نما مین بڑھتے ہوجاتی ہین اسیطرح سے اگر ر زیادہ ہوان سے تو صورت گذشتہ اس شکل کی ہوجاویگی

$$\frac{ن(ن-۱)\cdots(ر+۱)ر(ر-۱)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\cdots(ن-ر)(ن-ر+۱)\cdots(ر-۱)ر} \quad \cdots\cdots (۲)$$

اور اختصار کرنی سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ صورت (۱) اور (۲) مساوی ہین اس مقدار کے

$$\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳}$$

اور یہی مطلب تہا

۸ اگر ن کتنی چیزین ہون اور انمین کی ایک چیز کئی کئی بار شمار کی گئی ہو اور ن ہی کتنے کو اکٹہا کر کر الگ الگ لکہین تو بتاؤ کہ تعداد ترتیبون کی کیا ہوگی فرض کرو کہ چیزین مذکور آ ب ح وغیرہ ہین اور انمین سے آ ف دفعہ شمار کیا جاتا ہی اور ق دفعہ شمار کیا جاتا ہی اور ح ک دفعہ اور علی ہذا القیاس اور فرض کرو کہ ط بتعبیر کرتا ہی کل تعداد ترتیبون مطلوب کو اب اگر ہم یہہ بات فرض کرین کہ آ جو ف دفعہ شمار ہوسکتے ہین سب کے سب مختلف حروف ہوگئی تو ظاہر ہی کہ فقط انہین حروف کے ترتیبین جو کل تعداد ف کے موافق ہوسکتی ہین اس صورت سے بتعبیر ہونگی ۱×۲×۳...ف سے اور اسیواسطی لازم آتا ہی کہ ط ترتیبون مطلوب مین سے ہر واحد مین موافق فرض مذکور کے ۱×۲×۳...ف ترتیبین پیدا ہوتی اور اسی سبب سے تعداد ط ترتیبون مطلوب کی زیادہ ہوکر اس صورت سے بتعبیر ہوگے ط (۱×۲×۳...ف) اب اگر ہم یہہ فرض کرین کہ ب سے جو ق دفعہ شمار کیا جاتا تہا مختلف حروف ہوگئے تو موافق بیان بالا کی تعداد انہین حروف کی ترتیبون کے جو کل ق کو اکٹہا کر کیجاوین بتعبیر ہوگے ۱×۲×۳...ق سے اور اسی سبب سے تعداد ط ترتیبون کی اس صورت مین زیادہ ہوکر اس صورت سے بتعبیر ہوگی ط (۱×۲×۳...ف) (۱×۲×۳...ق) اب اگر اسیطرح سب حروف کو جو کئی کئی بار شمار کئی جاتے ہین مختلف حروف فرض کرلین تو تعداد ترتیبون ط کی زیادہ ہوکر اس صورت سی بتعبیر ہوگی ط (۱×۲×۳...ف) (۱×۲×۳...ق) (۱×۲×۳...ک) وغیرہ لیکن یہہ بات ظاہر ہی کہ جسوقت ن تکہی چیزین مختلف ہون تو ترتیبون ہی کتنے کو اکٹہا کر کر الگ الگ لکہین تو تعداد ترتیبون کی یہہ ہوتی ہی ۱×۲×۳...ن اسیواسطی

$$۱\times۲\times۳\cdots\cdots ن = ط\times۱\times۲\times۳\cdots ف\times۱\times۲\times۳\cdots ق\times۱\times۲\times۳\cdots ک \text{ وغیرہ}$$

$$\therefore ط = \frac{۱\times۲\times۳\cdots\cdots ن}{۱\times۲\times۳\cdots ف\times۱\times۲\times۳\cdots ق\times۱\times۲\times۳\cdots ک \text{ وغیرہ}}$$

اگر لما سے $۱\times۲\times۳\cdots ن$ کو تعبیر کریں اور اسیطور سے $۱\times۲\times۳\cdots ف$ وغیرہ کو تعبیر کریں فا اور ق ا وغیرہ سے تو $ط = \frac{لما}{فا\times قا \text{ وغیرہ}}$

مثال فرض کرو کہ تین گھوڑے اور ۴ ہاتی اور ۵ اونٹ ہین پس کل تعداد ۱۲ ہی اب اگر ۱۲ جانورون کو اکٹھا کر کر الگ الگ کھڑا کرین تو بتاؤ کتنی ترتیبین ہونگی اس صورت مین ظاہر ہی کہ $ن = ۱۲$ اور $ف = ۳$ اور $ق = ۴$ اور $ک = ۵$

$$\therefore ط = \frac{۱\times۲\times۳\times۴\times۵\times۶\times۷\times۸\times۹\times۱۰\times۱۱\times۱۲}{۱\times۲\times۳\times۱\times۲\times۳\times۴\times۱\times۲\times۳\times۴\times۵}$$

$$= \frac{۶\times۷\times۸\times۹\times۱۰\times۱۱\times۱۲}{۱\times۲\times۳\times۱\times۲\times۳\times۴} = ۷\times۴\times۹\times۱۰\times۱۱ = ۲۷۷۲۰$$

= تعداد ترتیبون مطلوب ہے

۹ فرض کرو کہ $\overline{ن}$ اقسام کی چیزین ہین اور تعداد ان اقسام مختلفہ کی علیحدہ علیحدہ $\overline{ف}$ اور $\overline{ق}$ اور $\overline{ک}$ وغیرہ سے تعبیر ہوتی ہین اور ہم ان اشیا مین سے کچھ مجموعی بنانا چاہتے ہین کہ ہر مجموعہ مین ایک ایک شے ہر قسم مین سے ہو تو اب دریافت کیا چاہتے ہین کہ ان مجموعون یا اجتماعون کی کیا تعداد ہوگی

۱ اول فرض کرو کہ فقط دو قسم کی اشیا ہین اور انکی تعداد علیحدہ علیحدہ $\overline{ف}$ اور $\overline{ق}$ سے تعبیر ہوتی ہین تو اس صورت مین بہت ظاہر ہی کہ اگر ایک ایک شی ہر قسم مین سے لیکر مختلف مجموعی بنادین تو تعداد ان اجتماعون کی مساوی حاصل ضرب $\overline{ف}$ اور $\overline{ق}$ کی یعنے $ف\times ق$ کی ہوگی

۲ دوم فرض کرو کہ سوای دو اقسام مذکورہ بالا کی ایک اور تیسری قسم کی اشیا موجود ہین اور اس قسم مین تعداد اشیاؤ کی $\overline{ک}$ ہی پس ظاہر ہی کہ جب ہر واحد کو اوپر کے اجتماعون مین سے پہلے اجتماعون کے ساتھ لگادین تو کل تعداد اجتماعون کی $ف\times ق$ کہ ہوگی اور اوپر کے ایک ایک شی تینون ان قسمون مین سی ہوگی

حکم اگر ہر قسم مین تعداد اشیاؤ کی مساوی ہو یعنے $ف = ق = ک =$ وغیرہ اور تعداد اقسام کی $ن$ ہو تو کل تعداد اجتماعون کی $ف^{ن}$ ہوگی

مثال سات مرد اور پانچ عورت اور تین لڑکے ہین اگر ان مین سے ایک ایک مرد اور ایک ایک عورت

اور ایک ایک لڑکے کو جمع کر کر الگ الگ بٹھلا دین تو تعداد اجتماعون کی کیا ہوگی اس صورت مین ظاہر ہی کہ
ف = ۷ اور ق = ۵ اور کہ = ۳ ∴ تعداد مطلوب = ۷ × ۵ × ۳ = ۱۰۵

۱۰ دو قسم کی چیزین ہین اور ہر قسم مین تعداد چیزون کی علیحدہ علیحدہ ف اور ق ہین اور دونون قسم کی چیزون سے ہم ایسی مجموعے بنائین کہ اون ہر واحد مین م تو ایک قسم کی چیزون سے اور ن دوسری قسم کی چیزون سے پائی جاوین تو بتاؤ کہ تعداد اون مجمون یا اجتماعون کی کیا ہوگی

اس جا ظاہر ہی کہ اگر اول قسم مین سے م کتنی چیزون کے مختلف مجموعی بناوین تو تعداد اجتماعون کے

$\frac{ف\ (ف-۱)\ \ldots\ (ف-م+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times ۴ \ldots\ م}$ ہوگی اور دوسری قسم کی چیزون کے مجموعی کہ ن کتنی علیحدہ

علیحدہ لکھین جاوین یہہ ہونگی $\frac{ق\ (ق-۱)\ \ldots\ (ق-ن+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots\ ن}$ اب ظاہر ہی کہ اگر ہم ایسی مجموعی دریافت کیا

چاہین کہ ہر مجموعہ پہلی قسم مین سے مل ہو جای ہر مجموعہ دوسری قسم کا تو ضرور ہی کہ تعداد ایسی اجتماعون کی مساوی حاصل ضرب دو صورتون مذکورہ کی ہوگی یعنے یہہ

$\frac{ف\ (ف-۱)\ \ldots\ (ف-م+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots\ م} \times \frac{ق\ (ق-۱)\ \ldots\ (ق-ن+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots\ ن}$ اور اسی قیاس

سے یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اگر بجاے دو قسم کے زیادہ اقسام اشیاء کی ہون تو تعداد کل اجتماعون کی مساوی حاصل ضرب تعداد اجتماعون سب اقسام کی ہوگی

مثال اگر دس گھوڑے ہون اور تین ہاتی ہون اور چار چار گھوڑون اور دو دو ہاتیون کو علیحدہ علیحدہ اکہٹا کرین تو ان مجمون کی تعداد کیا ہوگی اس جا ظاہر ہی کہ ف = ۱۰ اور ق = ۳ اور م = ۴ اور ن = ۲ ∴ تعداد مطلوب = $\frac{۱۰ \times ۹ \times ۸ \times ۷}{۱ \times ۲ \times ۳ \times ۴} \times \frac{۳ \times ۲}{۱ \times ۲} = ۱۰ \times ۹ \times ۷ = ۶۳۰$

فصل دوسری ثبوت ضابطہ نیوٹن صاحب کا

چند باتین ایسی ہین کہ اون پر ثبوت ضابطہ کا موقوف ہی اسواسطی اول اونکا لکھنا ضروری معلوم ہوتا ہی قاعدہ تقسیم کے بیانمین یہہ بات لکھی گئی ہی کہ مقسوم اور مقسوم علیہ مین جو مقدارین متماثل ایسی ہون کہ اونمین نشان قوت پایا جاوے تو خارج قسمت کا نشان قوت وہ مقدار ہوتی ہی جو مقسوم کے نشان قوت مین سے مقسوم علیہ کی نشان قوت کو تفریق کرنی سی باقی رہتی ہی پس $ح^{۳} \div ح^{۲} = ح^{۳-۲} = ح$ اور $ح^{۲} \div ح^{۳} = ح^{۲-۳} = ح^{-۱}$

یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ نشان قوت منفی بھی ہوسکتا ہی اور بیان بالا کے موافق یہہ چند متالین تقسیم کی مشق کے واسطے لکھی جاتی ہین

۱ $1^{-1} = \frac{1}{1}$ اسواسطے کہ $\frac{1}{1} = \frac{1^1}{1^2} = 1^{1-2} = 1^{-1}$

۲ $1 = 1$ اسواسطے کہ $1 = \frac{1^1}{1^1} = 1^{1-1}$

۳ $1^{-9} = \frac{1}{1^9}$ اسواسطے کہ $\frac{1^1}{1^{10}} = 1^{1-10} = 1^{-9}$

۴ $1^{-ط} = \frac{1}{1^{ط}}$ اسواسطے کہ $\frac{1}{1^{ط}} = \frac{1^1}{1^{1+ط}} = 1^{1-1-ط} = 1^{-ط}$

۵ $(1+ب)^{-ط} = \frac{1}{(1+ب)^{ط}}$

۶ $\frac{1}{1^{-ط}} = 1^{ط}$ واسواسطے کہ $\frac{1^0}{1^{-ط}} = 1 \div \frac{1}{1^{ط}} = 1 \times \frac{1^{ط}}{1} = 1^{ط}$

۷ $\frac{ح}{1^{-ط}} = ح\,1^{ط}$ کیونکہ $\frac{ح}{1^{-ط}} = ح \times 1^{ط} = ح\,1^{ط}$

۸ $\frac{ن}{(1+ب)^{-ر}} = ن\,(1+ب)^{ر}$

اگر ایک سلسلہ مثلاً $1 + ب\,لا + س\,لا^2 + ص\,لا^3 + ع\,لا^4 + ط\,لا^5 + \&c. = 0$ (۱)

اور اگھیز اب س وغیرہ تو مقدار منقطع فرض کیجاوین اور لا اور اوسکی قوتین مقدارین غیر منقطع فرض کیجاوین تو کہتے ہین ہم کہ α اور $-\beta$ س وغیرہ کہ سر من قوتون لا غیر منقطع کی سب ہر واحد $= 0$ دلیل اسکی یہہ ہی چونکہ لا ایک مقدار غیر منقطع ہی تو فرض کرسکتے ہین ہم اوسی $= 0$ تو اس حالت مین

$1 + ب\,لا + س\,لا^2 + ص\,لا^3 + ع\,لا^4 + ط\,لا^5 = 1 + 0 + 0 + 0 + 0 + \&c. = 0$

یعنے $1 = 0$ اور اگر تقسیم کرین ہم مساوات (۱) کو لا پر تو خارج قسمت یہہ ہوتا ہی

$ب + س\,لا + ص\,لا^2 + ع\,لا^3 + ط\,لا^4 = 0$ اب اگر فرض کرین ہم لا $= 0$ تو دلیل مرقومہ بالا سے ب بھی $= 0$ دریافت ہوگا اور اسی طرح سے ثابت ہوسکتا ہی کہ س ص ع وغیرہ سب $= 0$ کے ہین اگر $1 + ب\,لا + س\,لا^2 = ص\,لا + ط\,لا^2 + ع\,لا^3$ تو $1 = ص$ اور $ب = ط$ اور $س = ع$ کیونکہ ظاہر ہی کہ اگر بائین طرف مساوات کو دہنی طرف علامات بدل کے لیاوے تو

$(1 - ص)\,لا + (ب - ط)\,لا^2 + \&c. = 0$ اور بموجب مرقومہ بالا کے $1 - ص = 0 \therefore 1 = ص$

اور اسیطرح ب = ط اور س = ع جانتے ہین دریافت کرنا (۱ + د) کا صعود م کی مقدار کی ایک سلسلہ مین خواہ م ایک مقدار صحیح ہو خواہ کسر اور خواہ مثبت ہو خواہ منفی

چونکہ $(۱ + لا)^م = \left\{۱(۱ + \frac{لا}{۱})\right\}^م = ۱^م (۱ + \frac{لا}{۱})^م$

اگر $(۱ + ی)^م = ۱ + ب ی + س ی^۲ + ص ی^۳ + ع ی^۴ +$ وغیرہ

تو $(۱ + لا)^م = ۱^م (۱ + \frac{لا}{۱})^م$

$= ۱^م (۱ + ب \frac{لا}{۱} + س \frac{لا^۲}{۱^۲} + ص \frac{لا^۳}{۱^۳} +$ وغیرہ$)$

$= ۱^م + ب ۱^{م-۱} لا + س ۱^{م-۲} لا^۲ + ص ۱^{م-۳} لا^۳ +$ وغیرہ

صورت اول مین فرض کرو کہ م ایک مقدار مثبت اور صحیح ہے

تو $(۱ + ی)^م = (۱ + ی) \times (۱ + ی) \times (۱ + ی) \ldots\ldots\ldots\ldots$ م تک بے اور ضرب دینی سے جنہ ان مساوی مضروب اور مضروب نیو نکی معلوم ہو جائیگا ہمین کہ پہلے دو رقمین حاصل ضرب سلسلہ مین ۱ + م ی ہین اور باقی کی رقمین اسی شکل کی ہین یعنے س $ی^۲$ + ص $ی^۳$ + ع $ی^۴$ + وغیرہ اور یہان س ص ع وغیرہ سر غیر معلوم ہین اور کچھ علاوہ نہین رکھتے ہین سے یعنے اگر تو زیادہ یا کم ہو تو اونکی قیمت مین نہین فرق اسکتا ہے اور اسیواسطے معلوم ہوا کہ ب = م کے صورت دوسرے اگر فرض کرین ہم م کو ایک مقدار منفی لیکن صحیح تو فرض کرو م = − ن تو

$(۱ + ی)^م = (۱ + ی)^{-ن} = \frac{۱}{(۱ + ی)^ن} = \frac{۱}{۱ + ن ی +}$ وغیرہ $= ۱ - ن ی +$ وغیرہ *

∴ ب = ن = م صورت تیسری اگر فرض کرین ہم م کو ایک مقدار مثبت لیکن کسر تو فرض کرو م = $\frac{ر}{ت}$

$(۱ + ی)^م = (۱ + ی)^{\frac{ر}{ت}} = ۱ + ب ی + س ی^۲ + ص ی^۳ +$ وغیرہ

∴ $(۱ + ی)^ر = (۱ + ب ی + س ی^۲ + ص ی^۳ +$ وغیرہ$)^ت$

∴ $۱ + ر ی +$ وغیرہ $= \left\{۱ + (ب + س ی + ص ی^۲ +\right.$ وغیرہ$) ی\}^ت$

$= ۱^ت + د (ب + س ی + ص ی^۲ +$ وغیرہ$) ی +$ وغیرہ

واضح ہو کہ $(۱ + ب ی + س ی^۲ + ص ی^۳ +$ وغیرہ$)^{\frac{ر}{ت}}$ مین کہ مساوی $(۱ + ی)^{\frac{ر}{ت}}$ کی ہے ان قوت د کا کسر نہین ہو سکتا کیونکہ اگر ایسا ہو تو مساوی لو $(۱ + ی)^{\frac{ر}{ت}}$ کو اوسی قوت کو صعود کرین جسپر قوت کا وہ جذر ہے تو اس حاصل صعود مین یہی نشان قوت د کا کسر ہوگا جو برخلاف فرض کی ہے کیونکہ $(۱ + ی)^{\frac{ر}{ت}}$ مین د کی قوت کا نشان آ ہے جو ایک مقدار صحیح ہے

اب بموجب (۲) دعوی کے ر = د ب ر ∴ ب = $\frac{ر}{د}$ = م صورت جو ہی اگر فرض کریں ہم
م کو ایک منفی کسر تو فرض کردم = − $\frac{ر}{د}$

تب $(1+ع)^{م} = (1+ع)^{-\frac{ر}{د}} = \frac{1}{(1+ع)^{\frac{ر}{د}}} = \frac{1}{1+\frac{ر}{د}ع + \text{وغیرہ}} = 1 - \frac{ر}{د}ع + \text{وغیرہ}$

∴ ب = − $\frac{ر}{د}$ = م پس معلوم ہوا کہ تمام صورتوں میں ب = م اور اسی سبب سے

$(1+لا)^{م} = ا^{م} + م ا^{م-1} لا + س ا^{م-2} لا^{2} + ص ا^{م-3} لا^{3}$ وغیرہ ترکیب دریافت کرنے۔ س ص وغیرہ
کی یہہ ہی ظاہر ہی کہ $(1+لا+ه)^{م} = \{(1+لا)+ه\}^{م} = \{1+(لا+ه)\}^{م}$
اب خواہ اول خواہ دویم مساوی لہ $(1+لا+ه)^{م}$ کا صعود کیا جاوے تو حاصل دو نو صورتوں میں باہم مساوی
ہوگا اول مساوی لہ سی یہہ حاصل ہوتا ہی $\{(1+لا)+ه\}^{م} =$
$(1+لا)^{م} + م(1+لا)^{م-1} ه + س(1+لا)^{م-2} ه^{2} + ص(1+لا)^{م-3} ه^{3}$ + وغیرہ
$= ا^{م} + م ا^{م-1} لا + س ا^{م-2} لا^{2} + ص ا^{م-3} لا^{3} + ع ا^{م-4} لا^{4}$ + وغیرہ
$+ م \{ ا^{م-1} + (م-1) ا^{م-2} لا + ش ا^{م-3} لا^{2} + \text{وغیرہ} \} ه$
$+ س \{ ا^{م-2} + (م-2) ا^{م-3} لا + \text{وغیرہ} \} ه^{2}$
$+ ص (ا^{م-3} + (م-3) ا^{م-4} لا + \text{وغیرہ}) ه^{3}$
$+ \text{وغیرہ} = \text{وغیرہ}$

$ا^{م} + م ا^{م-1} لا + س ا^{م-2} لا^{2} + ص ا^{م-3} لا^{3} + ع ا^{م-4} لا^{4} + \text{وغیرہ}$
$+ م ا^{م-1} ه + م(م-1) ا^{م-2} لا ه + ش م ا^{م-3} لا^{2} ه + \text{وغیرہ}$
$+ س ا^{م-2} ه^{2} \ldots\ldots + ص ا^{م-3} ه^{3} + \text{وغیرہ}$

دویم مساوی لہ سی یہہ حاصل ہوتا ہی $\{1+(لا+ه)\}^{م} =$
$= ا^{م} + م ا^{م-1} (لا+ه) + س ا^{م-2} (لا+ه)^{2} + ص ا^{م-3} (لا+ه)^{3}$ وغیرہ
$= ا^{م} + م ا^{م-1} لا + س ا^{م-2} لا^{2} + ص ا^{م-3} لا^{3} + \text{وغیرہ}$
$+ م ا^{م-1} ه + 2 س ا^{م-2} لا ه + 3 ص ا^{م-3} لا^{2} ه + \text{وغیرہ}$
$+ س ا^{م-2} ه^{2} + 3 ص ا^{م-3} لا ه^{2} + \text{وغیرہ}$
$+ ص ا^{م-3} ه^{3} + \text{وغیرہ}$

ان دونوں سلسلوں میں سے قوائے متتالیہ لا اور ہ کے اسیمین مساوی ہیں بموجب مرقومہ بالا کے اور اسیواسطے

$$۲س = م(م-۱) \quad \therefore س = \frac{م(م-۱)}{۲} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots$$

$$۳ص = س(م-۲) = \frac{م(م-۱)(م-۲)}{۲} \quad \therefore ص = \frac{م(م-۱)(م-۲)}{۳\times۲}$$

$$\text{اور } ۴ع = ص(م-۳) \text{ اور } ع = \frac{ص(م-۳)}{۴} = \frac{م(م-۱)(م-۲)(م-۳)}{۴\times۳\times۲}$$

وغیرہ = وغیرہ اب حاصل ہوتا ہی یہہ

$$(۱+لا)^م = ۱^م + م\,۱^{م-۱}\,لا + \frac{م(م-۱)}{۲\times۱}\,۱^{م-۲}\,لا^۲ + \frac{م(م-۱)(م-۲)}{۳\times۲\times۱}\,۱^{م-۳}\,لا^۳$$

$$+ \frac{م(م-۱)(م-۲)(م-۳)}{۴\times۳\times۲\times۱}\,۱^{م-۴}\,لا^۴ + \text{وغیرہ}$$

یہی ہی ضابطہ نیوٹن صاحب کا اور اس یہہ بھی حاصل ہوتا ہی $(۱-لا)^م =$

$$۱^م - م\,۱^{م-۱}\,لا + \frac{م(م-۱)}{۲\times۱}\,۱^{م-۲}\,لا^۲ - \frac{م(م-۱)(م-۲)}{۳\times۲\times۱}\,۱^{م-۳}\,لا^۳ \text{ وغیرہ اب بیان کرتے}$$

ہیں ہم ترکیبین واسطی نکالنے کے جذر مالی اور جذر کعبی وغیرہ یعنے نزول کسی مرتبہ کا بیشمار فائدون میں سے جو ضابطہ نیوٹن صاحب کے سے حاصل ہوئے ہیں ایک فائدہ عظیم یہہ ہی کہ نکال سکتے ہیں ہم کسی عدد کا نزول کسی مرتبہ کا واضح ہو کہ تعبیر کر سکتے ہیں ہم ہر عدد کو جو زیادہ ہی آسے ساتھہ اس $۱+ط$ کے اور ہر عدد کو جو کم ہی آسے ساتھہ اس $۱-ط$ کے اور اس جائے فرض کر سکتے ہیں ط کو واسطی ایک صدد صحیح یا کسر کے ضابطہ نیوٹن صاحب کے سے واضح ہی کہ

$$(۱+ط)^م = ۱ + م\,ط + \frac{م(م-۱)}{۲\times۱}\,ط^۲ + \frac{م(م-۱)(م-۲)}{۳\times۲\times۱}\,ط^۳$$

$$+ \frac{م(م-۱)(م-۲)(م-۳)}{۴\times۳\times۲\times۱}\,ط^۴ + \frac{م(م-۱)(م-۲)(م-۳)(م-۴)}{۵\times۴\times۳\times۲\times۱}\,ط^۵ + \text{وغیرہ}$$

اب فرض کرو $م = \frac{۱}{۲}$ یعنے نکالنی ہیں ہم جذر $(۱+ط)$ کا تو

$$(۱+ط)^{\frac{۱}{۲}} = ۱ + \frac{ط}{۲} - \frac{ط^۲}{۸} + \frac{ط^۳}{۱۶} - \frac{۵ط^۴}{۱۲۸} + \frac{۷ط^۵}{۲۵۶} - \text{وغیرہ}$$

اسیطرح سی اگر فرض کرین ہم م $= \frac{۱}{۳}$ تو معلوم ہوجائیگا ہمین کعب $(۱+ط)$ کا اور اگر م $= \frac{۱}{۹}$ تو نویں مرتبہ کا نزدل $(۱+ط)$ کا معلوم ہوجائیگا چاہتے ہین ہم دریافت کرنا کعب ۳۱ کا بوسیلہ ضابطہ نیوٹن صاحب کے ظاہر ہی کہ

$$\sqrt[۳]{۳۱} = \sqrt[۳]{۲۷+۴} = ۳\sqrt[۳]{۱+\frac{۴}{۲۷}} = ۳(۱+\frac{۱}{۳}\times\frac{۴}{۲۷} - \frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۵}{۹} + \frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۱۶}{۷۲۹} - \frac{۶۴}{۱۹۶۸۳}\times\frac{۵}{۹}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۳} - \text{وغیرہ})$$

$$= ۳ + \frac{۴}{۲۷} - \frac{۱۶}{۲۱۸۷} + \frac{۳۲۰}{۵۳۱۴۱} - \frac{۲۵۶۰}{۴۳۰۴۶۷۲۱} \quad \text{وغیرہ}$$

لیکن

$$\left.\begin{array}{l} ۳ = ۳٫۰۰۰۰۰۰۰ \\ \frac{۴}{۲۷} = ۰٫۱۴۸۱۵ \\ \frac{۳۲۰}{۵۳۱۴۱} = ۰٫۰۰۶۰۰۰ \end{array}\right\} = ۳٫۱۴۸۷۵$$

$$\left.\begin{array}{l} -\frac{۱۶}{۲۱۸۷} = -۰٫۰۰۷۳۱ \\ -\frac{۲۵۶۰}{۴۳۰۴۶۷۲۱} = -۰٫۰۰۰۰۰۶ \end{array}\right\} = -۰٫۰۰۷۳۷$$

پس معلوم ہوا کہ کعب ۳۱ کا یعنے $\sqrt[۳]{۳۱} = ۳٫۱۴۱۳۸$

ایک اور طریق ثابت کرنی ضابطہ نیوٹن صاحب کا

واضح ہو کہ اس طریق مین تین صورتین مذکورہ بالا ایکہی صورت عام سی نکل آتی ہین اور اسیواسطے ہم اس صورت عام کو دریافت کرتے ہین

فرض کرو کہ $ط_۲ = \frac{ط(ط-۱)}{۲\times۱}$ $\quad\therefore ۲ط_۲ = (ط-۱)ط$

$ط_۳ = \frac{ط(ط-۱)(ط-۲)}{۳\times۲\times۱}$ $\quad\therefore ۳ط_۳ = (ط-۲)ط_۲$ اور علیٰ ہذا القیاس

$ط_ح = \frac{ط(ط-۱)\ldots\ldots(ط-ح+۱)}{ح\ldots\ldots۳\times۲\times۱}$ $\quad\therefore ح ط_ح = (ط-ح+۱)ط_{ح-۱}$

$ص_۲ = \frac{ص(ص-۱)}{۲\times۱}$ $\quad\therefore ۲ص_۲ = ص(ص-۱)$

$ص_۳ = \frac{ص(ص-۱)(ص-۲)}{۳\times۲\times۱}$ $\quad\therefore ۳ص_۳ = (ص-۲)ص_۲$ علیٰ ہذا القیاس

$$\text{ص ح} = \frac{\text{ص}(\text{ص}-1)(\text{ص}-2)\cdots(\text{ص}-\text{ح}+1)}{1\times2\times3\times4\cdots\cdots\text{ح}} \quad \therefore \text{ح ص ح} = (\text{ص}-\text{ح}+1)\,\text{ص ح}-1$$

اب ظاہر ہی کہ حاصل ضرب دو سلسلوں $1+\text{ط}\,\text{لا}+\text{ط}_2\,\text{لا}^2+\text{ط}_3\,\text{لا}^3+\cdots+\text{ط}_\text{ر}\,\text{لا}^\text{ر}\cdots\cdots(1)$

$1+\text{ص}\,\text{لا}+\text{ص}_2\,\text{لا}^2+\text{ص}_3\,\text{لا}^3+\cdots+\text{ص}_\text{ر}\,\text{لا}^\text{ر}$ (۲) کا $=1+(\text{ط}+\text{ص})\,\text{لا}+$ اجزا جنمین $\text{لا}^\text{ر}$ اور $\text{لا}^{\text{ر}+1}$ تک پائی جاتی ہین اور اب چونکہ سر لا کا یہہ ہی

$\text{ط}_\text{ر}+\text{ط}_{\text{ر}-1}\text{ص}+\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}_2+\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_3\cdots\cdots\text{ط ص}_{\text{ر}-1}+\text{ص}_\text{ر}$ اور $\text{سر لا}^{\text{ر}-1}$ کا یہہ

$\text{ط}_{\text{ر}-1}+\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}+\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_2\cdots\cdots\text{ط ص}_{\text{ر}-2}+\text{ص}_{\text{ر}-1}$ اور یہہ ہی

ظاہر ہی کہ $\text{ر ط}_\text{ر}=(\text{ط}-\text{ر}+1)\,\text{ط}_{\text{ر}-1}$ اور $\text{ر ط}_{\text{ر}-1}\text{ص}=(\text{ر}-1)\,\text{ط}_{\text{ر}-1}\text{ص}+\text{ط}_{\text{ر}-1}\text{ص}$

$=(\text{ط}-\text{ر}+2)\,\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}+\text{ص ط}_{\text{ر}-1}$ اور اسیطور سے

$\text{ر ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}_2=(\text{ر}-2)\,\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}_2+2\,\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}_2$

$=(\text{ط}-\text{ر}+3)\,\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_2+(\text{ص}-1)\,\text{ص ط}_{\text{ر}-2}$ اور

$\text{ر ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_3=(\text{ر}-3)\,\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_3+3\,\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_3$

$=(\text{ط}-\text{ر}+4)\,\text{ط}_{\text{ر}-4}\text{ص}_3+(\text{ص}-2)\,\text{ص}_2\,\text{ط}_{\text{ر}-3}$

وغیرہ $=$ وغیرہ

$\text{ر ط ص}_{\text{ر}-1}=\text{ط ص}_{\text{ر}-1}+(\text{ر}-1)\,\text{ط ص}_{\text{ر}-1}=\text{ط ص}_{\text{ر}-1}+(\text{ص}-\text{ر}+2)\,\text{ص}_{\text{ر}-2}\,\text{ط}$

$\text{ر ص}_\text{ر}=(\text{ص}-\text{ر}+1)\,\text{ص}_{\text{ر}-1}$

جسوقت جمع کرین ہم ان سب اجزا کو اور یہہ بھی خیال رکھین کہ ہر دو سطر وین ایک جوڑا اجزای متشابہ کا ہی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$\text{ر}\times\text{سر لا}=(\text{ط}+\text{ص}-\overline{\text{ر}-1})(\text{ط}_{\text{ر}-1}+\text{ط}_{\text{ر}-2}\text{ص}+\text{ط}_{\text{ر}-3}\text{ص}_2+\cdots\cdots\text{ص}_{\text{ر}-1})$

$$\therefore \text{سر لا}^\text{ر}=\frac{\text{ط}+\text{ص}-\overline{\text{ر}-1}}{\text{ر}}\times\text{سر لا}^{\text{ر}-1}=\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-1)}{\text{ر}}\times\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-2)}{\text{ر}-1}\times\text{سر لا}^{\text{ر}-2}$$

$$=\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-1)}{\text{ر}}\times\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-2)}{\text{ر}-1}\cdots\cdots\frac{\text{ط}+\text{ص}-1}{2}\times\text{سر لا}$$

$$=\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-1)}{\text{ر}}\times\frac{\text{ط}+\text{ص}-(\text{ر}-2)}{\text{ر}-1}\cdots\frac{\text{ط}+\text{ص}-1}{2}\times\frac{\text{ط}+\text{ص}}{1}$$

$$=\frac{(\text{ط}+\text{ص})(\text{ط}+\text{ص}-1)\cdots\cdots(\text{ط}+\text{ص}-\text{ر}+1)}{1\times2\times3\cdots\cdots\text{ر}}$$

اب اگر لکھین ہم عدد $2\ 3\ 4$ وغیرہ متواتر بجای ر کے تو حاصل ضرب سلسلون (۱) اور (۲) کا یہہ ہوگا

$$1+(ط+ص)\,لا+\frac{(ط+ص)(ط+ص-1)}{1\times 2}\,لا^2+\dots\frac{(ط+ص)(ط+ص-1)\dots(ط+ص-ر+1)}{1\times 2\times 3\times 4\dots\dots ر}\,لا^ر$$

اب اگر ط کو نشانی سلسلہ اول کی مقرر کرین اور ص کو سلسلہ دویم کی مقرر کرین تو ظاہر ہی کہ یہہ بات ثابت ہوگئی کہ حاصل ضرب دو ایسون سلسلون کا ایک ایسا سلسلہ ہوتا ہی کہ اوسکے نشانی حاصل جمع اون دو سلسلون کی نشانیون کی ہوتی ہی اور یہہ بہی ظاہر ہی کہ اگر اس حاصل ضرب کو ایک اور ایسی ہی سلسلہ سے ضرب کرین یعنے حاصل ضرب تین ایسے سلسلون کا لیون تو نشانی اس حاصل ضرب کی حاصل جمع تینون سلسلون کی نشانیون کی ہوگی اور یہی قیاس کرنا چاہیئے اور زیادہ سلسلونکا ——— اور فرض کرو کہ تعداد سلسلون کی ن ہی اور نشانی ہر واحد کی اینن سے عدد ایک کا ہی تب چونکہ تمام سلسلہ ایک سی ہین اور حاصل جمع اونکی نشانیون کا ن ہی تو ظاہر ہی کہ حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\left(1+1\times لا+\frac{1(1-1)}{2}\,لا^2+\dots\right)^ن=1+ن\,لا+\frac{ن(ن-1)}{2}\,لا^2+\text{وغیرہ}$$ یعنے

$$(1+لا)^ن=1+ن\,لا+\frac{ن(ن-1)}{2}\,لا^2+\dots\frac{ن(ن-1)\dots(ن-ر+1)}{1\times 2\times 3\dots\dots ر}\,لا^ر+\dots$$

پس ثابت ہوا ضابطہ نیوٹن صاحب کا جب کہ نشان قوت ایک عدد صحیح مثبت ہی یہہ بات یہان یاد رکھنی چاہیئے کہ اول طرف اس مساوات مین بجائے $ط^2$ اور $ط^3$ وغیرہ کی اونکی قیمتین $\frac{ط(ط-1)}{1\times 2}$ اور $\frac{ط(ط-1)(ط-2)}{1\times 2\times 3}$ وغیرہ لکھین ہین صورت دوم مین فرض کرو کہ تعداد سلسلون کی بطور گذشتہ کے ن ہی لیکن نشانی ہر واحد کی اینن سے $\frac{م}{ن}$ ہی پس اب چونکہ $\frac{م}{ن}+\frac{م}{ن}+$ وغیرہ ن حرون تک $=م$

$$\therefore\left(1+\frac{م}{ن}\,لا+\frac{\frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-1\right)}{1\times 2}\,لا^2+\text{وغیرہ}\right)^ن=1+م\,لا+\frac{م(م-1)}{1\times 2}\,لا^2+\text{وغیرہ}=(1+لا)^م$$

موافق صورت اول کے $(1+لا)^{\frac{م}{ن}}=1+\frac{م}{ن}\,لا+\frac{\frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-1\right)}{1\times 2}\,لا^2+\frac{\frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-1\right)\left(\frac{م}{ن}-2\right)}{1\times 2\times 3}\,لا^3+$ وغیرہ

پس ثابت ہوا ضابطہ جبکہ نشان قوت ایک کسر ہو

صورت سویم مین فرض کرو کہ دو سلسلے ایسے ہین کہ اونکی نشانیان م اور —م ہین ∴

$$\left(1+م\,لا+\frac{م(م-1)}{1\times 2}\,لا^2+\text{وغیرہ}\right)\left(1-م\,لا+\frac{-م(-م-1)}{1\times 2}\,لا^2+\text{وغیرہ}\right)=1+(م-م)\,لا+\text{وغیرہ}$$

$$= 1 \therefore \frac{1}{(1+\theta)^{-m}} \text{ یعنی } (1+\theta)^{-m} = 1 - m\theta + \frac{-m(-m-1)}{2\times 1}\theta^2 + \text{وغیرہ}$$

پس ثابت ہوا ضابطہ جبکہ نشان قوت ایک عدد منفی ہو خواہ صحیح خواہ کسر

اگر n ایک عدد مثبت اور صحیح ہو تو سلسلہ مرکبی $1\times 2\times 3\times \ldots\ldots n$ کو $\underline{n}$ سے تعبیر کریں تو ضابطہ نیوٹن صاحب اسطور پر لکھا جا سکتا ہے

$$(\theta+\phi)^n = \theta^n \left\{ \frac{\underline{n}}{\underline{n}} + \frac{\phi\,\underline{n}}{\theta\,\underline{n-1}} + \frac{\phi^2\,\underline{n-2}}{\theta^2\,\underline{2}\,\underline{n-2}} + \frac{\phi^3\,\underline{n-3}}{\theta^3\,\underline{3}\,\underline{n-3}} + \ldots + \frac{\phi^n}{\underline{n}} \right\}$$

جبکہ ہم ضابطہ کو کام میں لاویں اسوقت مناسب ہے کہ اس بات کو یاد رکھیں کہ جس حالت میں اول طرف کے دو نو جزو قوت رکھتے ہوں اوس حالت میں ہر جزو صورت مفصلہ میں مجموعہ نشانون قوت کا n ہوگا اور جس صورت میں کہ دو نو جزو مذکور دو دو قوت رکھتے ہوں اوس صورت میں ہر جزو صورت مفصلہ میں مجموعہ نشانون قوت کا $2n$ ہوگا اور علی ہذا القیاس واسطے آسانی کے لازم ہے کہ ہمیشہ $(\theta+\phi)^n$ کو $\theta^n(1+\frac{\phi}{\theta})^n$ سی تبدیل کریں اور بعد ازان $(1+\frac{\phi}{\theta})^n$ کی صورت مفصلہ دریافت کرکی اوسکی ہر جزو میں θ^n کو ضرب کریں

مثال (۱) $$(\theta^2+\lambda^2)^n = \left\{\theta^2\left(1+\frac{\lambda^2}{\theta^2}\right)\right\}^n = \theta^{2n}\times\left(1+\frac{\lambda^2}{\theta^2}\right)^n$$

$$= \theta^{2n}\left(1+n\frac{\lambda^2}{\theta^2} + \frac{n}{2}\times\frac{n-1}{\theta^4}\lambda^4 + \frac{n(n-1)(n-2)}{3\times 2\times 1}\frac{\lambda^6}{\theta^6} + \text{وغیرہ}\right)$$

$$= \theta^{2n} + n\theta^{2n-2}\lambda^2 + \frac{n(n-1)}{2\times 1}\theta^{2n-4}\lambda^4 + \frac{n(n-1)(n-2)}{3\times 2\times 1}\theta^{2n-6}\lambda^6 + \text{وغیرہ}$$

واضح ہو کہ جزو عام کسی سلسلہ کا وہ جزو ہوتا ہے کہ اوسکے ذریعہ سی کوئی سا جزو اوسکا دریافت ہو سکتا ہے جاہتے ہیں ہم دریافت کرنا جزو عام صورت مفصلہ $(\theta+\phi)^n$ کا ظاہر ہے کہ جزو اول θ^n ہے جزو دوم $n\theta^{n-1}\phi$ جزو سوم $\frac{n(n-1)}{2\times 1}\theta^{n-2}\phi^2$ جزو چہارم $\frac{n(n-1)(n-2)}{3\times 2\times 1}\theta^{n-3}\phi^3$

ان اجزا کے گفتہ کرنی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر کسی جزو کا مرکب ہوتا ہے اجزا ضربی ϕ^n اور $\frac{n-1}{2}$ اور $\frac{n-2}{3}$ وغیرہ سے اور انکی تعداد اوس عدد سی جو مرتبہ اوس جزو کا ہے جسکا سر ہم دریافت کرتے ہیں بقدر ϕ کی کم ہوتی ہے پس معلوم ہوا کہ سہ r ویں جزو کا یہ ہے

$\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\dots(ن-ر+۲)}{۱\times۲\times۳\times\dots(ر-۱)}$ اور یہہ بھی ظاہر ہی کہ نشان قوت ط کا

مساوی اخیر جز ضربی نسب نما کی ہوتا ہی اور نشان قوت لا کا مساوی حاصل تفریق ن اور نشان قوت ط کی ہوتا ہی پس معلوم ہوا کہ ترون جز یعنے جو عام مطلوب یہہ ہی

$\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\dots\dots(ن-ر+۲)}{۱\times۲\times۳\times\dots\dots(ر-۱)}$ ط$^{ر-۱}$ لا$^{ن-ر+۱}$

اور ظاہر ہی کہ اگر اس صورت جبریہ مین کوئی عدد مطابق کسی جز کے مرتبہ کے بجای ر کی درج کرین تو وہ جز بیشک معلوم ہو جائیگا

مثال کیا ہی پانچوان جز $(ط^۲-ص)^{۱۲}$ کا یہان ظاہر ہی کہ ر=۵ اور ن=۱۲

$\therefore$ جز مطلوب $= \frac{۱۲\times۱۱\times۱۰\times۹}{۱\times۲\times۳\times۴}(-ص)^۴\times(ط^۲)^۸ = ۴۹۵\, ط^{۱۶}\, ص^۸$

اثبات ضابطہ نیوطن صاحب کا بغیر مدد سلسلہ فرضی کے

اس ضابطہ مین تین صورتین ہین صورت اول وہ جسمین نشان قوت ن ایک عدد صحیح اور مثبت ہوتا ہی صورت دویم وہ ہی جسمین نشان قوت ایک کسر مثبت ہو صورت سویم وہ جسمین نشان قوت منفی ہو خواہ عدد صحیح خواہ کسر پہلے ہم اول صورت کا اثبات کرتی ہین عمل ضرب سے معلوم ہوتا ہی کہ $(لا+۱)(لا+ب) = لا^۲+(۱+ب)لا+۱\, ب$

اور $(لا+۱)(لا+ب)(لا+ج) = لا^۳+(۱+ب+ج)لا^۲+(۱+ب+۱ج+ب ج)لا+۱\, ب\, ج$ اور $(لا+۱)(لا+ب)(لا+ج)(لا+س) =$

$لا^۴+(۱+ب+ج+س)لا^۳+(۱+ب+۱ج+بج+۱س+ب س+ج س)لا^۲$

$+(۱\, ب\, ج+۱\, ج\, س+ب\, ج\, س+۱\, ب\, س)لا+۱\, ب\, ج\, س$ ظاہر ہی کہ اگر عمل مرقومہ بالا ضرب کا متواتر جاری رکھین تو متاہدہ سے معلوم ہو جائیگا کہ بطور گذشتہ کی اجزاء حاصل ضرب کے زیادہ ہوتی جائینگی خواہ تعداد اجزاء ضربی مثل $(لا+۱)$ اور $(لا+ب)$ وغیرہ کسیقدر ہو یعنے یہہ انتظام یا قانون حاصلضرب کا دریافت ہوگا کہ اوسمین قوای لا کی ہر جز مین کم ہوتی جاتی ہین اور سب سے بڑا نشان قوت مساوی تعداد اجزاء ضربی کے ہی اور اسکے بعد کی اجزاء حاصلضرب مین نشان قوت لا کا بقدر عدد آ کی بتدریج کم ہوتا جاتا ہی اور یہہ بھی معلوم ہوگا کہ سر اول جز حاصل ضرب کا عدد آ کا ہی اور سر دوسری چیز کا حاصل جمع مقدارون آ اور ب اور س وغیرہ کا ہی اور تیسری جز کا حاصل جمع حاصل ضربون

ان مقدارون کے دو دو کا اور جو تہی جز کا حاصل ضرب تین تین کا ہی اور علی ہذا القیاس اور اخیر جز کا سر حاصلضرب کل ن مقدارون ا اور ب اور ح وغیرہ کا ہوگا فرض کرو کہ قانون مرقومہ بالا صحیح ہوتا ہی جب کہ اجزاء ضربی (لا+۱)(لا+ب) اور (لا+ح) .... (لا+ک) تعداد میں ن ہون پس موافق اس فرض کے حاصل ہوگی یہہ مساوات

(لا+۱)(لا+ب)(لا+ح) .... (لا+ک) = لا^ن + ۱ لا^(ن-۱) + ب لا^(ن-۲) .... + کہ

اور اس جا ۱ = ا + ب + ح + ... کہ اور

ب = ا ب + ا ح + ب ح + وغیرہ

وغیرہ = وغیرہ

کہ = ا ب ح س .... کہ

اب ضرب کرو طرفین اس مساوات کو ایک اور جز ضربی (لا+ل) مین تو حاصل ہوگا یہہ

(لا+۱)(لا+ب)(لا+ح) .... (لا+ک)(لا+ل) = لا^(ن+۱) + (۱ + ل) لا^ن +

(ب + ل ۱) لا^(ن-۱) + ... + کہ ل اور یہان سے معلوم ہوا کہ

۱ + ل = ا + ب + ح + ... کہ + ل

ب + ۱ ل = ا ب + ا ح + ب ح + ... ا ل + ب ل + ... + کہ ل

وغیرہ = وغیرہ

کہ ل = ا ب ح س .... کہ ل

یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر قانون مذکورہ بالا صحیح ہو واسطے ن اجزاء ضربی مثل (لا+ا) اور (لا+ب) وغیرہ کی تو بالضرور وہ درست ہوگا واسطے ن+۱ اجزاء ضربی مذکور کی لیکن پہلی ثابت ہوا ہی کہ قانون مذکور درستی واسطے ۲ اجزاء ضربی کے تو اب معلوم ہوا کہ وہ درست ہی واسطے ۳ اجزاء کے اور اگر وہ درست ہی واسطے ۳ اجزاء کی تو وہ درست ہونا چاہیئے واسطے ۴ اجزاء کی اور یہی قیاس کرنا چاہیئے واسطے زیادہ اجزاء کی پس معلوم ہوا کہ قانون مذکور درست ہی خواہ تعداد اجزاء ضربی کی کچھ ہو

اب فرض کرو کہ ا = ب = ح = س = وغیرہ

∴ ۱ = ا + ا + وغیرہ .... ن جزون تک = ن ا

ب = $\left\{\begin{array}{l} \text{ا}^{2} + \text{ا}^{2} + \text{ا}^{2} + \text{وغیرہ اسقدر اجزا تک جسقدر کہ} \\ \text{ملکر مساوی ہون تعداد اجتماعون ن چیزون سے جبکہ وہ چیزین} \\ \text{دو دو اکہٹی لے جائین} \end{array}\right\}$ = ن $\frac{\text{ن}-1}{2}$ ا^{2}

س = $\left\{\begin{array}{l} \text{ا}^{3} + \text{ا}^{3} + \text{وغیرہ اسقدر اجزا تک جسقدر} \\ \text{کہ ملکر مساوی ہون تعداد اجتماعون ن چیزون سے جبکہ} \\ \text{وہ چیزین تین تین اکہٹی لیجاوین} \end{array}\right\}$ = ن $\frac{(\text{ن}-1)}{2}\frac{(\text{ن}-2)}{3}$ ا^{3}

وغیرہ = وغیرہ

اس صورت مین یہہ بہی ظاہر ہی کہ $(\text{لا}+1)(\text{لا}+\text{ب})(\text{لا}+\text{ج})\ldots(\text{لا}+\text{ک})$ بتدیل $(\text{لا}+1)^{\text{ن}}$ سے ہوجاتا ہی $\therefore (\text{لا}+1)^{\text{ن}} = \text{لا}^{\text{ن}} + \text{ن}\,\text{لا}^{\text{ن}-1} + \text{ن}\frac{(\text{ن}-1)}{2}\text{لا}^{\text{ن}-2}\text{ا}^{2} +$

$\text{ن}\frac{(\text{ن}-1)(\text{ن}-2)}{3\times 2}\text{لا}^{\text{ن}-3}\text{ا}^{3} + \ldots\ldots + \text{ا}^{\text{ن}}$

حاکم $(1+\text{لا})^{\text{ن}} = 1 + \text{ن}\,\text{لا} + \frac{\text{ن}(\text{ن}-1)}{2\times 1}\text{لا}^{2} + \frac{\text{ن}(\text{ن}-1)(\text{ن}-2)}{3\times 2\times 1}\text{لا}^{3} + \ldots + \text{لا}^{\text{ن}}$

صورت دوم جسکی نسبت ایک مثبت کسر ہوی فرض کرکہ م اور ن اعداد صحیح مثبت ہین اب ہم ثابت کرینگی کہ $(1+\text{لا})^{\frac{\text{م}}{\text{ن}}}$ مساوی ہی اپنی سلسلہ کے $\left(1 + \frac{\text{م}}{\text{ن}}\text{لا} + \frac{\frac{\text{م}}{\text{ن}}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1\right)}{2\times 1}\text{لا}^{2} + \text{وغیرہ}\right)$ کی

ظاہر ہی کہ اگر اس سلسلہ مین عدد آ کو اول جز قرار دین اور مجموعہ باقی اجزاؤ کو دوسرا جز اور موافق صورت اول کے اسکا صعود بقدر ن کے کہ ایک عدد صحیح اور مثبت ہی لین تو حاصل ہوگا

$\left\{\left(1 + \frac{\text{م}}{\text{ن}}\text{لا} + \frac{\frac{\text{م}}{\text{ن}}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1\right)}{2\times 1}\text{لا}^{2} + \text{وغیرہ}\right)^{\text{ن}}\right\} =$

$1 + \text{ن}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}\text{لا} + \frac{\frac{\text{م}}{\text{ن}}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1\right)}{2\times 1}\text{لا}^{2} + \text{وغیرہ}\right) + \frac{\text{ن}(\text{ن}-1)}{2\times 1}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}\text{لا} + \frac{\frac{\text{م}}{\text{ن}}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1\right)}{2\times 1}\text{لا}^{2} + \text{وغیرہ}\right)^{2} + \text{وغیرہ}$

$= 1 + \text{م}\,\text{لا} + \left(\text{م}\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1 + \text{ن}-1\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}\right)\frac{\text{لا}^{2}}{2\times 1} +$

$\left(\text{م}\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}-2 + 3(\text{ن}-1)\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}-1 + \text{ن}-1\times\text{ن}-2\times\frac{\text{م}}{\text{ن}}\right)\frac{\text{لا}^{3}}{3\times 2\times 1} +$

وغیرہ اب تحویل کرنی سے سر $\frac{\text{لا}^{2}}{2\times 1}$ کا = $\text{م}^{2}-\text{م} = \text{م}(\text{م}-1)$ کے ہوتا ہی

اور سہ $\frac{لا^{۳}}{۱\times۲\times۳}$ $= م\left(\frac{م^{۲}}{ن^{۲}} - \frac{۳م^{۲}}{ن^{۲}} + ۲ + \frac{۳م^{۲}}{ن} - ۳م - \frac{۳م^{۲}}{ن} + م^{۲}\right.$

$\left. - \frac{۳م^{۲}}{ن} + \frac{۳م^{۲}}{ن^{۲}}\right) = م\left(م^{۲} - ۳م + ۲\right) = م(م-۱)(م-۲)$ اور یہی قیاس

کرنا چاہیئے دا سطی سر ون سہ سے زیادہ قوای لا کی پر حاصل ہوگا یہ

$\left(۱ + \frac{م}{ن}لا + \frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-۱\right)\frac{لا^{۲}}{۱\times۲} \ldots \text{وغیرہ}\right)^{ن} = ۱ + مLا + \frac{م(م-۱)}{۱\times۲}لا^{۲} +$

$\frac{م(م-۱)(م-۲)}{۱\times۲\times۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ} = (۱+لا)^{م}$ اسلئے کہ م ایک صحیح مثبت عدد ہی

$\therefore (۱+لا)^{ن} = ۱ + \frac{م}{ن}لا + \frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-۱\right)\frac{لا^{۲}}{۱\times۲} + \frac{م}{ن}\left(\frac{م}{ن}-۱\right)\left(\frac{م}{ن}-۲\right)\frac{لا^{۳}}{۱\times۲\times۳} + \text{وغیرہ}$

اور یہی ارادہ کیا تہا پس ثابت ہوا ضابطہ نیوٹن کا صورت دوم مین بہی جب کہ نشان قوت ایک کسر مثبت ہو

صورت سوم جبکہ نشان قوت ن منفی ہو خواہ صحیح خواہ کسر

ظاہر ہی کہ $\left(۱ - ن لا + \frac{-ن(-ن-۱)}{۲\times۱}لا^{۲} + \frac{-ن(-ن-۱)(-ن-۲)}{۱\times۲\times۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}\right)$

$\times \left(۱ + ن لا + \frac{ن(ن-۱)}{۲\times۱}لا^{۲} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۱\times۲\times۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}\right)$

$= ۱ + (ن - ن)لا + \left(ن\times\overline{ن-۱} + ن\times ن + ۱ - ۲ن\right)\frac{لا^{۲}}{۱\times۲}$

$+ \left(ن\times\overline{ن-۱}\times ن - ۲ - ن\times ن + ۱\times\overline{ن+۲} + ۳ن^{۲}\times\overline{ن-۱}\right)\frac{لا^{۳}}{۱\times۲\times۳} + \text{وغیرہ}$

$= ۱ + ۰\times لا + ۰\times\frac{لا^{۲}}{۱\times۲} + ۰\times\frac{لا^{۳}}{۱\times۲\times۳} + \text{وغیرہ} = ۱$

$\therefore ۱ - ن لا + \frac{-ن(-ن-۱)}{۲\times۱}لا^{۲} + \frac{-ن(-ن-۱)(-ن-۲)}{۱\times۲\times۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}$

$= \frac{۱}{۱ + ن لا + \frac{ن(ن-۱)}{۲\times۱}لا^{۲} + \text{وغیرہ}} = \frac{۱}{(۱+لا)^{ن}} = (۱+لا)^{-ن}$

پس اب ثابت ہوا ضابطہ سر اسحاق نیوٹن کا تمام تینون صورتون مین

اگر نشان قوت ایک صحیح عدد مثبت ہو ویسے تو ہم کہتے ہین کہ سر ہر جز صورت مفصلہ کا کہ اسی نشان

قوت سی بنتا ہی ایک عدد صحیح مثبت ہوگا اسواسطی کہ ظاہر ہی کہ سر (ر+۱) وین جز کا یہہ ہی
$\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots\times ر}$ اور موافق قاعدون اجتماع کے ظاہر ہی کہ یہی ہی تعداد

اجتماعون ن چیزون سی کہ ر دفع اکہٹی کی جاوین اب موافق تعریف اجتماع کی لازم ہی کہ صورت جبریہ مذکور ایک عدد صحیح عدد مثبت ہووی اگر ہم ن اور ر کو صحیح اور مثبت مانی تو ثابت ہوا دعوی جز دریافت کیا چاہتے ہین ہم تعداد اجزاء صورت مفصلہ کسی صورت ثنائی کی سی پہلے ثابت ہوچکا ہی کہ ر+۱ اوان

$(لا+ط)^{ن}$ کا $\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots\times ر}\times ط^{ر}\,لا^{ن-ر}$

پس اب ظاہر ہی کہ اگر اس صورت مین ر ایسا ہووی کہ ن − ر + ۱ = ۰ یعنے اگر ن ہووے ایک مثبت عدد صحیح اور ر ایسا ہووے کہ ر = ن + ۱ یعنے ر نسبت نشان قوت ن کے بقدر عدد ایک کی زیادہ ہووی تو ظاہر ہی اس صورت مین کہ بعد ر وین جز کے کوئی اور جز باقی نہین رہتا ہی یعنے صورت مفصلہ تمام ہوجاتی ہی اور اسیواسطی معلوم ہوا کہ تعداد مطلوبہ اجزاء کی ن + ۱ ہی یعنے تعداد مذکور نسبت نشان قوت کی بقدر عدد ایک کی زیادہ ہوتی ہی اگر ن ہووی ایک عدد منفی یا ایک کسر تو ظاہر ہی کہ ن − ر + ۱ صفر نہین ہوسکتا ہی گو کچھہ ہی قیمت واسطی ر کی فرض کرین پس معلوم ہوا کہ ان صورتون مین تعداد اجزاء کی غیر نہایت ہوگی مثلاً تعداد اجزاء صورتون مفصلہ $(لا+ط)^{۳}$ اور $(لا+ط)^{۲}$ کی ۴ اور ۳ ہی لیکن تعداد اجزاء صورتون مفصلہ $(لا+ط)^{۲}$ یا $(لا+ط)^{\frac{۱}{۲}}$ کی غیر نہایت ہی جب کہ (لا + ط) کی کوئی قوت لین اور نشان قوت ایک عدد صحیح اور مثبت ہو اوسوقت ثابت کرو کہ اسکی صورت مفصلہ کی شروع اور اخیر سی کوئی دو جز مساوی فاصلون پر لین تو ان جزون مین مساوی ہونگی دلیل اسکی یہہ ہی چونکہ کل تعداد اجزاء کی ن + ۱ ہی تو ظاہر ہی کہ ر + ۱ واں جز اخیر سلسلہ سی (ن + ۱ − ر) واں یعنے (ن − ر + ۱) واں جز شروع سی ہوگا پس جسوقت لکھا ہی ہمنے ن − ر + ۱ بجای ر کے تو سر جز مذکور کا موافق مضامین گذشتہ کی یہہ ہوگا

$$\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots\times(ن-ن)}$$

$$=\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots\cdots(ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots\times(ن-۱)}$$

$= \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ر+۱)(ن-ر)\cdots(ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots ر}$ اور یہہ اوسوقت ہی جبکہ اوسنی ر

$= \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ر+۱)ر(ر-۱)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots(ن-ر)(ن-ر+۱)\cdots(ر-۱)ر}$ اور یہہ اوسوقت ہی جبکہ ر یا ن-ر

$= \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots ر}$ اور یہہ دونو صورتین ہوسکتا ہی

= سر (ر+۱) دین جز کی شروع سے واضح ہو کہ یہہ بات ثابت ہوسکتی ہی جبکہ لکھین ہم ط بجای لا کے اور لا بجای ط کے یعنی صورتین مفصلہ $(لا+ط)^ن$ اور $(ط+لا)^ن$ کے لیکر اونکو مساوی ایک دوسری کے لکھین اور بعد ازان اون اجزا کی سر دکو جنمین قوای متماثلہ لا اور ط کی پائی جاوین مساوی ایک دوسری کے لکھین حکم بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر $(لا+ط)^ن$ کی صورت مفصلہ مین اور ن کے ایک مقدار صحیح اور مثبت فرض کرین تو قطع اول سے اوسی سلسلہ کو دریافت کرکی باقی اوسکے اجزا پہلی اجزا سے قیاس کیے جاسکتی ہین مثلاً

$(ط+ص)^۷ = ط^۷ + ۷ط^۶ص + ۲۱ط^۵ص^۲ + ۳۵ط^۴ص^۳ + ۳۵ط^۳ص^۴ + ۲۱ط^۲ص^۵ + ۷ط ص^۶ + ص^۷$

دریافت کیا چاہتے ہین نہایت بڑا یعنی سب سے اعظم جز اجزا صورت مفصلہ $(ط+ص)^ن$ مین سے ظاہر ہی کہ ر+۱ وان جز اس صورت مفصلہ کا $\frac{ن(ن-۱)\cdots\cdots(ن-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots ر} ط^{ن-ر} ص^ر$ اور سر وان جز یہہ ہی $\frac{ن(ن-۱)\cdots(ن-ر+۲)}{۱\times۲\times۳\times\cdots\cdots(ر-۱)} ط^{ن-ر+۱} ص^{ر-۱}$ اور بیان سے معلوم ہوا کہ ر+۱ وان

جز ر وین جز سے نکل سکتا ہی اگر ضرب کرین ر وین جز کو $\frac{ن-ر+۱}{ر} \frac{ص}{ط}$ جبکہ ر کہ ایک عدد صحیح ہی نہایت کم ہو موقع مضروب فیہ $\frac{ن-ر+۱}{ر} \frac{ص}{ط}$ نہایت زیادہ ہو اور اوسوقت ہی جبکہ $\frac{ن-ر+۱}{ر} \frac{ص}{ط}$ ۱ ہو تو ظاہر ہی کہ اس صورت مین ر وان جز سب سے بڑا جز تمام اجزا صورت مفصلہ مین سے ہوگا موافق اس فرض کے $\frac{ن-ر+۱}{ر} \frac{ص}{ط} > ۱ \therefore (ن-ر+۱) ص > ر ط$ یعنی ر $(ط+ص) > ر(ن+۱) \frac{ص}{ط+ص}$ پس فرض کرو اسیلیے ر کی اول ہی عدد صحیح ایسا کہ وہ زیادہ ہو $(ن+۱) \frac{ص}{ط+ص}$ سے اور اس صورت مین بیشک ر وان جز سب سے زیادہ ہوگا اگر $(ن+۱) \frac{ص}{ط+ص}$ ایک عدد صحیح ہووی تو ظاہر ہی کہ $\frac{ن-ر+۱}{ر} \frac{ص}{ط} = ۱$ اور ∴ ر وان جز مساوی ر+۱ وین

کے ہوگا یعنی درجہ صورت مقصد کی ایسی ہونگی کہ ہر واحد اجزا میں سے سب باقی اجزا دعیہ سے زیادہ ہوگا

حکم جب ہم دریافت کرتے ہیں اسطور سے بڑا جزو سوقت ہم دریافت کرتے ہیں اوس مقام یا نقطہ کو جہاں سے اجزا و سلسلہ کی نوبت بنوبت ہونی لگتے ہیں یا موافق اصطلاح کے جہاں سے سلسلہ مایل بہ انقطاع ہوتا شروع کرتا ہے

مثال دریافت کیا چاہتے ہیں ہم سب سے بڑا جزو صورت مقصد $(۳+۵\theta)^{\frac{۱}{۲}}$ کا جبکہ $\theta = \frac{۱}{۲}$

اگر جای $(ن+۱)$ $\frac{ط}{ص} = (۸+۱)\cdot\frac{\frac{۵}{۲}}{\frac{۵}{۲}+۳} = \frac{۵}{۱۱}\times ۹ = \frac{۴۵}{۱۱} = ۴\frac{۱}{۱۱}$

اور اس سے بڑا اول عدد ۴ ہی پس معلوم ہوا کہ سب سے بڑا جزو ۴ وان جزہی دریافت کیا چاہتے ہیں ہم حاصل جمع سردن کا جو حاصل جمع کسی دو مقداروں کی کسی قوت کی صورت مقصد میں پائی جاویں چونکہ

$$(۱+لا)^{ن} = ۱ + ن لا + \frac{ن(ن-۱)}{۳\times ۲\times ۱} لا^{۲} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۳\times ۲\times ۱} لا^{۳} + \text{وغیرہ}$$

خواہ واسطے لا کی کوئی قیمت فرض کریں تو فرض کہ $لا = ۱$ ∴

$$(۱+۱)^{ن} = ۱ + ن + \frac{ن(ن-۱)}{۱\times ۱} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۳\times ۲\times ۱} + \text{وغیرہ}$$

∴ $۲^{ن}$ = حاصل جمع تمام سردنکی

مثال $(لا+ط)^{۵} = لا^{۵} + ۵ لا^{۴} ط + ۱۰ لا^{۳} ط^{۲} + ۱۰ لا^{۲} ط^{۳} + ۵ لا ط^{۴} + ط^{۵}$

$$= ۱ + ۵ + ۱۰ + ۱۰ + ۵ + ۱ = ۳۲ = ۲^{۵}$$

جاہتے ہیں ہم دریافت کرنی مختلف مرتبہ کی نزول تقریبی اعداد کی بذریعہ ضابطہ نیوٹن کی ظاہر ہے کہ

$$\sqrt[ن]{۱ \pm لا} = (۱ \pm لا)^{\frac{۱}{ن}} = ۱ \pm \frac{۱}{ن} لا - \frac{۱}{ن}\frac{ن-۱}{۲ن} لا^{۲} \pm \text{وغیرہ}$$ اب اگر ع ہو دی عدد

مفروض جسکا ن مرتبہ کا نزول دریافت کیا چاہتے ہیں تو فرض کرو کہ $ف^{ن}$ سے مناسب قریب قیمت ع کے

∴ فرض کرو ع = ف ± ن اور اس جای ق بہت کم ہی نسبت ف کے اور علامت + یا − کی

موافق صورتوں ع = ف + ن اور ع = ف − ن کی لینی چاہیئے پس اس صورت میں ظاہر ہے کہ

$$\sqrt[ن]{ع} = ف\left(۱ \pm \frac{ق}{ف ن}\right)^{\frac{۱}{ن}}$$ اور جب لکھا جای لا کی مقدار $\frac{ق}{ف ن}$ کو

اوسوقت $$\sqrt[ن]{ع} = ف\left\{۱ \pm \frac{۱}{ن}\frac{ق}{ف ن} - \frac{۱}{ن}\frac{ن-۱}{۲ن}\left(\frac{ق}{ف ن}\right)^{۲} \pm \text{وغیرہ}\right\}$$

اور اس سلسلہ میں فقط چند اجزاء کی ذریعہ سے بہت قریب قیمت نزول مطلوب کی معلوم ہو جاویگی

مثال چاہتے ہیں دریافت کرنا کعب یعنی تیسری مرتبہ کا نزول عدد ۱۲۸ کا اس جای $\sqrt[3]{125+3}$ یا $\sqrt[3]{125+3}$

$$= \left\{ 1 + \frac{1}{3} \cdot \frac{3}{125} - \frac{1}{3} \cdot \frac{1}{3} \left(\frac{3}{125}\right)^2 + \frac{5}{9} \frac{1}{3^3} \left(\frac{3}{125}\right)^3 - \text{وغیرہ} \right\} 5$$

$$= 5 + \frac{1}{25} - \frac{1}{5^4} \cdot \frac{1}{3} + \frac{1}{5^7} - \text{وغیرہ} = 5 + \frac{24}{125} - \frac{52}{5^{10}}$$

$$+ \frac{1}{3} \cdot \frac{52}{5^{10}} - \text{وغیرہ} = 5 + 0.04 - 0.0032 + 0.0\ldots +$$

$$= 5.03968442\ldots 0.0$$

مثال دریافت کیا چاہتے ہیں ہم وہ جزو صورت مضعف $(1 + ل + ل^2)^3$ کا جسمیں $ل^2$ یا جای $1 + ل$ کو ایک مقدار کرو اور $\therefore (1 + ل + ل^2)^3 = (1 + ل)^3 + 3(1 + ل)^2 ل^2 + 3(1 + ل) ل^4 + ل^6$

اس جای تعبیر اور عمل کرنے کی معلوم ہوتا ہی کہ جزو مطلوب $= 3 ل^2 \times ل^2 + 3 ل^4 = 6 ل^4$ اور اسی طور سے کوی سا جزو تین جزون کے صعود و تکا دریافت ہو سکیگا

دریافت کیا چاہتے ہیں ہم تعداد اجزاء صورت مضعف $(1 + ب + ح)^ن$ کی ظاہر ہی کہ تعداد مطلوبہ مساوی ہوگی حاصل جمع اجزاء صورتون مضعفہ قوتون مختلفہ $(1 + ب)$ کی یعنے صورتون مضعفہ $(1 + ب)^ن$ اور $(1 + ب)^{ن-1}$ وغیرہ $(1 + ب)$ تحلیل معلوم ہوا کہ تعداد مطلوبہ $= (ن+1) + ن + (ن-1) +$ وغیرہ تک

$$= \left\{ 2ن + 2 - ن \right\} \frac{ن+1}{2}$$ موافق قواعد سلسلہ جمع تفریق کے

$$= \frac{(ن+1)(ن+2)}{1 \times 2}$$

چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا باقیات صورت مضعف $(1 - ل^2)^ن$ کا بعد $ر$ اجزاء کے

ظاہر ہی کہ موافق ضابطہ نیوٹن صاحب کے $(1 - ل)^{-2} = 1 + 2ل + 3ل^2 + \ldots + ر ل^{ر-1} +$ ب

اور اس سے تعبیر کرنا ہی باقیات کو بعد $ر$ اجزاء کی اور

$$\frac{1}{1 - 2ل + ل^2} = 1 + 2ل + 3ل^2 + \ldots + ر ل^{ر-1} + ب$$

$$\therefore 1 = \left\{ \begin{array}{l} 1 + 2ل + 3ل^2 + \ldots \quad + ر ل^{ر-1} + ب \\ -2ل - 4ل^2 - \ldots - 2(ر-1) ل^{ر-1} - 2ر ل^ر - 2ب ل \\ + ل^2 \ldots + (ر-2) ل^{ر-1} + (ر-1) ل^ر + ر ل^{ر+1} + ب ل^2 \end{array} \right.$$

یعنی $۱ = ۱ - (ر+۱)لا + رلا^{ر+۱} + ب(۱-لا)^{۲} ۱ب = \frac{(ر+۱)لا - رلا^{ر+۲}}{(۱-لا)^{۲}}$

اسی طرح سی باقیات بعد ر اجزاء کی صورتون مضمله $(۱-لا)^{-۳}$ اور $(۱-لا)^{-۴}$ کی دریافت ہوسکتی ہین واضح ہو کہ ہم جنس حاصلضرب وہ حاصلضرب مقدارون کی کہلاتی ہین جنمین اجزاء ضربی خواہ ایکسے خواہ مختلف ہوتے ہون مثلاً $۱^{۳}$ اور $۱^{۲}ب$ حاصلضرب ہم جنس ہین اسواسطے کہ دونو اجزاء ضربی مین تین تین مجمعے $۱ \times ۱ \times ۱$ اور $۱ \times ۱ \times ب$ ہین اب فرض کرو کہ ن مقدارین $۱ ب ح س$ وغیرہ ہین اور ر مرتبہ کی حاصلضرب ہم جنس کی تعداد دریافت کیا چاہتے ہین اب بذریعہ عمل نقشہ یا ضابطہ نیوٹن صاحب کے یہہ مساوات حاصل ہونگی

$$\frac{۱}{۱-لا} = ۱ + ۱لا + ۱^{۲}لا^{۲} + ۱^{۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}$$

$$\frac{۱}{۱-ب لا} = ۱ + ب لا + ب^{۲}لا^{۲} + ب^{۳}لا^{۳} \ldots + \text{وغیرہ}$$

$$\frac{۱}{۱-ح لا} = ۱ + ح لا + ح^{۲}لا^{۲} + ح^{۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}$$

$$\text{وغیرہ} = \text{وغیرہ}$$

$$\therefore \frac{۱}{۱-۱لا} \cdot \frac{۱}{۱-ب لا} \cdot \frac{۱}{۱-ح لا} \cdot \text{وغیرہ} = ۱ + (۱ + ب + ح + \text{وغیرہ})لا +$$

$$(۱^{۲} + ۱ب + ب^{۲} + ۱ح + ب ح + ح^{۲} + \text{وغیرہ})لا^{۲} +$$

$$(۱^{۳} + ۱^{۲}ب + ۱ب^{۲} + ب^{۳} + ۱^{۲}ح + ب^{۲}ح + ۱ح^{۲} + ب ح^{۲} + ح^{۳} + \text{وغیرہ})لا^{۳}$$

+ وغیرہ اور یہان ظاہر ہے کہ سر $لا^{ر}$ کا حاصل جمع ر مرتبہ کی حاصلضرب ہون ہم جنس مقدارون $۱ ب ح$ وغیرہ کا ہی اب واسطے دریافت کرنے حاصل جمع ان حاصلضرب کے فرض کرو کہ

$۱ = ب = ح = س = \text{وغیرہ} = ۱$ اور اس صورت مین سر $لا^{ر}$ کی عدد مطلوب ہوگا لیکن موافق اس فرضیہ کے مساوی ہونے سب مقدارون کے ذہنی طرف مساوات گذشتہ کے $(۱-لا)^{-ن}$ ہوجائیگی اور یہہ موافق ضابطہ نیوٹن صاحب کے اس صورت کی ہوتی ہے

$$۱ + ن لا + ن\frac{ن+۱}{۲}لا^{۲} + ن\frac{ن+۱}{۲}\cdot\frac{ن+۲}{۳}لا^{۳} + \text{وغیرہ}$$

$$+ \frac{ن(ن+۱)(ن+۲)\ldots(ن+ر-۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots \ldots \times ر} \quad \text{اور اسسواسطے}$$

$$\text{عدد مطلوبہ} = \frac{ن(ن+۱)(ن+۲)\ldots(ن+ر-۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots \ldots \times ر}$$

حکم یہان سے ہم دریافت کر سکتے تعداد اجزا کسی کثیر الاجزا مثل $(۱ + ا۱ + ا۲ + ا۳ + ا۴ \ldots\ldots ا ر)^{ن}$ کی اسواسطے کہ یہہ تعداد مطلوبہ اور تعداد $ن$ مرتبہ کی حاصلضربون $ر$ مقدارون کی ایکسی ہوتی ہی پس تعداد مطلوبہ یہہ ہی $\frac{ر(ر+۱)(ر+۲)\ldots\ldots(ر+ن-۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots\ldots \times ن}$ اگر $ر = ۲$ یعنی صورت $(۱ + ر)^{ن}$ ہو تو تعداد مطلوبہ یہہ ہوگی $\frac{۲ \times ۳ \times ۴ \ldots\ldots (ن+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots\ldots \times ن} = ن + ۱$

اگر $ر = ۳$ یعنے صورت $(۱ + ب + ج)^{ن}$ ہو تو تعداد مطلوبہ یہہ ہوگی

$$\frac{۳ \times ۴ \times ۵ \times \ldots\ldots (ن+۲)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots\ldots ن} = \frac{(ن+۱)(ن+۲)}{۱ \times ۲}$$

اگر $ر = ۴$ یعنے صورت $(۱ + ب + ج + س)^{ن}$ ہووی تو تعداد اجزاء کی ہوگی یہہ

$$\frac{۴ \times ۵ \times ۶ \times \ldots\ldots (ن+۳)}{۱ \times ۲ \times ۳ \times \ldots\ldots ن} = \frac{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)}{۱ \times ۲ \times ۳}$$

اور یہی قیاس کرنا چاہیئے اور قیمت $ر$ کی پر

ضابطہ غیر متقرنان قوت کا

چاہتے ہین دریافت کرنا صورت مفصلہ ط لا کی جسمین کہ قوای مختلفہ لا کی پائے جاوین واسطی اثبات اس سلسلہ یا ضابطہ کے ہم ایک اور طریق لکھتے ہین

$ط لا = \left\{(۱ + ط - ۱)^{ن}\right\}^{لا}$ اور بذریعہ ضابطہ نیوٹن صاحب کے یہہ

$$= \left\{۱ + ن(ط-۱) + ن\frac{ن-۱}{۲}(ط-۱)^{۲} + ن\frac{ن-۱}{۲}\cdot\frac{ن-۲}{۳}(ط-۱)^{۳} + \text{وغیرہ}\right\}^{لا}_{ن}$$

$$= \left\{۱ + \left((ط-۱) - \frac{(ط-۱)^{۲}}{۲} + \frac{(ط-۱)^{۳}}{۳} - \text{وغیرہ}\right)ن + \text{ن}^{۲} + \text{ج ن}^{۳} + \text{وغیرہ}\right\}^{لا}_{ن}$$

اور اس جایے حروف ب ج وغیرہ مین قوای $(ط-۱)$ کی شامل ہین

$$= \left\{ ۱ + ۱ن + \frac{ن^۲}{} + \frac{ن^۳}{} + \text{وغیرہ} \right\}^{\frac{۱}{ن}} \text{اگر } ط - ۱ - \frac{۱}{۲}(ط-۱)^۲ + \text{وغیرہ} = ۱$$

$$= ۱ + \frac{۱}{ن}(۱ن + \frac{ن^۲}{} + \text{وغیرہ}) + \frac{۱}{ن} \cdot \frac{\frac{۱}{ن}-۱}{۲}(۱ن + بن^۲ + \text{وغیرہ})^۲ + \text{وغیرہ}$$

$$= ۱ + ۱(۱ + بن + \text{وغیرہ}) + ۱\frac{۱-ن}{۲}(۱ + بن + \text{وغیرہ})^۲ + \text{وغیرہ}$$

اب چونکہ ط کو کچھ تعلق ن سے نہین ہی تو معلوم ہوا کہ ن کی لیئے کوی قیمت فرض کرسکتے ہین اور
∴ فرض کرو کہ ن = ۰ اور اسیواسطے

$$ط^۱ = ۱ + ۱^۱ + \frac{۱^۲}{۲\times۱} + \frac{۱^۳}{۳\times۲\times۱} + \text{وغیرہ}$$

حکم اگر ی ہو ویسے وہ قیمت ط کی کہ جسکی ذریعہ سی آ مساوی عدد آ کے ہوجاتا ہی تو ظاہر ہی کہ

$$ی^۱ = ۱ + \frac{۱}{۱} + \frac{۱^۲}{۲\times۱} + \frac{۱^۳}{۳\times۲\times۱} + \text{وغیرہ}$$ پس معلوم ہوا کہ اگر فرض کرین لا = ۱ تو

$$ی = ۱ + \frac{۱}{۱} + \frac{۱}{۲\times۱} + \frac{۱}{۳\times۲\times۱} + \text{وغیرہ} = ۲٫۷۱۸۲۸۱۸$$

فصل تیسری لوگارثم کے بیان مین حدود اور خواص لوگارثم کی پہلی لکھی جاتے ہین

ان دوسلسلون مقادیر مین ط ط′ ط″ ط‴ ط⁗ وغیرہ (۱) اور ی ی′ ی″ ی‴ ی⁗ وغیرہ (ب)
کہ جنمین ط تو ایک مقدار منقطع ہی اور ی ی′ ی″ وغیرہ مقادیر غیر منقطع ہین مقادیر سلسلہ (ب) کو لوکارسم
مقادیر سلسلہ (۱) کا کہتے ہین مثلاً ی لوکارسم ط کا ہی اور ی′ لوکارسم ط′ کا ہی اور اسی قیاس پر
اور اگر فرض کرین ہم ط = لا اور ط′ = لا′ اور ط″ = لا″ وغیرہ تو ی = لوگ* لا اور
ی′ = لوگ لا′ اور ی″ = لوگ لا″ اور اسی قیاس پر تا کہ مقادیر سلسلہ (۱) کی مساوی ہوسکین
عددون ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ وغیرہ کے تو ضرور ہی کہ عدد مفروض ط زیادہ ہو ہر ایک سی اور اول
نشان قوسنے ی مساوی ہو صفر سے اور نشان قوسثانی کے ی′ ی″ ی‴ وغیرہ ہمیشہ زیادہ ہوتے
ہین چونکہ بموجب گذشتہ کی ط = ۱ تو اسیواسطے یہہ سلسلہ ہمیشہ زیادہ ہوگا ایک سی اب ظاہر ہی کہ

* لوگ اختصار ہی لفظ لوکارسم کا

فرض کرسکتی ہین ہم واسطے ان $\frac{1}{2}$ $\frac{1}{3}$ $\frac{1}{4}$ $\frac{1}{5}$ کے ایسی مقدار کہ سلسلہ $ط^{\frac{1}{2}}$ $ط^{\frac{1}{3}}$ $ط^{\frac{1}{4}}$ $ط^{\frac{1}{5}}$ منطبق ہوسکے سلسلہ عددون ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ وغیرہ کے یعنی $ط^{\frac{1}{2}} = ۲$ اور $ط^{\frac{1}{3}} = ۳$ اور اسی قیاس پر مثلاً فرض کرو ط = ۱۰ اور چونکہ $۱۰^{\frac{1}{2}} = ۱$ اور $۱۰^{۱} = ۱۰$ تو معلوم ہوا کہ ویسے نشان قوت من ۱۰ کے جو کرین گے $۱۰^{\frac{1}{2}}$ $۱۰^{\frac{1}{3}}$ $۱۰^{\frac{1}{4}}$ $۱۰^{\frac{1}{5}}$ وغیرہ کو مساوی ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ وغیرہ تک ضرور ہین کہ واقع ہون مابین ۱ اور ۲ کے مثلاً فرض کرو کہ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا لوگارسم عدد ۵ کی اب $۱۰^{\frac{1}{2}} = \sqrt{۱۰} = \sqrt[۳]{۱۰۰} = ۴٫۶۴$ اور اس سے یہہ نتیجہ نکالتی ہین ہم اگر فرض کرین ہم نشان قوت ۱۰ کا ایک کسر کچھہ زیادہ $\frac{۲}{۳}$ (= ۶۶۶۶۶۶ وغیرہ) سی تو حاصل ہوگا $۱۰^{\frac{۲}{۳}} = ۵$ حساب سے معلوم ہوا ہی کہ کسر مذکور یہہ ہی ۶۹۸۹۷۰۰ بہت قریب اور اسی سبب سے $۱۰^{۰٫۶۹۸۹۷۰۰} = ۵$ یعنے جسوقت ط = ۱۰ لوگارسم ۵ کی ہی ۰٫۶۹۸۹۷۰۰ مرقومہ بالا سے واضح ہی کہ مختلف قسم کے لوگارسم ہوسکتے ہین یعنے اگر ط = ۱۰ تو لوگارسم جو اس فرض سے حاصل ہونگی ویسے ایک قسم کی ہونگی اور اگر ط = ۲۰ تو لوگارسم جواب حاصل ہونگی وہ ایک اور قسم کی ہونگی لیکن چونکہ ظ = ۱۰ تو اس سے معلوم ہوا کہ ہر قسم کی لوگارسم مین لوگارسم آ کی صفر ہوتی ہی عدد ط کہلاتا ہی عدد بنیادی اوس قسم کی لوگارسم کا جسکو تعلق رکھتا ہی چونکہ بموجب مرقومہ گزشتہ کی سے $ط^{ی} \times ط^{ی'} = ط^{ی+ی'}$ تو معلوم ہوا کہ دو یا زیادہ عددون کے حاصلضرب کی لوگارسم مساوی ہوتی ہی حاصل جمع اون عددون کے الگ الگ لوگارسم کے چونکہ $\frac{ط^{ی}}{ط^{ی'}} = ط^{ی-ی'}$ تو معلوم ہوا کہ دو عددون کے خارج قسمت کی لوگارسم مساوی ہوتی ہی بقیے الگ الگ لوگارسم کی حاصل تفریق کی اور یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ لوگارسم ایک کسر کی مساوی ہی اوسکی جو حاصل تفریق کرنی سے لوگارسم نسب نما کی لوگارسم شمار کنندہ سی اور اس سے یہہ ظاہر ہوا کہ لوگارسم ایک کسر مناسب* کی ہمیشہ منفی ہوتی ہی

چونکہ $ط^{ی} \times ط^{ی'} \times ط^{ی''} \ldots\ldots$ لا تک $= ط^{ی+ی'+ی''} \ldots\ldots$ لا تک $= ط^{لا ی}$ اور اسیطرح چونکہ $\sqrt[ن]{ط^{ی}} = ط^{\frac{ی}{ن}}$ تو معلوم ہوا کہ لوگارسم لا کتنی قوت کسی عدد کی دریافت ہوسکتی ہی ضرب دینی سے اوس عدد کی لوگارسم کو لا مین اور لوگارسم نزول کسی عدد کی لا کتنی مرتبہ تک دریافت ہوسکتی ہی تقسیم کرنی سے اوس عدد کی لوگارسم کو لا پر اگر سلسلہ (۱) مشتمل ہو مقدارون اس صورت کی سے $ط^{لا}$ $ط^{۲لا}$ $ط^{۳لا}$ $ط^{۴لا}$ $ط^{۵لا} \ldots\ldots$ $ط^{مlا}$ تو انکی مطابق مقدار سلسلہ (ب) کی ہونگی لا ۲لا ۳لا ۴لا ۵لا $\ldots\ldots\ldots\ldots$ مlا

---

* یعنے وہ کسر جسکا شمار کنندہ نسب نما سی کم ہی

یعنی اگر ایک سلسلہ مقادیر ضرب اور تقسیم کا ہو تو اون مقادیر کی لوگارسم بجائے ایک سلسلہ جمع اور تفریق کا

لوگارتم کی نکالنی کی ترکیب کا بیان

فرض کرو کہ $1+م$ کوئی عدد ہی اور اوسکی لوگارسم $ط$ ہی تو بموجب مرقومہ بالا کی $ط = 1+م$ اور فرض کیا $ر$ و $ط = 1+ص$ تو اب چاہتے ہین حل کرنا مساوات $(1+ص)^{ر} = 1+م$ کو جسمین $ر$ ایک مقدار مجہول ہی ر کتنا صعود دو نوطرف اس مساوات کا دریافت کرو تب $(1+ص)^{ر} = (1+م)^{ر}$ یعنے

$$1 + ر ص + \frac{ر(ر-1)}{2} ص^{2} + \frac{ر(ر-1)(ر-2)}{3\times 2} ص^{3} + \text{وغیرہ} =$$

$$1 + رم + \frac{ر(ر-1)}{2} م^{2} + \frac{ر(ر-1)(ر-2)}{3\times 2} م^{3} + \text{وغیرہ}$$

نکال ڈالو 1 کو دونوطرف اس مساوات سے اور تقسیم کرو اونہین $ر$ پر تو

$$ر\left(ص + \frac{ر-1}{2} ص^{2} + \frac{(ر-1)(ر-2)}{3\times 2} ص^{3} + \text{وغیرہ}\right) =$$

$$م + \frac{ر-1}{2} م^{2} + \frac{(ر-1)(ر-2)}{3\times 2} م^{3} + \text{وغیرہ}$$

اب فرض کرو کہ $ر = 0$ تو حاصل ہوتا ہی ہمین

$$ر\left(ص - \frac{1}{2} ص^{2} + \frac{1}{3} ص^{3} - \frac{1}{4} ص^{4} + \text{وغیرہ}\right)$$

$$= م - \frac{1}{2} م^{2} + \frac{1}{3} م^{3} - \frac{1}{4} م^{4} + \text{وغیرہ}$$

یعنے $ر = \text{لوگ}\,(1+م) = \dfrac{م - \frac{1}{2} م^{2} + \frac{1}{3} م^{3} - \frac{1}{4} م^{4} + \text{وغیرہ}}{ص - \frac{1}{2} ص^{2} + \frac{1}{3} ص^{3} - \frac{1}{4} ص^{4} + \text{وغیرہ}}$

$$= \frac{م - \frac{1}{2} م^{2} + \frac{1}{3} م^{3} - \frac{1}{4} م^{4} + \text{وغیرہ}}{(ط-1) - \frac{1}{2}(ط-1)^{2} + \frac{1}{3}(ط-1)^{3} - \text{وغیرہ}}$$

$$= ع\left(م - \frac{1}{2} م^{2} + \frac{1}{3} م^{3} - \frac{1}{4} م^{4} + \text{وغیرہ}\right)$$

اگر فرض کرین ہم $ع = \dfrac{1}{(ط-1) - \frac{1}{2}(ط-1)^{2} + \frac{1}{3}(ط-1)^{3} - \text{وغیرہ}}$

اور یہہ بات تم یاد رکھو کہ اگر ہم نہ فرض کرین م کو ایک چھوٹی کسر تو یہہ بات خوب ظاہر ہی کہ سلسلہ

جو حاصل ہو اسی واسطے قیمت آ کی تمام ایسی جلدی سی نہین ہوگا کہ مجموعہ چند رقمون سلسلہ مذکور کا کافی ہو جاوے واسطے قیمت آ مذکور کے *

خواسیواسطے فرض کرو کہ م = $\frac{۱}{ل-۱}$ یہان ل = ہی ایک عدد کے جو زیادہ ہی ۲ سے تب

$$\frac{۱+م}{۱-م} = \frac{۱+\frac{۱}{ل-۱}}{۱-\frac{۱}{ل-۱}} = \frac{ل}{ل-۲}$$ اور لوگ (۱+م) — لوگ (۱-م)

= لوگ ل — لوگ (ل-۲) اب لوگ (۱+م) = ... (۱)

ع (م - $\frac{۱}{۲}$ م^۲ + $\frac{۱}{۳}$ م^۳ - $\frac{۱}{۴}$ م^۴ + $\frac{۱}{۵}$ م^۵ - وغیرہ) بجای آم کے مندرج کیا ہمنی — م

اسس مساوات مین تو لوگ (۱-م) = ع (-م - $\frac{۱}{۲}$ م^۲ - $\frac{۱}{۳}$ م^۳ - $\frac{۱}{۴}$ م^۴ - $\frac{۱}{۵}$ م^۵ - وغیرہ) تفریق کیا ہمنی مساوات اول سے دوسری کو تو

لوگ (۱+م) — لوگ (۱-م) = ۲ع (م + $\frac{۱}{۳}$ م^۳ + $\frac{۱}{۵}$ م^۵ + وغیرہ) یعنی

لوگ ل — لوگ (ل-۲) = ۲ع (م + $\frac{۱}{۳}$ م^۳ + $\frac{۱}{۵}$ م^۵ + وغیرہ)

اور لوگ ل = ۲ع (م + $\frac{۱}{۳}$ م^۳ + $\frac{۱}{۵}$ م^۵ + وغیرہ) + لوگ (ل-۲) (ط)

جسوقت کوئی قیمت واسطی ع کے مقرر ہو تو سلسلہ بالا بہت خوب سلسلہ ہو جاتا ہی واسطے بنانی ایک کتاب لوگارسم کی

ترکیب بنانے لوگارتم کی کتاب کی

چونکہ ط کو کچھی فرض کر سکتے ہین تو اول فرض کرو اسسے ایسا

کہ (ط-۱) - $\frac{۱}{۲}$ (ط-۱)^۲ + $\frac{۱}{۳}$ (ط-۱)^۳ - وغیرہ یعنی $\frac{۱}{ع}$ کہ مساوی لہ اسکا ہی مساوی آسکے ہو اور اسس صورت مین مساوات مرقومہ بالا ہو جاویگی اسس شکل کی

لوگ ل = ۲ ($\frac{۱}{ل-۱}$ + $\frac{۱}{۳(ل-۱)^۳}$ + $\frac{۱}{۵(ل-۱)^۵}$ + وغیرہ) + لوگ (ل-۲)

لیکن چونکہ ل کا زیادہ ہونا ضرور ہی ۲ سے تو اول لازم ہی ہمین دریافت کرنا لوگارتم ۲ کا پہلے بنانے

---

* اگر ایک سلسلہ اس صورت کا ہو ۱ + $\frac{۱}{۳}$ + $\frac{۱}{۹}$ + $\frac{۱}{۲۷}$ + وغیرہ تو ظاہر ہی کہ یہہ سلسلہ اختتام کی نہین مایل ہی اور چونکہ سلسلہ لا انتہا ہی تو اسکی جمع نہین ہو سکتی اس سلسلہ کو سلسلہ دار کہتے ہین اور اگر ایک سلسلہ اس شکل کا ہو ۱ + $\frac{۱}{۱۰}$ + $\frac{۱}{۱۰۰}$ + $\frac{۱}{۱۰۰۰}$ وغیرہ تو ظاہر ہی کہ یہہ سلسلہ مایل باختتام ہی کہ اگر اسکی چند رقمین جمع کرین تو اوس مقدار کی جو مساوی ہی اس سلسلہ کی بہت قریب معلوم ہو سکتی ہی اور اس سلسلہ کو سلسلہ کوتہ کہتے ہین

کتاب لوگارثم کی اسیواسطے فرض کرو

ل = ۴ تو لوگ ۴ = لوگ $۲^{۲}$ = ۲ لوگ ۲ = ۲ ($\frac{۱}{۳}$ + $\frac{۱}{۳\times۳^{۳}}$ + $\frac{۱}{۵\times۳^{۵}}$ + وغیرہ)

+ لوگ ۲ لگا لو دونوطرف اسمساوات کی سی لوگ ۳ کو تو

لوگ ۲ = ۲ ($\frac{۱}{۳}$ + $\frac{۱}{۳\times۳^{۳}}$ + $\frac{۱}{۵\times۳^{۵}}$ + وغیرہ ۷ رقمون تک) = ۰٫۶۹۳۱۴۷۲

اسطرح سیے حاصل کرکے لوگارثم ۲ کی اگر فرض کرین ہم پی در پی واسطے ل کی تمام اعداد اصلی یعنے اعداد جو ہنین پورے قسمت ہوسکتے ہین کسی عدد پر سوای اپنی اور عدد ایک کی تو معلوم ہوجائینگی ہمین لوگارثم اون سب اعداد کی اور بوسیلہ خواص لوگارثم کے دریافت کرسکتے ہین ہم لوگارثم اور عددون کی بہت سہولت سیے مثلاً

لوگ	
۱ = ...	= ..... ۰٫۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰
۲ = ...	۰٫۶۹۳۱۴۷۲
۳ = ۲ ($\frac{۱}{۲}$ + $\frac{۱}{۳\times۳^{۳}}$ + $\frac{۲}{۵\times۳^{۵}}$ + وغیرہ ۱۰ رقمون تک) + لوگ آر (۰)	= ۱٫۰۹۸۶۱۲۳
۴ = ۲ لوگ ۲ = ...	۱٫۳۸۶۲۹۴۴

لوگ

۵ = ۲ ($\frac{۱}{۴}$ + $\frac{۱}{۴\times۳^{۴}}$ + $\frac{۱}{۵\times۴^{۵}}$ + وغیرہ + ۶ رقمون تک) + لوگ ۳	= ۱٫۶۰۹۴۳۷۹
۶ = لوگ ۲ + لوگ ۳ = ...	= ۱٫۷۹۱۷۵۹۵
۷ = ۲ ($\frac{۱}{۴}$ + $\frac{۱}{۴\times۳^{۴}}$ + $\frac{۱}{۵\times۴^{۵}}$ + $\frac{۱}{۶\times۷^{۶}}$) + لوگ ۵	= ۱٫۹۴۵۹۱۰۱
۸ = لوگ ۴ + لوگ ۲ یا لوگ $۲^{۳}$ = ۳ لوگ ۲	= ۲٫۰۷۹۴۴۱۵
۹ = لوگ $۳^{۲}$ = ۲ لوگ ۳	= ۲٫۱۹۷۲۲۴۶
۱۰ = لوگ ۵ + لوگ ۲	= ۲٫۳۰۲۵۸۵۱
وغیرہ = وغیرہ	= وغیرہ

اس قسم کی لوگارسم کہ جو بنی ہین فرض کرنی سیے ع = اسکے لوگارثم نیپری کہلاتی ہین کیونکہ نیپر صاحب نے اونہین ایجاد کیا تہا اسی قسم کی لوگارثم کو لوگارثم بعید البیضوی بہی کہتے ہین کیونکہ وہ تعلق رکھتے ہین مساحت بعید البیضوی مساوی القطرین کی سیے سوای لوگارثم نیپر کی ایک اور قسم کی بہی لوگارسم ہوتی ہین جسکو لوگارسم مروج کہتے ہین اس قسم کی لوگارسم مین ط فرض کیا گیا ہی = ۱۰

∴ ط$^{\overline{۱}}$ = ۰۰۱ اور ط$^{\overline{۲}}$ = ۰۰۰۱ اور ط$^{\overline{۳}}$ = ۰۰۰۰۱ اور اس سے یہہ معلوم ہوا کہ اعداد ۰۰۱ ۰۰۰۱ ۰۰۰۰۱ وغیرہ کی لوگارسم $\overline{۱}$ $\overline{۲}$ $\overline{۳}$ $\overline{۴}$ وغیرہ ہین تاکہ معلوم ہوجاوے ہمین لوگارسم اون اعداد کی جو واقع ہین مابین عددون ۱۰ اور ۰۰۱ کے اور ۰۰۱ اور ۰۰۰۱ کی وغیرہ لازم ہی ہمین اول دریافت کرنا قیمت ع کی جسوقت ط = ۱۰ اور اوسکی ترکیب یہہ ہی اوسقسم کی لوگارثم جنکا عدد مضروب فیہ ع ہی

لوگ (۱+م) = ع (م − ½ م^{۲} + ⅓ م^{۳} − وغیرہ) اور لوگارثم نیپری مین

لوگ (۱+م) = م − ½ م^{۲} + ⅓ م^{۳} − وغیرہ تو معلوم ہوا کہ اوسقسم کی لوگارثم مین جنمین عدد مضروب فیہ = ع کی ہی لوگ (۱+م) = ع × نیپری لوگ (۱+م) اب لوگارثم مروج مین ۱+م = ۱۰

تو لوگ ۱۰ = ع × نیپری لوگ ۱۰ یعنے ۱ = ع × ۲۳۰۲۵۸۵۱

$$ع = \frac{۱}{۲۳۰۲۵۸۵۱} = ۴۳۴۲۹۴۴۸$$

تاکہ دریافت ہوجاوے ہمین لوگارثم مروج اعداد کی جاہئے ہمین لکھنا اس قیمت ع کو مساوات (ط) مین تو حاصل ہوتا ہی

لوگ ل = ۴۳۴۲۹۴۴۸ × (۱/(ل−۱) + ۱/۲(ل−۱)^{۲} + ۱/۳(ل−۱)^{۳} + وغیرہ)

+ لوگ (ل − ۲) ..... (۲)

اور اگر ہم فرض کرین پی در پے اعداد اصلی واسطی آ کے تو بوسیلہ اس مساوات کی فہرست ذیل بن جاویگی

لوگ مروج ۲ = ۳۰۱۰۳۰۰ (۱/۲ + ۱/۳×۲^{۳} + ۱/۵×۲^{۵} + وغیرہ ۱۰ رقمون تک) = ۶۹۳۱۴۷۱۸۰

۳ = ۴۷۷۱۲۱۳ (۱/۲ + ۱/۳×۲^{۲} + ۱/۵×۲^{۴} + وغیرہ ۱۰ رقمون تک) = ۱۱۷۶۱۲۷۷۴

۴ = ۲ لوگ ۲ ..... = ۶۰۲۰۶۰۰

۵ = لوگ ۱۰/۲ = لوگ ۱۰ − لوگ ۲ = ۱ − لوگ ۲ ..... = ۸۹۷۰۰۰۰

۶ = لوگ ۳ + لوگ ۲ ..... = ۷۷۸۱۵۱۳

۷ = ۸۴۵۰۹۸ + لوگ ۵ (۱/۷ + ۱/۴×۷^{۴} + ۱/۵×۷^{۵} + ۱/۶×۷^{۶} + وغیرہ)

اسیطرح سب اعداد اصلی کی لوگارسم دریافت ہوسکتی ہین اور ظاہر ہی کہ جتنے اعداد بڑھتے ہونگی اوتنی ہی کم رقمین سلسلہ مین ضرور ہونگی واسطے دریافت کرنے اونکی لوگارثم کی ۰۰۰۰ سے آگے صرف آہی رقم ضرور ہونگی وہ قیمت ط کی جسکی وسطے سے سلسلہ (ط − ۱) − (ط−۱)^{۲}/۲ + وغیرہ مساوی آ کے ہوجاوے سلسلہ غیر مقررہ مین جو فصل گذشتہ مین ثابت ہوا ہی دریافت ہوئی ہی

فصل چوتھی بیچ بیان حل کرنے سوالات ہندسی کے بوسیلہ جبر و مقابلہ کے

حدود

مثلث قایم الزاویہ کی طرفون کو ریاضی والون نے علیحدہ علیحدہ نام رکھا ہی جو طرف کہ واقع ہوتی ہی سامنی قایمہ کے اوسیے وتر کہتے ہین اور باقی دو طرفون مین سے ایک کو قاعدہ اور دوسری کو عمود کہتے ہین اگر ایک شکل چار ضلع کی ہو اور اوسکے سامنی کے دو گوشون مین ایک خط مستقیم وصل کیا جاے تو اوس خط کو قطر بسط کہتے ہین اگر ایک مثلث کی ایک طرف کو ہم قاعدہ مقرر کرین تو جس نقطہ پر باقی دو ضلعے المسیمین قاطع کرین اوس نقطہ کو راس مثلث کی کہتے ہین اور اگر خط عمود راس سے قاعدہ پر کھینچا جاوے اوس خط کو ارتفاع مثلث کہتے ہین ظاہر ہی کہ یہہ عمود تقسیم کرتا ہی قاعدہ کو دو حصون مین اور ہر دو ان حصون کو بازو کہتے ہین جو چھوٹا ہی اوس سے بازو خورد کہتے ہین اور جو حصہ بڑا ہی اوسیے بازو کلان کہتے ہین

سوالات مثلثون کے

سوال ۱ آ ب س ایک مثلث قایم الزاویہ ہی فرض کرو کہ معلوم ہی ہین قاعدہ ب س اور مجموعہ وتر آ س اور عمود آ ب کا دریافت کرنا چاہتے ہین ہم علیحدہ علیحدہ مقدار عمود اور وتر کی سوال سے واضح ہی کہ عمود اور وتر مقدارین لا مجہول ہین اور اسیواسطی فرض کرو عمود آ ب = لا اور وتر ب



آ س = د لیکن مجموعہ عمود اور وتر کا اور مقدار قاعدہ کی معلوم ہی فرض کرو مجموعہ = ح اور قاعدہ = ط تب لا + د = ح لیکن بحکم ۷ ۴ شکل اول مقدار اقلیدس کے لا² + ط² = د² لیکن لا = ح - د

اور ظاہر ہی کہ اس حاصل جمع پر کوئی مقدار مقررہ زیادہ کرنا ضرور نہین ہی سلسلے آئندہ اسطرح سے بنتے ہین ت ان جز کسی کا اوپنین سے مساوی ہی حاصل جمع ن کتون جزون اوس سلسلہ کی جو واقع

جو واقع ہی ماقبل اوسکی واضح ہو کہ ان سلسلون کے اجزای کو اعداد شکلی کہتے ہین اول سلسلہ کی اعداد کو اعداد شکلی اول مرتبہ کی کہتے ہین اور دوم سلسلہ کی اعداد کو دوم مرتبہ کی اعداد شکلی کہتے ہین و علی ہذا القیاس

اول مرتبہ کی اعداد شکلی	۱	۱	۱	۱	۱	۱		وغیرہ
دوم ایضاً	۱	۲	۳	۴	۵	۶		وغیرہ
سوم ایضاً	۱	۳	۶	۱۰	۱۵	۲۱		وغیرہ
چہارم ایضاً	۱	۴	۱۰	۲۰	۳۵	۵۶		وغیرہ
پنجم ایضاً	۱	۵	۱۵	۳۵	۷۰	۱۲۶		وغیرہ

مثال ۶ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع ن جزون م وین مرتبہ کی اعداد شکلی کا ظاہر ہی کہ اول مرتبہ کی اعداد شکلی کے ن جزون کا حاصل جمع ن ہی اور اسیواسطی زیادتی دوم مرتبہ کی اعداد شکلی کے حاصل جمع کی (ن + ۱) ہی اور اسیواسطی حاصل جمع دوسرے مرتبہ کی اعداد شکلی کے ن جزون کا $\frac{ن(ن+۱)}{۲}$ ہی اور رہیان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ $\frac{(ن+۱)(ن+۲)}{۲}$ ہی زیادتی سوم مرتبہ کی اعداد شکلی کی حاصل جمع کی اور اسیواسطی $\frac{ن(ن+۱)(ن+۲)}{۲\times۳}$ ہی حاصل جمع ن جزون سوم مرتبہ کی اعداد شکلی کا اور ظاہر ہی کہ اسی طرح سے چہارم اور پنجم وغیرہ مرتبہ کی ن جزون اعداد شکلی کا حاصل جمع معلوم ہوسکتا ہی پس ظاہر ہی کہ م وین مرتبہ کی اعداد شکلی کے ن جزون کا حاصل جمع یہہ ہوگا

$$\frac{ن(ن+۱)(ن+۲)\ldots\ldots(ن+م-۲)(ن+م-۱)}{۱\times۲\times۳\times۴\ldots\ldots(م-۱)م}$$

مثال ۷ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع ن جزون اس سلسلہ کا

۱ × ۲ + ۲ × ۳ + ۳ × ۴ + ۴ × ۵ + ۵ × ۶ + وغیرہ ن جزون تک ظاہر ہی کہ (ن+۱) (ن+۲) جز اس سلسلہ کا یعنے زیادتی حاصل جمع اس سلسلہ کی یہہ ہی (ن + ۱) (ن + ۲) اور اسیواسطی مقدار کلی یعنے حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہوگا $\frac{ن(ن+۱)(ن+۲)}{۳}$ اور ظاہر ہی کہ اسپر کوئی مقدار مقررہ زیادہ کرنی ضرور نہین ہی

مثال ۸ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع ن جزون ایک ایسی سلسلہ کا جسکا ن وان جزیہہ ہی ط $ن^۳$ + ص $ن^۲$ + ع ن + ف اور اسکے ط اور ص اور ع اور ف مقدار مفروض ہین فرض کرو کہ ا ن (ن+۱)(ن+۲) + ب ن (ن+۱) + ج ن + س = ط $(ن+۱)^۳$ + ص $(ن+۱)^۲$ + ع (ن+۱) + ف یا

$$\left.\begin{array}{l} ا ن^۳ + ۳ ا ن^۲ + ۲ ا ن + س \\ \quad + ب ن^۲ + ب ن \\ \quad + ج ن \end{array}\right\} = \left\{\begin{array}{l} ط ن^۳ + ۳ ط ن^۲ + ۳ ط ن + ط \\ \quad + ص ن^۲ + ۲ ص ن + ص \\ \quad + ع ن + ع \\ \quad + ف \end{array}\right.$$

پس معلوم ہوا کہ $ا = ط$ اور $۳ ا + ب = ۳ ط + ص$ اور $\therefore ب = ص$ اور

$۲ ا + ب + ج = ۳ ط + ۲ ص + ع$ اور اسیواسطی

$۲ ط + ص + ج = ۳ ط + ۲ ص + ع$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ

$ج = ط + ص + ع$ اور $س = ط + ص + ع + ف$ پس معلوم ہوا کہ

زیادتی حاصل جمع مطلوبہ کی یہہ ہے

$ط ن (ن+۱)(ن+۲) + ص ن (ن+۱) + (ط + ص + ع) ن +$

$ط + ص + ع + ف$ اور اسیواسطی مقدار کلی یعنے حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہے

$$\frac{ط (ن-۱) ن (ن+۱)(ن+۲)}{۴} + \frac{ص (ن-۱) ن (ن+۱)}{۳}$$

$$+ \frac{(ط + ص + ع)(ن-۱) ن}{۲} + (ط + ص + ع + ف) ن$$ اور ظاہر ہی کہ

اسپر کوئی مقدار مقررہ زیادہ کرنی ضرور نہین ہی سوای قواعد مذکورہ بالا کے اور یہی قواعد خاص درباب سلسلون کے مہندسون نے نکالی ہین اور اونسے بعضی اوقات بہت سہولت سی عمل ہوتا ہے جیسے کہ مثالون آئندہ سے واضح ہوگا

مثال ۹ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا تجزون سلسلہ آئندہ کا حاصل جمع

$۵ + ۶ + ۷ + ۸ + ۹ + ۱۰ + ۱۱ + ۱۲ +$ وغیرہ

فرض کرو کہ حاصل جمع مطلوب مساوی اس سلسلہ کی ہی

$ا ن + ب ن^۲ + ج ن^۳ + د ن^۴ + س ن^۵ +$ وغیرہ

اب ظاہر ہی کہ زیادتی اس سلسلہ کی یہہ ہوگی

$ا (ن+۱) + ب (ن+۱)^۲ +$ وغیرہ $- ا ن - ب ن^۲ -$ وغیرہ

یعنے یہہ زیادتی ہوگی $ا + ۲ ب ن + ب + ۳ ج ن^۲ + ۳ ج ن + ج +$ وغیرہ

لیکن زیادتی سلسلہ مفروض کی یہہ ہی ت + ۵ پس معلوم ہوا کہ

ا + ۲ ب = ن + ب + ۳ ج ن۲ + وغیرہ = ن + ۵ پس معلوم ہوا کہ ۲ ب = ۱ اور

اسیواسطے ب = ۱/۲ اور ج = ۰ اور ا + ب = ۵ ∴ ا = ۵ − ۱/۲ = ۹/۲

اور یہان سے معلوم ہوا کہ حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہی ۹ن/۲ + ن۲/۲ = ۹ ن + ن۲ / ۲

اس مثال کے ملاحظہ کرنی سے طالب اس فن کو ایک بہت خوب قاعدہ واسطے دریافت کرنی حاصل جمع سلسلون کے معلوم ہو جائیگا اور وہ قاعدہ یہہ ہی جسوقت کسی سلسلہ کا حاصل جمع مطلوب ہو اوسوقت بجاے حاصل جمع مطلوبہ کی فرض کرو ایک ایسا سلسلہ کہ اوسمین قواے ن کے یا ی حائین اور امثال ان قوتون کے مقدار غیر منقطع مثل آ اور ب وغیرہ کی ہون بعد ازان اوس سلسلہ کی زیادتی کو للکھو مساوی زیادتی اوس سلسلہ کی جسکا حاصل جمع مطلوب ہی اور اس مساوات سی معلوم ہو جائیگی ہمین تعیین مقدارون غیر منقطع کی اور بعد ازان حاصل جمع مطلوب بہی معلوم ہو جائیگا

مثال ۱۰ فرض کرو کہ ایک ڈہیر گولیونکا اسطرح سے لگا ہوا ہی کہ اوس ڈہیر کی شکل مخروط مضلع کی ہے اور اسکا قاعدہ ایک مربعہ ہی اور اس مربعہ کی ایک ضلع مین ن گولی ہین بتاؤ کتنی گولی ہین سارے ڈہیر یعنے مخروط مضلع مذکور مین اب چونکہ موافق فرض کے ایک ضلع قاعدہ مخروط کی مین ن گولی ہین تو ساری قاعدہ یعنی کل مربعہ مین ن۲ گولی ہونگی اب چونکہ اس مربعہ کی جو مربعہ اوپر ہوگا اوسکی ایک ضلع مین (ن − ۱) گولی ہونگی تو ظاہر ہی کہ دوسرے مربع مین (ن − ۱)۲ گولی ہونگی اور اسیطرح سی تیسرے مربعہ مین (ن − ۲)۲ گولی ہونگی اور علی ہذا القیاس پس معلوم ہوا کہ ساری گولی کل مخروط مین مساوی ہونگے اوس سلسلہ مجذورون کے ن۲ + (ن − ۱)۲ + (ن − ۲)۲ + (ن − ۳)۲ + (ن − ۴)۲ + وغیرہ یا اوس سلسلہ کی آ + ۲۲ + ۳۲ + ۴۲ + ... + ن۲

اب ظاہر ہی کہ حاصل جمع اس سلسلہ کا دریافت ہو سکتا ہی بوسیلہ قاعدہ زیادتیون کے لیکن ہم اسجاے اسکا حاصل جمع اوس طریقہ سی دریافت کرینگے جس سے دریافت کیا ہی ہمنے حاصل جمع جو مطلوب تہا مثال (۹) مین واسطے اس مطلب کی فرض کرو کہ ا ن + ب ن۲ + ج ن۳ حاصل جمع مطلوبہ ہی اور اسیواسطے زیادتی اس صورت کی یہہ ہوگی

ا (ن + ۱) + ب (ن + ۱)۲ + ج (ن + ۱)۳ − ا ن − ب ن۲ − ج ن۳ لیکن زیادتی اوس سلسلہ کی جسکا حاصل جمع مطلوب ہی یہہ ہی

(ن + ۱)۲ یا ن۲ + ۲ ن + ۱ پس اب حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\left.\begin{matrix} ۳ج ن^{۲} + ۳ج ن + ج \\ + ۲ب ن + ب \\ + ۱ \end{matrix}\right\} = ن^{۳} + ۲ن + ۱$$

اور اسیواسطی حاصل ہوگئی یے مساواتین ۳ج = ۱ اور ∴ ج = $\frac{۱}{۳}$ اور

۳ج + ۲ب = ۲ یا ۱ + ۲ب = ۲ ∴ ب = $\frac{۱}{۲}$ لیکن ۱ + ب + ج = ۱

∴ $\frac{۱}{۲}$ + $\frac{۱}{۳}$ + ۱ = ا پس معلوم ہوا کہ ا = $\frac{۱}{۶}$ اور بیان سے معلوم ہوا کہ حاصل

جمع مطلوب یہہ ہی $\frac{ن}{۶}$ + $\frac{ن^{۲}}{۲}$ + $\frac{ن^{۳}}{۳}$ اور اسپر کوی مقدار مقررہ زیادہ کرنی ضرور نہین

ہی اگر لکھتے ہم واسطی حاصل جمع مطلوب کی یہہ سلسلہ ا ن + ب $ن^{۲}$ + ج $ن^{۳}$ + د $ن^{۴}$ وغیرہ تو

دریافت ہوتا یہہ کہ د = ۰ اور س = ۰ اور علی ہذا القیاس

اب تک ہمنی بیان کیا ہی وہ قاعدہ زیادتیون کا جسکی وسیلہ سی فقط وہی سلسلے جسکی اجزای اعداد صحیح

ہین جمع ہوسکتی ہین اب ہم لکھینگے وہ قاعدہ زیادتیون کا جسکی وسیلہ سی حاصل جمع اون سلسلون کا

بہی جنمین اجزای کسری ہون معلوم ہوجاتا ہی قاعدہ مذکور یہہ ہی

اگر کسر $\frac{۱}{م (م + ی)(م + ۲ی) \cdots م + (ن - ۱)ی}$ ہو وی کوئی مقدار کلی اور اسمین

و ہو وی کوی مقدار مقررہ کہ اسی قدر م متواتر زیادہ ہوتا ہی تو زیادتی اس مقدار کلی کی یہہ ہوگی

$$\frac{- ن ی}{م (م + ی)(م + ۲ی) \cdots (م + ن ی)}$$

اسواسطی کہ جسوقت ن ہوجاتا ہی ن + ۱ اوسوقت قیمت مقدار کلی کی یہہ ہوتی ہی

$$\frac{۱}{(م + ی)(م + ۲ی)(م + ۳ی) \cdots (م + ن ی)}$$

اور اگر اسمین سے تفریق کرین ہم قیمت اصلی مقدار کلی کی تو حاصل تفریق یہہ ہوتا ہی

$$\frac{م - (م + ن ی)}{م (م + ی)(م + ۲ی) \cdots (م + ن ی)} = \frac{- ن ی}{م (م + ی)(م + ۲ی) \cdots (م + ن ی)}$$

اور یہی ہی زیادتی مرقومہ بالا بیان سے یہہ بہی معلوم ہوتا ہی کہ اگر ہو وی

$$\frac{1}{م(م+د)(م+۲د)\ldots\ldots\ldots(م+ن د)}$$

کوئی زیادتی تو مقدار کلی اسکی یہہ ہوگی

$$\frac{1}{م(م+د)(م+۲د)(م+۳د)\ldots\ldots\ldots م+(ن-۱)د}$$

اور یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اگر ہووے

$$\frac{1}{م(م+د)(م+۲د)\ldots\ldots\ldots(م+ن د)}$$

کوئی زیادتی تو مقدار کلی اوسکی یہہ ہوگی

$$-\frac{1}{ن د}\cdot\frac{1}{م(م+د)(م+۲د)\ldots\ldots\ldots م+(ن-۱)د}$$

یعنے یہان سے یہہ قاعدہ نکلتا ہی اگر کوئی زیادتی اس

$$\frac{1}{م(م+د)(م+۲د)\ldots\ldots\ldots(م+ن د)}$$

شکل کی ہو تو اوسکی مقدار کلی دریافت ہوسکتی ہی اگر دو رکن ہم اخیر جز ضربی اوسکی نسبنما کو اور بعد ازان مقسوم کرین باقی کو متواتر تعداد اجزای پر جو باقی رہی ہین اور فرق عام پر اور جو کچھہ حاصل ہووے سے تفریق کرین یہہ قاعدہ خوب واضح ہوجائیگا مثالون آئندہ سے

مثال ۱ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا ان جزون اس سلسلہ کا

$$\frac{1}{۱\times۲\times۳}+\frac{1}{۲\times۳\times۴}+\frac{1}{۳\times۴\times۵}+\text{وغیرہ ان جزون تک}$$

اسسے ظاہر ہی کہ ان جزو اس سلسلہ کا $\frac{1}{ن(ن+۱)(ن+۲)}$ ہی

پس معلوم ہوا کہ $(ن+۱)$ ان جزو اس سلسلہ کا یعنی زیادتی حاصل جمع اس سلسلہ کی یہہ ہی

$$\frac{1}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)}$$ اور اس مقدار کی مقدار کلی یہہ ہے $\frac{-1}{۲(ن+۱)(ن+۲)}+ق$

اور جسوقت $ن=۱$ اوسوقت ظاہر ہی کہ

$$\frac{-1}{۲\times۲\times۳}+ق=\frac{1}{۱\times۲\times۳}\quad\text{اور}\quad ق=\frac{1}{۱\times۲\times۳}+\frac{1}{۲\times۲\times۳}$$

$= \frac{۳}{۱۲ \times ۱} = \frac{۱}{۴}$ اور یہان سی معلوم ہوا کہ حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہی

$$\frac{۱}{۴} - \frac{۱}{۲(ن+۱)(ن+۲)}$$

مثال ۲ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ کا

$$\frac{۵}{۴ \times ۳ \times ۲ \times ۱} + \frac{۷}{۵ \times ۴ \times ۳ \times ۲} + \frac{۹}{۶ \times ۵ \times ۴ \times ۳} + \text{وغیرہ ن جزون تک}$$

اسجای ظاہر ہی کہ (ن+۱) وان جزاس سلسلہ کا یعنے زیادتی اسکی یہہ ہی

$$\frac{۲ن+۵}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)(ن+۴)} = \frac{۲(ن+۱)+۳}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)(ن+۴)}$$

$$= \frac{۲}{(ن+۲)(ن+۳)(ن+۴)} + \frac{۳}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)(ن+۴)}$$

اور ظاہر ہی کہ مقدار کلی یعنے حاصل جمع مطلوب

$$= \frac{-۱}{(ن+۲)(ن+۳)} - \frac{۱}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)} + ق$$

اور جسوقت ن = ۱ اوسوقت ظاہر ہی کہ حاصل جمع مطلوب

$$= \frac{۵}{۴ \times ۳ \times ۲ \times ۱} \text{ اور } \therefore -\frac{۱}{۴ \times ۳} - \frac{۱}{۴ \times ۳ \times ۲} + ق =$$

$$\frac{۵}{۴ \times ۳ \times ۲ \times ۱} \text{ یا } ق = \frac{۱+۲+۵}{۴ \times ۳ \times ۲ \times ۱} = \frac{۱}{۳} \text{ اور اسیواسطے حاصل}$$

جمع کامل یہہ ہی $\frac{۱}{۴} - \frac{۱}{(ن+۲)(ن+۳)} - \frac{۱}{(ن+۱)(ن+۲)(ن+۳)}$

$$= \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{(ن+۱)(ن+۳)}$$

مثال ۳ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ کا موافق قاعدہ زیادتیون کے

$\frac{1}{1\times 2^2} + \frac{1}{2\times 4} + \frac{1}{3\times 5} + \frac{1}{4\times 6}$ وغیرہ ن جزون تک ظاہر ہی

کہ زیادتی حاصل جمع اس سلسلہ کی یہہ ہی

$$\frac{1}{(ن+1)(ن+3)} = \frac{ن+2}{(ن+1)(ن+2)(ن+3)} = \frac{ن+1+1}{(ن+1)(ن+2)(ن+3)}$$

$$= \frac{1}{(ن+2)(ن+3)} + \frac{1}{(ن+1)(ن+\ )(ن+3)}$$ پس معلوم ہوا کہ مقدار کلی یعنے

حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہی $-\frac{1}{ن+2} - \frac{1}{2(ن+1)(ن+2)}$ + ت اب فرض کرو

کہ ن = ا تو $-\frac{1}{3} - \frac{1}{3\times 2\times 2} + ت = \frac{1}{1\times 3}$

اور ت $= \frac{2}{3} + \frac{1}{12} = \frac{9}{12} = \frac{3}{4}$ پس معلوم ہوا کہ حاصل جمع مذکور

یہہ ہی $\frac{3}{4} - \frac{1}{ن+2} - \frac{1}{2(ن+1)(ن+2)}$

مثال ۴ چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ کے ن جزون کا

$\frac{1}{1\times 2} + \frac{1}{3\times 5} + \frac{1}{5\times 7} + \frac{1}{7\times 9}$ وغیرہ ن جزون تک اسجای ظاہر ہی

کہ زیادتی حاصل جمع اس سلسلہ کی یہہ ہی $\frac{1}{(2ن+1)(2ن+3)}$ فرض کرو کہ

2 د = 2 ن + 1 اور اسی فرض کے موافق یہہ بات ظاہر ہی کہ د زیادہ ہوگا او سیقدر

جسقدر ن زیادہ ہوتا ہی یعنے د زیادہ ہوتا ہی متواتر بقدر آیکے اور

$$\therefore \frac{1}{(2ن+1)(2ن+3)} = \frac{1}{2د(2د+2)} = \frac{1}{4} \times \frac{1}{د(د+1)}$$

اور اس کے مقدار کلی یہہ ہی $-\frac{1}{4د} + ت = -\frac{1}{4ن+2} + ت$

اور جسوقت ن = ۱ اوسوقت $\frac{1}{6} + ق = \frac{1}{3}$ اور $\therefore ق = \frac{1}{2}$

پس معلوم ہوا کہ حاصل جمع مطلوبہ یہہ ہی $\frac{1}{2} - \frac{1}{2 ن + 2}$

مثالین اور قواعد واسطے دریافت کرنے حاصل جمع سلسلون متناہی اور غیر متناہی کے اوپر بیان کی گئی ہین وہی کافی ہونگی اور امید ہی کہ طالب علم اونکی پڑہنے سی ایسی استعداد حاصل کریگا کہ اگر کوئی اور قسم کا بہی سلسلہ اوسکی آگے آویگا اوسکو بہی وہ جمع کرسکیگا بسبب اسکی کہ بہت سی اور دلچسپ اور مفید مطالب جبر و مقابلہ مین باقی ہین تو مین کچہہ اور زیادہ درباب سلسلون کے اسجا نہین لکہہ سکتا ہون چونکہ یہہ باب سلسلون کے بیانین ہی تو مین اسمین مندرج کرتا ہون یا یکدہ اور فصل کو جسمین بیان ہوگا معکوس کرنی سلسلون کے اور سلسلہ متواتر کا

فصل دسوین بیچ بیان معکوس کرنی سلسلون کے

اگر ہو وی یک مساوات اس شکل کے

ز = ط لا + ص لا^{۲} + ع لا^{۳} + ف لا^{۴} + وغیرہ ..... (۱)

اور چاہتے ہون ہم دریافت کرنا ایک ایسا سلسلہ

لا = ا ز + ب ز^{۲} + س ز^{۳} + د ز^{۴} + وغیرہ ..... (۲)

تو اس عمل کو معکوس کرنا سلسلہ کا کہتے ہین کسواسطے کہ اول مساوات مین تو مساوی ہی ایک سلسلہ کے جسمین لا کی قوای بتدریج زیادہ ہوتی جاتی ہین اور اون قوای کے سر خاص مقدارین مثل ط اور ص وغیرہ کی ہین برخلاف اسکے سلسلی دوسرے مین لا ہی مساوی ایک سلسلہ کی جسمین ز کی قوای بتدریج زیادہ ہوتی جاتی ہین اور اونکی امثال خاص مقدارین مثل ا اور ب وغیرہ کی ہین پس لازم ہی ہمین دریافت کرنی قیمتین ا اور ب وغیرہ کی نسبت ط اور ص وغیرہ کے اور واسطے اس مطلب کے دریافت کرو قیمتون مختلف قوای ز کو بوسیلہ سلسلہ اول کے

$$\therefore ز^{۲} = \left\{\begin{array}{l} ط^{۲} لا^{۲} + ۲ ط ص لا^{۳} + ص^{۲} \\ \quad + ۲ ط ع \end{array}\right. \left\{\begin{array}{l} لا^{۴} + ۲ ص ع \\ \quad + ۲ ط ف \end{array}\right. لا^{۵} + \text{وغیرہ}$$

$$ز^{۳} = ط^{۳} لا^{۳} + ۳ ط^{۲} ص \quad لا^{۴} + ۳ ط ص^{۲} \quad لا^{۵} + \text{وغیرہ}$$

$$ز^{۴} = ط^{۴} \quad لا^{۴} + ۴ ط^{۳} ص \quad لا^{۵} + \text{وغیرہ}$$

$$ز^{۵} = ط^{۵} \quad لا^{۵} \text{ وغیرہ}$$

پس جبوقت لکھین ہم ان قیمتون کو سلسلہ (۲) مین اور ثبت کرین قوای لا کو علی الترتیب تو

۰ = ۱ ط	لا + ۱ ص	لا^{۲} + ۱ ع	لا^{۳} + ۱ ف	لا^{۴} + و غیرہ
− ۱	+ ب ط^{۲}	+ ۲ ب ط ص	+ ب ص^{۲}	
		+ س ط^{۳}	+ ۲ ب ط ع	
			+ ۳ س ط^{۲} ص	
			+ د ط^{۴}	

اب جبوقت لکھین جمع ہر واحد سر قوای لا کو مساوی صفر کی تو حاصل ہونگی یہ مساواتین

۱ ط − ۱ = ۰ اور ۱ ص + ب ط^{۲} = ۰ اور ۱ ع + ۲ ب ط ص + س ط^{۳} = ۰

اور ۱ ف + ب ص^{۲} + ۲ ب ط ع + ۳ س ط^{۲} ص + د ط^{۴} = ۰ وغیرہ

اور ان مساواتون سے حاصل ہوتی ہین یہ قیمتین آ اور ب وغیرہ کی

$$۱ = \frac{۱}{ط} \text{ اور } ب = -\frac{۱ ص}{ط^{۲}} = -\frac{ص}{ط^{۳}}$$ اور اسیطرح سی دریافت ہوسکتا ہی کہ

$$س = -\frac{ط ع - ۲ ص^{۲}}{ط^{۵}} \text{ اور } و = -\frac{ط^{۲} ف - ۵ ط ص ع + ۵ ص^{۳}}{ط^{۷}}$$

پس جبوقت لکھین ہم یہ قیمتین آ اور ب وغیرہ کی سلسلہ (۲) مین تو حاصل ہوگا سلسلہ مطلوبہ یہ

$$لا = \frac{۱}{ط} ک - \frac{ص}{ط^{۳}} ک^{۲} - \frac{ط ع - ۲ ص^{۲}}{ط^{۵}} ک^{۳} - \frac{ط^{۲} ف - ۵ ط ص ع + ۵ ص^{۳}}{ط^{۷}} ک^{۴} - \text{وغیرہ}$$

اگر سلسلہ مفروض مین کوئی مقدار منقطع بھی ہوتی تو وہ سلسلہ اس شکل کا ہوتا

ی = ط ک + ط لا + ص لا^{۲} + ع لا^{۳} + ف لا^{۴} + وغیرہ اب فرض کرو کہ ہو ی − ط ک = ی

اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہ مساوات ی = ط لا + ص لا^{۲} + ع لا^{۳} + ف لا^{۴} + وغیرہ

اب موافق گذشتہ کی فرض کرو کہ ہی یہ سلسلہ واسطی قیمت لا کے نسبت ی کے

لا = ۱ ی + ب ی^{۲} + س ی^{۳} + د ی^{۴} + وغیرہ پس موافق گذشتہ کی حاصل ہوگی یہ مساوات

$$لا = \frac{۱}{ط} ی - \frac{ص}{ط^{۳}} ی^{۲} - \frac{ط ع - ۲ ص^{۲}}{ط^{۵}} ی^{۳} - \frac{ط^{۲} ف - ۵ ط ص ع + ۵ ص^{۳}}{ط^{۷}} ی^{۴} \text{ وغیرہ}$$

اور جسوقت لکھینگے ہم بجای ؤ کی اوسکی قیمت ؤ − ظَ تو اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات سلسلہ

$$\text{لا} = \frac{1}{\text{ظ}}(\text{ؤ} - \text{ظَ}) - \frac{\text{ص}}{\text{ظ}^3}(\text{ؤ} - \text{ظَ})^2 - \frac{\text{ظ ع} - 2\text{ص}^2}{\text{ظ}^5}(\text{ؤ} - \text{ظَ})^3$$

$$- \frac{\text{ظ}^2\text{ف} - 5\text{ظ ص ع} + 5\text{ص}^3}{\text{ظ}^7}(\text{ؤ} - \text{ظَ})^4 - \text{وغیرہ جسوقت سلسلہ مفروض ہین}$$

قوای طاق ہی لا کی ہون اوسوقت فرض کرو واسطی لا کے ایک ایسا سلسلہ کہ اوسمین بہی قوای ؤ کے فقط طاق ہی ہون مثلاً فرض کرو کہ ہی یہہ مساوات

$$\text{ؤ} = \text{ظ لا} + \text{ص لا}^3 + \text{ع لا}^5 + \text{ف لا}^7 + \text{وغیرہ پس اب فرض کرو کہ}$$

$$\text{لا} = 1\,\text{ؤ} + \text{ب ؤ}^3 + \text{س ؤ}^5 + \text{د ؤ}^7 + \text{وغیرہ اب اگر عمل کرین ہم بطور سابق کے}$$

کہ اوسوقت سلسلہ مفروض مین قوای لا کی طاق اور جفت دونوطرحکی ہین تو حاصل ہونگی یہہ مساوات

$$1 = \frac{1}{\text{ظ}} \text{ اور ب} = -\frac{\text{ص}}{\text{ظ}^4} \text{ اور س} = -\frac{\text{ظ ع} - 3\text{ص}^2}{\text{ظ}^7}$$

$$\text{اور د} = -\frac{\text{ظ}^2\text{ف} - 8\text{ظ ص ع} + 12\text{ص}^3}{\text{ظ}^{10}} \text{ اور علی ھذا القیاس}$$

پس اگر لکھین ہم ان قیمتون کو قیمت لا کی مین کہ ایک سلسلہ ہی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\text{لا} = \frac{1}{\text{ظ}}\text{ؤ} - \frac{\text{ص}}{\text{ظ}^4}\text{ؤ}^3 - \frac{\text{ظ ع} - 3\text{ص}^2}{\text{ظ}^7}\text{ؤ}^5 -$$

$$\frac{\text{ظ}^2\text{ف} - 8\text{ظ ص ع} + 12\text{ص}^3}{\text{ظ}^{10}}\text{ؤ}^7 - \text{وغیرہ اب ہم لکھتی ہین چند مثالین معکوس}$$

کرنے سلسلون کی تاکہ طالب علم کو مشق ہوجاوے

مثال ۱ فرض کرو کہ ہی یہہ سلسلہ $\text{ؤ} = 1 + \text{لا} + \frac{1}{1\times2}\text{لا}^2 + \frac{1}{1\times2\times3}\text{لا}^3 + \text{وغیرہ}$

اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت لا کی بوسیلہ ایک سلسلہ کی کہ اوسمین قوای ؤ کی علی الترتیب

لکھی ہوئی ہون اسجاے ظاہر ہی کہ ظ = 1 اور ظ = 1 اور ص = $\frac{1}{2}$

اور ع = $\frac{1}{3\times2}$ اور ف = $\frac{1}{4\times3\times2}$ وغیرہ اور اسیواسطی قیمتین آ اور ب

اور س وغیرہ کی یے ہین

$$ا = \frac{ا}{ط} = \frac{ا}{ا} = ا \text{ اور } ب = \frac{ص}{۳ط} = \frac{۱}{۲}$$

$$\text{اور } س = \frac{ط ع - ۲ ص^۲}{ط^۵} = \frac{۱}{۳ \times ۲} + \frac{۱}{۲} = \frac{۱}{۳}$$

اور اسیطرح سے معلوم ہوسکتا ہی کہ ف = $\frac{۱}{۴}$ اور علے ہذا القیاس پس حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$لا = ز - ۱ - \frac{(ز-۱)^۲}{۲} + \frac{(ز-۱)^۳}{۳} - \frac{(ز-۱)^۴}{۴} + \text{وغیرہ}$$

مثال ۲ فرض کرو کہ ہی یہہ سلسلہ ز = لا − $\frac{لا^۲}{۲}$ + $\frac{لا^۳}{۳}$ − وغیرہ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنے قیمت لا کی نسبت ز کے بوسیلہ ایک سلسلہ کے

جواب $لا = ز + \frac{ز^۲}{۲} + \frac{ز^۳}{۳} + \frac{ز^۴}{۴} + \frac{ز^۵}{۵} + \text{وغیرہ}$

مثال ۳ فرض کرو کہ ہی یہہ سلسلہ ز = لا − $\frac{۱}{۲}$ $لا^۲$ + $\frac{۱}{۳}$ $لا^۳$ − $\frac{۱}{۴}$ $لا^۴$ + وغیرہ چاہتے ہین دریافت کرنی قیمت لا کی نسبت ز کے بوسیلہ ایک سلسلہ کی

جواب $لا = ز + \frac{۱}{۲} ز^۲ + \frac{۱}{۳ \times ۲} ز^۳ + \frac{۱}{۴ \times ۳ \times ۲} ز^۴ + \text{وغیرہ}$

مثال ۴ فرض کرو کہ ہی یہہ سلسلہ ز = لا − $\frac{۱}{۳ \times ۲}$ $لا^۳$ + $\frac{۱}{۵ \times ۴ \times ۳ \times ۲}$ $لا^۵$

$$- \frac{۱}{۷ \times ۶ \times ۵ \times ۴ \times ۳ \times ۲} لا^۷ - \text{وغیرہ}$$

اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت لا کی نسبت ز کے بوسیلہ ایک سلسلہ کے

$$\text{جواب } لا = ز + \frac{۱}{۳ \times ۲} ز^۳ + \frac{۳}{۵ \times ۴ \times ۲} ز^۵ + \frac{۵ \times ۳}{۷ \times ۶ \times ۴ \times ۲} ز^۷$$

$$+ \frac{۷ \times ۵ \times ۳}{۹ \times ۸ \times ۶ \times ۴ \times ۲} ز^۹ + \text{وغیرہ}$$

مثال ۵ فرض کرو کہ ہی یہہ سلسلہ یا مساوات متسلسل

$لا + ط لا^۲ + ص لا^۳ + ع لا^۴ + \text{وغیرہ} = ک ز + ط ک ز^۲ + ص ک ز^۳ + ع ک ز^۴ + \text{وغیرہ}$

اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت ز کی نسبت لا کے

جواب ہو $= \frac{\text{لا}}{\text{ک}} + \frac{(\text{ط ک}^2 - \text{ط})\text{لا}^2}{\text{ک}^3} + \frac{(\text{ص ک}^2 - \text{ص ک} - ۲\text{ط})(\text{ط ک}^2 - \text{ط})\text{لا}^3}{\text{ک}^5}$ + وغیرہ

واضح ہو کہ سلسلہ کا معکوس کرنا بہت مفید ہی مثلاً اگر معلوم کرلین ہم بوسیلہ ایک سلسلہ کی قیمت جس لا یا جم لا وغیرہ کی اور اس سلسلہ مین قوای لا کی پای جاتی ہون تو معلوم ہوسکتا ہی ہمین ایک ایسا سلسلہ جو مساوی ہو لا کے اور اوسمین پائی جائین قوای حس لا یا جم لا وغیرہ کی اور ظاہر ہی کہ اس سے معلوم ہوسکتا ہی ہمین محیط ایک دایرہ کا

فصل یازدہم بیچ بیان قاعدہ سلسلون متواتر کے

اگر ایک سلسلہ مین اجزای پیدرپے گھٹتے جاتے ہون اور ہر واحد ان اجزای مین کا اپنی ماقبل کے کئی جزو نکے حاصل جمع سے کوئی خاص نسبت رکھتا ہو تو ایسی سلسلہ کو سلسلہ متواتر کہتے ہین ایسی سلسلونکا حاصل جمع ہمیشہ معلوم ہوسکتا ہی اور طریقہ دریافت کرنی حاصل جمع مزکور کا یہہ ہی فرض کرو کہ

ط + ص لا + ع لا^2 + وغیرہ سلسلہ مفروضہ ہی اور تعبیر کرو جزون اسکی کو حروف آ اور ب اور س اور د اور ی وغیرہ سے اور یہہ بھی فرض کرو کہ س = ف لاب + ک لا^2 ا اور د = ف لاس + ک لا^2 ب وغیرہ اور اسیجای مقدار ف + ک کو میزان نسبت کی کہتے ہین کیونکہ اجزای متواتر کی اپسکی نسبت اس مقدار پر موقوف ہی پس اب حاصل ہونگی یے مساواتین

ا = ا

ب = ب

س = ف لاب + ک لا^2 ا

د = ف لاس + ک لا^2 ب

ی = ف لا د + ک لا^2 س

وغیرہ = وغیرہ

اور اگر ا + ب + س + د + ی + وغیرہ لانہایت = ج

تو حاصل ہوگی ہمین یہہ مساوات ج = ا + ب + ف لا (ج − ا) + ک لا^2 × ج

یا ج − ف لاج − ک لا^2 ج = ا + ب − ف لا ا اور اسیسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$$\text{ج} = \frac{\text{ا} + \text{ب} - \text{ف لا ا}}{\text{ا} - \text{ف لا} - \text{ک لا}^2}$$

اور اگر ہودی میزان نسبت کی مرکب دو سی زیادہ جزون سے یعنی ہو دیے وہ یہہ ف + کہ + ھہ وغیرہ
ن جزون تک تو بطور گذشتہ کی یہہ ثابت ہو سکتا ہی کہ حاصل جمع سلسلہ مفروض کا یہہ ہوگا

۱ + ب + س .... ن جزون تک = ف لا (۱ + ب .... ن - ۱ تک) کہ لا (۱ + ... ن - ۲ تک) وغیرہ
۱ - ف لا - کہ لا۲ - ھہ لا۳ ..... ن + ۱ جزون تک

مثال ۱ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ لا نہایت کا

۱ + ۳ لا + ۹ لا۲ + ۲۷ لا۳ + وغیرہ لا نہایت کہ اسمین لا کم ہی بہ نسبت $\frac{1}{3}$ کے اس صورت مین

ظاہر ہی کہ ف = ۳ پس حاصل جمع مطلوبہ = $\frac{1}{1 - 3 لا}$

مثال ۲ چاہتے ہین دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ لا نہایت کا

۱ + ۲ لا + ۳ لا۲ + ۴ لا۳ + وغیرہ اور اسمین لا کم ہی بہ نسبت عدد ایک کے اسجای ظاہر ہی کہ ف = ۲

اور کہ = - ۱ اور حاصل جمع مطلوبہ

$= \frac{1 + 2 لا - 2 لا}{1 - 2 لا + لا^2} = \frac{1}{(1 - لا)^2}$ اگر لا ہو دیے مساوی آ کے تو ظاہر ہی کہ سلسلہ

لا نہایت ہو جاویگا حاصل جمع ن کتے جزون سلسلہ گذشتہ کا اسطرح سے معلوم ہونا ظاہر ہی

کہ بعد ن کتے جزون کے یہہ سلسلہ ہوگا (ن + ۱) لا^ن + (ن + ۲) لا^ن+۱ + (ن + ۳) لا^ن+۲ وغیرہ

اور چونکہ اس سلسلہ مین یہہ میزان نسبت کی ۲ - ۳ ہی تو موافق گذشتہ کی حاصل جمع اس سلسلہ کا یہہ ہوگا

$\frac{(ن + 1) لا^ن + (ن + 2) لا^{ن+1} - 2 (ن + 1) لا^{ن+1}}{1 - 2 لا + لا^2} =$

$\frac{(ن + 1) لا^ن - ن لا^{ن+1}}{(1 - لا)^2}$ پس معلوم ہوا کہ حاصل جمع اس سلسلہ کا

۱ + ۲ لا + ۳ لا۲ + ۴ لا۳ + وغیرہ کا =

$1 - \frac{(ن + 1) لا^ن - ن لا^{ن+1}}{(1 - لا)^2} = \frac{1 - (ن + 1) لا^ن + ن لا^{ن+1}}{(1 - لا)^2}$

اگر علامت لا کی بتدیل ہو جاوے تو ظاہر ہی کہ حاصل ہوگا یہہ سلسلہ

۱ - ۲ لا + ۳ لا۲ - ۴ لا۳ + ۵ لا۴ - وغیرہ اور حاصل جمع ن کتے جزون اس سلسلہ کا بطور

گذشتہ کے یہہ حاصل ہوگا

$\frac{(ن+۱)\,لا^{ن} - ن\,لا^{ن+۱}}{(۱-لا)^{۲}}$ اور اس صورت میں علامت فوقانی کا استعمال کرنا چاہیئے

جبوقت ن ایک عدد صحیح ہو اور علامت تحتانی کا جبوقت ایک عدد طاق ہو

مثال ۳ چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ کا

$۱ + ۳لا + ۵لا^{۲} + ۷لا^{۳} + ۹لا^{۴}$ وغیرہ فرض کرو کہ ف کہ ہی میزان نسبت سے کے پس اب حاصل ہو گئی ہے دو مساواتیں $۳ف + ک = ۵$ اور $۵ف + ۳ک = ۷$ اور انسی حاصل ہوتی ہیں ہے قیمتیں $ف = ۲$ اور $ک = -۱$ اور یہاں سے معلوم ہوا کہ

$۲ = \frac{۱ + ۳لا - ۴لا}{۱ - ۲لا + لا^{۲}} = \frac{۱ + لا}{(۱-لا)^{۲}}$ ظاہر ہی کہ بعد ان جزوں کے یہ سلسلہ ہر شکل کا ہو جائیگا

$(۲ن+۱)\,لا^{ن} + (۲ن+۳)\,لا^{ن+۱} + (۲ن+۵)\,لا^{ن+۲}$ وغیرہ اور حاصل اس جمع کا یہ ہوگا

$\frac{(۲ن+۱)لا^{ن} + (۲ن+۳)لا^{ن+۱} - ۲(۲ن+۱)\,لا^{ن+۱} - (۲ن-۱)لا^{ن+۱}}{۱ - ۲لا + لا^{۲}} = \frac{(۲ن+۱)لا^{ن}}{(۱-لا)^{۲}}$

پس معلوم ہوا کہ حاصل جمع ن کتنے جزوں اس سلسلہ کا $۱ + ۳لا + ۵لا^{۲} + ۷لا^{۳}$ وغیرہ

یہہ ہی $\frac{۱ + لا - (۲ن+۱)\,لا^{ن} + (۲ن-۱)\,لا^{ن+۱}}{(۱-لا)^{۲}}$

مثال ۴ چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ کا جبوقت کہ یہہ مایل ہو اختتام کیطرف

$۱ + ۲لا + ۳لا^{۲} + ۵لا^{۳} + ۸لا^{۴}$ وغیرہ لا نہایت ان صورت میں میزان اس نسبت کی یہہ ہی $۱ + ۱$

اور اسیواسطے حاصل جمع سلسلہ مفروض کا یہہ ہی

$\frac{۱ + ۲لا - لا}{۱ - لا - لا^{۲}} = \frac{۱ + لا}{۱ - لا - لا^{۲}}$ اور اگر لا ہو وے منفی تو

$۱ - ۲لا + ۳لا^{۲} - ۵لا^{۳}$ وغیرہ $= \frac{۱ - لا}{۱ + لا - لا^{۲}}$

مثال ۵ چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا حاصل جمع اس سلسلہ لا نہایت کا

$(ن-۱)\,لا + (ن-۲)\,لا^{۲} + (ن-۳)\,لا^{۳}$ وغیرہ

اس صورت مین ظاہر ہی کہ میزان نسبت کی ۲ − ۱ ہی تو حاصل جمع سلسلہ لا نہایت مفروض کا یہہ ہوگا

$$\frac{(ن-۱)\,لا + (ن-۲)\,لا^۲ - ۲(ن-۱)\,لا^۲}{(۱-لا)^۲} = \frac{(ن-۱)\,لا - ن\,لا^۲}{(۱-لا)^۲}$$

ظاہر ہی کہ بعد ن جزون کے سلسلہ مفروض اس شکل کا ہوجاتا ہی

$$-لا^{ن+۱} - ۲لا^{ن+۲} - \text{وغیرہ}$$ اور اسکا حاصل جمع اسطرح سے دریافت ہوتا ہی یہہ ہی

$$\frac{-لا^{ن+۱}}{(۱-لا)^۲}$$ پس معلوم ہوا کہ ن کے کتنے جزون سلسلہ

$$(ن-۱)\,لا + (ن-۲)\,لا^۲ + (ن-۳)\,لا^۳ + \text{وغیرہ}$$ کا حاصل جمع یہہ ہی

$$\frac{(ن-۱)\,لا - ن\,لا^۲ + لا^{ن+۱}}{(۱-لا)^۲}$$

یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ حاصل جمع ن جزون اس سلسلہ کا

$$\frac{(ن-۱)\,لا}{ن} + \frac{(ن-۲)\,لا^۲}{ن} + \text{وغیرہ} = \frac{(ن-۱)\,لا - ن\,لا^۲ + لا^{ن+۱}}{ن\,(۱-لا)^۲}$$

مثال ۶ $۱^۲ + ۲^۲\,لا + ۳^۲\,لا^۲ + ۴^۲\,لا^۳ + ۵^۲\,لا^۴ + \text{وغیرہ}$ ن جزون تک کیا ہی

فرض کرو کہ میزان نسبت کی یہہ ہی ف + کہ + ھہ پس اب حاصل ہوگی یہ مساواتین

$$۹ف + ۴کہ + ھہ = ۱۶$$

$$۱۶ف + ۹کہ + ۴ھہ = ۲۵$$

$$۲۵ف + ۱۶کہ + ۹ھہ = ۳۶$$

اور ان مساواتون سے حاصل ہوتی ہین یہ قیمتین ف = ۳ اور کہ = − ۳ اور ھہ = ۱

پس جسوقت لکھین ہم ان قیمتون کو متواتر سلسلہ مفروض مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$$\frac{۱ + ۴لا + ۹لا^۲ - ۳لا - ۱۲لا^۲ + ۳لا^۳}{۱ - ۳لا + ۳لا^۲ - لا^۳} = \frac{۱ + لا}{(۱-لا)^۳}$$

اور یہی ہی حاصل جمع سلسلہ غیر نہایت مفروض کا جسوقت لا ہی کم آ سے تعداد ن جزون کے سلسلہ مفروض اس شکل کا ہو جائیگا

$(ن+۱)^۲ لا^ن + (ن+۲)^۲ لا^{ن+۱} + (ن+۳)^۲ لا^{ن+۲}$ وغیرہ اور حاصل جمع اس سلسلہ کا یہہ ہوگا

$$\frac{(ن+۱)^۲ لا^ن + (ن+۲)^۲ لا^{ن+۱} + (ن+۳)^۲ لا^{ن+۲} - ۳(ن+۱)^۲ لا^{ن+۱}}{۱ - ۳لا + ۳لا^۲ - لا^۳}$$

$$\frac{-۳(ن+۲)^۲ لا^{ن+۲} + ۳(ن+۱)^۲ لا^{ن+۲}}{۱ - ۳لا + ۳لا^۲ - لا^۳}$$

$$= \frac{(ن+۱)^۲ لا^ن - (۲ن^۲ + ۴ن - ۱) لا^{ن+۱} + ن^۲ لا^{ن+۲}}{(۱-لا)^۳}$$ اور یہاں سے معلوم ہوا کہ

صحیح ن جزوں تک $\frac{۱ + لا - (ن+۱)^۲ لا^ن + (۲ن^۲ + ۴ن - ۱) لا^{ن+۱} - ن^۲ لا^{ن+۲}}{(۱-لا)^۳}$

ضابطہ کثیر الاجزاء کا

یہہ ضابطہ اسطرح دریافت کرنی صورت مفصلہ مجموعہ دو سے زیادہ اجزاؤں کی کسی قوت کے کام میں اتا ہی ظاہر ہی کہ بذریعہ ضابطہ نیوٹن کے صورت مفصلہ کثیر الاجزاؤں کی مجموعہ کی کسی قوت کی دریافت ہوسکتی ہی جسطور سے کہ صورت تین جزوں کی میں پہلے مقاموں میں بیان کیا ہی اسواسطے کہ صورت مفصلہ

$(۱ + ب + ح + س + \text{وغیرہ})^م$ کی بطور صورت مفصلہ ضابطہ نیوٹن کے دریافت ہوسکتی ہی

اگر ہمکو اجزاء اسکو ایک جز فرض کرین اور باقی اجزاء کے مجموعہ کو دوسرا جز لیکن ایک عام قاعدہ وہ ہی جسمین کہ جز عام صورت مفصلہ کا دریافت ہوسکے تو ہم کرسکتے ہین اور اس جز عام سے ساری صورت مفصلہ نکل سکتی ہی اور اسکی ترکیب آگی لکھی جاتی ہی

دریافت کیا چاہتے ہین ہم جز عام صورت مفصلہ $(۱ + ب + ح + \text{وغیرہ})^م$ کا

فرض کرو کہ $ب + ح + \text{وغیرہ} = د$ $\therefore (۱ + ب + ح + \text{وغیرہ})^م = (۱ + د)^م$

اور اسکا جز عام کہ بتعبیر کیا جاوے $ط+۱$ ویں جز سے یہہ ہوگا

$$\frac{م(م-۱)\ldots\ldots(م-ط+۱)}{۱ \times ۲ \times ۳ \ldots\ldots \times ط} \text{ الف } د^ط \text{ اور اسمیں الف} = ط \text{ اور}$$

یا یہہ ہوگا $\frac{م(م-۱)\ldots\ldots(ن+۱)}{ط!}$ الف $د^ط$ اور اس جای ط ایک عدد صحیح اور مثبت ہی

اب فرض کرو کہ ج + س + وغیرہ = ر ∴ ڈ = (ا + ب + ج + وغیرہ)^ط اور اسکا جزعام کہ تعبیر کیا جاوے
ق + ا دین جز سے یہہ ہوگا $\frac{ط(ط-ا)\cdots\cdots(ط-ق+ا)}{ا\times۲\times۳\times\cdots\cdots\times ق}$ ب^ق ج^ص اور اس جاے
ق + ص = ط یعنے ف + ق + ص = م یا یہہ ہے

$\frac{ط(ط-ا)\cdots(ص+ا)ص(ص-ا)\cdots\times۳\times۲\times ا}{ا\times۲\times۳\times\cdots ق\times ا\times۲\times۳\times\cdots ص}$ ب^ق ج^ص (کیونکہ ص ایک عدد
صحیح اور مثبت ہے) یا ط · $\frac{ب^ق}{ا^ق}$ · $\frac{ج^ص}{ا^ص}$ پس اس صورت مین جزعام صورت کثیر الاجزا کا اس
صورت کا ہوجائیگا م(م-ا)....(ف+ا) · $\frac{آ^ف}{ا^ف}$ · $\frac{ب^ق}{ا^ق}$ · $\frac{ج^ص}{ا^ص}$ اب فرض کرو کہ
س + وغیرہ = لا ∴ د^ص = (لا + ح)^ص اور جزعام کو تعبیر کیا جاوے ک + ا سی یہہ ہوگا

$\frac{ص(ص-ا)\cdots(ص-ک+ا)}{ا\times۲\times۳\times\cdots\cdots ک}$ س^ک لا^ع (اور اس جاے ک + ع = ص)

یا ف + ق + ک + ع = م) یا یہہ ہوگا

$\frac{ص(ص-ا)\cdots(ع+ا)ع(ع-ا)\cdots\times۳\times۲\times ا}{ا\times۲\times۳\times\cdots ک\times ا\times۲\times۳\times\cdots\cdots ع}$ س^ک لا^ع (اس جاے ع
ایک عدد صحیح اور مثبت ہی) یا یہہ ہی ص · $\frac{ح^ک}{ا^ک}$ · $\frac{لا^ع}{ا^ع}$ پس اس صورت مین
مضمد جزعام صورت مضمد کثیر الاجزا کا یہہ ہوگا

م(م-ا)....(ف+ا) $\frac{آ^ف}{ا^ف}$ · $\frac{ب^ق}{ا^ق}$ · $\frac{ح^ک}{ا^ک}$ · $\frac{لا^ع}{ا^ع}$ اور اگر اسیطرح سے

عمل کرین جائین جب تک تمام اجزا تمام ہوجائین تو جزعام مسطور یہہ ہوگا

م(م-ا)....(ف+ا) · $\frac{آ^ف}{ا^ف}$ · $\frac{ب^ق}{ا^ق}$ · $\frac{ح^ک}{ا^ک}$ · $\frac{س^ل}{ا^ل}$ وغیرہ اور اس جاے

ف + ق + ک + ل + وغیرہ = م اور واضح ہو کہ ف کسر یا منفی ہوتا ہی جبکہ م ایک کسر یا منفی
ہوتا ہی لیکن ق اور ک اور ل وغیرہ ہمیشہ مثبت اور صحیح اعداد ہوتے ہین
حکم اگر م ہووے ایک عدد صحیح اور مثبت صورت جزعام کی اسطور پر لکھی جاسکتی ہین

م(م-ا)....(ف+ا)ف(ف-ا).....×۳×۲×ا × $\frac{آ^ف}{ا^ف}$ · $\frac{ب^ق}{ا^ق}$ وغیرہ

یا ۱۰ $\frac{ا^{ف}}{ا!^{ف}} \cdot \frac{ق^{ق}}{ق!^{ق}} \cdot \frac{ک^{ک}}{ک!^{ک}}$ وغیرہ یہ صورت ثابت ہوسکتی ہے

ایک اور طریق سے جسوقت کہ فرض کرین نشان قوت کو ایک عدد صحیح اور مثبت دریافت کیا چاہتے ہین ہم صورت مفصلہ $(۱ + ب + ج + س +$ وغیرہ$)^{م}$ کے جسوقت کہ م ہووے ایک عدد صحیح اور مثبت

ظاہر ہے کہ $(۱ + ب + ج +$ وغیرہ$)^{لا} = ی^{الا ب لا + ج لا + س لا}$ وغیرہ اور یہان ظاہر ہے کہ ی $= ۲.۷۱۸۲۸۱۸$ پس اگر دریافت کرین ہم صورت مفصلہ بذریعہ ضابطہ نشان قوت غیر مقررہ کی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$۱ + (۱ + ب + ج +$ وغیرہ$)^{۱} \frac{لا}{۱} + (۱ + ب + ج$ وغیرہ$)^{۲} \frac{لا^{۲}}{۱.۲} + \ldots\ldots$

$+ (۱ + ب + ج +$ وغیرہ$)^{م} \frac{لا^{م}}{۱.۲.۳\ldots م} +$ وغیرہ $=$

$(۱ + ا لا + \frac{ا^{۲} لا^{۲}}{۱.۲} + \frac{ا^{۳} لا^{۳}}{۱.۲.۳} \ldots + \frac{ا^{م} لا^{م}}{۱.۲.۳\ldots م} +$ وغیرہ

$\times (۱ + ب لا + \frac{ب^{۲} لا^{۲}}{۱.۲} + \frac{ب^{۳} لا^{۳}}{۱.۲.۳} + \ldots \frac{ب^{م} لا^{م}}{۱.۲.۳\ldots م} +$ وغیرہ$) \times$ وغیرہ

اب چونکہ بذریعہ عمل مذکورہ بالا کے ایک ہی مقدار کی دو صورتین مفصلہ ایک ضابطہ کی موافق نکالی گئی ہین تو ظاہر ہے کہ ان دو صورتون مفصلہ کے دیے اجزای جنمین قوای متماثلہ لا کی پائی جاوین وہ آپسمین مساوی ہون پس معلوم ہوا کہ جسوقت ہم لکھین سر لا کو کہ ایک صورت پایا جاوے مساوی سر لا کی کہ دوسری صورت مین پایا جاوے اور اس بات کا بھی لحاظ رکھین کہ دوسری طرف مساوات مین سر لا کا حاصلضرب اتنی اجزا کا ہوگا جتنی سلسلون کو آپسمین ضرب دیا ہے اور اس حاصلضرب کا ایک ایک جزو ان سلسلون سے علیحدہ علیحدہ لیا جائیگا اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات

$\frac{(۱ + ب + ج$ وغیرہ$)^{م}}{۱.۲.۳\ldots م} = \frac{ا^{ف}}{ا!^{ف}} \cdot \frac{ب^{ق}}{ق!^{ق}} \cdot \frac{ج^{ک}}{ک!^{ک}}$ وغیرہ

$= \frac{ا^{ف} ب^{ق} ج^{ک}$ وغیرہ$}{ا!^{ف} ق!^{ق} ک!^{ک}$ وغیرہ$} لا^{ف + ق + ک +$ وغیرہ

$= \text{مج} \frac{\text{ا}^{\text{ف}}\ \text{ب}^{\text{ق}}\ \text{ح}^{\text{ک}}\ \text{وغیرہ}}{\text{ف}!\ \text{ق}!\ \text{ک}!\ \text{وغیرہ}}$ اور اسجای ف + ق + ک + وغیرہ = م

اور نشان مج قبیر کرتا ہی اس عبارت کو مجموعہ اس شکل کی مقدار دینگا ∴ حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$(1 + \text{ب} + \text{ح} + \text{وغیرہ})^{\text{م}} = \text{مج} \frac{\text{م}!}{\text{ف}!\ \text{ق}!\ \text{ک}!\ \text{وغیرہ}}\ \text{ا}^{\text{ف}}\ \text{ب}^{\text{ق}}\ \text{ح}^{\text{ک}}\ \text{وغیرہ}$

اس جایہہ بات واضح ہو کہ م ایک عدد صحیح اور مثبت فرض کیا گیا تہا اور اسیواسطی صورت گذشتہ صورت عام نہین ہی کہ اوسمین م صحیح ہو خواہ کسر مثبت ہو خواہ منفی

حکم ۱ اگر ق + ک + ل + وغیرہ = ع تو ف = م − ع اور اسیواسطی جز عام مذکورہ بالا اس صورت کا ہو جائیگا

$\frac{\text{م}(\text{م}-1)\ldots(\text{م}-\text{ک}+1)}{1\times 2\ldots\text{ق}\times 1\times 2\ldots\text{ک}\ \text{وغیرہ}}\ \text{ا}^{\text{م}-\text{ع}}\ \text{ب}^{\text{ق}}\ \text{ح}^{\text{ک}}\ \text{وغیرہ}$ اس صورت کی ذریعہ سے

بعض اوقات عملون کے کرنی مین سہولت ہوتی ہی

حکم ۲ اگر صورت مفصلہ $(1 + \text{ا}_1 \text{لا} + \text{ا}_2 \text{لا}^2 + \text{ا}_3 \text{لا}^3 + \text{وغیرہ})^{\text{م}}$ کی یہ بین تو جز عام اسکا بذریعہ جز عام صورت مفصلہ $(1 + \text{ب}\,\text{ح} + \text{وغیرہ})^{\text{م}}$ کی دریافت ہوسکتا ہی جسوقت کہ لکہین ہم

$1 \cdot \text{ا}_1 \text{لا}\ \ \text{ا}_2 \text{لا}^2\ \ \text{ا}_3 \text{لا}^3$ وغیرہ بجای $1 \cdot \text{ب}\,\text{ح}$ وغیرہ کی علیحدہ علیحدہ چنانچہ اس صورت مین جز عام مطلوب یہہ ہوگا $\frac{\text{م}!}{\text{ف}!\ \text{ق}!\ \text{ک}!\ \text{وغیرہ}}\ \text{ا}_1^{\text{ف}}\ \text{ا}_2^{\text{ق}}\ \text{ا}_3^{\text{ک}}\ \text{وغیرہ} \times \text{ف} + 2\text{ق} + 3\text{ک} + \text{وغیرہ}$

اور اس جز عام کی وسیلہ سی تمام اجزا صورت مفصلہ کے معلوم ہوسکتی ہین جیسکہ پہلی جبکہ فرض کرین ہم مختلف قیمتین واسطی ف ق ک وغیرہ کے ایسی اونسی شرط مساوات ف + ق + ک + وغیرہ = م کی پوری ہووے بذریعہ اسی جز عام کی ہم کوئی سا ایسا جز صورت مفصلہ کا کہ جسمین کوئی خاص قوت لا کی مثل $\text{لا}^{\text{ن}}$ کی پای جاوی دریافت کرسکتے ہین جبکہ فرض کرین تمام ایسی قیمتین واسطی ف ق ک وغیرہ کی جنسی شرایط دو مساواتون

ف + ق + ک + وغیرہ = م اور ق + 2ک + 3ل + وغیرہ = ن کی پوری ہووین۔

حکم ۳ جسوقت مان لین ہم ضابطہ موافق نشان قوت صحیح اور مثبت کے اوسوقت ہم ثابت کرسکتے ہین اوسی موافق ایسے نشان قوت کی کہ دوسرا درجہ منفی ہو اور اوسکا طریق یہہ ہی فرض کرو کہ

ب + ح + وغیرہ = لا اور ∴ $(1 + \text{ب} + \text{ح} + \text{س} + \text{وغیرہ})^{\text{م}} = (1 + \text{لا})^{\text{م}}$

اور اسکا جزعام $ط+۱$ دان جزیہہ ہوگا $\frac{م(م-۱)\cdots(ف+۱)}{۱\times۲\times\cdots\cdots ط}$ $آ^{ف}$ $لا^{ط}$

اور اس جای $ف+ط=م$ اور چونکہ $ط$ ایک عدد صحیح اور مثبت ہی تو موافق اوسکے جو پہلے ثابت ہوچکا ہی ظاہر ہی کہ جزعام $لا^{ط}$ کا یعنے $(ب+ح+س+$ وغیرہ$)^{م}$ کا یہہ ہوگا

$لا^{ط}\cdot\frac{ب^{ق}}{ل^{ق}}\cdot\frac{ح^{ک}}{ل^{ک}}\cdot$ وغیرہ $\therefore$ جزعام مطلوبہ $=\frac{م(م-۱)\cdots(ف+۱)}{}\cdot آ^{ف}\cdot\frac{ب^{ق}}{ل^{ق}}\cdot\frac{ح^{ک}}{ل^{ک}}\cdot$ وغیرہ

مثال ۱ صورت مفصلہ $(آ-ب-ح)^{۷}$ کا وہ جز دریافت کیا چاہتے ہین کہ اوسمین $آ^{۳}ح^{۲}$ پایا جای اس جای $م=۷$ اور $م-ع=۲$ اور $ق=۳$ اور $ک=۲$

$\therefore$ جز مطلوب $=\frac{۷\times۶\times۵\times۴\times۳}{۱\times۲\times۳\times۲\times۱}\cdot آ^{۲}(-ب)^{۳}(-ح)^{۲}$

$=-۲۱۰\,آ^{۲}ب^{۳}ح^{۲}$

مثال ۲ دریافت کیا چاہتے ہین ہم وہ جز صورت مفصلہ

$(۱+ب\,لا+ح\,لا^{۲}+س\,لا^{۳})^{م}$ کا جسمین $لا^{ل}$ کی قوت پایا جاوے اس جای ظاہر ہی کہ $ف+ق+ک+ل=م$ اور $ق+۲ک+۳ل=۸$ اور یہہ بات باقی ہی کہ دریافت کرین ہم تمام قیمتین واسطے $ف$ $ق$ $ک$ وغیرہ کے ایسی کہ اوپر لیے شرایط دو مساواتون گذشتہ کی پوری ہوجائین اس مطلب کے لیے یہہ مناسب معلوم ہوتا ہی کہ شروع قیمت کا سی کم یا زیادہ سے زیادہ واسطے $ق$ کی وغیرہ کرین ایسی کہ اوپر لیے مساوات دوم پوری ہووے اور تمام اون قیمتون کو خارج کرین جو مساوات اول کی موافق نہون مثلاً ہم پاتے ہین کہ $ق$ نہین زیادہ ہوسکتا ہی اسسے جنانچہ جب آزماتی ہین تو اس سے شرایط پوری نہین ہوتی ہین آپ فرض کرو کہ $ق=۳$ اس سے بھی شرایط پوری نہین ہوتی اب فرض کرو کہ $ق=۲$ اسکے موافق شرایط پوری ہوتی ہین جبکہ $ف=۰$ اور $ک=۰$ اور $ل=۲$ اب فرض کرو کہ $ق=۱$ اور یہہ بھی درست ہی جب $ف=۰$ اور $ک=۲$ اور $ل=۱$ اب $ق=۰$ یہہ بھی درست ہی جبکہ $ف=۱$ اور $ک=۱$ اور $ل=۲$ اب فرض کرو کہ $ک=۰$ یہہ مناسب ہی جبکہ $ف=۰$ اور $ق=۰$ اور $ل=۴$ درست نہین ہی اور مساواتین $ک=۲$ اور $ک=۱$ اور $ک=۰$ سوای اون صورتون کے جو پہلے بیان ہوچکی ہین اور صورتین درست نہین ہین اب امتحان کرو $ل=۴$ یا ۳ یا ۲ یا ۱ یا ۰ کو ترتیب وار اور اس صورت مین دریافت ہوگا کہ سوای قیمتون مرقومہ بالا کی اور قیمتون سے کام

انہین نکلتا ہی اور فہرست قیمتون مختلف ف اور ق اور ک اور ل کی یہہ ہوگی

ف	ق	ک	ل
۰	۲	۰	۲
۰	۱	۲	۱
۱	۰	۱	۲
۰	۰	۴	۰

اس فہرست مین قیمتین حرف ف ق وغیرہ کی مطابق ایک دوسرے کی داہنی طرف سی بائین طرف کو لکھی ہوئی ہین اسیواسطے جز مطلوبہ یہہ ہی

$$\text{ل}^{۴} \times \left\{ \frac{\text{ح}^{۲}\text{س}^{۳}}{\text{ل}^{۲} \times \text{ل}^{۲}} + \frac{\text{ب}\,\text{ح}^{۲}\text{س}}{\text{ل}^{۲}} + \frac{\text{ا}\,\text{ح}\,\text{س}^{۲}}{\text{ل}^{۲}} + \frac{\text{ح}^{۳}}{\text{ل}^{۴}} \right\} \text{لا}^{۸}$$

$$= (۶\,\text{ح}^{۲}\text{س} + ۱۲ - \text{ح}^{۲}\text{س} + ۱۲\,\text{ا}\,\text{ح}\,\text{س} + \text{ح}^{۳})\ \text{لا}^{۸}$$

مثال ۳ دریافت کیا چاہتے ہین ہم وہ صورت مصدر $(\text{ا}\,\text{لا} - \text{ب}\,\text{لا}^{۲} + \text{ح}\,\text{لا}^{۳} - \text{وغیرہ})^{۱۰}$ جسمین $\text{لا}^{۱۴}$ پایا جاوے اسس جای ظاہر ہی کہ

$$(\text{ا}\,\text{لا} - \text{ب}\,\text{لا}^{۳} + \text{ح}\,\text{لا}^{۵} - \text{وغیرہ})^{۱۰} = \text{لا}^{۱۰}(\text{ا} - \text{لا}^{۲} + \text{ح}\,\text{لا}^{۳} - \text{وغیرہ})^{۱۰}$$

اور اسیواسطے اس صورت مین فقط اتنا دریافت کرنا ضرور ہوگا کہ وہ جز کونسا ہی جسمین $\text{لا}^{۸}$ کی پائی جاے

اور ∴ یہہ سا دا تین ہوگی

ف	ق	ک
۸	۲	۰
۹	۰	۱

ف + ق + ک + وغیرہ = ۱۰

اور ۲ق + ۴ک + وغیرہ = ۴

اور انکی شرایط یہہ ہونگی

$$\therefore \text{جز مطلوبہ} = \text{ل}^{۱۰} \left\{ \frac{\text{ا}^{۸}\text{ب}^{۲}}{\text{ل}^{۸} \cdot \text{ل}^{۲}} + \frac{\text{ح}^{۹}\text{ا}^{۹}}{\text{ل}^{۹}} \right\} \text{لا}^{۱۴} = ۴۵\,\text{ا}^{۸}\text{ب}^{۲} + ۱۰\,\text{ح}^{۹}\text{ا}^{۹}\,\text{لا}^{۱۴}$$

مثال ۴ دریافت کیا چاہتے ہین ہم $\text{لا}^{۲}$ کا اسمین

$$(۹ + \text{ب}\,\text{لا} + \text{ح}\,\text{لا}^{۲} + \text{س}\,\text{لا}^{۳})^{\frac{۱}{۲}}$$ سے

اسمیں جای ف + ق + ک + ل = ½ اوپ + ۲ ک + ۳ ل = ۳ مساوات مشروطی ہین

ف	ق	ک	ل
− ۵/۲	۳	۰	۰
− ۳/۲	۱	۱	۰
− ۱/۲	۰	۰	۱

∴ سر مطلوبہ = ½ (½ − ۱)(½ − ۲) / ۳ + ½ (½ − ۱) آ^{۳/۲} ح

+ ½ ۹ − ½ س = ح / ۲۹۱۶ + ح / ۲۱۴ + س / ۲۱۲

فصل بارہوین احتمالات کے بیانمین

اگر ایک بات ت مختلف طریقون سے ہوسکتی ہو اور احتمال واسطی واقع ہونی اوسکی کی ہر طریقہ سے مساوی ہو تو ظاہر ہی کہ یہہ احتمال کہ بات مذکور کسی ایک خاص طریقہ سی واقع ہوگی تعبیر کیا جائیگا اس سر سی ۱/ت اور اسکے بجای عدد آ کا تعبیر کرتا ہی یقین کو یعنے مرقومہ بالا سی یہہ مراد ہی کہ اگر عدد آ کا تعبیر کرے یقین کو تو ضرور ہی کہ قیمت اوس توقع کی کہ بات مذکور ایک خاص طریقہ سی واقع ہوگی ۱/ت ہوتی ہی دلیل اسکی یہہ ہی کہ حاصل جمع تمام احتمالون کا یقین ہوتا ہی جو عبارت ہی اس سے کہ اگر کوئی بات سو طریقہ سی ہوسکتی ہو تو یہہ بات تحقیق ہی کہ وہ بات کسی نہ کسی ان سو طریقون سے ہوگی اور چونکہ احتمال واقع ہونی اس بات کا کسی خاص طریقہ سے مساوی ہی تو بالضرور یہہ احتمال کہ بات مذکور کسی ایک طریقہ سی ہوگی یہہ ہے ۱/ت مرقومہ بالا سے یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ اگر یقین تعبیر کیا جاے ط سے تو قیمت ایک خاص احتمال کی یعنے توقع کی کہ بات مذکور کسی خاص طریقہ سے واقع ہوگی تعبیر کی جائیگی اس سر سی ط/ت لیکن واضح ہو کہ جو کچھ آگے لکھا جاتا ہی اوسمین ہم یقین کو فقط عدد ایک سے تعبیر کرینگی اگر ایک بات ط مختلف طریقون سی واقع ہوتی ہی ص طریقون سے اور احتمال ہونی ہر واحد ان طریقونکا مساوی ہی تو ہم کہتے ہین کہ احتمال اس بات کی واقع ہونیکا تعبیر کیا جائیگا ط/ت ص سے اور احتمال اوسکی نہ واقع ہونیکا تعبیر کیا جائیگا ت − ط/ت ص سے دلیل اسکی یہہ ہی موافق فرض کے یہہ بات ظاہر ہی کہ احتمال واقع ہونی بات مذکور کا احتمال اوسکے نہ واقع ہونی سے وہی نسبت رکھتا ہی جو ط رکھتا ہی ص سے پس معلوم ہوا کہ احتمال اوسکی واقع ہونی

کا وہی نسبت رکھتا ہی احتمال اوسکی واقع ہونی مفعل نہ واقع ہونی سے جو ط رکھتا ہی ط + ص سے لیکن احتمال واقع ہونی اور نہ واقع ہونی کے ملکر مساوی یقین سے کے ہوتی ہین تو معلوم ہوا کہ احتمال واقع ہونیکا : یقین : : ط : ط + ص لیکن موافق فرض کے یقین = ۱ تو معلوم ہوا کہ احتمال واقع ہونے کا : ۱ : : ط : ط + ص اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات احتمال واقع ہونے کا = $\frac{ط}{ط+ص}$ اگر اس احتمال کو یقین مین سے نکالین تو باقی رہیگا احتمال نہ واقع ہونیکا تو معلوم ہوا کہ احتمال نہ واقع ہونیکا = ۱ − $\frac{ط}{ط+ص}$ = $\frac{ص}{ط+ص}$

مثال ۱ واضح ہو کہ ایک پانسی کی چھہ طرفین یا سطحین ہوتی ہین اور ان طرفون کی مختلف نام ہوتے ہین مثلاً ہم اونکا نام ا ب ج د س ص رکھہ سکتی ہین اب کوئی اگر سوال کرے کہ کیا احتمال ہی کہ ایک دفعہ پانسی کے پھینکنے مین طرف ب اوسکی اوپر آوی تو جواب اس سوال کا اسطرح سے نکالنا چاہیئے ظاہر ہی کہ یہہ بات تحقیق ہی کہ چھہ طرفین سے ایک نہ ایک اوپر واقع ہوگی اور احتمال ہر ایک کے اوپر واقع ہونیکا مساوی ہی پس معلوم ہوا کہ احتمال کسی خاص طرف ب کی اوپر واقع ہونیکا $\frac{۱}{۶}$ ہی اور احتمال اسکی نہ واقع ہونیکا = ۱ − $\frac{۱}{۶}$ = $\frac{۵}{۶}$ اگر یہہ سوال ہو دے کہ کیا ہی احتمال آ یا ب کے اوپر آنیکا تو اس صورت مین ظاہر ہی کہ یہہ احتمال بہ نسبت پہلی کے دوگنا ہی کیونکہ دو صورتین اوسکی پوری ہونی کی ہین ایک تو واقع ہونا آ کا اوپر کی طرف اور دوسرا ب کا واقع ہونا اوپر کیطرف پس معلوم ہوا کہ اس صورت مین احتمال = $\frac{۲}{۶}$ اور اسیطرح سے یہہ بھی ثابت ہوسکتا ہی کہ احتمال آ یا ب یا ج کے اوپر واقع ہونیکا مساوی ہی $\frac{۳}{۶}$ اور علی ہذا القیاس اور صورتین

مثال ۲ اگر ایک تھیلی مین ن کنی گولیان مثل آ اور ب اور ج اور د وغیرہ کی ڈالین اور ایک شخص بغیر دیکھنے کے تھیلی مین سے ایک گولی نکالی تو ہم سوال کرتے ہین کہ کیا ہی قیمت اس احتمال کی کہ گولی نکالی گئی آ ہوگی یہہ سوال بہت ہی سہل ہی اور طریقہ حل کرنے اوسکی کا مرقومہ الصدر سے عیان ہی یہہ بات تحقیق ہی کہ ایک نہ ایک گولیون سے نکلی گی اور احتمال ہر واحد کی نکلنی کا مساوی ہی تو ضرور ہی کہ احتمال آ کے نکلنی کا = $\frac{۱}{ن}$ اور احتمال آ یا ب کے نکلنی کا = $\frac{۲}{ن}$ اور علی ہذا القیاس

مثال ۳ اگر ان گولیون سے جنکا ذکر مثال گذشتہ مین ہی دو گولیان ایکہی وقت نکالی جائین تو احتمال اس بات کا کہ یہ دو گولیان آ اور ب ہونگی تصور کیا جائیگا $\frac{۲}{ن(ن-۱)}$ کیونکہ یہہ بات مسئلہ ترتیب اور اجتماع سے ظاہر ہی کہ اگر ن گولیون سے دو جزون کو اٹھا کرین اسطرح سے کہ ہر اجتماع مین دو گولیان مختلف ہون یعنے جو دو گولیان ایک اجتماع مین ہون وہی دونون گولیان دوسرے اجتماع مین ہون

تو تعداد کل اجتماعون کی تعبیر کی جاتی ہی $\frac{ن(ن-۱)}{۲}$ اور احتمال واسطی نکلنے آئی پہلی سے کسی ایک کا ان اجتماعون $\frac{۲}{ن(ن-۱)}$ کو یون سے سی مساوی ہی تو معلوم ہوا کہ احتمال واسطی نکلنی گولیون آ اور ب کے ایکہی وقت تعبیر کیا جائیگا $\frac{۱}{\frac{ن(ن-۱)}{۲}} = \frac{۲}{ن(ن-۱)}$ اور یہی بات ثابت کرنی تہی

مثال ۴ اگرچہ سفید گولیان اور پانچ کالی گولیان ایک پہلی مین ڈالکر ملائی جائین اور کوئی شخص ایک گولی انمین سے ایک وقت نکالی تو ہم پوچہتی ہین کہ کیا ہی قیمت اس احتمال کی کہ گولی نکالی گئی سیاہ ہوگی اور کیا ہی قیمت اس احتمال کہ گولی مذکور سفید ہوگی یہہ بات اسجای تحقیق ہی کہ گولی نکالی گئی یا تو کالی یا سفید ہوگی اور چونکہ گولیان سفید تو چہہ اور کالی پانچ ہین تو اوس سے جو پہلی لکہا گیا ہی یہہ بہت ظاہر ہی کہ احتمال سفید گولی نکلنے کا ہوگا $\frac{۶}{۱۱}$ اور احتمال کالی گولی نکلنے کا $\frac{۵}{۱۱}$ ہوگا مختلف موتی فہرستون مردون کی سے ایسی فہرستین یا نقشے تیار کیے گئے ہین کہ اونسے یہہ بات معلوم ہوجاتی ہی کہ کتنے شخص اتنے پیدا ہوئے مین سے بعد گذرنی ہر سال کی زندگی کے انتہای کو پہنچے ہین ان فہرستون کے وسیلہ سی قیمت احتمال اس بات کی کہ فلانا شخص فلانی عمر تک زندہ رہیگا معلوم ہوجاتی ہی

مثال ۵ چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت احتمال اس بات کی کہ کوئی شخص کسی عمر مفروض کا ایک برس اور جیگا فرض کرو کہ فہرست مذکورہ بالا مین آ ہی تعداد اون آدمیون کی جنکی عمر مساوی عمر مفروض کے ہی اور ب تعداد اون آدمیون کے جو بعد ایک سال کی باقی رہتے ہین پس اس صورت مین ظاہر ہی کہ احتمال اس بات کا کہ شخص مذکور ایک سال تک جیگا تعبیر کیا جائیگا $\frac{ب}{آ}$ سے اور احتمال اس بات کا کہ اس سال مین مریگا تعبیر کیا جائیگا $\frac{آ-ب}{آ}$ سے مثلاً فہرست ڈاکٹر ہیلی صاحب کے سی واضح ہوتا ہی کہ ۵۸۶ آدمیون ۲۲ برس کے عمر کی مین ۵۷۹ آدمی ۲۳ برس کی عمر حاصل کرتے ہین اور یہانسے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ احتمال اس بات کا کہ کوئی شخص ۲۲ برس کی عمر کا ایک سال تک جیتا رہیگا تعبیر کیا جائیگا $\frac{۵۷۹}{۵۸۶}$ سے یعنی قریب قریب اس $\frac{۸۳}{۸۴}$ سے اور احتمال اس بات کا کہ یہی شخص اسی سال مین مریگا تعبیر کیا جائیگا $\frac{۷}{۵۸۶}$ سے یعنی قریب قریب اس $\frac{۱}{۸۴}$ سے ظاہر ہی کہ یہہ مثال بہت دلچسپ ہی اور اسی قبیل کی مثالون سے بہت فائدہ بہی متصور ہی

مثال ۶ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا احتمال اس بات کا کہ کوئی شخص کسی عمر مفروض کا جیگا اتنی برسون مفروض تک فرض کرو کہ فہرستون مین تعداد آدمیون عمر مفروض کی آ ہی اور ب تعداد اونکی جو بعد ایک سال کی باقی رہتے ہین ج اونکی جو بعد دو سال کے باقی رہتے ہین د اونکی جو بعد ۳ سال کے

اور علی ہذا القیاس ل ہی تعداد اون آدمیون کی جو باقی رہتے ہین بعد لا سال کے اس صورت مین ظاہر ہی کہ احتمال اسبات کا کہ شخص مذکور ایک برس جیئے گا بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ل}{ا}$ سے اور احتمال اسکا کہ وہی شخص ۲ برس تک جیتا رہیگا بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ل^۲}{ا^۲}$ سے اور احتمال اسکا کہ وہی شخص ۳ سال تک جیتا رہیگا بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ل^۳}{ا^۳}$ سے اور احتمال اسکا کہ وہی آدمی ل برس تک جیئے گا بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ل^ل}{ا^ل}$ سے اور علی ہذا القیاس یہان سے یہہ بھی خوب واضح ہی کہ احتمال اسبات کا کہ شخص مذکور ایک سال مین مرجائیگا بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ا-ل}{ا}$ سے اور ۲ سال مین مرجائیگا $\frac{ا-ل^۲}{ا^۲}$ ہوگا اور ۳ سال مین مرجائیگا $\frac{ا-ل^۳}{ا^۳}$ ہوگا اور ل سال مین مرجائیگا $\frac{ا-ل^ل}{ا^ل}$ ہوگا اور علی ہذا القیاس واضح ہو کہ یہ مثال سا ہوکارون اور روپیہ قرض دینے والون کو اور بہت سی کارخانی والون کو کہ جو ولایتون فرنگ مین کثرت سے پائی جاتی ہین بہت مفید ہوتے ہین اگر دو باتین ایک دوسرے سے کچھ تعلق نہین رکھتے ہون اور احتمال ایک کے واقع ہونیکا $\frac{ا}{م}$ ہو اور دوسرے کی واقع ہونیکا $\frac{ا}{ن}$ ہو تو ہم کہتے ہین کہ احتمال اسبات کا کہ یہ دونون باتین اکہٹی واقع ہونگی بتعبیر کیا جائیگا $\frac{ا}{م ن}$ سے کیونکہ ہر واحد کو م طریقون مین سے کہ جنمین اول بات واقع ہوتی ہی یا نہین واقع ہوتی ہی ملانی ہی سے ن طریقون سے کہ جنمین دوسری بات واقع ہوتی ہی یا نہین واقع ہوتی ہی حاصل ہونگی ن م اجتماع اور چونکہ فقط ایک ایسا اجتماع ہی کہ اوسمین دونون باتون کے واقع ہونیکا احتمال ہی تو ضرور ہی کہ احتمال مذکور مساوی ہو $\frac{ا}{م ن}$ کے مرتومہ بالا سی ظاہر ہی کہ احتمال اس کا کہ دونون باتین مذکور اکہٹی نہین واقع ہونگی

یہہ ہوگا $ا - \frac{ا}{م ن}$ یا $\frac{م ن - ا}{م ن}$ اسواسطے کہ احتمال اسبات کا کہ یہ دونون باتین واقع ہونگی اور احتمال اسکا کہ یہ دونون نہین واقع ہونگی مساوی ہین یقین کے کہ بتعبیر کیا جاتا ہی عدد آ کے سی تو معلوم ہوا کہ جسوقت تفریق کرینگی ہم عدد ایک مین سے احتمال دونونکی واقع ہونیکو تو حاصل تفریق ہوگا مساوی احتمال دو نو باتون مذکورہ بالا کی نہ واقع ہونیکا ایکہی وقت مین مرتومہ بالا سے یہہ بھی واضح ہوگا کہ احتمال اسکا کہ دو نو باتین مذکورہ بالا علیحدہ علیحدہ واقع ہونگی بتعبیر کیا جائیگا اس سے

$\frac{(م-ا)(ن-ا)}{م ن}$ کسواسطے کہ احتمال اس بات کا کہ اول بات نہین واقع ہوگی مساوی ہی $\frac{م-ا}{م}$ کے اور احتمال اسبات کا کہ دوسری نہین واقع ہوگی مساوی ہی $\frac{ن-ا}{ن}$ کے پس معلوم ہوا کہ احتمال اسبات کا کہ دو نو باتین مذکور علیحدہ علیحدہ واقع نہین ہونگی مساوی ہوگا اسکے

$$\frac{م-۱}{م} \times \frac{ن-۱}{ن} = \frac{(م-۱)(ن-۱)}{م ن}$$

مرقومہ بالا سی یہہ بہی ظاہر ہوتا ہی کہ احتمال اسکا کہ فقط ایک ماتون مذکورین سے واقع ہوگی اور دوسری نہین واقع ہوگی بتعبیر کیا جائیگا اسسے $\frac{م+ن-۲}{م ن}$ کسواسطی کہ احتمال اس بات کا کہ اول بات واقع ہوگی اور دوسری نہین واقع ہوگی بتعبیر کیا جاتا ہی $\frac{۱}{م} \times \frac{ن-۱}{ن}$ اور احتمال اسبات کا کہ اول بات نہین واقع ہوگی اور دوسری واقع ہوگی بتعبیر کیا جائیگا $\frac{م-۱}{م} \times \frac{۱}{ن}$ سی پس حاصل جمع ان دو احتمالونکا ہوتا ہی $\frac{م+ن-۲}{م ن}$ جو مساوی ہی احتمال فقط ایک کی واقع ہونیکی مرقومہ بالا سے یہہ بہی واضح ہی کہ اگر کئے باتین ایسی ہون کہ وے ایک دوسری سے تعلق نہ رکہتی ہون اور احتمال انکے علیحدہ علیحدہ واقع ہونیکا بتعبیر کیا جاوے علیحدہ علیحدہ $\frac{۱}{م}$ $\frac{۱}{ن}$ $\frac{۱}{د}$ وغیرہ سی تو ہم کہتے ہین کہ احتمال اس بات کا کہ وے سب باتین ایکہی دفع واقع ہونگی بتعبیر کیا جائیگا اسسے $\frac{۱}{م ن}$ وغیرہ اسواسطی کہ یہہ بات پہلی ثابت ہوچکی ہی کہ احتمال اول دو باتونکی اکٹہے واقع ہونیکا مساوی ہی $\frac{۱}{م} \times \frac{۱}{ن}$ کے اور اسیواسطی احتمال اسکا کہ وے دونون باتین اور تیسری بات اکٹہی واقع ہون یہہ ہوگا $\frac{۱}{م ن د}$ اور یہی دلیل ہی واسطی زیادہ باتون کے جسوقت م = ن = وغیرہ اور تعبیر کرتا ہو تعداد باتون کو تو ظاہر ہی کہ احتمال ان سبونکی اکٹہے یعنے متواتر واقع ہونیکا بتعبیر کیا جائیگا اس $\frac{۱}{م^{ن}}$ سے

مثال ۱ ایک پانسی کے چہ ضلعون پر حروف ا اور ب اور ح اور د اور س اور ص نقش کئے ہوئے ہین چاہتے ہین ہم دریافت کرنا احتمال اسبات کا کہ اگر پانسی مذکور کو ایک دفع پہینکو تو ا اوپر واقع ہو اور دوسری بار پہینکین تو ب اوپر واقع ہو ظاہر ہی کہ احتمال اسبات کا کہ ا اوپر واقع ہوگا مساوی ہی $\frac{۱}{۶}$ کے اور احتمال اس بات کا کہ دوسری بار پہینکنی سے ب اوپر واقع ہوگا مساوی ہی $\frac{۱}{۶}$ کے تو موافق اوسکی جو پہلی ثابت ہوا ہی یہہ بات عیان ہی کہ احتمال دونو ا اور ب کے اوپر واقع ہونیکا مساوی ہوگا $\frac{۱}{۶ \times ۶} = \frac{۱}{۳۶}$

مثال ۲ فرض کرو کہ ایک تہیلی مین تو سفید گولیان اور پانچ سیاہ گولیان ڈالکر اور نہین خوب ملادین اور ایک شخص اس تہیلی مین سے اول تو ایک گولی نکالتا ہی اور دوسری بار ایک اور گولی بغیر دیکہنی کے پس اب ہم سوال کرتے ہین کہ کیا ہی احتمال اسبات کا کہ اول بار تو ایک سفید گولی نکلی گی اور دوسری بار ایک سیاہ گولی نکلی گی ظاہر ہی کہ احتمال اس کا کہ اول دفع ایک سفید گولی نکلی مساوی ہی $\frac{۶}{۱۱}$ اور احتمال اسکا کہ دوسری بار ایک کالی گولی نکلی گی مساوی ہی $\frac{۵}{۱۰}$ کی (کیونکہ اس صورت مین کل تعداد گولیون کی فقط دس رہیگی بسبب $\frac{۱}{۱۱}$ کے

پس معلوم ہوا کہ احتمال مطلوبہ مساوی ہوگا $\frac{۶}{۱۱} \times \frac{۱}{۲} = \frac{۳}{۱۱}$

مثال ۳ اگر فرض کیجئے کہ وہی سب باتین جو مثال گذشتہ مین مانی گئی تہین تو چاہتے ہین ہم دریافت کرنا احتمال اس بات کا کہ اول بار تو ایک سفید گولی نکلی اور دوسری بار ایک کالی گولی اور تیسری بار ایک کالی گولی نکلی مثال گذشتہ سی یہہ بات عیان ہی کہ احتمال اس بات کا کہ اول بار ایک سفید گولی نکلی اور دوسری بار ایک کالی گولی نکلی مساوی ہی $\frac{۳}{۱۱}$ کے لیکن بعد نکلنی ان دونو گولیون کے ۵ سفید اور ۴ کالی گولیان باقی رہینگی اور اسیواسطے احتمال اس بات کا کہ تیسری بار ایک کالی گولی نکلے گی مساوی ہوگا $\frac{۴}{۹}$ پس ہوا کہ احتمال مطلوبہ مساوی ہوگا $\frac{۳}{۱۱} \times \frac{۴}{۹} = \frac{۴}{۳۳}$

مثال ۴ چاہتے ہین دریافت کرنا احتمال اس بات کا کہ اگر پانسی مذکور الصدر کو دو دفع متواتر پھینکین تو متواتر دو نو دفع مین کم سے کم ایک بار حرف آ کا اوپر واقع ہو ظاہر ہی کہ احتمال اس بات کا کہ اول بار آ اوپر واقع نہین ہوگا مساوی ہی $\frac{۵}{۶}$ کے اور اسیطور سی احتمال اس بات کا کہ دوسری بار بہی آ اوپر واقع نہین ہوگا مساوی ہی $\frac{۵}{۶}$ کے پس احتمال اس بات کا کہ آ دو نو بار متواتر اوپر واقع نہین ہوگا مساوی ہوگا $\frac{۲۵}{۳۶}$ اور اسیواسطے احتمال اسبات کا کہ کسی نہ کسی دو نو بار مین سے آ اوپر واقع ہوگا مساوی ہی $۱ - \frac{۲۵}{۳۶} = \frac{۱۱}{۳۶}$

مثال ۵ دو شخص برابر کی شرط بدتی ہین اسطرح پر کہ ایک تو آ کی اوپر واقع ہونی سے جیت تا ہے اور دوسرا اوپر واقع نہونی سے جیت تا ہی پس اب ہم سوال کرتے ہین کہ کتنی بار پانسی کو پھینکنا چاہیئے تاکہ دونو شخصون کو جو کچھون مساوی ہو اور مساوی رقم ہارنا یا جیتنا موافق انصاف کی ہو فرض کرو کہ تعداد دفعون پھینکنی پانسی کی مساوی ہی لا کے اب موافق مثال گذشتہ کی یہہ بات ظاہر ہی کہ احتمال اس بات کا کہ لا دفع متواتر آ اوپر واقع نہین ہوگا مساوی ہی $(\frac{۵}{۶})^{لا}$ اور چونکہ احتمال واقع ہونی اور نہونی کا موافق شرط اس سوال کے مساوی ہی یعنی ہر دو احدانین سے مساوی نصف یقین کے ہی جو عدد ایک سی تعبیر کیا جاتا ہی تو معلوم ہوا کہ $(\frac{۵}{۶})^{لا} = \frac{۱}{۲}$ اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات لا × لوگ $\frac{۵}{۶}$ = لوگ $\frac{۱}{۲}$ یا لا × (لوگ ۵ − لوگ ۶) = لوگ ۱ − لوگ ۲ اور

لا = $\frac{\text{لوگ ۱} - \text{لوگ ۲}}{\text{لوگ ۵} - \text{لوگ ۶}}$ اور چونکہ لوگ ۱ = ۰ تو معلوم ہوا کہ لا = $\frac{\text{لوگ ۲}}{\text{لوگ ۶} - \text{لوگ ۵}}$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت لا کی لا = ۳٫۸ قریب قریب

مثال ۶ چاہتے ہین دریافت کرنا احتمال اس بات کا کہ دو شخص ف اور ق جنکی عمرین معلوم ہین ایک سال تک جیتی رہینگے فرض کرو کہ فہرست مردون اور زندہ رہنے کی سے کہ جسکا پہلی ذکر ہو چکا ہے

یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ احتمال ایک کے دو شخصون مذکورمین سے ایک برس تک جینی کا $\frac{1}{م}$ ہی اور اسیطرح سے احتمال دوسرے شخص یعنے ق کے جینی کا ایک برس تک $\frac{1}{ن}$ ہی تو اب ظاہر ہی کہ احتمال اس بات کا کہ دونو شخص ایک برس تک جیتے رہینگے مساوی ہوگا اس حاصل ضرب $\frac{1}{م} \times \frac{1}{ن}$ یا $\frac{1}{مان}$ کے

مثال ۷ چاہتے ہین ہم دریافت کرنا احتمال اس بات کا کہ کے برسونمین کم سے کم ایک دو شخصون مذکورہ مثال گذشتہ مین سے جیتا رہیگا مرقومہ بالا سی ظاہر ہی کہ احتمال اسبات کا کہ شخص ف ایک سال مین مرجائیگا مساوی $\frac{م-۱}{م}$ ہی اور احتمال اس بات کا کہ ق اسی عرصہ مین مرجائیگا مساوی ہے $\frac{ن-۱}{ن}$ کے پس احتمال اس بات کا کہ دو نو شخص ایک سال مین مرجائینگے مساوی ہوگا $\frac{(م-۱)(ن-۱)}{مان}$ کے اور اسیواسطے احتمال اسبات کا کہ دونون شخص مذکور نہین مرینگے مساوی ہوگا

$$۱ - \frac{(م-۱)(ن-۱)}{مان} = \frac{م+ن-۱}{مان}$$

یہہ بھی ظاہر ہی کہ اگر احتمال اسبات کا کہ شخص ف ل سال تک جیئیگا بتعیین کیا جائے $\frac{ط}{ص}$ سی اور احتمال شخص ق کے جینی کا اسی عرصہ تک بتعیین کیا جای $\frac{ظ}{ض}$ سے تو موافق اوسکی کہ پہلی لکھا گیا ہی احتمال اسبات کا کہ کم سے کم ایک شخص انمین کا وقت مذکور تک جیئیگا مساوی ہوگا

$$\text{اسکے } ۱ - \frac{(ط-۱)(ض-۱)}{طض} = \frac{ط+ض-۱}{طض}$$

اگر احتمال ایک بات کی واقع ہونیکا ایک امتحان کرنی سے بتعیین کیا جائے $\frac{ط}{ط+ض}$ سے تو چاہتے ہین ہم دریافت کرنا احتمال اسی کام کی واقع ہونیکا ایک دفع یا دو دفع یا تین دفع اور علی ہذا القیاس ن بار امتحان کرنی سے چونکہ احتمال اسبات کی واقع ہونیکا کسی خاص امتحان مین $\frac{ط}{ط+ض}$ ہی تو موافق اوسکی جو پہلی بیان کیا گیا ہی یہہ بات ظاہر ہی کہ احتمال اسی بات کی نہونے کا (ن - ۱) بار امتحانونمین بتعیین کیا جائیگا

$\frac{ض^{ن-۱}}{(ط+ض)^{ن-۱}}$ سے اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ احتمال واقع ہونیکا کسی خاص امتحان مین اور نہونیکا باقی امتحانونمین بتعیین کیا جائیگا $\frac{طض^{ن-۱}}{(ط+ض)^{ن}}$ سے اور چونکہ تعداد امتحانون کی ن ہی تو ضرور ہی کہ احتمال اس بات کا کہ بات مذکور واقع ہوگی کسی ایک مین ان امتحانونمین سے اور نہ واقع ہوگی باقی امتحانونمین بہ نسبت احتمال مذکور کے ن دفع زیادہ ہوگا یعنے وہ یہہ $\frac{ن طض^{ن-۱}}{(ط+ض)^{ن}}$ ہوگا اسیطرح سی احتمال اوسی کے واقع ہونیکا دو امتحانونمین اور نہین ہونیکا باقی امتحانونمین بتعیین کیا جائیگا

$\frac{ط^{۲} ض^{ن-۲}}{(ط+ض)^{ن}}$ سے اور چونکہ اس صورت مین تعداد اون مختلف طریقون کی جنمین وہ دو دفع ن

کتنے امتحانونمین واقع ہوتا ہی اور باقی امتحانونمین نہین واقع ہوتا ہی $\frac{ن(ن-۱)}{۲}$ ہی توضرور ہی
کہ احتمال اسکی واقع ہونیکا دو دفع ن امتحانونمین تعبیر کیا جایئے گا

$$\frac{\frac{ن(ن-۱)}{۲}\ ط^{۲}\ ص^{ن-۲}}{(ط+ص)^{ن}}$$ سیے اسیطرح سے احتمال اسکا کہ بات مذکور تین دفع ن امتحانونمین واقع ہوگی ہے

$$\frac{\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۲\times۳}\ ط^{۳}\ ص^{ن-۳}}{(ط+ص)^{ن}}$$ ہی اور احتمال اسیکی ع دفع واقع ہونیکا ن امتحانونمین یہہ ہوگا

$$\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲)\ \ldots\ldots\ldots\ldots\ \frac{ن-ع+۱}{ع}\ ط^{ع}\ ص^{ن-ع}}{(ط+ص)^{ن}}$$

بعینہ مرقومہ بالا کی موفق یہہ بھی ثابت ہوسکتا ہی کہ احتمال بات مذکور کی نہ واقع ہونیکا ع دفع ن امتحانونمین تعبیر کیا جائیگا اس صورت جبریہ سی

$$\frac{ن\ (ن-۱)\ (ن-۲)\ \ldots\ldots\ldots\ldots\ \frac{ن-ع+۱}{ع}\ ط^{ن-ع}\ ص^{ع}}{(ط+ص)^{ن}}$$

مرقومہ بالا سی یہہ بھی واضح ہوتا ہی کہ احتمال اسبات کا کہ بات مذکور کم سی کم ع دفع ن امتحانونمین واقع ہو تعبیر کیا جائیگا اس صورت جبریہ سے

$$\frac{ط^{ن}+ن\ ط^{ن-۱}\ ص+\frac{ن(ن-۱)}{۲}\ ط^{ن-۲}\ ص^{۲}\ \ldots\ldots\ldots\ن-ع+۱\text{ جزون تک}}{(ط+ص)^{ن}}$$

دلیل اسکی یہہ ہی کہ اگر ایک بات ہنگام واقع ہونے یا واقع ہو ایک دفع یا دو دفع یا تین دفع یا ن — ع دفع تو ضرور ہی کہ وہ اس صورتین کم سے کم ع دفع واقع ہوگی اور اسیواسطی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ احتمال واقع ہونی بات مذکور کا کم سے کم ع دفع ن امتحانونمین مساوی ہی حاصل جمع احتمالون اسکی ہر دفع واقع ہونیکی اور نہ واقع ہونیکے ایک دفع یا دو دفع ..... ن — ع دفع اور ظاہر ہی کہ حاصل جمع ان احتمالون کا یہہ ہی

$$\frac{ط^{ن}+ن\ ط^{ن-۱}\ ص+\frac{ن(ن-۱)}{۲}\ ط^{ن-۲}\ ص^{۲}\ \ldots\ldots\ldots\ن-ع+۱\text{ جزون تک}}{(ط+ص)^{ن}}$$

مثال ۱ اگر ایک پانسی کو کہ اوسکی چھہ ضلعون پر حروف آ اور ب اور ح اور د اور س اور ص کے کہدی ہوئے ہین تین دفع متواتر پھینکین تو ہم سوال کرتے ہین کہ کیا ہی احتمال اسکا کہ حرف آ کا کم سے کم دو دفع اوپر کی طرف واقع ہو اسصورت مین ظاہر ہی کہ

ن = ۳ اور ع = ۴ اور ط = ۱ اور ص = ۵ اور اسیواسطے ظاہر ہی کہ احتمال مطلوبہ یہہ ہوگا

$$\frac{۵\times۳+۱}{۶\times۶\times۶} = \frac{۱۶}{۲۱۶} = \frac{۲}{۲۷}$$

مثال ۲ بتاو کیا ہی احتمال اسکا کہ پانچ شخصونمین سے جنکی عمر کچھہ فرض کی گئی ہی کم سے کم تین آدمی ایک وقت مفروض مین مرجائینگی فرض کرو کہ احتمال اسبات کا کہ کوئی سا ایک ان شخصونمین سے وقت مفروض مین مرجائیگا یہس اسصورت مین معلوم ہی ہمین احتمال ایک بات کے ایک دفع واقع ہونیکا اور دریافت کرنا ہی ہمین احتمال اسکا کہ بات مذکور کم سے کم تین دفع پانچ امتحانونمین واقع ہو اسصورت مین ظاہر ہی کہ ط = ۱ اور ص = م − ۱ اور ن = ۵ اور ع = ۳ پس معلوم ہوا کہ احتمال مطلوبہ یہہ ہی

$$\frac{۱+۵(م-۱)+۱۰(م-۱)^۲}{۵^م}$$

واضح ہو کہ مطالب اس فصل کے بہت مشکل اور دلچسپ اور مفید ہین لیکن اس کتاب مین ساری مسایل اسس فرع کی نہین لکہے جاسکتی ہین لیکن امید ہی جو طالب علم اوسکو جو مرقوم اوپر ہوا ہی توجہہ سی پڑہی گا اوسی بہت کچھہ درباب اس مطلب کے معلوم ہوجائیگا یہہ بہی واضح ہو کہ مسئلون مذکورہ بالا کی حل کرنے مین اکثر ہم سے غلطی ہوجاتی ہی کیونکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہی کہ جن باتونکو نہایت ظاہر اور صحیح تصور کرتے ہین حقیقت مین بالکل غلط ہوتی ہین واسطے توضیح کرنے اس بات کی ایک مثال اس جاے کفایت کریگی اور وہ مثال یہہ ہی ظاہر ہی کہ احتمال اسبات کا کہ ایک دفع پانسی کے پھینکنے سی حرف آ کا اوپر کیطرف واقع ہو بتصور کیا جاتا ہی $\frac{۱}{۶}$ سے اور چونکہ دوسری دفع پھینکنے مین بہی اتنا ہی احتمال واسطے واقع ہونی آ کے اوپر کیطرف ہی تو ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اگر دو دفع پانسی مذکور کو پھینکین تو احتمال دوگنا ہوگا یعنے بتصور کیا جائیگا $\frac{۲}{۶}$ سے لیکن اوسس سے جو ابھی اوپر بیان کیا ہی یہہ باعیان ظاہر ہی کہ یہہ نتیجہ بالکل غلط ہی کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو اوس سے یہہ نتیجہ بہی نکلتا کہ چھہ دفع پانسی کو پھینکنے سی بالضرور حرف آ کا اوپر واقع ہوتا باعث اس غلطی کا جو اس صورت مین ذرا پوشیدہ ہی یہہ ہی کہ فرض کرلیتی ہین ہم کہ بالضرور پانسہ دوسری دفع بہی پھینکا جائیگا اور یہہ نہین ہوتا ہی جبکہ واقع ہو حرف آ کا اوپر کیطرف اول سے پھینکنی سے

فصل پنجم ہوین مبنی بیان ایسی کسور کی جنکی نسب نما اور شمار کنندہ صفر ہوجاتے ہین جسوقت فرض کیجاوی واسطی مقدار غیر مقررہ کے کہ اوسمین پائی جاتی ہی کوئی خاص قیمت

مطالب اس فصل کے بہت عجیب اور دلچسپ ہین اور جو شخص انکو قرار واقعی سمجھلی اوسی بہت قوت سمجھنی اوس مشکل فرع علم ریاضی کے جسکو علم حساب جزیات وکلیات کہتے ہین حاصل ہوتی ہی واضح ہو کہ مختلف مہندسون نی مختلف طریقی اس فرع ریاضی مین نکالی ہین چنانچہ ایک مہندس انگریزی نی کہ اوسکا نام لیندن تہا اس علم کو ایک ایسی قاعدہ پر بنا کیا تہا کہ جو ان کسور کی مسئلہ پر موقوف ہی پس واسطی سمجھنے اس مہندس کے رسالہ کے کہ علم حساب جزیات مین ہے (گو اس کتاب کا رواج نہین ہی) ضرور ہی کہ پہلی واقف ہوجائین ان کسور سی سوای اس فائدہ کی ایک اور بڑا فائدہ یہہ ہی کہ اونکی ذریعہ سی بیحتے ہین ہم بہت سی غلطیون سے مثلاً اکثر شخص جو مسئلہ ان کسور کی سے آگاہ نہین وہ یہہ جانتے ہین کہ اگر صفر کو صفر پر تقسیم کرین تو خارج قسمت صفر ہوگا یا کوئی خاص مقدار ہوگی واسطے توضیح اس بات کی سے لیتے ہین ہم ایک بہت سہل مثال فرض کرو کہ کسر مفروض یہہ ہی $\frac{۲لا - ۲ط}{لا - ط} = ۲$ اسصورت مین ظاہر ہی کہ لا کو کچھی فرض کرین کسر $\frac{۲لا - ۲ط}{لا - ط}$ ہمیشہ مساوی ۲ کی ہوگی چونکہ لفظ کچھی مین ط بہی داخل ہی تو لازم آتا ہی اوس سے یہہ کہ جسوقت لا = ط کی ہو اوسوقت بہی قیمت کسر مفروض کی ۲ ہی ہوگی لیکن اس صورت ۲ لا - ۲ط = ۰ اور اسیطور سے لا - ط = ۰ پس کسر مفروض اس شکل کی ہوجائیگی $\frac{۰}{۰}$ اور یہان سے یہہ بات ثابت ہوتی ہی کہ $\frac{۰}{۰} = ۲$ اگر کسر مفروض $\frac{۳لا - ۳ط}{لا - ط}$ ہوتی تو اس صورت مین حاصل ہوتی ہمین یہہ مساوات $\frac{۰}{۰} = ۳$ اور اگر کسر مفروض یہہ $\frac{ن لا - ن ط}{لا - ط}$ ہوتی تو حاصل ہوتی یہہ مساوات $\frac{۰}{۰} = ن$ اور بغیر کرنا ہی کسی عدد کو تو معلوم ہوا کہ کسر $\frac{۰}{۰}$ مساوی کسی عدد کی ہوسکتی ہی بعض اشخاص جو علم ریاضی سے خوب واقف نہین ہوتے ہین یہہ بات سنکر حیران ہوتی ہین اور یہہ اعتراض کرتے ہین کہ چونکہ $\frac{۰}{۰} = ۲$ کے ہی اور ۳ کی بہی ہے تو لازم آتا ہی اوس سے یہہ ۳ = ۲ اور یہہ بات صریح محال ہی لیکن ہمین اسجای اونہین یہہ جواب دینا چاہیئے کہ جسوقت یا جس صورت مین $\frac{۰}{۰}$ مساوی ۲ کی ہی اوس صورت مین وہ مساوی ۳ کے نہین ہوتی ہی یعنے معنی $\frac{۰}{۰}$ کے صورتون مختلفہ مین مختلف ہوتی ہین یعنے اوسی سے ایک مقدار بغیر کیجاتی ہی اور دوسری وقت کوئی اور مقدار چند سو برس گذرتے کہ ان کسور کی درباب فاضلون مین بہت تکرار ہوی تہی برکلی نامی ایک بڑا فاضل اپنی زمانہ کا انگلستان مین تہا لیکن اوسنے ایسی معلومات علم ریاضی مین نہ تہی کہ اوسکی قول کو اس علم مین بہت ہی لحاظ کرین یہہ بی شک کہ اوسی بڑی دستگاہ منطق اور علم الٰہیات مین تہی اور اور لحاظون مین وہ بہت ذہین اور عاقل تہا لیکن مسئلون ریاضی کو خوب نہین سمجھتا تہا وہ کہا کرتا تہا کہ علامت $\frac{۰}{۰}$ بی معنی ہی اور نہین ہی ممکن کہ یہہ کسی مقدار محدود کی مساوی ہوسکے اور یہی باعث تہا کہ وہ علم حساب جزیات وکلیات کو کہ اسحاق نیوٹن نے ایجاد کیا تہا غلط جانتا تہا قاعدہ ریاضی کرنی اصلی قیمت $\frac{۰}{۰}$ کا کسی خاص صورت مفروض مین یہہ ہی کہ اوس خاص مقدار پر کہ جسکی مساوی فرض کرینے سے مقدار غیر مقررہ کو کسر مفروض $\frac{۰}{۰}$ ہوجاتی ہی ایک ایسی مقدار غیر مقررہ زیادہ کرتے ہین کہ حاصل جمع مساوی ہوجائے مقدار غیر مقررہ

مفروض سے اور بعد ازان لکھتے ہین اس حاصل جمع کو بجای مقدار غیر مقررہ مفروض کی کسر مفروض مین اور بعد جاری کرنے عمل ضروری کے فرض کرتے ہین مقدار غیر مقررہ زیادہ کی گئی کو مساوی صفر کی اور اس عمل سی قیمت اصلی کسر ÷ کے معلوم ہوجاتی ہی مثلاً فرض کرو کہ ہی یہہ کسر $\frac{لا^۲ - ط^۲}{لا - ط}$ کہ ہوجاتی ہی ÷ جسوقت فرض کرتے ہین ایک خاص قیمت مثل ط کی بجای مقدار غیر مقررہ لا کے اب موافق قاعدہ سے فرض کرو کہ ط + د = لا

اور ∴ $لا^۲ = ط^۲ + ۲ ط د + د^۲$ اور ∴ $\frac{لا^۲ - ط^۲}{لا - ط} = \frac{۲ ط د + د^۲}{د} = ۲ ط +$ اور جسوقت د = ۰ اوسوقت ÷ = ۲ط ایک اور مثال اسکی یہہ ہی فرض کرو کہ چاہتے ہین ہم قیمت $\frac{ط لا^ن - ط}{لا - ۱}$ کی کہ مساوی ÷ کی ہوجاتی ہی جسوقت ہووے لا = ۱ کی یہہ مثال بخوبی حل ہوسکتے ہی اگر جاری کرین ہم عمل تقسیم کا اور بعد ازان فرض کرین کہ لا = ۱ صورت عمل سے یہہ ہوسے گے چونکہ

$$\frac{ط لا^ن - ط}{لا - ۱} = \frac{ط (لا^ن - ۱)}{لا - ۱}$$ تو

$$لا - ۱ \Big) \; لا^{ن-۱} + لا^{ن-۲} + لا^{ن-۳} + لا^{ن-۴} + \text{وغیرہ}$$

$$\frac{لا^ن - لا^{ن-۱}}{لا - ۱}$$

$$\frac{لا^{ن-۱} - لا^{ن-۲}}{لا - ۱}$$

$$+ \frac{لا^{ن-۲}}{لا - ۱}$$

$$\frac{لا^{ن-۲} - لا^{ن-۳}}{لا - ۱}$$

$$+ \frac{لا^{ن-۳}}{لا - ۱}$$

پس معلوم ہوا کہ $\frac{ط (لا^ن - ۱)}{لا - ۱} = ط (لا^{ن-۱} + لا^{ن-۲} + لا^{ن-۳} + لا^{ن-۴} + \text{وغیرہ})$

اور جسوقت لا = ۱ اوسوقت ÷ = ط ن اور یہی ہی قیمت مطلوبہ یہی قیمت حاصل ہوتی اگر عمل کرتے ہم موافق قاعدہ مذکور الصدر کے یعنی فرض کرتے ہم اول

ط + د = لا کے اور بعد ازان یہہ فرض کرتے کہ د = ۰

واضح ہو کہ جس کسر کا شمار کنندہ اور نسب نما کسی خاص قیمت مثلاً ط کے فرض کرنے سے علیحدہ علیحدہ مساوی صفر کی ہو جاوے تو بالضرور اوس کسر کی شمار کنندہ اور نسب نما میں کوئی جزضربی مثلاً (لا − ط) یا (لا − ط)^{م} شامل ہوتا ہی جس سے وہ کسر ÷ ہو جاتی ہی پس اب ظاہر ہی کہ اگر یہہ جزضربی زائل ہو جاوے تو اصلی قیمت کسر مفروض کی دریافت ہو سکتی ہی مثلاً اول مثال اسطرح حل ہو سکتی ہی

$$\frac{ط^{۲} - لا^{۲}}{ط - لا} = \frac{(ط + لا)(ط - لا)}{ط - لا} = ط + لا = ۲ط \text{ اگر فرض کریں ہم } لا = ط$$

۲ کیا قیمت ہی اس کسر کی $\frac{۱ - ۳لا^{۲} + ۲لا^{۳}}{(۱ - لا)^{۲}}$ جبوقت $لا = ۱$

ظاہر ہی کہ $\frac{۱ - ۳لا^{۲} + ۲لا^{۳}}{(۱ - لا)^{۲}} = \frac{۱ - لا^{۲} - ۲لا^{۲}(۱ - لا)}{(۱ - لا)^{۲}} = \frac{۱ + لا - ۲لا^{۲}}{۱ - لا} = \frac{۱ - لا^{۲} + لا(۱ - لا)}{۱ - لا}$

$= ۱ + لا + لا = ۳$ جبوقت $لا = ۱$

۳ کیا ہی قیمت اس کسر کی $\frac{لا - ط + \sqrt{۲ط لا - ۲ط^{۲}}}{\sqrt{لا^{۲} - ط^{۲}}}$ جب کہ $لا = ط$ ظاہر ہی کہ

$$\frac{لا - ط + \sqrt{۲ط لا - ۲ط^{۲}}}{\sqrt{لا^{۲} - ط^{۲}}} = \frac{لا - ط + \sqrt{۲ط}\sqrt{لا - ط}}{\sqrt{لا + ط}\sqrt{لا - ط}} = \frac{\sqrt{۲ط}\sqrt{لا - ط} + \sqrt{لا - ط}}{\sqrt{لا + ط}} = \frac{\sqrt{۲ط} + \sqrt{لا - ط}}{\sqrt{لا + ط}} = \frac{\sqrt{۲ط}}{\sqrt{۲ط}} = ۱ \text{ جب کہ } لا = ط$$

۴ کیا ہی قیمت اس کسر کی $\frac{(لا + د)^{\frac{ج}{ن}} - لا^{\frac{ج}{ن}}}{د}$ جبوقت کہ $د = ۰$ ظاہر ہی کہ

$$\frac{(لا + د)^{\frac{ج}{ن}} - لا^{\frac{ج}{ن}}}{د} = \frac{(لا + د)^{\frac{ج}{ن}} - لا^{\frac{ج}{ن}}}{(لا + د) - لا} = (لا + د)^{\frac{ج}{ن} - ۱} \times \frac{۱ - \left(\frac{لا}{لا + د}\right)^{\frac{ج}{ن}}}{۱ - \frac{لا}{لا + د}} = (لا + د)^{\frac{ج}{ن} - ۱} \times \frac{۱ - ع^{ج}}{۱ - ع^{ن}} \text{ اگر فرض کیا جاوے}$$

$\left(\frac{لا}{لا + د}\right)^{\frac{۱}{ن}} = ع$ اور اسیواسطے $(لا + د)^{\frac{ج}{ن} - ۱} \frac{۱ - ع^{ج}}{۱ - ع^{ن}} = (لا + د)^{\frac{ج}{ن} - ۱} \frac{۱ - ع^{ج} \div ۱ - ع}{۱ - ع^{ن} \div ۱ - ع}$

$= (لا + د)^{\frac{ج}{ن} - ۱} \times \frac{۱ + ع + ع^{۲} + ع^{۳} + \cdots ع^{ج-۱}}{۱ + ع + ع^{۲} + ع^{۳} \cdots ع^{ن-۱}} = لا^{\frac{ج}{ن} - ۱} \times \frac{۱ + ۱ + ۱ + ۱ \cdots م \text{ جزو تک}}{۱ + ۱ + ۱ \cdots ن \text{ جزو تک}}$ اگر $ع = ۱$

$= ج لا^{\frac{ج}{ن} - ۱}$

فصل چودھوین مقادیر جبریہ کی عجیب نتیجون کے بیان مین

مقادیر جبریہ بعض اوقات ایسی نتیجہ نکلتی ہین جو بادی النظر مین نہایت عجیب بلکہ غلط معلوم ہوتی ہین حالانکہ تامل کرنی سے اونکی حقیقت دریافت ہوتی ہی اور پھر تعجب رفع ہوجاتا ہی اور یہہ نتیجہ بعضی اوقات غلط فرضون سے بھی لازم آتے ہین تفصیل اسکی یہہ ہی کہ مثلاً ط − ط = ۰ لا نہایت ایک عجیب بات معلوم ہوتی ہی اسواسطی کہ اول یہہ خیال ہوتا ہی کہ صفر کوئی مقدار نہین ہی اوسپر تقسیم ہونی سی ہر مقدار بحال خود رہی لیکن یہہ خیال غلط ہی اور دلیل اس بات کی کہ ط − ط = ۰ یہہ ہی کہ اگر ایک مقدار کو دوسری پر تقسیم کرین تو کچھ خارج قسمت ہوگا اب اگر پہلی مقدار کو ایسی مقدار پر تقسیم کرین جو دوسری سے کم ہو تو نہایت ظاہر ہی کہ اس صورت مین خارج قسمت پہلی سے زیادہ ہوگا اور علی ہذا القیاس مقسوم علیہ کو جتنا کم فرض کرینگی اوسیقدر خارج قسمت زیادہ ہوگا پس اگر مقسوم علیہ اتنا کم ہو کہ صفر ہوجاوے تو خارج قسمت نہایت زیادہ لا نہایت ہوگا

۲ ظاہر ہی کہ اگر ایک مقدار کو دوسری پر تقسیم کرین اور کچھ باقی نہ رہی تو اس صورت مین خارج قسمت کامل ہوگا پس اگر ایک مقدار کو دوسری پر تقسیم کرین اور تقسیم پوری نہو اور پھر خارج قسمت کو کامل خارج قسمت تصور کرین اور اس سے کوئی بات محال لازم آجاوی تو تعجب نہین اسواسطی کہ غلطی سے یہہ محال لازم آتا ہی مثلاً

$\frac{1}{1-ل} = 1 + ل + ل^2 + ل^3$ وغیرہ اب اگر اس صورت مین ل = ۲ تو $\frac{1}{1-2} = -1 = 1 + 2 + 4 + 8$ وغیرہ

∴ ۰ = ۴ + ۴ + ۸ وغیرہ اور یہہ صریحاً محال ہی پس پہان جانا چاہئیے کہ یہہ محال ہی اسواسطی لازم آیا کہ خارج قسمت $1 + ل + ل^2 + ل^3$ وغیرہ کو کامل خارج قسمت فرض کرلیا حالانکہ کامل خارج قسمت یہہ نہین ہی بلکہ $\frac{1}{1-ل} = 1 + ل + ل^2 + ل^3 + \ldots + ل^{م-1} + \frac{ل^م}{1-ل}$ . . . . . (۱) ہی

اب اگر ل = ۲ تو $\frac{1}{1-2} = -1 = 1 + 2 + 2^2 + 2^3 \ldots + 2^{م-1} - (2^م - 1) - 2^م = -1$

اور اسیطرح جو قیمت ل کی خارج قسمت کامل (۱) مین لکھی جاویگی کوئی خرابی لازم نہ آویگی

اگر سلسلہ بالا مین ل کی علامت تبدیل کیجاوے تو ظاہر ہی کہ $\frac{1}{1+ل} = 1 - ل + ل^2 - ل^3$ وغیرہ

اب اگر ل = ۱ تو $\frac{1}{2} = 1 - 1 + 1 - 1$ وغیرہ = ۰ یا ۱ اور یہہ محال ہی اب اگر خارج قسمت کامل لین

یعنے $\frac{1}{1+ل} = 1 - ل + ل^2 - ل^3 \ldots (-ل)^م + \frac{(-ل)^{م+1}}{1+ل}$ اور اسمین فرض کرین ل = ۱

تو $\frac{1}{2} = 1 - 1 + 1 - 1 \ldots\ldots \pm \frac{1}{2} = \frac{1}{2}$

۳ : = اینے صفر کی قوت صفر کہین تو حاصل صفر آہوتا ہی دلیل اسکی یہہ ہی کہ ضابطہ نیوٹن صاحب کے ثبوت سی پہلی ثابت ہوا ہی کہ ا^ن = ۱ اور ن عام مقدار ہی جو چاہین سو فرض کرین پس اگر ا^ن = ط − لا تو (ط − لا) = ۱ اب فرض کرو کہ ط = لا ∴ : = ۱

۴ جانا چاہیئے کہ صفر یعنے ۰ کوئی خاص مقدار نہین ہی یعنے جسطرح ۱ یا ۲ یا ۳ یا ۵ یا ط وغیرہ خاص مقدار ہین صفر کوئی خاص مقدار نہین اور اسی سبب سے قیمت اس کسر ÷ کی کوئی خاص مقدار نہین ہوتی صفر کو خاص مقدار خیال کرنے سے بڑی غلطیان لازم آتی ہین مثلاً ۲ = ۱ اور ۴ = ۱ ∴ ۲ = ۴ جو محال ہی اور یہہ غلطی سوا اسکے کہ ۲ = ۴ ہوں = لا پر قیاس کیا ہی اور یہہ قیاس غلط ہی کیونکہ ط ایک خاص مقدار ہی اوسکی قیمت ہرگز نہین بدل سکتی اور صفر کی قیمت بدل سکتی ہی مثلاً ۲ = ۲^{۱-۱} اور ۲ = ۲^{۲-۲} اور علی ہذا القیاس اسیطرح سے اور غلطیان لازم آتی ہین مثلاً لا = ۱ ∴ لا − ۱ = ۰ ∴ لا (لا − ۱) = ۰ (۱)

اور چونکہ لا = ۱ ∴ لا^۲ = ۱ ∴ لا^۲ − ۱ = ۰ ∴ (لا + ۱)(لا − ۱) = ۰ ∴ بوسیلہ (۱) و (۲) کے (لا + ۱)(لا − ۱) = لا (لا − ۱) ∴ لا + ۱ = لا ∴ ۱ = ۰ اور یہہ محال ہی

اور اسیطرح ط × ۰ = ۰ اور ص × ۰ = ۰ ∴ ط × ۰ = ص × ۰ ∴ ط = ص اور یہہ محال ہے

فصل پندرہوین کسور متسلسل کی بیان مین

کسر متسلسل اوس کسر کو کہتے ہین کہ جسکی نسب نمامین سوائے عدد صحیح کی ایک کسر بہی ہوتی ہی اور اس کسر کے نسب نمامین بہی سوای عدد صحیح کی ایک کسر ہوتی ہی اور اسیطرح جسی اس تیسری کسر کے نسب نمامین بہی سوای عدد صحیح کے ایک اور کسر ہوتی ہی اور علی ہذا القیاس مثلاً کسر $\cfrac{1}{1+\cfrac{1}{2+\cfrac{1}{3+\cfrac{1}{1+\cfrac{1}{4+\cfrac{1}{5+\text{وغیرہ}}}}}}}$ ایک کسر متسلسل ہی

اگر تبدیل کیا چاہین کسی کسر محدود کو ایسی کسر متسلسل سے تو طریقہ واسطی حاصل ہونے اس مطلب کے یہہ ہی تقسیم کرو شمار کنندہ کسر مفروض کو اوسکی نسب نما پر اور اگر کوئی عدد صحیح نکلی اوسی ایک جاے ثبت کرو اور بعد ازان باقیات کو مقسوم علیہ قرار دیکر قسمت کرو اوسپر مقسوم علیہ سابق کو اور بعد ازان جو کچہہ باقی رہی اوسے مقسوم علیہ مقرر کرو اور اسسے پہلے مقسوم علیہ کو مقسوم اور عمل قسمت کا جاری کرو اور یہی عمل کیئے جاو جہان تک وہ تمام ہو اور اگر تمام نہو

تو جہان تک چاہو وہان تک اس عمل کو جاری رکھو پس اب ہم کہتی ہین کہ متواتر کی خارج قسمت جو اس متواتر کی تقسیم سے حاصل ہوتی ہین ہونگی اعداد صحیح متواتر کی نسب نمایون کسر مطلوبہ کی واسطے ثبوت اس دعوی کے لازم ہی کہ کرین ہم عمل مذکور الصدر کو کہ اوسکی صورت مثال ائندہ مین مندرج ہی چاہتے ہین تبدیل کرنا کسر $\frac{ب}{ا}$ کو ایک کسر متسلسل سے

ب) ا (ط — اس عمل سے ظاہر ہی کہ حاصل ہونگی یہ مساواتین

ب ط

ج) ب (ص

ص ج — ا = ب ط + ج

د) ج (ع — ب = ج ص + د

د ع

ر) د (ق — ج = د ع + ر

رق — وغیرہ = وغیرہ

س — وغیرہ — اور یہ سوا اسطی ہوتی ہی یہہ مساوات

$$\frac{ا}{ب} = ط + \frac{ج}{ب}$$

$$= ط + \frac{ج}{ج ص + د} = ط + \frac{ا}{ص + \frac{د}{ج}}$$

$$= ط + \frac{ا}{ص + \frac{د}{د ع + ر}}$$

$$= ط + \frac{ا}{ص + \frac{ا}{ع + \frac{ر}{د}}}$$ وغیرہ

اور یہی ہی کسر متسلسل مطلوبہ

مرتومہ یا لاسی یہہ بات ظاہر ہی کہ بوسیلہ کسور متسلسل کے ہم کسی ایسی کسر کو کہ اوسکا شمار کنندہ اور نسب نما بڑی بڑی عدد ہون ایک ایسی کسر سے تبدیل کر سکتے ہین جو کسر مفروض سی تھوڑا ہی سا فرق رکھتی ہو اور جسکا نسب نما اور شمار کنندہ چھوٹی چھوٹی عدد ہون اور یہہ بھی ظاہر ہی کہ جتنا زیادہ دور تک عمل تقسیم کا جاری کرو گی اوتنا ہی زیادہ درست قیمت کسر مفروض کی حاصل ہوگی اور سوای اسکی یہہ بھی عیان ہی کہ جو قیمتین متواتر حاصل ہونگی

دیے ایکبار زیادہ اور دوسری بار کم قیمت حقیقی سے ہونگی اسیطرح سی $\frac{1}{ب}$ زیادہ ہی بہ نسبت ط کے لیکن کم ہی بہ نسبت ط + $\frac{1}{ص}$ کے اس قسم کی کسور اکثر حسابون ریاضیات مین بہت مفید ہوتی ہین اور یہہ بات انکی ہی ذریعہ سی حاصل ہوتی ہی کہ بڑی کسور کو ایک چھوٹی کسر سے بدل لیتے ہین اور قیمت مین کچھہ بہت فرق نہین آتا ہی مثلاً اگر چاہین دریافت کرنی ایک چھوٹی سی کسر جو تعبیر کری نسبت قطر ایک دایرہ کی طرف اوسکی محیط کی ہم چاہتے ہین کہ اگر چھودی قطر کسی دائرہ کا ۱۰۰۰۰۰ تو ہوویگا محیط اس دایرہ کا ۳۱۴۱۵۹ پس نسبت درمیان اس قطر اور محیط کی یہہ ہی $\frac{۳۱۴۱۵۹}{۱۰۰۰۰۰}$ ظاہر ہی کہ یہہ ایک بڑی کسر ہی اور ہم ایک چھوٹی کسر دریافت کیا چاہتے ہین ترکیب اسکی دریافت کرنی کے موافق قاعدہ مرقوم الصدر کے

۱۰۰۰۰۰) ۳۱۴۱۵۹ (۳

۳۰۰۰۰۰

۱۴۱۵۹) ۱۰۰۰۰۰ (۷

۹۹۱۱۳

۱۵) ۱۴۱۵۹ (۸۸۷

۸۸۷

۵۲۸۹

۴۴۳۵

۱) ۸۸۷ (۸۵۴

۸۵۴

۲) ۸۵۴ (۳۳

۶۶

۱۹۴ وغیرہ

اسجای ظاہر ہی کہ ط = ۳ اور ص = ۷ اور ع = ۱۵ اور علی ہذا القیاس پس حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{۳۱۴۱۵۹}{۱۰۰۰۰۰۰} = ۳ + \cfrac{۱}{۷ + \cfrac{۱}{۱۵ + \text{وغیرہ}}}$

اس صورت مین ظاہر ہی کہ اول تقریبی قیمت کسر مفروض کی ۳ ہی کہ یہہ بہت کم ہی اور دوسری قیمت تقریبی ۳ + $\frac{۱}{۷}$ یعنے $\frac{۲۲}{۷}$ کہ ذرا زیادہ بہ نسبت قیمت حقیقی کے ہی اور تیسری تقریبی قیمت

یہہ $۳ + \frac{۱}{۷ + \frac{۱}{۱۵}} = ۳ + \frac{۱۵}{۱۰۶} = \frac{۳۳۳}{۱۰۶}$

اور یہہ ایک تقریبی قیمت کسر مفروض کی اوسکی بہت ہی قریب ہی اور بتہورکی سی اوس سے کم ہی آسانی ہم لکھتے چند مثالین جنمین لکھے گئی ہین عجیب سلسلی غیر متناہی

(۱) فرض کرو کہ $ق + \frac{۱}{ع + \frac{۱}{ق + \frac{۱}{ع + \text{وغیرہ لا انتہا}}}} = لا$ تو ظاہر ہی کہ $ق + \frac{۱}{ع + \frac{۱}{ق + \frac{۱}{ع + لا}}} = لا$

اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات $\frac{ع + لا}{ق ع + ق لا + ۱} = لا$ اور اسیواسطی یہہ مساوات حاصل ہوتی ہی $ع + لا = ق ع لا + ق لا^۲ + لا$ اور اسیواسطی $لا^۲ + ع لا - \frac{ع}{ق} = ۰$ اور جسوقت حل کرینگی ہم اس مساوات درجہ دویم کی کو تو حاصل ہوگی ہمین قیمت لا کی

(۱۰) فرض کرو کہ $لا = ط + \cfrac{ص}{ط + \cfrac{ص}{ط + \text{وغیرہ لا انتہا}}}$

اور جسوقت مجذور کرین ہم دونوطرف اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

$لا^۲ = ط + \cfrac{ص}{ط + \cfrac{ص}{ط + \text{وغیرہ}}} = ط + \frac{ص}{لا}$ اور اسیواسطی

حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات تیسری درجہ کی $لا^۲ - ط لا - ص = ۰$ اور اسکی حل کرنی سی قیمت لا کی معلوم ہوسکتی ہی

۳ چاہتے ہین دریافت کرنی قیمت اس عجیب سلسلہ کی

$ط + \cfrac{ب}{ط + \cfrac{ب}{ط + \cfrac{ب}{ط + \cfrac{ب}{ط + \text{وغیرہ}}}}}$

فرض کرو کہ 

اور جسوقت مجذور کرین ہم دونون طرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات



۴ چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت اس سلسلہ کی



فرض کرو کہ 

اور جسوقت مجذور کرین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات



اور اگر پہر عمل مجذور کا جاری کرین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات



$$\text{لا}^{۴} - ۲\text{لا}^{۲}\text{ط} + \text{ط}^{۲} \text{ اور } \text{ط} + \text{ص} + \text{وغیرہ} = \text{لا}^{۴} - ۲\text{ط لا}^{۲} + \text{ط}^{۲} - \text{ص} = \text{ل}$$

یا $\text{لا}^{۴} - ۲\text{ط لا}^{۲} - \text{ل} + \text{ط}^{۲} - \text{ص} = ۰$ اور اس مساوات سی کہ ایک مساوات چوتھی درجہ کی ہی قیمت لا کی بذریعہ قاعدہ مہندس بسہولیکے دریافت ہوسکتی ہی مثالین مرقوم الصدر بہت عجیب ہین اور یقین ہی کہ طالب علم اس فن کو انکی ملاحظہ اور حل کرنے مین بہت خوشی حاصل ہوگی

فصل سولہوین ثبوت مقسوم علیہ کے بیان مین

کسور مین یہہ بات بیان کی گئی کہ اگر شمار کنندہ اور نسب نما کو ایک ہی عدد پر تقسیم کرین اور وہ عدد ایسا ہو کہ اوسپر شمار کنندہ اور نسب نما پوری پوری تقسیم ہوجاوین تو تقسیم کرنی سے کسر کا اختصار ہوجاتا ہی لیکن ایسا عدد جسپر شمار کنندہ اور نسب نما دونو پوری پوری تقسیم ہوجاوین اکثر اوقات تامل سے بدشواری معلوم ہوتا ہی بلکہ بعضی دفعہ نہین معلوم ہوتا اسواسطی اوسکی دریافت کرنیکو یہہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہی کہ نسب نما اور شمار کنندہ مین سے جو مقدار زیادہ ہو اوسکو مقسوم بناوین اور دوسرے مقدار کو مقسوم علیہ اور بعد تقسیم کے جو کچھہ بچے پھر اوسکو مقسوم علیہ بنا کر پہلی مقسوم علیہ کو مقسوم مقرر کرین اور جو کچھہ بعد تقسیم کے بچی پھر اوسکو مقسوم علیہ بناوین اور باقی اول کو مقسوم مقرر کرین اور یہی عمل جاری رکھین یہانتک کہ باقی کچھہ نہ بچے پس جس مقسوم علیہ پر تقسیم پوری ہوجاوے یعنے باقی کچھہ نہ بچے وہ مقسوم ایسا ہوگا کہ اوسپر شمار کنندہ اور نسب نما دونو پوری پوری تقسیم ہوجاتے ہین اور ان سب مقدارون مین جسپر شمار کنندہ اور نسب نما پوری پوری تقسیم ہوسکتی ہین یہی مقسوم علیہ بڑا ہوگا یعنے اخیر مقسوم علیہ مقسوم علیہ اعظم ہوتا ہی اب ظاہر ہی کہ اسس قاعدہ مین دو باتین ثابت کرنی چاہئین ایک تو یہہ کہ اخیر مقسوم علیہ جسپر شمار کنندہ اور نسب نما دونو پوری پوری تقسیم ہوجاتے ہین اور دوسری یہہ کہ اخیر مقسوم علیہ ان سب مقدارون مین بڑا ہی جنپر شمار کنندہ اور نسب نما پوری پوری تقسیم ہوسکتی ہین پس ان دونو باتون کے اثبات کی واسطے ہم فرض کرتے ہین کہ آ اور ب دو مقدارین ہین انمین سے ہر ایک شمار کنندہ اور نسب نما ہوسکتا ہی اور آ زیادہ ہی ب سے پس

(ب) ۱ اف (ط)

جسوقت آ کو ب پر تقسیم کیا تو خارج قسمت ف ہوا

اور باقی س بچا اور پھر ب کو جو مقسوم علیہ تھا س پر تقسیم

$\frac{\text{س ف}}{\text{ب}}$ $\frac{\text{ب}}{\text{س ق}}$ (د)

کیا تو خارج قسمت ق ہوا اور باقی د بچا اور پھر اس

$\frac{\text{س ق}}{\text{د}}$ $\frac{\text{د}}{\text{ح د}}$ (×)

باقی پر س کو تقسیم کیا تو خارج قسمت ح ہوا اور کچھہ باقی نہا

یعنے د پر تقسیم پوری ہوگئی اب ہم پہلے یہہ بات ثابت کرتے ہین کہ د آ اور ب دونون کا مقسوم علیہ مشترک ہی یعنے آ اور ب دونون د پر پوری پوری تقسیم ہوسکتی ہین عمل تقسیم سے جسکی سا نشان (ط) ہی ظاہر ہی کہ

ا = ب ن + س ..... (۱)	مساوات (۲) اور (۳) سے ظاہر ہی کہ
ب = س ق + د ..... (۲)	ب = س ق + د = ح ق د + د = (ح ق + ۱) د
س = ح د ..... (۳)	∴ $\frac{ب}{د}$ = ح ق + ۱ پس ثابت ہوا کہ ب مقسوم علیہ

د پر پورا تقسیم ہوتا ہی اور تینون مساواتون سے ظاہر ہی کہ

ا = ب ن + س = ن (س ق + د) + س = ن (ح د ق + د) + ح د = (ن ح ق + ن + ح) د

∴ $\frac{ا}{د}$ = ن ح ق + ن + ح اس سے ثابت ہوا کہ آ بھی د پر پورا تقسیم ہوتا ہی پس اول بات تو ثابت ہوگئی یعنے اخیر مقسوم علیہ د مقسوم علیہ مشترک آ اور ب کا ہی اب رہی دوسری بات پس ہم دعوی کرتے ہین کہ د ہی مقسوم علیہ اعظم آ اور ب کا ہی اور اگر یہہ نہو تو فرض کرو کہ لا ہی مقسوم علیہ اعظم اور جب آ کو لا پر تقسیم کرتے ہین تو خارج قسمت م ہوتا ہی اور جب ب کو لا پر تقسیم کرتی ہین تو خارج قسمت ن ہوتا ہی بسیواسطے

ا = م لا اور ب = ن لا اور بوسیلہ عمل تقسیم (ط) کی س = ا − ب ن = م لا − ن لا ن = (م − ن ن) لا

اور د = ب − س ق = ن لا − ق (م − ن ن) لا = (ن − م ق + ق ن ن) لا

∴ $\frac{د}{لا}$ = ن − م ق + ق ن ن اس سے معلوم ہوا کہ وہ مقسوم علیہ مشترک ہی لا پر پورا تقسیم ہوتا ہی پس ضرور ہی کہ لا سی د بڑا ہو اور جسطرح سی د کی لا سی ثابت ہوئی اسیطرح ہر مقسوم علیہ مشترک سی ثابت ہوسکتی ہی تو لازم آیا کہ د ہی مقسوم علیہ اعظم ہی د کا مقسوم علیہ اعظم ہونا ایک اور طرح بھی ثابت ہوتا ہی لیکن اسطرح کے اثبات مین دو باتین جاننی چاہئین ایک تو یہہ کہ جب دو مقدار ایک اور مقدار پر پوری تقسیم ہوجاوین تو اون دونو مقدارون کا مجموعہ اور حاصل تفریق بھی دوسری مقدار پر پورا تقسیم ہوجاویگا مثلاً آ اور ب ح پر پوری تقسیم ہوتی ہی اور خارج قسمت الگ الگ ط اور ق ہوتا ہی تو ظاہر ہی $\frac{ا}{ح}$ = ط اور $\frac{ب}{ح}$ = ن

∴ $\frac{ا}{ح} \pm \frac{ب}{ح}$ = ط ± ن یا $\frac{ا \pm ب}{ح}$ = ط ± ن اور دوسری یہہ کہ اگر ایک مقدار دوسرے پر پوری تقسیم ہوجاوے تو پہلی مقدار کا دوگنا تگنا اور علی ہذا القیاس ط گنا بھی دوسری مقدار پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی یعنے پہلی مقدار کا ضعف صحیح بھی دوسری مقدار پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی مثلاً اگر

$\frac{ب}{ح}$ = ط تو $\frac{س ب}{ح}$ = س ط اب عمل تقسیم (ط) کو دیکھو تو ا − ب ن = س

اور ب − س ق = د اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ جس مقدار پر آ اور ب پوری تقسیم ہوسکتے ہین اوس مقدار پر ب ن اور ا − ب ن یعنے س بھی پورا تقسیم ہوسکتا ہی اور اسیواسطے اوسی مقدار پر

ب - س ق یعنے د بھی پورا تقسیم ہوسکتا ہی یعنے جس مقدار پر آ اور ب پورے تقسیم ہوسکتے ہین اُس مقدار پر د بھی پورا تقسیم ہوسکتا ہی پس اس بیان سے لازم آیا کہ جتنی مقسوم علیہ مشترک آ اور ب کی ہین اون سب سے د بڑا ہی کیونکہ اون سب پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی اب د کی عظمت تو ثابت ہوئی لیکن یہہ بات بھی ثابت ہوجاوے کہ آ اور ب دونو د پر پوری پوری تقسیم ہوجاتی ہین تو د کا مقسوم علیہ اعظم ہونا بخوبی ثابت ہی اب مساوات (۳) سے ظاہر ہی کہ س د پر پورا تقسیم ہوتا ہی اور اسیواسطے س ق اور س ق + د یعنے ب (بوسیلہ مساوات (۲) کے) بھی د پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی اور اسی جہت سی ب ن + س یعنے آ (بوسیلہ (۱) کے) بھی د پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی یعنے آ اور ب دونو د پر پورے پورے تقسیم ہوسکتی ہین پس معلوم ہوا کہ آ اور ب دونو د پر پورے تقسیم بھی ہوسکتی ہین اور جتنے مقسوم علیہ مشترک آ اور ب کے فرض کیے جائین سب سے د بڑا بھی ہی تو صاف ظاہر ہی کہ د مقسوم علیہ اعظم آ اور ب کا ہی واضح ہو کہ مقسوم علیہ اعظم کی مثالون مین بعض اوقات تقسیم کا عمل جاری نہین ہوسکتا پس ایسی صورتون مین یا تو کسی خرضربی کو جو دونو مین مشترک نہین ہوتا ہی دور کردیتے ہین یا کسی مقدار کو ضرب کرتے ہین اور اس سے کچھ خرابی نہین ہوتی اسواسطے کہ مقسوم علیہ اعظم دریافت کرنی سے یہہ غرض ہوتی ہی کہ شمار کنندہ اور نسب نما کا مشترک خرضربی دریافت ہوجاوے پس ظاہر ہی کہ اگر شمار کنندہ یا نسب نما کو کسی مقدار مین ضرب کرین تو تو خرضربی مذکور مشترک ہی رہیگا یا کسی دو مقدار پر جو دونو مین مشترک نہو تقسیم کرین تو بھی خرمشترک کے خرضربی ہونی مین خلل نہ آویگا پس بعد اس عمل کے بھی خرضربی مشترک یعنی مقسوم علیہ اعظم دریافت ہوسکتا ہی اور لہذا یہہ بات مثالون سے بخوبی معلوم ہوجاویگی

مثال ۱ کیا ہی مقسوم علیہ اعظم $۹لا^۴ + ۳۵لا^۳ - ۹لا - ۱۸$ اور $لا^۴ + ۱۱لا^۳ + ۳۰$ کا

$$\begin{array}{l|l} لا^۴ + ۱۱لا^۳ + ۳۰ & ۹لا^۴ + ۳۵لا^۳ - ۹لا - ۱۸ \\ & ۹لا^۴ + ۹۹لا^۳ + ۲۷۰لا \\ \hline & -۶۴لا^۳ - ۲۷۹لا - ۱۸ \\ & -۶۴لا^۳ - ۵۰۶لا - ۱۳۸۰ \\ \hline & ۲۲۷لا + ۱۳۶۲ = ۲۲۷(لا + ۶) \end{array}$$

چونکہ اس صورت مین ۲۲۷ مشترک ہی اسواسطے اسکو حذف کیا اور $لا + ۶$ کو مقسوم علیہ اعظم مقرر کرکے پہلی مقسوم علیہ کو مقسوم بنایا

$$\begin{array}{r|l} \text{ل}+٦ & \text{ل}^{٢}+١١\text{ل}+٣٠ \quad (\text{ل}+٥ \\ & \underline{\text{ل}^{٢}+٦\text{ل}} \\ & \quad ٥\text{ل}+٣٠ \\ & \quad \underline{٥\text{ل}+٣٠} \\ & \quad \times \end{array}$$

پس معلوم ہوا کہ (ل+٦) مقسوم علیہ اعظم مطلوب ہے

۲ دریافت کرو مقسوم علیہ اعظم ٢ل^٣ + ل^٢ - ٨ل + ٥ اور ٧ل^٢ - ١٢ل + ٥ کا

چونکہ اس مثال میں اول مقدار میں ل^٣ کا سر ٢ ہی اور یہہ ٧ پر تقسیم نہیں ہو سکتا اسواسطے اول مقدار کو ٧ میں ضرب کیا تا کہ تقسیم ہو سکے

$$\begin{array}{r|l} ٧\text{ل}^{٢}-١٢\text{ل}+٥ & ١٤\text{ل}^{٣}+٧\text{ل}^{٢}-٥٦\text{ل}+٣٥ \quad (٢\text{ل}+٣ \\ & \underline{١٤\text{ل}^{٣}-٢٤\text{ل}^{٢}+١٠\text{ل}} \\ & \quad ٣١\text{ل}^{٢}-٦٦\text{ل}+٣٥ \\ & \quad \underline{٣١\text{ل}^{٢}-٨٤\text{ل}+٢٠} \\ & \quad ٣\text{ل}^{٢}-١٨\text{ل}+١٥ = ٣(\text{ل}^{٢}-٦\text{ل}+٥) \end{array}$$

$$\begin{array}{r|l} \text{ل}^{٢}-٦\text{ل}+٥ & ٧\text{ل}^{٢}-١٢\text{ل}+٥ \quad (٧ \\ & \underline{٧\text{ل}^{٢}-٤٢\text{ل}+٣٥} \\ & \quad ٣٠\text{ل}+٣٠ = ٣٠(\text{ل}-١) \end{array}$$

پس معلوم ہوا کہ ل - ١ مقسوم علیہ اعظم مطلوب ہے

$$\begin{array}{r|l} \text{ل}-١ & \text{ل}^{٢}-٦\text{ل}+٥ \quad (\text{ل}-٥ \\ & \underline{\text{ل}^{٢}-\text{ل}} \\ & \quad -٥\text{ل}+٥ \\ & \quad \underline{-٥\text{ل}+٥} \\ & \quad \times \end{array}$$

۳ دریافت کرو مقسوم علیہ اعظم ٦ط^٣ص^٣ - ١٨ط^٢ص^٢ - ٢٧ط^٢ص^٢ + ٩ط^٣ص^٣ اور ٢٤ط^٢ص^٢ - ١٨ط^٣ص^٣ - ٩ط^٤ص^٤ کا

اس صورت میں ظاہر ہے کہ ٦ط^٣ - ١٨ط^٢ - ٢٧ط^٢ + ٩ط^٣ = ٩ط^٢(٢ط^٣ - ٢ط^٢ - ٣ط + ١)

اور ٢٤ط^٢ص^٢ - ١٨ط^٣ص^٣ - ٩ط^٤ص^٤ = ٩ط^٢ص^٢(٣ط^٢ - ٢ط - ١) یہاں سے معلوم ہوا کہ ٩ط^٣ دونوں میں

مشترک ہی پس مقسوم علیہ اعظم کا جز ضربی ہی اور ص فقط دوسری ہی مقدار مین مشترک ہی اسیواسطے بعد دور کرنے اجزاء مشترک کے اول مقدار کو ۳ مین ضرب کر کے مقسوم مقرر کیا

$$\begin{array}{r} ۴ط^۳ - ۲ط^۲ - ۳ط + ۱ \\ \hline ۳ط^۲ - ۲ط - ۱ \;\Big)\; ۱۲ط^۳ - ۶ط^۲ - ۹ط + ۳ \;\Big(\; ۴ط \\ ۱۲ط^۳ - ۸ط^۲ - ۴ط \\ \hline ۲ط^۲ - ۵ط + ۳ = ۳ط(ط-۱) - ۳(ط-۱) \\ = (۳ط - ۳)(ط - ۱) \end{array}$$

یہہ بات باسانی معلوم ہوسکتی ہی کہ ۳ط - ۳ مشترک جز ضربی مقادیر مفروضہ کا نہین ہی پس اسیواسطے دور کرنی سے کچھہ خرابی نہین ہوسکتی

$$\begin{array}{r} ۳ط^۲ - ۲ط - ۱ \;\Big)\; ۳ط^۳ - ۲ط^۲ - ۳ط + ۱ \;\Big(\; ط - ۱ \\ ۳ط^۳ - ۳ط \\ \hline ۱ - ط \\ \times \quad ط - ۱ \end{array}$$

پس معلوم ہوا کہ مقسوم علیہ اعظم مقادیر $۳ط^۳ - ۲ط^۲ - ۳ط + ۱$ اور $۳ط^۲ - ۲ط - ۱$ کا $ط - ۱$ ہی اور اسیواسطے مقسوم علیہ اعظم مطلوب $۹ط^۲(ط-۱)^۲$ ہی

فصل سترہوین سود اور تنخواہون کے بیان مین

۱ فرض کرو س = سود ایک روپیہ کی ایک سال یا مہینے مین اور ۱ = اصل اور مجموعہ سود اور اصل کا = م اور ن = تعداد مہینون یا برسون کے اب ظاہر ہی کہ چونکہ سود ایک روپیہ پر زیادہ ہوتا ہی جیسا کہ عرصہ زیادہ ہوتا ہی تو معلوم ہوا کہ ۱ سال : ن سال :: س : ن س جو سود ہی ایک روپیہ کا واسطے ن سالون کے اور اگر آ کتنے روپیہ ہون تو سود آ ن س ہوگا اور جسوقت زیادہ کرین اسپر اصل تو حاصل ہوگی یہہ مساوات م = ۱ + آ ن س اور ظاہر ہی کہ بوسیلہ اس مساوات کی جسوقت کہ معلوم ہون تین مقدارین چار مقدارون م اور آ اور ن اور س مین سے تو باقی ایک مقدار معلوم ہوسکتی ہی مثلاً اگر آ مجہول ہو اور باقی معلوم تو آ معلوم ہوسکتا ہی اس مساوات سے $آ = \frac{م - ۱}{ن س}$ سوال کتنا روپیہ ہمین بطور اصل کے کسی ساہوکار کو سونپنا چاہئے تاکہ ۵ روپیہ سینکڑہ سالیانہ کی سود سے ۹ مہینے مین ہمین ۶۰۰ روپیہ حاصل ہون یہان ظاہر ہی کہ م = ۶۰۰ اور ن = $\frac{۳}{۴}$ = ۷۵ و اور س = $\frac{۵}{۱۰۰}$ = ۰۵ و اور

$$\therefore 1 = \frac{ح}{1+ن س} = \frac{600}{1+5\frac{1}{2}\times 5\cdot} = 87\frac{1}{2}$$

۲ ایک ساہوکار کو ہمنی کچھ روپیہ دیا اس شرط پر کہ ہمین مدت مقررہ تک ہر سال یا ہر مہینے کچھ روپیہ بطور تنخواہ کے دیا کرے اور فرض کرو کہ ن کتنے سال تک ہم یہہ تنخواہ ساہوکار سے نہ لین اور اوسپر سود لگتا جاوے تو بتاؤ کہ بعد ن برس کے اگر ہم ساہوکار سے سب تنخواہ ن سال کی مانگین تو اوسی ہمین کتنا روپیہ دینا چاہئیے فرض کرو کہ ۱ بقیہ کرتا ہی ایک برس کی تنخواہ کو تو ظاہر ہی کہ سود اس تنخواہ کا بعد دو سال کے س ۱ ہو جائیگا (موافق فقرہ آ کے) لیکن بعد اختتام دو سال کے اصل ۲ ۱ ہو جائیگا تو بعد گذرنے تیسری سال کے سود ۲ س ۱ ہوگا اور اسیطرح سے بعد چوتھی برس کے سود ۳ س ۱ ہوگا اور علی ہذا القیاس پس کل سود بعد گذرنے ن سال کے یہہ ہوگا

$$س ۱ + ۲ س ۱ + ۳ س ۱ + ۴ س ۱ \cdots\cdots + (ن-۱) س ۱ = ن\frac{ن-۱}{۲} س ۱$$

لیکن مجموعہ تمام تنخواہون کا سوای سود کے یہہ ن ۱ ہوگا ∴ مجموعہ مع سود کے یہہ ہوگا

$$م = ن ۱ + ن\frac{ن-۱}{۲} س ۱$$

۳ فرض کرو کہ قبل از تمام ہونے میعاد مقررہ کی جبکہ کی واسطے ساہوکار سے یہہ اقرار تھا کہ وہ ہمین تنخواہ دیا کریگا مابین ہمارے اور ساہوکار کے کچھ نا اتفاقی ہو گئی اور ساہوکار مذکور ہمارا روپیہ ہمین واپس کیا چاہتا ہی لیکن چونکہ اوسنے اقرار ہو چکا ہی تو لازم ہی کہ وہ ہمین اتنا روپیہ دیوی جتنا وہ ہمین دیتا بعد انقضای وقت مذکور کے اب بناء اوسی حال مین کتنا روپیہ لینا چاہئیے تاکہ اوسی وقت تک اوپر سود ملکر ہمین اوتنا ہی روپیہ حاصل ہو جاوے فرض کرو کہ روپیہ مطلوبہ = ح جس بعد ن کتنے سال کے روپیہ ح معہ اوسکی سود کے ساوی ہوگا ح + ن س ح (موافق فقرہ ۱) کے اور چونکہ یہہ مجموعہ مساوی ہونا چاہئیے اوس مجموعہ کی جو ساہوکار ہمین گذرنے ن کتنے سال کے دیتا اگر مابین ہمارے اور اوسکی رنج نہ واقع ہوتا تو معلوم ہوا کہ

$$ح + ن س ح = ن ۱ + ن\frac{ن-۱}{۲} س ۱$$

$$\text{اور } ح = \frac{ن ۱ + ن\frac{ن-۱}{۲} س ۱}{۱ + ن س}$$

۴ چاہئیے ہمین دریافت کرنا مجموعہ اصل اور سود کسی خاص رقم روپیہ کا اس شرط پر کہ سود پر سود دیا جائے فرض کرو کہ ص بقیہ کرتا ہی حاصل جمع ایک روپیہ اور اوسکے ایک سال کی سود کو تو ظاہر ہی کہ بعد گذرنی اول سال کے ص ہو جائیگا اصل اور

∴ ۱ : ص :: ص : ص۲ جو مجموعہ دو سال کا ہوگا

۱ : ص :: ص۲ : ص۳ جو مجموعہ تین سال کا ہوگا اور اسیطرح سی

۱ : ص :: ص ن-۱ : ص ن جو مجموعہ ن سال کا ہوگا

اور اگر ۱ ہو دی اصل تو ظاہر ہی کہ مجموعہ آ کتا ضعف مجموعہ گذشتہ کا ہوگا یعنے م = ۱ ص ن

۵ مرقومہ بالا سے ظاہر ہی کہ ۱ = آ/ص ن مثال کتنا روپیہ ہمین ساہوکار کو دینا چاہیئے تاکہ بعد تین سال کی ہمین ۶۰۰ روپیہ حاصل ہون موافق نرخ ۵ روپیہ سینکڑہ سود فی سال کے اور بحساب سود در سود کی اس صورت مین ظاہر ہی کہ ص = ۱٫۰۵ اور ن = ۳

اور م = ۶۰۰ تو ۱ = ۶۰۰/(۱٫۰۵)۳ = ۵۱۸٫۳۰۲ روپیہ

۶ مرقومہ بالا سے ظاہر ہی کہ اگر آ اور ص اور م معلوم ہون اور ن مطلوب تو لکھنا چاہیئے ہمین لوگ ۱ + ن × لوگ ص = لوگ م

∴ ن = (لوگ م − لوگ ۱)/لوگ ص

۷ اگر سب باتین وہی فرض کرین جسکا فقرہ (۲) مین الا یہہ کہ سود پر سود لگایا جاوے تو بتاو ساہوکار کو ہمین کتنا روپیہ بعد تین سال کے دینا چاہیئے فرض کرو کہ ۱ بغیر کرتا ہی ایک سال کی تنخواہ کا اور اسیواسطے بعد دوسرے سال کی تنخواہ دو سال کے معہ سود کی یہہ ہوگی ۱ + ص ۱ اور بعد تین سال کے مجموعہ جو کہ آ سے تعبیر کرتے ہین مساوی ہوگا (۱ + ص + ص۲ ..... ص ن-۱) ۱ کے یعنے موافق قاعدہ سلسلہ ضرب کی م = (ص ن − ۱)/(ص − ۱) × ۱ اور یہان ظاہر ہی کہ اس مساوات مین سے اگر تین مقدارین معلوم ہون تو چوتھی معلوم ہوسکتی ہی

۸ اگر سب باتین وہی فرض کرین جسکا فقرہ (۳) مین الا یہہ کہ سود پر سود لگایا جاوے تو بتاو ساہوکار ہمین کتنا روپیہ لیا چاہیئے اس صورت مین ظاہر ہی کہ اگر بغیر کرین مجہول مطلوبہ کو ح سی تو حاصل کیے مساوات

ح ص ن = (ص ن − ۱)/(ص − ۱) × ۱ یا ح = (۱ − ۱/ص ن)/(ص − ۱) × ۱

اگر تعداد برسون کی لا نہایت ہو یعنے اگر ن = ایک مقدار لا نہایت کی تو ظاہر ہی

۱/ص ن = ۰ اور ∴ ح = ۱/(ص − ۱)

مثال ایک خاص زمین ہی اور اسکا خراج ایک روپیہ سالیانہ ہی بتاؤ اسکی کیا قیمت ہی اگر فرض کرین ہم کہ سود پر سود لگایا جاوے اور اسکا نرخ ۵ روپیہ سینکڑہ سالیانہ ہو اس صورت مین ظاہر ہی کہ ا = ۱ اور ص = ۱ = ۰٫۰۵ اور ∴ ح = $\frac{۱}{۰٫۰۵}$ = ۲۰

فصل اٹھارویں دریافت کرنی زیادتی آبادی کسی ملک کے جسوقت کہ معلوم ہو تعداد مرنی اور پیدایش کے

۱ فرض کرو کہ آ تعبیر کرتا ہی آبادی کسی خاص ملک کو بیچ کسی وقت مفروض کے اور $\frac{۱}{م}$ تعبیر کرتا ہی اوس حصہ آبادی کو جو ایک سال مین مرجاتا ہی اور $\frac{۱}{ط}$ اوس حصہ کو جو پیدا ہوتا ہی اب ظاہر ہی کہ اندازہ زیادتی آبادی کا = $\frac{۱}{ط} - \frac{۱}{م} = \frac{م-ط}{ط م}$ کے ہوگا اور ∴ ۱ : ۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$ :: ۱ : ۱ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$) = آبادی کے بعد اول سال کے اور چونکہ آبادی ہر سال اسی اندازہ سے زیادہ ہوتی ہی تو

۱ : ۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$ :: ۱ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$) : ۱ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$)^{۲} = آبادی بعد دو سال کے اور

∴ آبادی بعد ن سال کے یہہ ۱ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$)^{ن} ہوگی تعبیر کرین مجہول کو ساتھہ ح کے تو حاصل ہوگے یہہ مساوات ح = ۱ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$)^{ن} اور اس مساوات سی حاصل ہوتا ہی یہہ

لوگ ح = لوگ ۱ + لوگ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$) × ن اور اس مساوات سی حاصل ہوتی ہین یہہ مساواتین

لوگ ۱ = لوگ ح − ن × لوگ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$)

$$ن = \frac{\text{لوگ ح} - \text{لوگ ۱}}{\text{لوگ (۱ + } \frac{م-ط}{م ط}\text{)}}$$ اور

لوگ (۱ + $\frac{م-ط}{م ط}$) = $\frac{\text{لوگ ح} - \text{لوگ ۱}}{ن}$ ظاہر ہی کہ اگر مقدارون ح اور آ اور م اور ط اور ن مین سے کوئی سی چار مقدارین معلوم ہون تو پانچوین معلوم ہو سکتی ہی مثال فرض کرو کہ آبادی انگلستان کے سنہ ۱۸۰۰ مین ایک کرور ہی اور $\frac{۱}{۴۰}$ حصہ آبادی کا ہر سال مرجاتا ہی اور نسبت پیدایش کی طرف مرنے کی ہی جو ۴۰ کے ہی طرف ۴۵ کے اور یہہ بہی فرض کرو کہ اس صدی مین کوئی شخص رعایا انگلستان مین سے اور ملکون مین بسنے نہین جاتا ہی تو بتاؤ سنہ ۱۹۰۰ مین آبادی انگلستان کی کتنی ہوگی یہان ظاہر ہی کہ

ا = ۱۰۰۰۰۰۰۰ اور ن = ۱۰۰ اور م = ۴۰ اور

$$ط = ۳۰ \therefore ۱ + \frac{۲-ط}{ط۲} = \frac{۱۲۱}{۱۲۰} \text{ اور لوگ ح = لوگ ا}$$

$$+ ن \times \text{لوگ} \left(۱ + \frac{۲-ط}{ط۲}\right) = \text{لوگ} \cdots\cdots ۱۰۰ + ۱۰۰ \times$$

$$\text{لوگ} \frac{۱۲۱}{۱۲۰} = ۰۰۰ ۲۰۴۶۰ ۳۷ = \text{لوگ} ۰۰۰ ۱۳۹۲۲$$

$$\therefore ح = ۰۰۰ ۱۳۹۲۲$$

فصل اونیسوین ثبوت قواعد جذر اور کعب عددوں کے بیانمین

چاہیئے کہ نظر کرین ہم اعداد حسابی کے نظم پر پہلی بیان کرینے اون قاعدوں کے جن سی نکلتا ہی جذر مالی اور کبی عدد کا نظام عددی (جیسی کہ مقرر ہی حساب مین) زیادہ ہوتا ہی دس دس کے ساتہہ داہنی طرف سی بائین طرف کو سینے ہر ایک مرتبہ جو اس نظام مین ہی ہوتا ہی دس امثال اوس مرتبہ کا جو پہلی اوس سے ہی طرف داہنی کی یا دسوان اوس مرتبہ کا جو بعد اوسکے ہی طرف بائین کے پس ممکن ہی تعبیر کرنا ہر ایک عدد کا ساتہہ جمع اکائیون اور دہائیون اور سیکڑون اور ہزارون وغیرہ کی جیسی کہ تعبیر ہوتا ہی عدد ۴۷۳۱ ساتہہ طریق آئندہ کے یعنی

$۴۰۰۰ + ۳۰۰ + ۷۰ + ۱$ یا اسطرح سی $۴ \times ۱۰^۳ + ۳ \times ۱۰^۲ + ۷ \times ۱۰ + ۱$ اب اگر تعبیر کرین ہم $\overline{ا ب ج د}$ وغیرہ کو ساتہہ حروف $\overline{ا ب}$ $\overline{ج د}$ وغیرہ کے اور ۱۰ کو ساتہہ حرف ی کے تو عدد دو مرتبہ کا ممکن ہی کہ تعبیر کیا جاوے اسطرح سی $\overline{ا ی + ب}$ اور عدد تین مرتبہ کا یا تین صورتون کا اسطرح سی $\overline{ا ی^۲ + ب ی + ج}$ اور چار مرتبہ کا اسطرح سی $\overline{ا ی^۳ + ب ی^۲ + ج ی + د}$ اور پانچ مرتبہ کا اسطرح سی $\overline{ا ی^۴ + ب ی^۳ + ج ی^۲ + د ی + ط}$ اور اسیطرح سی قیاس باقی کا ہی پہر موافق اوسکی جو بیان کیا گیا نظام عددی سے ممکن ہی یہہ کہ تعبیر کیا جاوے عدد تین مرتبہ کا اسطرح سی $\overline{۱۱۰۰ + ۱۰ ب + ج}$ اور حاصل ہوتا ہی مربع اوسکا ضرب فی نفسہ سے $= ۰۰۰۰ ۱۲۱ + ۰۰۰ ۱۲۰ ب + ۰۰ ۱۰۰ ب^۲ + ۰۰ ۲۴۲۰ + ۲۰ ب ج + ج^۲$

اور یہہ ایسا مربع ہی کہ نکل سکتا ہی جذر مالی اوسکا ساتہہ قاعدہ جذر کی جو بیان کیا ہمنے سابق مین اوسکے عمل کے صورت یہہ ہی

$۰۰۰۰ ۱۲۱ + ۰۰۰ ۱۲۰ ب + ۰۰ ۱۰۰ ب^۲ + ۰۰ ۲۴۲۰ ج + ۲۰ ب ج + ج^۲$ ($۱۱۰۰ + ۱۰ ب + ج$

$۰۰۰ ۱۲۰ + ۱۰ ب$) $۰۰۰ ۱۲۰ ب + ۰۰ ۱۰۰ ب^۲$

$۱۲۰۰ + ۲۰ ب + ج$) $۰۰ ۱۲۰ ب + ۰۰ ۱۰۰ ب^۲ + ۰۰ ۲۴۲۰ ج + ۲۰ ب ج + ج^۲$

$۰۰ ۲۴۲۰ + ۲۰ ب + ج^۲$

* * *

چاہیئے کہ ہووی ا = ۲ اور ب = ۳ اور ح = ا پس اب تمام ہوتا ہی عمل مذکور اسطرح سے

۱+۳۰+۲۰۰) ۱+۶۰+۴۰۰+۹۰۰+۱۲۰۰۰+۴۰۰۰۰ (۳۰+۴۰۰

۴۰۰۰۰
*

۹۰۰+۱۲۰۰۰

۱+۶۰+۴۰۰) ۱+۶۰+۴۰۰+۹۰۰+۱۲۰۰۰ (۱+۶۰+۴۰۰

۱+۶۰+۴۰۰

* * *

چاہیئے کہ جمع کیئے جاوین سب عدد کہ واقع ہین بعض اوزکی تہہ بعض کی ایک سطر مین اسطرحسی

۵ ۳ ۳ ۶ ۱ (۲۳۱

۴۰۰۰۰) ۱ ۳ ۳ ۶ ۱ (۴۳

۱ ۲ ۹

۴ ۶ ۱) ۱ ۳ ۳ ۶ ۱ (۴۶۱

۴ ۶ ۱

*

چاہیئے کہ اسقاط کیئے جاوین صفر جو ہنین دخل رکہتے تمام کرنے عمل مین بیچ عمل کے اور نقل کیجاوین نیچے

طرف دو صورتین ایک دفعہ تو عمل کیا جاویگا اسطرحسی

۵ ۳ ۳ ۶ ۱ (۲۳۱

۴) ۱ ۳ ۳ ۶ ۱ (۴۳

۱ ۲ ۹

۴ ۶ ۱) ۱ ۳ ۳ ۶ ۱ (۴۶۱

۴ ۶ ۱

*

یہان سی واضح ہوتا ہی یہہ کہ جذر مالی واسطی اس عدد کی ۱ ۶ ۳ ۳ ۵ کے یہہ ۱ ۳ ۲ ہی

وجہ تقسیم عدد کی جسکا جذر مالی مطلوب ہی درمیان دو ردنکے ساتہہ رکہنی نقط کی اوپر ہر ایک دوسری مرتبہ کی

جب کہ ابتدا کی جاوے اکائیون سے ظاہر ہوتی ہی بیان آئندہ سی چونکہ معلوم ہی ہمین کہ ۱۰ جذر مالی ۱۰ کا ہی
اور ۱۰۰ کا اور ۱۰۰۰ کا اور ۱۰۰۰۰ کا اخر تک تو لازم آتا ہی یہہ کہ ہووے جذر مالی واسطے
ایسی عدد کی جو چھوٹا ہی ۱۰۰ سی ایک مرتبہ کا اور واسطے ایسی عدد کی جو متوسط ہی درمیان ۱۰۰ اور ۱۰۰۰
کے دو مرتبہ کا اور واسطے ایسی عدد کی جو واقع ہی بیچ ۱۰۰۰ اور ۱۰۰۰۰ کی تین مرتبہ کا اور اسی قیاس
آگی تک پس ضرور ہی کہ شمار نقطون ان دورون کے ظاہر کرتی ہی مرتبون کے شمار کو جنسی مرکب ہون جذر مالی
اونکی اور یہان سے لازم آتا ہی یہہ بھی کہ ہووی پہلی صورت اوپر بائین طرف جذر کی جیسی کہ صورت مذکورہ مین
۶۱ ۳۰۳۰۵ کہ جذر مالی اوسکا ہی تین مرتبو لکا ہی اسواسطی کہ نہین ممکن ہی یہہ کہ پایا جاوے مربع اوس صورت
کا جو واقع ہی بیچ تیسری مرتبہ جذر ۱۲۳ کے بیچ دورہ اخیر کی جو داہنی طرف ہی (۶۱) کی اور اسیطرح مربع اوس
صورت کا جو واقع ہے سینکڑون مین بیچ دوسرے دورہ (۳۰۳) کی تو لازم آیا یہہ کہ پایا جاوے مربع اس صورت
کا جو واقع ہی جذر کی سینکڑون مین بیچ پہلی دورہ کی (۵) اور ضرور ہی کہ ہوگی صورت پہلی اوپر بائین طرف جذر کے
اور یہی قاعدہ حساب ہین ہے اب ہم ثابت کرینگی قاعدہ واسطے نکالنی کعب یا جذر کعبی کی چونکہ معلوم ہی کہ ۱۰ ہی جذر کعبی
۱۰۰۰ کا اور ۱۰۰۰۰۰ کا اور ۱۰۰۰۰۰۰۰۰ کا اور اسیطرح تو لازم آتا ہی یہہ کہ ہووے
جذر کعبی ایسے عدد کا جو چھوٹا ہی ۱۰۰۰ سی ایک صورت کا اور ایسی عدد کا جو مابین ہی ۱۰۰۰ اور ۱۰۰۰۰۰
کے دو صورتو نکا پس اسیواسطی تقسیم ہوتا ہی عدد جسکا جذر کعبی مطلوب ہی درمیان دوردن کے جو مرکب ہین
تین تین مرتبون سے ساتھہ نشان کرنی کی نقطون سے ہر تیسری صورت کی سر پر جب کہ ابتدا کرین داہنی طرف
سے پس شمار دوردن کی ظاہر کرتی ہی اس بات کو کہ شمار صورتون کی جنسی مرکب ہو جذر کعبی مساوی ہی اوسکی
واسطے جیسی کہ جذر کعبی اس عدد کا ۹۲۷ ہوگا ایک صورت کا فقط اور جذر کعبی واسطی اس عدد کے
۱۳۸۲۴ ہوگا دو صورتون کا اور جذر کعبی اس عدد کا ۱۲۵۷۹۹۱۳ ہوگا تین صورت کا

اور اسی قیاس پر نکالا چاہتے ہین ہم جذر کعبی
$(ج+ب)^3 + ۳د(۱+ب)^2 ج + ۳(۱+ب) ج^2 + ج^3$ کا کہ مکعب $(۱+ب+ج)$ کا ہی
اور فرض کرو کہ مکعب حروفی = ۱۲۵۷۹۹۱۳ اسکے ہی پس چاہیئے کہ لکھین پہلی صورت عمل کے

۱۳۹۹۷۵۲۱ (۲۰۰ + ۴۰ + ۱

۸۰۰۰۰۰۰

۵۹۹۷۵۲۱

۳ أ² ب = ۳ (۲۰۰)² × (۴۰) = ۴۸۰۰۰۰۰

۳ أ ب² = ۳ (۲۰۰) × (۴۰)² = ۹۶۰۰۰۰

ب³ = (۴۰)³ = ۶۴۰۰۰

۵۸۲۴۰۰۰ = ۵۹۹۷۵۲۱ باقی جو بعد تفریق کرنے کی رہے

۱۷۳۵۲۱ = حاصل تفریق

اور ۳ (أ + ب)² ح² = ۳ (۲۴۰)² × ۱ = ۱۷۲۸۰۰ = حاصل تفریق ۱۷۳۵۲۱

۳ (أ + ب) ح² = ۳ (۲۴۰) × ۱ = ۷۲۰ = حاصل تفریق بالا سے

ح³ = ۱ = معرفت کیا گیا تو تجھ بچا

جانیے کہ حذف کریں ہم صفروں زاید کو اور نقل کریں ہم تین تین صور تین ہر دفعہ پس عمل مذکور کا اس صورت آئندہ پر

۱ ۴ ۲

۱۳۹۹۷۵۲۱

۵۹۹۷

۲۸۲۴ = ب³ + ۳ ب² أ + ۳ ب أ²

۱۷۲۸ | ۱۷۳۵۲۱ = ۳ (أ + ب)² ح²

۱۷۳۵۲۱

×

فصل بیسوین خواص اعداد کے بیان مین

فقرہ ۱ واضح ہو کہ اعداد مین ہر ایک عدد اپنی ماقبل کے عدد سے دس گنا ہوتا ہی یعنے دس کی اضعاف سے اعداد کی ترکیب ہوتی ہی مثلاً ۶ ۵ ۲ ۳ اسطرح تعبیر ہوسکتا ہی $۶ + ۵ \times ۱۰ + ۲ \times ۱۰^{۲} + ۳ \times ۱۰^{۳}$ اور اعداد $\overline{۳}$ $\overline{۲}$ $\overline{۵}$ $\overline{۶}$ کو جنسی عدد مذکور بنتا ہی مراتب اس عدد کی کہتے ہین اور عدد ۱۰ کا جسکی قوا سے موافق عدد مذکور زیادہ ہوتا ہی عدد بنیادی کہلاتا ہی — جاننا چاہیئے کہ عدد بنیادی مختلف ہوسکتی ہین یعنے جسطرح نظام عشری عدد ۱۰ سی مرتب ہی اسیطرح اعداد $\overline{۲}$ $\overline{۳}$ $\overline{۱۰}$ $\overline{۱۲}$ وغیرہ سی مرتب ہوسکتا ہی پس اگر عدد بنیادی ۷ فرض کیا جاوے تو عدد $\overline{۶ ۵ ۲ ۳}$ اسطرح تعبیر ہوگا $۶ + ۵ \times ۷ + ۲ \times ۷^{۲} + ۳ \times ۷^{۳}$ اور عموماً اگر مراتب ایک عدد کی $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ وغیرہ فرض کیئے جاوین اور ر عدد بنیادی مقرر کیا جاوے تو وہ عدد اسطرح تعبیر ہوگا $\overline{۱} + \overline{۱} ر + \overline{۱} ر^{۲} + \overline{۱} ر^{۳}$ + وغیرہ اور اگر تعداد مراتب کی ن ہو تو عدد مذکور اسطرح تعبیر ہوگا $\overline{۱} + \overline{۱} ر + \overline{۱} ر^{۲} + \overline{۱} ر^{۳} + \ldots . \overline{۱} ر^{ن-۲} + \overline{۱} ر^{ن-۱}$ اور اسکی دیکھنے سے یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ اگر عدد بنیادی کچھہ ہی فرض کیا جاوے ر کی نہایت بڑی قوت تعداد مرتبون سے ایک کم ہوگی اور یہہ بھی واضح ہو کہ عدد بنیادی کچھہ ہی فرض کرین جو عدد اوسکی موافق لیا جاوے اوسکا ہر ایک مرتبہ عدد بنیادی سے کم ہوگا اور تعداد مراتب کی معہ مساوی عدد بنیادی یعنے ر کے ہوگی

۲ چاہتے ہین ہم کہ ایک عدد کو جو کسی خاص عدد بنیادی کے موافق ہی کسی اور عدد بنیادی کے موافق تعبیر کرین پس فرض کرین کہ عدد مذکور ہی اور ر وہ عدد بنیادی ہی جسکے موافق تعبیر کرنا منظور ہی اور $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ وغیرہ مراتب مجہول ہین تو اب ظاہر ہی کہ ن $= \overline{۱} + \overline{۱} ر + \overline{۱} ر^{۲} + \overline{۱} ر^{۳}$ وغیرہ اب اگر ن کو ر پر تقسیم کرین تو $\overline{۱}$ باقی رہیگا اور اگر خارج قسمت کو پھر ر پر تقسیم کرین تو $\overline{۱}$ باقی رہیگا اور اگر پھر خارج قسمت ثانی کو ر پر تقسیم کرین تو $\overline{۱}$ باقی رہیگی وعلی ہذا القیاس $\overline{۱}$ $\overline{۱}$ وغیرہ باقیان بچین کے پس اگر یہان تک عمل کرین کہ باقی کچھہ نہ رہی تو ظاہر ہے کہ اس عمل تقسیم سی مراتب $\overline{۱}$ اور $\overline{۱}$ اور $\overline{۱}$ وغیرہ معلوم ہوجائینگی اور اون کے معلوم ہوے سے عدد مطلوب معلوم ہوجاویگا مثلاً چاہتے ہین ہم کہ عدد ۱۸۲۰ کو جو عدد بنیادی ۱۰ کے موافق ہی ایسی عدد سی تعبیر کرین جسکا عدد بنیادی ۶ ہو پس موافق قاعدہ کے ۱۸۲۰ کو ۶ پر تقسیم کیا اور خارج قسمت کو پھر ۶ پر تقسیم کیا اور باقیان ثبت کین

۶	۱ ۸ ۲ ۰	باقی اول $= ۲$	پس معلوم ہوا کہ عدد مطلوب ۱۲۳۴۲ ہے اور اسکا تعین
۶	۳ ۰ ۴ ۲ باقی ۲	باقی دوم $= ۳$	بھی ہو سکتا ہے اسواسطے کہ اگر نتیجہ درست ہو تو باضرور
۶	۵ ۰ ۳	باقی سوم $= ۴$	یہہ مساوات ہونی چاہیے
۶	۸ ۲	ایضاً (۴) $= ۲$	$۲+۲×۲+۶×۲+۴×۱+۱=۱۸۲۰$
۱	۲ ب ۱	ایضاً (۵) $= ۱$	
	۱ ب ۰		

اور اسی مساوات کی اول تحقیق کرنی سے بھی ۱۸۲۰ حاصل ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ عدد مذکور صحیح ہے

اگر عدد اساس اور عدد بنیادی معلوم ہو تو دریافت کرو کہ اسی تعداد مراتب کی موافق نہایت بڑا عدد اور نہایت چھوٹا عدد کیا ہوگا فرض کرو کہ عدد بنیادی ہے اور $ر$ تعداد مراتب ہے تو ظاہر ہے کہ عدد نہایت بڑا اوسوقت ہوگا جبکہ ہر ایک مرتبہ اوسکا نہایت بڑا ہو اور کوئی مرتبہ $ر-۱$ سے بڑا نہیں ہو سکتا یعنی نہایت بڑا مرتبہ $ر-۱$ ہوتا ہے پس ظاہر ہے کہ اوسوقت ہر ایک مرتبہ $ر-۱$ ہوگا اوسوقت عدد نہایت بڑا ہوگا یعنی عدد مطلوب اسی صورت سے تعبیر ہوگا $ر^{ن-۱}+(ر-۱)ر^{ن-۲}+(ر-۱)ر^{ن-۳}+\ldots+(ر-۱)ر+(ر-۱)=$

$$(ر-۱)(۱+ر+ر^{۲}+\ldots+ر^{ن-۱})=(ر-۱)\frac{ر^{ن}-۱}{ر-۱}=ر^{ن}-۱=\text{عدد مطلوب نہایت}$$

زیادہ کی — اور یہہ بھی ظاہر ہے کہ نہایت چھوٹا عدد سب اعداد میں آخر اور اسی سلسلہ دو مرتبہ کا نہایت چھوٹا عدد ۱۰ ہوگا اور تین مرتبہ کا نہایت چھوٹا عدد ۱۰۰ ہوگا اور علی ہذا القیاس یعنی نہایت چھوٹا عدد وہ ہوتا ہے جسکا اخیر مرتبہ آخر اور باقی مراتب ۰ ہوں اور اس صورت میں نہایت چھوٹا عدد $=ر^{ن-۱}$ ہوتا ہے

مثال اگر عدد بنیادی ۱۰ فرض کیا جاوے تو چار مرتبہ کا عدد نہایت بڑا یہہ ہوگا $۱۰^{۴}-۱=۹۹۹۹$

اور نہایت چھوٹا عدد $=۱۰^{۳}=۱۰۰۰$ دو عدد مفروض کو باہم ضرب کرین تو درمیانی کرو کہ تعداد مراتب حاصل ضرب کی کیا ہوگی فرض کرو کہ دو عدد مفروض ف اور ق ہین اور م اور ح انکی تعداد مراتب ہین اور ر عدد بنیادی ہے تو $ف=ا+ار+ا_{۲}ر^{۲}+\ldots+ا_{م-۱}ر^{م-۱}$ اور $ق=ب+بر+ب_{۲}ر^{۲}+\ldots+ب_{ح-۱}ر^{ح-۱}$ بسیط اسطی $ف ق=$ ایک ایسی سلسلہ کی ہوگی جسمین نہایت بڑی توت ر کی یہہ ہوگی $ا_{م-۱}ب_{ح-۱}ر^{م+ح-۲}$ اور نہایت چھوٹی توت ر کی یہہ ہوگی $ا_{۰}ب_{۰}ر^{۰}=ا_{۰}ب_{۰}$ پس معلوم ہوا کہ نہایت بڑی قیمت اسکی یہہ ہے $(ر-۱)ر^{م+ح-۲}$ اور نہایت کم قیمت اسکی $ف ق$ میں یہہ ہوگی $ر^{م+ح-۲}$ پس معلوم ہوا کہ نہایت بڑی قیمت کی حاصل ضرب $ف ق$ مین کم از کم $ر^{م+ح-۲}$ یا $ر^{م+ح-۲}$ سے بڑھ کر ہوگی اور نہایت کم $ر^{م+ح-۲}$ ہی تو موافق بیان فقرہ (۱) کی تعداد مراتب کی حاصل ضرب $ف ق$ مین $م+ح-۱$ سی زیادہ نہین ہو سکتی اور $م+ح-۱$ سی کم ہو سکتی ہے

(۵) چاہتی ہین ہم کہ تعداد مراتب خارج قسمت ف ÷ ق کی کیا ہوگی اوس صورت مین جبکہ ق پر ف پورا تقسیم ہوجاے فرض کرو کہ ف ÷ ق = د ∴ ف = ق د اور چونکہ ف مین م مرتبہ فرض کیے گیے تو بالضرور ق مین بھی م مرتبہ ہوگی اور فرض کرو کہ تعداد مراتب د کی = لا تو موافق فقرہ گذشتہ کے م زیادہ (ح + لا) سی اور کم (ح + لا − ۱) سی نہین ہوینگا اور اسیواسطی عدد مطلوب لا کم (م − ح) سی اور زیادہ (م − ح + ۱) سی ہوگا

حکم یہان سیے معلوم ہوا کہ تعداد مرتبون سیے ف مین ۲ م یا ۲ م − ۱ ہی اور ق مین ۳ م یا ۳ م − ۱ یا ۳ م − ۲ ہی اور علی ہذا القیاس — (۶) اگر مجموعہ مراتب کو ہر ایک قسم کی اعداد مین جنکا عدد بنیادی ر ہو ر − ۱ پر تقسیم کرین تو باقی اوسیقدر رہیگا جسقدر کل عدد کو ر − ۱ پر تقسیم کرنی سیے رہتا ہی اثبات دعوی کی لئے فرض کرتے ہین ہم کہ

۱ + ۱ ر + ۱ ر۲ + ... ۱ ر^ن عدد (ن) کو تعبیر کرتا ہی اسیواسطی

ن = ۱ + ۱ + ۱ + ... ۱ + ۱ (ر − ۱) + ۱ (ر − ۱) (ر − ۱) + ... + ۱ (ر − ۱)^ن

$$\therefore \frac{ن}{ر-۱} = \frac{۱ + ۱ + ۱ + \dots + ۱}{ر-۱} + ۱ + ۱ (ر+۱) + \dots + ۱ \frac{ر^{ن-۱}-۱}{ر-۱}$$

لیکن یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر ن کی واسطی کوئی مثبت قیمت فرض کیجاوے ہر صورت مین $\frac{ر^{ن}-۱}{ر-۱}$ ایک عدد صحیح ہوگا پس اگر کل عدد صحیح کو ع سی تعبیر کرین تو $\frac{ر^{ن}-۱}{ر-۱}$ = ع + $\frac{۱ + ۱ + \dots ۱}{ر-۱}$ اور اس مساوات سی صاف ظاہر ہی کہ عدد ن کو ر − ۱ پر تقسیم کرنی سیے وہی باقی رہتا ہی جو مجموعہ مراتب ۱ + ۱ وغیرہ کو ر − ۱ پر تقسیم کرنی سی باقی رہتا ہی کیونکہ ع تو عدد صحیح ہی اوسمین باقی ہو ہی نہین سکتی

حکم یہان سیے ثابت ہوا کہ اگر ایک عدد ر − ۱ پر پورا تقسیم ہوسکی تو اوسکی مجموعہ مراتب کا بھی ر − ۱ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی اور یہان سیے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر حاصل تفریق اون مراتب کا جو طاق اور جفت مقامون پر واقع ہین ر + ۱ پر پورا تقسیم ہوسکی تو وہ عدد بھی ر + ۱ پر پورا تقسیم ہوسکی گا

مثال دریافت کیا چاہتے ہین ہم کہ وہ اعداد کونسی ہین جو ۳ اور ۹ پر پوری تقسیم ہوسکتے ہین فرض کرکہ ا ب س د وغیرہ مراتب کسی عدد کی ہین تو ظاہر ہی کہ وہ عدد اس صورت سی تعبیر ہوسکیگا

ا + ۱۰ ب + ۱۰۰ س + ۱۰۰۰ د + وغیرہ اب اگر اسکو ۳ پر تقسیم کرین تو یہہ حاصل ہوگا

$$\frac{۱}{۳} + ۳ ب + \frac{ب}{۳} + ۳۳ س + \frac{س}{۳} + ۳۳۳ د + \frac{د}{۳} + \text{وغیرہ یعنے}$$

$\frac{1+ب+س+\text{وغیرہ}}{3}+۳ب+۳۳س+۳۳۳د+\text{وغیرہ}$ اور یہہ عدد اوسوقت صحیح ہوگا جسوقت $\frac{1+ب+س+\text{وغیرہ}}{3}$ صحیح ہو پس معلوم ہوا کہ وہ عدد ۳ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی جسکی مراتب کا مجموعہ ۳ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہی مثلاً ۱۱۱ اور ۲۵۲ اور ۷۵۸۱ وغیرہ ۳ پر پوری تقسیم ہوسکتی ہین اور اسیطرح ثابت ہوسکتا ہی کہ ۹ پر وہ عدد پورا تقسیم ہوگا جسکی مراتب کا مجموعہ ۹ پر پورا تقسیم ہوگا اسواسطے کہ

$\frac{1+۱۰ب+۱۰۰س+۱۰۰۰د+\text{وغیرہ}}{9}=\frac{1}{9}+\frac{ب}{9}+\frac{۱۱س}{9}+\frac{۱۱۱د}{9}+\text{وغیرہ}$

$=\frac{1+ب+س+د+\text{وغیرہ}}{9}+ب+۱۱س+۱۱۱د+\text{وغیرہ}=$ عدد صحیح کی جسوقت کہ $\frac{1+ب+س+\text{وغیرہ}}{9}$ عدد صحیح کی ہو مثلاً ۴۸۴ اور ۶۵۸۸ وغیرہ ۹ پر پوری تقسیم ہوسکتی ہین حکم (۱) یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر کسی عدد کو ۹ پر تقسیم کرین اور اوسکی مجموعہ مراتب کو بھی ۹ پر تقسیم کرین تو دو نوصورتون مین باقی یکسان رہیگی حکم (۲) یہانسے وہ قاعدہ بھی ثابت ہوسکتا ہی جو ضرب کی غلطی درست کرنیمین مستعمل ہی کیونکہ اگر فرض کرین ہم کو مضروب فیہ ۱۹ + ۱ ہی اور مضروب ۹ ب + ر ہی تو حاصلضرب ۱۸ ب + ۹ ب + ۱ + ر ہوگا اور یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر مضروب فیہ کی مجموعہ مراتب کو ۹ پر تقسیم کرین تو ۱ باقی رہتا ہی اور اگر مضروب کے مجموعہ مراتب کو ۹ پر تقسیم کرین تو ر باقی رہتا ہی پس ان باقیون کو ضرب کرین تو ۱ + ر ہوگا اور $\frac{1+ر}{9}$ = باقی یکے جو مجموعہ مراتب حاصلضرب کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتا ہی اسواسطے کہ حاصلضرب مذکور مین ہوا لا کی اور متعدد ۹ پر پورے تقسیم ہوجاتے ہین اور یہی دلیل اوس قاعدہ مین حاصل ہوتی ہی بشرطیکہ عمل درست ہوا فہم ہو کہ جن صورتون مین حاصلضرب پر ایک صفر یا کئی صفر زیادہ یا کم کئے جاوین یا اوس صورتمین جبکہ حاصلضرب پر ۹ یا ۹ کا مضعف صحیح زیادہ یا کم کیا جاوے اسس قاعدہ سے غلطی کی تصحیح نہوگی

(۷) — نظام عددی جو مقرر ہی اسمین اگر کوئی سے دو قریب کی عددین اور اونکو باہم ضرب کرین تو اونکا حاصلضرب ۱ × ۲ سے تقسیم ہوجائیگا کیونکہ اون دو نو عددونمین سے ایک ضرور جفت ہوگا یعنی ۲ پر تقسیم ہوسکیگا اور اسیواسطے اوس عدد کو کسی عدد مین ضرب کرین بالفرض حاصلضرب ۲ پر تقسیم ہوسکیگا — چونکہ ہر ایک عدد ان تینون مقدارون ۳ م اور ۳ م ± ۱ اور ۳ م ± ۲ مین سے کسی نکسی سے بغیر ہوسکتا ہی کیونکہ ہر عدد یا تو ۳ پر پورا تقسیم ہوجائیگا یا فقط ۱ یا ۲ باقی رہیگی تو اسی واسطے حاصلضرب قریب کے تین عددون کا ان تین مقدارون سے

۳ م (۳ م + ۱) (۳ م + ۲) اور (۳ م − ۱) ۳ م (۳ م + ۱) اور (۳ م − ۱) (۳ م − ۱) ۳ م مین کسی نکسی سے بغیر ہوگا اب ظاہر ہی کہ موافق بیان بالا کی دو نو مقدار (۳ م + ۱) (۳ م + ۲) اور (۳ م − ۲) (۳ م − ۱) ۱ × ۲ پر تقسیم ہوسکتے ہین تو ثابت ہوا کہ صورت اول اور تیسری ۱ × ۲ × ۳ پر پوری تقسیم ہوجاویگی — اور اگر م ایک عدد جفت ہو یعنی ۲ پر تقسیم ہوسکی تو ظاہر ہی کہ ۳ م اور اسیواسطے دوسری صورت ۱ × ۲ × ۳ پر تقسیم ہوجاویگی اور اگر م ایک عدد طاق ہو تو ظاہر ہی کہ ۳ م بھی طاق ہوگا اور اسیواسطے ۳ م + ۱ جفت ہوگا اور اسیواسطے اس صورت مین بھی دوسری

صورت ۱×۲×۳ پر تقسیم ہو جائیگی پس ثابت ہوا کہ تمام صورتوں میں حاصلضرب ترتیب کی تین عددوں کا

۱×۲×۳ پر پورا تقسیم ہو جاویگا ۔ ثابت کرو کہ متسلسل حاصلضرب ترتیب کی عدد کا ۱×۲×۳....ر پر تقسیم ہو جاویگا فرض کرو کہ ح (م اور ر) تعبیر کرتا ہے $\frac{م}{۱}\cdot\frac{م-۱}{۲}\cdot\frac{م-۲}{۳}\cdots\frac{م-ر+۱}{ر}$ کو تو ح (م اور ر+۱) =

$$\frac{م}{۱}\cdot\frac{م-۱}{۲}\cdot\frac{م-۲}{۳}\cdots\frac{م-ر+۱}{ر}\cdot\frac{م-ر}{ر+۱} = ح\,(م \text{ اور } ر)\cdot\frac{م-ر}{ر+۱} =$$

$$\frac{م+۱}{ر+۱}ح\,(م \text{ اور } ر) - ح\,(م \text{ اور } ر) = \frac{(م+۱)م(م-۱)\cdots(م-ر+۱)}{۱\times۲\times۳\cdots\cdots(ر+۱)} - ح\,(م \text{ اور } ر)$$

$$= ح\,(\overline{م+۱} \text{ اور } \overline{ر+۱}) - ح\,(م \text{ اور } ر) \therefore ح\,(\overline{م+۱} \text{ اور } \overline{ر+۱}) - ح\,(م \text{ اور } ر) = ح\,(م \text{ اور } \overline{ر+۱})$$

یہاں سے ثابت ہوا کہ ح (ر+۱ اور ر+۱) = ح (ر اور ر) = ۱ اور

ح (ر+۲ اور ر+۱) − ح (ر+۱ اور ر+۱) = ح (ر+۱ اور ر) اور

ح (ر+۳ اور ر+۱) − ح (ر+۲ اور ر+۱) = ح (ر+۲ اور ر)

. . . . . = ...

ح (م اور ر+۱) − ح (م−۱ اور ر+۱) = ح (م−۱ اور ر)

∴ ح (م اور ر+۱) = ۱ + ح (ر اور ر) + ح (۲ اور ر) + . . . + ح (م−۱ اور ر)

اب اگر ر = ۱ تو ح (م اور ۲) = ۱ + ح (۲ اور ۱) + ح (۳ اور ۱) + . . . + ح (م−۱ اور ۱)

= ۱ + ۲ + ۳ + . . . + م − ۱ = ایک عدد صحیح کے

اور اگر ر = ۲ تو ح (م اور ۳) = ۱ + ح (۳ اور ۲) + ح (۴ اور ۲) + . . . + ح (م−۱ اور ۲) پر صحیح کے

اور اگر ر = ۳ تو ح (م اور ۴) = ۱ + ح (۴ اور ۳) + ح (۵ اور ۳) + . . . + ح (م−۱ اور ۳) = صحیح کے

∴ وغیرہ = وغیرہ = وغیرہ = وغیرہ

اور ح (م اور ر) = ۱ + ح (ر اور ر−۱) + ح (ر+۱ اور ر) + . . . + ح (م−۱ اور ر−۱) = ایک عدد صحیح کے

یعنی متسلسل حاصلضرب ترتیب کی اعداد تو بہ کا ۱×۲×۳....ر پر پورا تقسیم ہو جاویگا مثال (۱) اگر ن ایک عدد

صحیح ہو تو ثابت کرو کہ ن (ن²−۱) (ن²−۴) ۱۲۰ پر تقسیم ہو جاویگا چونکہ ن (ن²−۱) (ن²−۴) =

ن (ن−۱) (ن+۱) (ن−۲) (ن+۲) = (ن−۲) (ن−۱) ن (ن+۱) (ن+۲) جو کہ پانچ اعداد قریبہ کا حاصلضرب ہے اور

۱×۲×۳×۴×۵ یا ۱۲۰ پر پورا تقسیم ہو جاویگا

مثال ۲ اگر ن ایک عدد جفت ہو تو ہمکو کہنا ہے کہ ن³ + ۲۰ ن ۴۸ پر پورا تقسیم ہوجاویگا چونکہ جفت ہے تو فرض کرو کہ ن = ۲م ∴ ن³ + ۲۰ن = ۸م³ + ۴۰م = ۸م(م² + ۵) = ۸م (م² − ۱) + ۴۸م =

= ۸(م − ۱) م (م + ۱) + ۴۸م اب چونکہ (م − ۱) م (م + ۱) تین اعداد قریبہ کا حاصلضرب ہے اسلیے اسی واسطے ۱ × ۲ × ۳ پر پورا تقسیم ہوجاویگا اسیواسطے ۶ × ۸ یا ۴۸ پر بصورت مفروض تقسیم ہوجاویگی

(۸) ثابت کرو کہ جو عدد مجذور کامل ہو ان دو صورتون ۵م اور ۵م ± ۱ سی تعبیر ہوسکتا ہے اسیواسطے کہ یہہ بات ظاہر ہے کہ ہر عدد تعبیر ہوسکتا ہے بوسیلہ کسی نہ کسی صورت کی ان صورتون ۵م اور ۵م + ۱ اور ۵م + ۲ اور ۵م + ۳ ۵م + ۴ مین سی اور یہہ صورتین تعبیر ہوسکتی ہین ان تین صورتون ۵م ۵م ± ۱ ۵م ± ۲ سی اسواسطے کہ سوا ان دو صورتون اخیر کی جنمین ۳ اور ۴ ہین انکا تعبیر ہونا تو ظاہر ہے اور دونو صورتین اخیرہ اسواسطے تعبیر ہوسکتی ہین کہ ۵م + ۳ = ۵(م + ۱) − ۲ = ۵م − ۲

اور ۵م + ۴ = ۵(م + ۱) − ۱ = ۵م − ۱ پس معلوم ہوا کہ ہر عدد تین صورتون مذکورہ سی تعبیر ہوسکتا ہے اب ہم ثابت کرتی ہین کہ مجذورات ان تینون صورتون سے کے انہین دو صورتون مفروضہ یعنی ۵م اور ۵م ± ۱ سے تعبیر ہوسکتا ہے ظاہر ہے کہ (۵م)² = ۵(۵م²) = ۵م جو ۵م کی صورت کا ہے

اور (۵م ± ۱)² = ۲۵م² ± ۱۰م + ۱ = ۵(۵م² ± ۲م) + ۱ = ۵م + ۱ جو ۵م + ۱ کی صورت کا ہے

اور (۵م ± ۲)² = ۲۵م² ± ۲۰م + ۴ = ۵(۵م² ± ۴م + ۱) − ۱ = ۵م − ۱ جو ۵م − ۱ کی صورت کا ہے پس ثابت ہوا کہ جو عدد مجذور کامل ہے ان دو صورتون ۵م اور ۵م ± ۱ سے تعبیر ہوسکتا ہے

(۹) ثابت کرو کہ جو عدد ایسا ہو کہ سوای اپنی اور عدد آپکے اور کسی پر تقسیم نہوسکی اور اس عدد کو انگریزی مین پریم کہتی ہین اگر دو سی زیادہ ہو تو ۴م ± ۱ سی تعبیر ہوسکتا ہے اسواسطے کہ تمام اعداد ان صورتون سی ۴م ۴م + ۱ ۴م + ۲ ۴م + ۳ تعبیر ہوسکتی ہین لیکن عدد مذکور ۴م اور ۴م + ۲ سی تعبیر نہین ہوسکتا کیونکہ یہہ دونو صورتین ۲ پر تقسیم ہوسکتی ہین پس معلوم ہوا کہ عدد مذکور یعنی عدد پریم جو دو سی بڑا ہو ۴م + ۱ اور ۴م + ۳ سے تعبیر ہوسکتا ہے لیکن ۴م + ۳ = ۴(م + ۱) − ۱ = ۴م − ۱ پس ثابت ہوا کہ ہر عدد پریم جو دو سی زیادہ ہے ۴م ± ۱ سی تعبیر ہوسکتا ہے جو کہ م جفت ہوگا یا طاق یعنے ۲ن + ۱ کی صورت کا ہوگا یا ۲ن کی صورت کا اسیواسطے ۴م ± ۱ ان دو صورتون سے ۸ن ± ۱ اور ۸ن ± ۳ تعبیر ہوسکتا ہے یعنی عدد مذکور ان چہار صورتون سی تعبیر ہوسکتا ہے

(۱۰) ثابت کرو کہ عدد پریم اگر تین سے زیادہ ہو ۶م ± ۱ سی تعبیر ہوسکتا ہے اسواسطے کہ تمام اعداد ان صورتون ۶م اور ۶م + ۱ اور ۶م + ۲ اور ۶م + ۳ اور ۶م + ۴ اور ۶م + ۵ سی تعبیر ہوسکتی ہین

لیکن یہ ظاہر ہی کہ پہلی اور تیسری اور چوتھی اور پانچوین صورت سی پرہم عدد تعبیر ہوسکتا ہی معلوم ہوا
کہ عدد مذکور ۶م+۱ اور ۶م+۵ سے تعبیر ہوسکتا ہی لیکن ۶م+۵=۶(م+۱)-۱ جو ۶م-۱
کی صورت کا ہی پس جو عدد پرہم تین سے زیادہ ہو ۶م±۱ سی تعبیر ہوسکتا ہی اور م کی طاق اور جفت ہونیکی موافق
عدد مذکور ۱۲ن±۱ اور ۱۲ن±۵ سی تعبیر ہوگا

(۱۱) ایک عدد کی تمام مقسوم علیہ دریافت کرو فرض کرو کہ آ^ا . ب^ب وغیرہ اوس عدد کے پرہم ہین اور فرض کرو
کہ آ^ص دفعہ واقع ہو اور ب^ق دفعہ اور ح^ر دفعہ ... علی ہذا پس وہ عدد مساوی ہوگا آ^ص ب^ق ح^ر ...
یہ ظاہر ہی کہ یہ عدد ہر ایک عدد آئندہ سی پورا تقسیم ہوویگا

۱ اور آ اور آ^۲ اور آ^۳ ..... آ^ص	ص+۱ تعداد تک
۱ اور ب اور ب^۲ اور ب^۳ ..... ب^ق	ق+۱
۱ اور ح اور ح^۲ اور ح^۳ ..... ح^ر	ر+۱
.....	.....

اور ان اعداد کی دو یا زیادہ کی حاصل ضرب سے بھی تقسیم ہوسکیگا یعنی ہر ایک حاصل ضرب متسل (۱+آ+آ^۲+...+آ^ص)
×(۱+ب+ب^۲+...+ب^ق)(۱+ح+ح^۲+...ح^ر) پر کہ کہ (۱+آ+آ^۲+...آ^ص)(۱+ب+ب^۲+...+ب^ق)

= ۱+آ+آ^۲+...آ^ص جو کہ مختلف مقسوم علیہ آ^ص ب^ق کی ہین اور انمین مقسوم علیہ ایک یہ بھی شامل ہی
+ب+آب+...آ^ص ب اسکیطرح اگر ہم اسکو (۱+ح+ح^۲+...ح^ر) سی ضرب دین تو حاصل
+ب^۲+آب^۲+...آ^ص ب^ق ضرب مساوی ہوگا تمام مقسوم علیہ آ^ص ب^ق ح^ر کی اسیطرح اور صورتین حاصل ہوسکتی
+..... ہین اگر عدد مفروض کی اجزاء ضربی زیادہ ہون اب ظاہر ہی کہ تعداد ان مقسوم علیہ کی
+ب^ق+آب^ق+...آ^ص ب^ق یہ حاصل ہی اور آ^ص ب^ق مین تعداد مساوی ہوگی (۱+ص)(۱+ق) کے
اور آ^ص ب^ق ح^ر مین تعداد مقسوم علیہ مساوی ہوگی (۱+ص)(۱+ق)(۱+ر) اور اگر زیادہ
ہون تو بھی یہی قاعدہ جاری ہوسکتا ہی تعداد مقسوم علیہ آ^ص ب^ق ح^ر ... غیرہ =
(۱+ص)(۱+ق)(۱+ر) (وغیرہ) ان مقسوم علیہ مین عدد ایک اور وہ خود عدد بھی شامل ہی

مثال دریافت کرو تمام مقسوم علیہ ۲۱۶۰ کے ۲۱۶۰=۲×۱۰۸۰=۲^۲×۵۴۰=
۲^۳×۲۷۰=۲^۴×۱۳۵=۲^۴×۳×۴۵=۲^۴×۳^۲×۱۵=۲^۴×۳^۳×۵ اسیواسطی تمام
مقسوم علیہ ۲۱۶۰ کی مساوی ہو (۴+۱)(۳+۱)(۱+۱)=۴۰

باب چہارم سوالات غیر منقطع کی بیان مین

فصل ۱

اوس سوال کو جسمین مساواتین جو شرایط سوال کی سی پیدا ہوتی ہین کم ہین بہ نسبت تعداد مقدارون مجہول کی سوال غیر منقطع کہتے ہین گو کہ ایسی سوالون کے جواب بی شمار ہو سکتے ہین پہر بہی جواب اونکی اعداد صحیح مین اکثر تہوڑی سی ہوتی ہین اور اونکی دریافت کرنیکی ترکیبین مرقوم الذیل سی معلوم ہو جائینگی

شکل اول

جاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمتین لا اور ر کی مساوات ط لا = ص ر + س سے جسمین ط اور ص اور س بتیر کرتے ہین اعداد مفروضہ کو کہ ایسی ہون کہ اونکا کوئی عدد غیر مشترک نہین ہر

قاعدہ

(۱) تعبیر کرو صہ سی کسی عدد صحیح کو اور چونکہ مساوات مفروضہ سی حاصل ہوتا ہی یہہ لا = $\frac{ص ر + س}{ط}$ تو بعد نکالڈالنے کی سب صحیح کی اعداد کو جو $\frac{ص ر + س}{ط}$ مین نکل سکتی ہین فرض کرو کہ حاصل ہوتا ہی یہہ

$\frac{د ر + ف}{ط}$ اب تفریق کرو $\frac{د ر + ف}{ط}$ کو $\frac{ط ر}{ط}$ یا $\frac{۲ ط ر}{ط}$ یا $\frac{۳ ط ر}{ط}$ یا کسی اور عدد صحیح

ی کی مین سی کہ ہووی نہایت قریب $\frac{د ر + ف}{ط}$ کی اور لازم ہی کہ ہووی باقی ایک عدد صحیح اور یہی عمل کری جاو جب تک کہ سر کا مساوی آ کے ہو جاوے اور اوس صورت مین حاصل ہوگی یہہ مقدار شکل ایک کسر کی $\frac{ر + ک}{ط}$ اور اسکو لکہو مساوی ایک عدد صحیح کی یعنی ثبت کرو اسطرح سی $\frac{ر + ک}{ط}$ = صہ اور

∴ ر = ط صہ — کہ اب جسوقت فرض کرین گے کوئی عدد صحیح واسطی صہ کی تو قیمت آ کی معلوم ہو جائیگی اور بعد ازان قیمت لا کی بہی قاعدہ مرقومہ بالا مبنی ہی ان علوم متعارفہ پر (۱) حاصل جمع اور حاصل تفریق اور حاصل ضرب اعداد صحیح کا صحیح ہوتا ہی (۲) اگر ایک عدد فنا کرتا ہی کسی اور عدد کو اور اوسکی کسی ایک جز کو تو ضرور ہی کہ بہلا عدد بہی فنا کرے پہلی عدد کی باقی جز کو

مثالین

۱ ۱۹ لا = ۱۴ و — ۱۱ بتاو کیا ہی قیمت لا اور ر کی ظاہر ہی کہ لا = $\frac{۱۴ ر - ۱۱}{۱۹}$ = صہ

اور چونکہ $\frac{۱۹ز}{۱۹}$ = صہ تو معلوم ہوا کہ $\frac{۱۹ز}{۱۹} - \frac{۱۴ز - ۱۱}{۱۹} = \frac{۵ز + ۱۱}{۱۹}$ = صہ اور اب

$۴ \times \frac{۵ز + ۱۱}{۱۹} = \frac{۲۰ز + ۴۴}{۱۹} = \frac{۶ز + ۳۰}{۱۹} + ۲ =$ صہ

$\therefore \frac{۶ + ۲۰ز}{۱۹} =$ صہ اور $\therefore \frac{۲۰ز + ۶}{۱۹} - \frac{۱۹ز}{۱۹} = \frac{۱ + ۶ز}{۱۹} =$ صہ

$\therefore ۶ + ز = ۱۹$ صہ $\therefore ز = ۱۹$ صہ $- ۶$ اب اگر کم سی کم قیمت واسطی ز کی دریافت کیجاوے تو لازم ہی کہ فرض کریں ہم صہ $= ۱$ اور $\therefore ز = ۱۹ - ۶ = ۱۳$ اور $\therefore$ لا $= ۹$ اور اگر صہ $= ۲$ تو $ز = ۳۸ - ۶ = ۳۲$ اور اسیطرح سی اور بی شمار قیمتین واسطے ز کی معلوم ہوسکتی ہین اور ان قیمتون کے موافق لا کی بہی بی شمار ہونگی

(۲) مثال معلوم ہی ہمین یہہ مساوات ۳ لا $= ۸ز - ۱۶$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی لا اور ز کی کہ اعداد صحیح ہون سجای ظاہر ہی کہ لا $= \frac{۸ز - ۱۶}{۳} = ۲ز - ۵ + \frac{۲ز - ۱}{۳}$ اب ضرور ہی کہ $\frac{۲ز - ۱}{۳} =$ صہ لیکن ظاہر ہی کہ $\frac{۱۳}{۳}$ ایک صحیح ہی اور چونکہ

$\frac{۲ز - ۱}{۳} \times ۲ = \frac{۴ز - ۲}{۳} =$ صہ تو ضرور ہی کہ $\frac{۴ز - ۲}{۳} - \frac{۳ز}{۳} =$

$\frac{ز - ۲}{۳} =$ صہ اور $ز - ۲ = ۳$ صہ اور $ز = ۳$ صہ $+ ۲$ اب اگر صہ $= ۱$ تو $ز = ۳ + ۲ = ۵$ اور لا $= ۸$ اور اگر صہ $= ۳$ تو اور قیمتین ز اور لا کی معلوم ہوسکتی ہین

(۳) مثال معلوم ہی ہمین مساوات ۹ لا $+ ۱۳ز = ۲۰۰۰$ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنے قیمتین لا اور ز کی کہ اعداد صحیح ہون اب ظاہر ہی کہ

لا $= \frac{۲۰۰۰ - ۱۳ز}{۹} = ۲۲۲ - ز + \frac{۴ز - ۲}{۹} =$ سہ اور $\therefore \frac{۴ز - ۲}{۹} =$ صہ

اور چونکہ $\frac{۴ز - ۲}{۹} \times ۲ = \frac{۸ز - ۴}{۹} =$ صہ اور $\frac{۹ز}{۹}$ بہی = صہ

تو معلوم ہوا کہ $\frac{۸ز - ۴}{۹} + \frac{۹ز}{۹} = \frac{۱ + ۴ز}{۹} =$ صہ اور $\therefore ز + ۴ = ۹$ صہ

اور $ز = ۹$ صہ $- ۴$ اور اگر صہ $= ۱$ تو $ز = ۹ - ۴ = ۵$ اور لا $= ۱۵$ اور اسطور سے

اور قیمتین ء اور لا کی معلوم ہو سکتی ہیں

(۴) معلوم ہے ہمین مساوات ۲۴ لا = ۱۳ ء + ۱۶ اور چاہتے ہین ہم دریافت کرنی قیمت لا اور ء کی جواب لا = ۵ اور ء = ۸

(۵) ۱۴ لا = ۵ ء + ۷ بتا دیا ہمین قیمتین لا اور ء کی جواب لا = ۳ اور ء = ۷

(۶) ۲۷ لا = ۱۶۰۰ − ۱۶ ء ایضاً جواب لا = ۴۸ اور ء = ۱۶

(۷) ۸۷ لا + ۵۶ ء = ۱۵۴۱۰ ایضاً جواب لا = ۱۳۰ اور ء = ۵۰

شکل دوسری

چاہتے ہین دریافت کرنا ایک ایسا عدد صحیح مثل لا کی کہ اگر قسمت کرین ہم اوسی کئی اعداد صحیح پر مثل ط اور ص اور ع وغیرہ سے، تو بعد عمل تقسیم کی باقی رہین اعداد صحیح مثل ا اور ب اور ح وغیرہ

قاعدہ

تفریق کرو ہر عدد باقی کو لا مین سے متواتر اور ہر حاصل تفریق کو قسمت کرو اوپر اعداد مفروضہ ط ص ع وغیرہ کی علیحدہ علیحدہ تو ظاہر ہی ایسی حاصل ہونگی سے صورتین

جبریہ $\frac{\text{لا} - \text{ا}}{\text{ط}}$ اور $\frac{\text{لا} - \text{ب}}{\text{ص}}$ اور $\frac{\text{لا} - \text{ح}}{\text{ع}}$ وغیرہ اور ہر دو احد امین کا بالضرور = صہ

بتغیر کرو اوس قیمت صحیح مقدار لا کو جو اول کسر سے حاصل ہو مساوات ہ کی اور لکھو اوسی کسر دوسری مین اب دریافت کرو کم سی کم قیمت ء کو کسر دوسری مین سے بوسیلہ قاعدہ گذشتہ کی اور بتغیر کرو اوسی دے سے اور بعد ازان قیمت لا کی نسبت د کی دریافت کرو اور لکھو اوسی کسر تیسری مین اور اس کسر مین د کی کم سی قیمت دریافت کرو اور بتغیر کرو اوسکو ترسی اور جسوقت یہہ قیمت لا کی نسبت ر کی لکھین ہم اوسی سر جوتہی مین اور یہی عمل جاری رکھین تو آخر شش کو حاصل ہوگا عدد صحیح مطلوبہ

مثالین

۱ چاہتے ہین ہم دریافت کرنی ایک ایسا چھوٹا سے چھوٹا عدد صحیح کہ اگر قسمت کرین ہم اوسی ۷ پر تو باقی رہتا ہی عدد ۷ کا اور اگر قسمت کرین اوسکو ۲۶ پر تو باقی رہتا ہی عدد ۱۳ کا فرض کرو کہ عدد مطلوب = لا تو ظاہر ہی کہ ہوین گے یہ مساوات $\frac{\text{لا} - ۷}{۱۷}$ = صہ اور $\frac{\text{لا} - ۱۳}{۲۶}$ = صہ اب فرض کرو کہ $\frac{\text{لا} - ۷}{۱۷}$ = ء اور ∴ لا = ۱۷ ء + ۷ اور جسوقت لکھین ہم اس قیمت لا کو کسر دوسری مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{۱۷ ء - ۶}{۲۶}$ = صہ لیکن

$\frac{۲۶ز}{۲۶} = ص$ اور $\therefore \frac{۲۶ز}{۲۶} - \frac{۱۰ز-۹}{۲۶} = \frac{۹ز+۶}{۲۶} = ص$

یا $\frac{۹ز+۶}{۲۶} \times ۳ = \frac{۲۷ز+۱۸}{۲۶} = ز + \frac{ز+۱۸}{۲۶} = ص$ اور $\therefore \frac{ز+۱۸}{۲۶} = ص$

اور $\therefore ز = ۲۶ص - ۱۸$ اب اگر $ص = ۱$ تو $ز = ۸$ اور $\therefore لا = ۱۷ز + ۷ = ۱۷ \times ۸ + ۷ = ۱۴۳$

۲ چاہتے ہیں دریافت کرنا ایک ایسا عدد صحیح کہ اگر قسمت کریں ہم اوسی علیحدہ علیحدہ اعداد ۱۱ ۱۹ ۲۹ پر تو باقی رہتی ہیں سیے اعداد ۳ ۵ ۱۰ فرض کہ عدد مطلوبہ $= لا$ اور اسیواسطے حاصل ہونگی سیے مساواتیں

$\frac{لا - ۳}{۱۱} = ص$ اور $\frac{لا - ۵}{۱۹} = ص$ اور $\frac{لا - ۱۰}{۲۹} = ص$ فرض کردو کہ

$\frac{لا - ۳}{۱۱} = ز$ اور $\therefore لا = ۱۱ز + ۳$ اور جسوقت لکھیں ہم اس قیمت لا کو دوسری کسر میں تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $\frac{۱۱ز - ۲}{۱۹} = ص$ اور $\therefore ۲ \times \frac{۱۱ز - ۲}{۱۹} = \frac{۲۲ز - ۴}{۱۹} = ز + \frac{۳ز - ۴}{۱۹} = ص$

اور $\therefore \frac{۳ز - ۴}{۱۹} = ص$ لیکن یہہ ظاہر ہی کہ

$۶ \times \frac{۳ز - ۴}{۱۹} = \frac{۱۸ز - ۲۴}{۱۹} = ۱ - \frac{۱۸ز - ۵}{۱۹} = ص$

اور $\therefore \frac{۱۸ز - ۵}{۱۹} = ص$ لیکن $\frac{۱۹ز}{۱۹} = ص$ اور اسیواسطے یہہ ظاہر ہی کہ

$\frac{۱۹ز}{۱۹} - \frac{۱۸ز - ۵}{۱۹} = \frac{ز + ۵}{۱۹} = ص$ اب فرض کردو کہ $\frac{ز + ۵}{۱۹} = د$ اور

$\therefore ز = ۱۹د - ۵$ اور ظاہر ہی کہ $لا = ۱۱ز + ۳ = ۱۱ \times (۱۹د - ۵) + ۳ = ۲۰۹د - ۵۲$ اور جسوقت لکھیں ہم یہہ قیمت لا کی کسر سے میں تو حاصل ہوگا یہہ

$\frac{۲۰۹د - ۶۲}{۲۹} = ۷د - ۲ + \frac{۶د - ۴}{۲۹} = ص$ اور $\therefore \frac{۶د - ۴}{۲۹} = ص$

لیکن $\frac{۶د - ۴}{۲۹} \times ۵ = \frac{۳۰د - ۲۰}{۲۹} = د + \frac{د - ۲۰}{۲۹} = ص$

اور $\therefore \frac{د - ۲۰}{۲۹} = ص$ اور اسیواسطے $د = ۲۹ص + ۲۰$ اب جسوقت $ص = ۰$ تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $د = ۲۰$ اور $\therefore لا = ۲۰۹ \times ۲۰ - ۵۲ = ۴۱۲۸$

۳ چاہتے ہیں دریافت کرنا ایک ایسا عدد صحیح کہ اگر قسمت کریں ہم اوسکو ۹ پر تو باقی رہتا ہی عدد ۷ کا

لیکن جسوقت قسمت کرینگے ہم اوسی ۲۸ پر تو باقی رہتا ہی عدد ۱۳ کا جواب عدد مطلوبہ ۹ ۴ ۳ ہی

۴ وہ کونسا چھوٹے سی چھوٹا عدد صحیح ہی کہ اگر قسمت کرین ہم اوسے علیحدہ علیحدہ

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ پر تو باقی کچھ نہین رہتا ہی جواب عدد مطلوبہ ۲۵۲۰ ہی

فصل دوسری بیچ بیان ایسی سوالات غیر منقطع کے جنمین بوسیلہ دو مساواتون کے دریافت کرنا ہوتا ہی تین یا زیادہ مقدارون مجہول کا

سوال ۱ ایک شخص نے تیس فقیرون کو کہ اونمین عورتین اور مرد اور بچے تہی ۵۰ روپیہ دیئے ساتھہ اس شرط کی کہ ہر مرد کا حصہ تین روپیہ ہوا اور ہر عورت کا حصہ ۲ روپیہ اور ہر بچہ کا حصہ آدہ روپیہ بتاؤ ان سب فقیرونمین کتنے مرد اور کتنی عورتین اور کتنے بچے تہی فرض کرو کہ تعداد مردون کی = لا اور عورتون کی = ز اور بچون کی = د اور اب ظاہر ہی کہ حاصل ہونگی یہہ دو مساواتین

لا + ز + د = ۳۰ ..... (۱)

۳ لا + ۲ ز + د = ۵۰ ..... (۲)

مساوات (۱) کو ۲ مین ضرب کرو اور حاصل ضرب مین سے مساوات (۲) کو تفریق کرو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ز + د = ۴۰ اور ظاہر ہی کہ اس مساوات سی موافق قاعدون گذشتہ کی حاصل ہوجائینگی ہمین قیمتین ز اور د کی اور بعد ازان لا کی قیمت بہی معلوم ہوجائیگی یہہ سوال اور طرحسی بہی حل ہوسکتا ہی اور وہ طرح یہہ ہی مساوات اول سی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات د = ۳۰ − لا − ز اور یہان سی یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ لا + ز کم ہی ۳۰ سی اور جسوقت لکہین یہہ قیمت د کی مساوات (۲) مین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۲ لا + ز + ۳۰ = ۵۰ اور ∴ ز = ۲۰ − ۲ لا اور ∴ ز + لا = ۲۰ − لا پس معلوم ہوا کہ ۲۰ − لا بہی ۳۰ سے کم ہی پس ہم فرض کرسکتے ہین واسطے لا کی کوئی عدد بشرطیکہ وہ کم ۱۰ سی ہو اور اسیواسطے حاصل ہوتی ہین گیارہ جواب آئندہ

لا = ۰ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰

ز = ۲۰ ۱۸ ۱۶ ۱۴ ۱۲ ۱۰ ۸ ۶ ۴ ۲ ۰

د = ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰

اور اگر چہوڑین اول اور آخر جواب کو تو باقی رہینگے ۹ جواب

سوال ۲ ایک شخص نے سو جانور خریدکئے اور اس نرخ سے کہ فی بیل دس روپیہ اور فی گائے ۵ روپیہ اور فی بچھڑہ ۲ روپیہ اور فی بکری نصف روپیہ بتاؤ ان سو جانورونمین کتنے بیل تھے اور کتنی گائین اور کتنے بچھڑے اور کتنی بکریان فرض کرو کہ تعداد بیلون کی = لا اور تعداد گایون کی = ک اور بچھڑون کی = د اور بکریون کی = ر پس اب حاصل ہونگے یہ دو مساواتین

لا + ک + د + ر = ۱۰۰ ..... (۱)

۱۰لا + ۵ک + ۲د + ½ر = ۱۰۰ ..... (۲)

اب جسوقت دور کرین ہم کسر کو مساوات (۲) مین سے تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

۲۰ لا + ۱۰ک + ۴ د + ر = ۲۰۰ اور جسوقت تفریق کرین اس مساوات مین سے مساوات (۱) تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۱۹لا + ۹ک + ۳د = ۱۰۰ اور اسیواسطی حاصل ہوگا یہہ

۳د = ۱۰۰ − ۱۹لا − ۹ک اور جسوقت قسمت کرین ہم تین پر تو یہہ حاصل ہوگا

د = ۳۳ + ⅓ − ۶لا − ½لا − ۳ک یا د = ۳۳ − ۶لا − ۳ک + ⅓ − لا پس

اب ضرور ہے کہ ⅓ − لا یا ⅓ − لا قسمت ہوسکی ۳ پر اور اسیواسطی فرض کرو کہ

لا − ۱ = ۳ط اور ∴ لا = ۳ط + ۱

ک = ک

د = ۲۷ − ۱۹ط − ۳ک

ر = ۲۷ + ۲ک + ۱۶ط

یہان سی یہہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ۱۹ط + ۳ک بالضرور کم ہے ۲۷ سی پس اگر ط رہی یہہ شرط تو ہم واسطی ک اور ط کی کوئی قیمت فرض کرسکتے ہین اول اگر فرض کرین ہم کہ

ط = ۰ تو حاصل ہوگا یہہ

لا = ۱

اور ک = ک

د = ۲۷ − ۳ک

ر = ۷۲ + ۲ک

دویم فرض کرو کہ ط = ۱ تو حاصل ہونگی یہ مساواتین لا = ۴ ر = ر د = ۸ − ۳ ر
ر = ۸ ۸ + ۲ ر لیکن ہم نہین فرض کرسکتے ہین ط = ۲ کیونکہ اس صورت مین د ہوجاتی ہی منفی آپ
ظاہر ہی کہ صورت اول مین تو نہین زیادہ ہوسکتا ۹ سی اور صورت دوسری مین وہ نہین زیادہ ہوسکتا
ہی ۲ سی پس صورت اول سی حاصل ہوتی ہین ہمکو جواب آئندہ

اجوبہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
لا =	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱
ر =	۱۰	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	
د =	۲۷	۲۴	۲۱	۱۸	۱۵	۱۲	۹	۶	۳	
ر =	۷۲	۷۴	۷۶	۷۸	۸۰	۸۲	۸۴	۸۶	۸۸	۹۰

اور صورت دوسری اسی سے تین جواب حاصل ہوسکتے ہین

اجوبہ	۱	۲	۳	پس کل جواب تعداد مین
لا =	۴	۴	۴	۳ ہین اور اگر انمین سے
ر =	۰	۱	۲	خارج کرین ہم اون جوابون
د =	۸	۵	۲	کو جو صفر ہین تو باقی رہینگے
ر =	۸۸	۹۰	۹۲	دس جواب

جو شخص مہارت مساواتون غیر منقطع کی حل کرنے مین پیدا کیا چاہے اوسی لازم ہی کہ سوالات گذشتہ
کو اور ان ترکیبون کو جن سی وہ حل ہوئی ہین اور دوعلوم متعارفہ کو کہ پہلی مذکور ہوی ہین خوب توجہ
سی ملاحظہ کری اب ہم حل کرینگے چند مساواتین غیر منقطع جنمین حاصل ضرب اور مجذور وغیرہ مقدارون
مجہول سے دخل رکھتی ہین مثلاً حل کرو اس مساوات کو لا ر + لا + ر = ۷۹ ظاہر ہی کہ اس مساوات
سے حاصل ہوتی ہی یہ مساوات لا ر + ر = ۷۹ − لا اور

$$\therefore ر = \frac{۷۹ - لا}{لا + ۱} = -۱ + \frac{۸۰}{لا + ۱}$$ اور اب ضرور ہی کہ ہو وی لا + ۱ کوئی ایسا
عدد صحیح کہ اوسپر ۸۰ قسمت ہوسکی ظاہر ہی کہ وے اعداد جن پر ۸۰ قسمت ہوسکتی ہین ۱ اور
اسیواسطی قیمتین لا کی بھی بہت ہونگی جیسکہ جداول آئندہ سی ۱ ۲ ۴ ۵ ۸ ۱۰ ۱۶ ۲۰ ۴۰ ۸۰
واضح ہوگا مقسوم علیہ ۸۰ کی اوپر اسیواسطی لا = ۱ ۳ ۹ ۱۵ ۱۹ ۳۹ ۷۹
اور اسیواسطی ر = ۷۹ ۳۹ ۱۹ ۱۵ ۹ ۳ ۱

لیکن چونکہ لا اور ر کی قیمتیں ایک سی ہیں صرف فرق یہہ ہے کہ دونوں کی ترتیب برعکس ہے تو ظاہر ہے کہ حقیقت میں ۵ جواب ہیں اور ویسے ہیں لا = ۱۰ ۳ ۷ ۴ اور ر = ۹ ۷ ۹ ۳ ۱۹ ۱۵ ۹

مساوات گذشتہ ہے ایک خاص صورت اس مساوات عام کی لا ر + ط لا + ص ر = س اور یہہ اسطرح سے حاصل ہوتی ہے لا ر + ص ر = س − ط لا اور

$$\therefore \text{ر} = \frac{\text{س} - \text{ط لا}}{\text{لا} + \text{ص}} = -\text{ط} + \frac{\text{ط ص} + \text{س}}{\text{لا} + \text{ص}}$$ پس لا کی واسطے کوئی ایسا عدد تجویز کرنا

چاہیئے کہ وہ پورا کرے اوس شرط کو جو تعبیر کی گئی ہے اس اخیر مساوات سے چاہتے ہیں ہم دریافت کرنی ایسی قیمت واسطے لا کی کہ صورت ط + ص لا کا جذر نکل سکے فرض کرو کہ ط + ص لا = ر² اور

$$\therefore \text{لا} = \frac{\text{ر}^2 - \text{ط}}{\text{ص}}$$ اب اگر مطلوب ہو ہمیں قیمت لا کی اعداد صحیح میں تو لازم ہے کہ فرض کریں ہم واسطے ر کی ایسی

قیمت کہ اگر اوسکے مخبورین سے تفریق کی عدد ط کو قسمت کریں ہم حاصل تفریق کو ص پر تو خارج قسمت ایک عدد صحیح ہو لیکن اگر کسر ہی مطلوب ہو تو صرف یہہ شرط ملحوظ ہونی چاہیئے کہ ر² زیادہ ہو ط سے مثلاً وہ کونسا عدد ہے کہ اگر اوسے آئین ضرب کریں اور حاصل ضرب پر عدد ۳ کا زیادہ کریں تو مجموعہ ایک مخبور رہتا ہے اب ظاہر ہے کہ

یہہ مساوات ہوگی ۱۱ لا + ۳ = ر² اور $\therefore \text{لا} = \frac{\text{ر}^2 - 3}{11}$ اب اگر ر = ۵ تو لا $= \frac{25-3}{11} = \frac{22}{11} = 2$ اور اگر ر = ۴ تو لا $= \frac{16-3}{11} = \frac{13}{11} = 1\frac{2}{11}$ دریافت کیا

چاہتے ہیں ہم ایسی قیمت واسطے لا کی کہ صورت (ط + لا²) کا جذر نکل سکے فرض کرو کہ

ط + لا² = ر² + لا اور $\therefore$ ط + لا² = ر² + ۲ ر لا + لا² اور $\therefore$ ر² + ۲ ر لا = ط

اور لا $= \frac{\text{ط} - \text{ر}^2}{2\text{ر}}$ اگر ط = ۱۰ اور ر = ۲ تو لا $= \frac{10-4}{4} = \frac{6}{4} = \frac{3}{2}$

واضح ہو کہ اگر ط اس شکل کا ہو ر² + ۲ ر لا جبکہ ر کوئی عدد ہو سکتا ہے تو خواہ لا کی واسطے کیسی قیمت فرض کریں ط + لا² ہمیشہ مخبور رہتا ہے چاہتے ہیں ہم دریافت کرنا ایسی دو مخبور کا کہ اونکا حاصل جمع بھی مخبور ہو دے فرض کرو کہ لا² اور آ² دو مخبور مطلوبہ ہیں اور یہہ فرض کرو کہ لا² + ر² = (ر لا − ر)² اور

$\therefore$ لا² + ر² = ر² لا² − ۲ ر² لا + ر² $\therefore$ لا² = ر² لا² − ۲ ر² لا اور $\therefore$ لا = ر² لا − ۲ ر² اور

لا (ر² − ۱) = ۲ ر² اور $\therefore$ لا $= \frac{2\text{ر}^2}{(\text{ر}^2 - 1)}$ اب فرض کرو کہ ر² − ۱ = ر² اور $\therefore$ لا = ۲ ر²

اب جسوقت کوئی قیمت واسطے ر کے فرض کریں گے اوسوقت قیمتیں لا اور ر کی معلوم ہو جائینگی مثلاً

ر = ۲ تو ر = ۳ اور لا = ۴ اور لا² + ر² = ۱۶ + ۹ = ۲۵ = ۵² چاہتے ہیں ہم

دریافت کرنا وہ ایسی مخبور کا کہ اونکا حاصل تفریق بھی ایک عدد مخبور رہتا ہو فرض کرو کہ لا² اور ر²

مجذور مطلوبہ ہین اور یہہ بہی مان لو کہ لا۲ − و۲ = (لا − ر و)۲ = لا۲ − ۲ ر و لا + ر۲ و۲ اور اسسے سطی
− و۲ = − ۲ ر و لا + ر۲ و۲ یا ۲ ر لا = (ر۲ + ۱) و اور لا = $\frac{(ر^2+1)و}{۲ر}$ اب اگر و = ۲ ر تو
لا = ر۲ + ۱ مثلاً اگر ر = ۲ تو و = ۴ اور لا = ۵ اور اسسے حاصل ہوگا یہہ حاصل
لا۲ − و۲ = ۲۵ − ۱۶ = ۹ = ۳۲

فصل تیسرے بیچ بیان ایک خاص ترکیب کی جسکی ذریعہ سی صورت $\sqrt{ط ن^2 + ۱}$ ایک مجذور اعداد صحیح مین ہوجائے

بنا ناصورت جبریہ $\sqrt{ط ن^2 + ۱}$ کو ایک کامل مربعہ کوی امر مشکل نہوتا اگر دریافت کرنی ہوتی ہمین فقط کسور واسطی مقدار ن کے کیونکہ اس صورت مین ہمین فقط یہہ بات ضرور ہوتی کہ فرض کرتے ہم

$\sqrt{ط ن^2 + ۱} = ۱ + \frac{ن ف}{ق}$ اور اسسے حاصل ہوتے ہین مساوات ط ن۲ + ۱ = ۱ + $\frac{۲ ن ف}{ق}$ + $\frac{ن^2 ف^2}{ق^2}$

اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ط ن۲ = $\frac{۲ ن ف}{ق}$ + $\frac{ن^2 ف^2}{ق^2}$ اور جسوقت قسمت کرتے ہم دونوطرف اس مساوات کو ن پر تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ط ن = $\frac{۲ ف}{ق}$ + $\frac{ن ف^2}{ق^2}$ یا

ط ن − $\frac{ن ف^2}{ق^2}$ = $\frac{۲ ف}{ق}$ یا $\frac{ن(ط ق^2 - ف^2)}{ق^2}$ = $\frac{۲ ف}{ق}$ یا ن = $\frac{۲ ق ف}{ط ق^2 - ف^2}$

اور اس مساوات سی بیشمار قیمتین واسطی ن کے معلوم ہوجاتین لیکن یے سب کسور ہین اور نہ اعداد صحیح پس ظاہر ہی کہ یہہ ترکیب نہین جاری ہوسکتی ہی جسوقت دریافت کیا جاہین قیمتین ن کی اعداد صحیح مین اور اسسواسطی لازم ہی کہ رجوع کرین ہم ظن اور ترکیبون کے جنسی مطلب ہمارا حاصل ہو واسطی اس مطلب کے لازم ہی کہ نکال ڈالین ہم تمام اون صورتون کو جنمین ط ایک مقدار مثبت ہو اور تمام اون صورتون کو بہی جنمین ط ایک مجذور ہو کسواسطی اسس صورت مین ط ن۲ ایک عدد مجذور ہوگا اور چونکہ کوئی مجذور جسوقت کہ اوسکی اوپر عدد ایک کا زیادہ کیا جاتا ہی مجذور اعداد صحیح کا نہین رہتا ہی تو لازم آتا ہی اسسے یہہ کہ اگر ط ایک عدد مجذور ہو تو ط ن۲ + ۱ ایک مجذور صحیح اعداد کا نہین ہوسکتا ہی اسجای واضح ہو کہ جسوقت معلوم ہوجائگی ہمین کوئی ترکیب دریافت کرنی کم سی کم قیمت ن کی ایسی کہ اوسکی ذریعہ سی $\sqrt{ط ن^2 + ۱}$ ایک کامل مجذور اعداد صحیح کا ہوگا اوسوقت معلوم ہوسکتی ہین ہمین بیشمار اور قیمتین ن کی پس اب لکہینگے ترکیب دریافت

کرنی کم سی کم قیمت ن کی اور یہہ ترکیب مہندس پیل نی کہ ایک شخص قوم انگریزی مین سے تہا ایجاد کی تہی واضح ہو کہ یہہ ترکیب ایسی نہین ہی کہ ہر قسم کی مثالون اس فصل کی پر ایکہی طریقہ سی جاری ہوسکے بلکہ وہ مختلف طریقون سے اور مختلف درجہ سہولت سی مختلف مثالون کی حل کرنی مین جاری ہوسکتی ہی اول لیتے ہین ہم ایک بہت سہل مثال یعنے چاہتی ہین دریافت کرنی کوئی ایسی قیمت واسطی ن کے کہ صورت جبریہ $۲ن^۲ + ۱$ ایک مجذور کامل اعداد صحیح کا ہوجائی اس جای ظاہر ہی کہ جذر $۲ن^۲ + ۱$ کا زیادہ ہی ن سے اور کم ہو $۲ن$ سے پس اگر تعبیر کرین اس جذر کو $ن + ف$ سے تو ضرور ہی کہ ف کم ہو ن سے اور اس صورت مین حاصل ہوگی یہہ مساوات $\sqrt{۲ن^۲ + ۱} = ن + ف$ اور جسوقت مجذور کرین ہم دونوطرف اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $۲ن^۲ + ۱ = ن^۲ + ۲نف + ف^۲$

اور جسوقت دور کرین $ن^۲$ کو دونوطرفون اس مساوات سی اور لاوین تمام اجزا کو جنمین ن پایا جاتا ہی ایک طرف مساوات کی اور باقی اجزا کو دوسری طرف مساوات کی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ن^۲ - ۲نف = ف^۲ - ۱$ اور جسوقت کامل کرین ہم مربعہ کو موافق قاعدہ مساوات درجہ دوم کے بعد $ن^۲ - ۲نف + ف^۲ = ۲ف^۲ - ۱$ اور جسوقت جذر نکالین دونوطرفون اس مساوات کا تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ن - ف = \sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ اور $ن = ف + \sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ اب ظاہر ہی کہ تا کہ ن ایک کامل مجذور ہوجائے تو ضرور ہی کہ $\sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ ایک کامل مجذور ہو لیکن ظاہر ہے کہ بہت مشکل سے دریافت کرنا کسی ایسی قیمت کا واسطی ف کے کہ $\sqrt{۲ف^۲ + ۱}$ ایک کامل مجذور ہوجای اوتنا ہی مشکل ہی دریافت کرنا کسی ایسی قیمت کا واسطی ف کے کہ $\sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ ایک کامل مجذور ہوجائے پس ہمین لازم ہی کہ پہر کوئی ایسا عمل کرین کہ اوسکی وسیلہ سے کچہہ سہولت حاصل کرنی مطلب مین پیدا ہو اب چونکہ $\sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ زیادہ ہی ف سی اور اسی سبب سی ن زیادہ ہی $۲ف$ سے تو ہم فرض کرین گے کہ $ن = ۲ف + ق$ اور موافق اس فرض کے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات $۲ف + ق = ف + \sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ اور جسوقت مجذور کرتے ہین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات $ن^۲ + ۲نق + ق^۲ = ۲ف^۲ - ۱$ اور اسیواسطے $ن^۲ = ۲ف ق + ق^۲ + ۱$ اور اس مساوات درجہ دوم مین ف کو مقدار مجہول فرض کرکے حل کرنی سے حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ف کی $ف = ق + \sqrt{۲ق^۲ + ۱}$ پس یہان سے معلوم ہوتا ہی یہہ کہ تا کہ ف ایک ایسا عدد ہوجائے کہ مقدار $\sqrt{۲ف^۲ - ۱}$ ایک کامل مجذور ہوجائے تو لازم ہی کہ $\sqrt{۲ق^۲ + ۱}$ ایک کامل مجذور رہو اور اس صورت مین ظاہر ہی کہ اگر $ق = ۰$ تو $\sqrt{۲ق^۲ + ۱}$ یعنے $\sqrt{۱}$ ایک کامل مجذور رہوتا ہی اور یہان سے معلوم ہوا کہ $ف = ۱$ اور

$$ن = ف + \sqrt{۲ف^۲ - ۱} = ۱ + \sqrt{۲ - ۱} = ۲$$ اور اسیواسطی

۲ن^۲ + ۱ = ۲ × ۴ + ۱ = ۸ + ۱ = ۹ = ۳^۲ کامل مجذور ہے آمید ہی کہ فقط اس سہل مثال سے ترکیب مہندس پہل کی طالب علم کی خیالمین آجائیگی اور وہ دلمین بیٹھ جائیگی اگر وہ توجہ کریگا اون مثالوں کی طرف جو اگی لکھی جاتی ہین اب فرض کرو کہ ط = ۳ یعنی چاہتے ہین ہم تبدیل کرنا ۳ن^۲ + ۱ کو ایک عدد مجذور سی پس موافق مرقومہ بالا کی فرض کرو کہ $\sqrt{۳ن^۲ + ۱} = ن + ف$ اور جسوقت جاری کرتے ہین ہم عمل مجذور کا دونون طرفون اس مساوات پر تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۳ن^۲ + ۱ = ن^۲ + ۲ن ف + ف^۲ اور ن^۲ - ف ن = $\frac{ف^۲ - ۱}{۲}$ اور اگر ن کو مقدار مجہول مقرر کرکے حل کرین ہم اس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ن = $\frac{ف + \sqrt{۳ف^۲ - ۲}}{۲}$ اب چونکہ $\sqrt{۳ف^۲ - ۲}$ زیادہ ہی ف سی اور اسی سبب سے ن زیادہ ہی $\frac{ف}{۲}$ سی یعنی ف سی تو فرض کرو کہ ن = ف + ق اور چونکہ ن = $\frac{ف + \sqrt{۳ف^۲ - ۲}}{۲}$ تو معلوم ہوا کہ

ف + ق = $\frac{ف + \sqrt{۳ف^۲ - ۲}}{۲}$ اور اسیواسطی ۲ف + ۲ق =

ف + $\sqrt{۳ف^۲ - ۲}$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ف + ۲ق = $\sqrt{۳ف^۲ - ۲}$ اور جسوقت مجذور کرین دونون طرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات

ف^۲ + ۴ف ق + ۴ق^۲ = ۳ف^۲ - ۲ یا ۴ق^۲ - ۲ف ق = ۲ف^۲ + ۱ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ف = ق + $\sqrt{۳ق^۲ + ۱}$ اور جسوقت فرض کیا جاوی ق = ۰ اوسوقت حاصل ہوتے ہین یہہ مساوات ف = ۱ اور ن = ۱ اور $\sqrt{۳ن^۲ + ۱} = ۲$ اب فرض کرو کہ ط = ۵ یعنی چاہتے ہین ہم دریافت کرنا ایک ایسا عدد واسطی ن کے کہ صورت جبریہ ۵ن^۲ + ۱ ایک کامل مجذور ہوجاوے اب ظاہر ہی کہ مجذور ۵ن^۲ + ۱ کا زیادہ ہی ۲ن سے اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ

$\sqrt{۵ن^۲ + ۱} = ۲ن + ف$ اور جسوقت مجذور کرتے ہین ہم دونون طرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوتا ہی یہہ ۵ن^۲ + ۱ = ۴ن^۲ + ۴ف ن + ف^۲ اور اس مساوات سی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ن^۲ - ۴ف ن = ف^۲ - ۱ اور حل کرنی سے اس مساوات درجہ دوم کو ہم پاتی ہین یہہ قیمت ن کی ن = ۲ف + $\sqrt{۵ف^۲ - ۱}$ اب چونکہ $\sqrt{۵ف^۲ - ۱}$ زیادہ ہی ۲ف سی تو لازم آتا ہی اس سے یہہ کہ ہووی ق زیادہ ۴ف سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ ن = ۴ف + ق

اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۲ ف + ق = $\sqrt{۵ ف^۲ - ۱}$ اور جسوقت مخبور کرین
دونوطرفون اسمساوات کو توحاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۵ ف^۲ - ۱ = ۴ ف^۲ + ۴ ف ق + ق^۲
اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ف^۲ - ۴ ف ق = ق^۲ + ۱ اور جسوقت فرض کرکی ق کو بطور
مقدار مجہول کے حل کرتے ہین ہم اس مساوات درجہ دوم کو توحاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ف کی
ف = ۲ ق + $\sqrt{۵ ق^۲ + ۱}$ اور چونکہ کم سی کم قیمت ف کی حاصل ہوتی ہی جسوقت ق = ۰ توحاصل
ہوگی ہمین یہہ قیمت ق کی ق = ۱ اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت واسطی ن کے

ن = ۲ ف + $\sqrt{۵ ف^۲ - ۱}$ = ۲ + $\sqrt{۴}$ = ۲ + ۲ = ۴ اور اسیواسطی

$\sqrt{۵ ن^۲ + ۱}$ = ۹ اور ۵ ن^۲ + ۱ = ۸۱ اب فرض کرو کہ ط = ۶ یعنی چاہتے ہین ہم دریافت کرنا ایک
ایسا عدد واسطے ن کے کہ ۶ ن^۲ + ۱ ایک کامل مربع ہوجاوے اسسے ظاہر ہی کہ جذر ۶ ن^۲ + ۱
کا زیادہ ہی ۲ ق سی اور کم ۳ ن سے اور اسیواسطی فرض ہین ہم کہ $\sqrt{۶ ن^۲ + ۱}$ = ۲ ن + ف اور
جسوقت مخبور کرتے ہین ہم دونوطرفون اسمساوات کو توحاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۶ ن^۲ + ۱ = ۴ ن^۲ + ۴ ن ف + ف^۲ اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات درجہ دوم کی
ن^۲ - ۲ ف ن = $\frac{ف^۲ - ۱}{۲}$ اور اسکو حل کرنی سی حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ن کی

$$ن = ف + \frac{\sqrt{۶ ف^۲ - ۲}}{۲} = \frac{۲ ف + \sqrt{۶ ف^۲ - ۲}}{۲}$$

اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ن زیادہ ہی ۲ ف سی اور اسیواسطی ہم فرض کرینگے کہ ن = ۲ ف + ق
اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات ۴ ف^۲ + ۲ ق = ۲ ف + $\sqrt{۶ ف^۲ - ۲}$ اور جسوقت دور کرین گے
ہم دونوطرفون اسمساوات مین سے ۲ ف کو توحاصل ہوگی یہہ مساوات ۲ ف + ۲ ق = $\sqrt{۶ ف^۲ - ۲}$
اور جسوقت مخبور کرتے ہین ہم دونوطرفون اسمساوات کو توحاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۴ ف^۲ + ۸ ق ف + ۴ ق^۲ = ۶ ف^۲ - ۲ اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۲ ف^۲ - ۸ ق ف = ۴ ق^۲ + ۲ اور ف^۲ - ۴ ق ف = ۲ ق^۲ + ۱ اور حل کرنی اسمساوات درجہ
دوم سی حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت واسطی ق کے ف = ۲ ق + $\sqrt{۶ ق^۲ + ۱}$ اب ظاہر ہی اس صورت
اخیر کی وہی شکل ہی جو صورت مفروض کی ہی تو واسطی حاصل کرنی کم سے کم قیمت ق کی ضرور ہی کہ فرض کرین
ہم ق = ۰ اور اسسے واسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات ف = ۱ اور اسیواسطی

$$ن = \frac{۲ف + \sqrt{۶ن^۲ - ۲}}{۲} = \frac{۲ + \sqrt{۴}}{۲} = \frac{۴}{۲} = ۲$$ اور اسیواسطے

$$\sqrt{۶ن^۲ + ۱} = \sqrt{۶ \times ۲^۲ + ۱} = \sqrt{۲۴ + ۱} = \sqrt{۲۵} = ۵$$ یعنے

$\sqrt{۶ن^۲ + ۱} = ۵$ اب ہم فرض کرتے ہین کہ ط = ۷ یعنی ہم چاہتے ہین کہ کوئی ایسا عدد واسطی ن کے دریافت کرین کہ صورت $۷ن^۲ + ۱$ ایک کامل مخذور ہوجائے اب چونکہ مخذور $۷ن^۲ + ۱$ اکثر زیادہ ہی ۲ن سے تو فرض کرتے ہین بعسم کہ $\sqrt{۷ن^۲ + ۱} = ۲ن + ف$ اور اگر دونو طرفون اس مساوات کا مخذور لین تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $۷ن^۲ + ۱ = ۴ن^۲ + ۴ن ف + ف^۲$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات $۳ن^۲ - ۴ف ن = ف^۲ - ۱$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$$ن^۲ - \frac{۴ف ن}{۳} = \frac{ف^۲ - ۱}{۳}$$ اور حل کرنی سی اس مساوات درجہ دوم کی حاصل ہوگی یہہ قیمت واسطی ن کے $ن = \frac{۲ف + \sqrt{۷ف^۲ - ۳}}{۳}$ اور بیان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ن زیادہ ہی $\frac{۴}{۳}$ ف سی اور اسیواسطی ن زیادہ ہی ق سے اور اسیواسطی فرض کرتے ہین ہم ن = ف + ق اور بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ ۳ف + ۳ق = ۲ف + $\sqrt{۷ف^۲ - ۳}$ یا ف + ۳ق = $\sqrt{۷ف^۲ - ۳}$ اور جسوقت مخذور کرین ہم دونون طرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات $ف^۲ + ۶ف ق + ۹ق^۲ = ۷ف^۲ - ۳$ اور اس سے حاصل ہوتا ہی یہہ

$۶ف^۲ - ۶ق ف = ۹ق^۲ + ۳$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$$ف^۲ - ق ف = \frac{۳ق^۲ + ۱}{۲}$$ اور حل کرنی سی اس مساوات درجہ دوم کی حاصل ہوتی ہی یہہ

مساوات $ف = \frac{ق + \sqrt{۷ق^۲ + ۲}}{۲}$ اور بیان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ف زیادہ ہی $\frac{۳ق}{۲}$ سی

اور اسیواسطی ق سے پس فرض کرتے ہین ہم کہ ف = ق + ک اور اسیواسطی ۲ق + ۲ک = ق + $\sqrt{۷ق^۲ + ۲}$ اور ۲ق + ۲ک = $\sqrt{۷ق^۲ + ۲}$ اور جسوقت مخذور کرین ہم دونون طرفون اس مساوات کو اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات $۴ق^۲ + ۴ک^۲ + ۸ق ک = ۷ق^۲ + ۲$ یا $۳ق^۲ - ۸ق ک = ۴ک^۲ - ۲$ اور بیان سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات $۶ق^۲ - ۴ک ق = ۴ک^۲ - ۲$ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$$ق^۲ - \frac{۴ک ق}{۶} = \frac{۴ک^۲ - ۲}{۶}$$ یا $ق^۲ - \frac{۲ک ق}{۳} = \frac{۲ک^۲ - ۱}{۳}$

اور جسوقت حل کرین ہم اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ قیمت ق کی ق = $\frac{ک + \sqrt{۷ک^۲ - ۳}}{۳}$ اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ ق زیادہ ہی کہ سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتی ہین کہ ق = کہ + س اور یہان سی یہہ معلوم ہوتا ہی ۲ کہ + ۳ س = $\sqrt{۷ک^۲ - ۳}$ اور ۴ کہ^۲ + ۱۲ س کہ + ۹ س^۲ = ۷ کہ^۲ - ۳ یا ۳ کہ^۲ - ۱۲ س کہ = ۹ س^۲ + ۳ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات کہ^۲ - ۴ س کہ = ۳ س^۲ + ۱ اور حل کرنی سی اسکو حاصل ہوتا ہی یہہ کہ = ۲ س + $\sqrt{۷س^۲ + ۱}$ پس جسوقت فرض کرین ہم س = ۰ اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات کہ = ۱ اور اسیواسطی ق = ۱ اور ف = ۲ اور ن = ۳ یا $\sqrt{۷ن^۲ + ۱}$ = ۸ عمل مذکورہ بالا کا بہت اختصار ہوسکتا ہی بوسیلہ ترکیب آئندہ کی اور یہہ ترکیب اور مثالون مین بھی جاری ہوسکتی ہی چونکہ $\sqrt{۷ن^۲ + ۱}$ کم ہی ۳ ن سے تو اسی واسطی ہم فرض کرتے ہین کہ $\sqrt{۷ن^۲ + ۱}$ = ۳ ن - ف اور جسوقت مجذور کرتے ہین ہم دونون طرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۷ ن^۲ + ۱ = ۹ ن^۲ - ۶ ف ن + ف^۲ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۲ ن^۲ - ۶ ف ن = ۱ - ف^۲ اور جسوقت حل کرین گے اس مساوات درجہ دوم کو اوسوقت حاصل ہوگی یہہ قیمت واسطی ن کی

ن = $\frac{۳ف + ۸\sqrt{۷ف^۲ + ۲}}{۲}$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ن کم ہی ۳ ف سی

فرض کرین گے کہ ن = ۳ ف - ق اور جسوقت مجذور کرتی ہین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۹ ف^۲ - ۱۲ ف ق + ۴ ق^۲ = ۷ ف^۲ + ۲ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۲ ف^۲ - ۱۲ ف ق = ۲ - ۴ ق^۲ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ف^۲ - ۶ ق ف = ۱ - ۲ ق^۲ اور جسوقت حل کرتے ہین اس مساوات درجہ دوم کو واسطی حاصل کرنے قیمت ف کی تو حاصل ہوگی یہہ قیمت ف کی ف = ۳ ق + $\sqrt{۷ق^۲ + ۱}$ اور جسوقت فرض کرتے ہین ہم ق = ۰ اوسوقت ف = ۱ اور اسیواسطی ن = ۳ اور $\sqrt{۷ن^۲ + ۱}$ = ۸ جیسکہ پہلی اب فرض کرکے = ۸ یعنے چاہتے ہین ہم دریافت کرنی کو ئی ایسی قیمت واسطی ن کے کہ صورت ۸ ن^۲ + ۱ کی ایک کامل مجذور ہوجای اس صورت مین ظاہر ہی کہ $\sqrt{۸ن^۲ + ۱}$ کم ہے بہ نسبت ۳ ن کی اور اسیواسطی ہم فرض کرتی ہین کہ $\sqrt{۸ن^۲ + ۱}$ = ۳ ن - ف اور جسوقت مجذور کرتے ہین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۸ ن^۲ + ۱ = ۹ ن^۲ - ۶ ف ن + ف^۲ اور اس سے حاصل ہوگی یہہ مساوات ن^۲ - ۶ ف ن = ۱ - ف^۲ اور جسوقت حل کرتے ہین اس مساوات

درجہ دویم کو واسطی حل کرنی قیمت آن کے تو حاصل ہوگی یہہ قیمت آن کی ن = ۳ ف + √(۸ ف۲ + ۱)
اور جسوقت ف = ۰ اوسوقت ن = ۱ اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت واسطی
√(۸ ن۲ + ۱) کے √(۸ ن۲ + ۱) = ۳ اسیطرح سی ہم اور صورتونمین عمل کرسکتے ہین بشرطیکہ
عدد ط منفی اور مخذور نہو اور اخیر کو ہم حاصل کرینگی ایک ایسی صورت جبریہ √(ط ح۲ + ۱) متشابہ
صورت مفروضہ کے اور اسس صورت مین تاکہ جذر کی علامت دور ہوجاوی ہم فرض کرین گے کہ ح = ۰ اور
بعدازان ہم بہر اولی چلین گے اور قیمتین تمام اون حروف کی جو ہم متواتر فرض کرتے گئی ہے دریافت
کرینگی اور اخیر کو قیمت آن کی معلوم ہوجائیگی اور عمل تمام ہوجائیگا یعنی بذریعہ اسس قیمت آن کی صورت جبریہ
(ط ن۲ + ۱) ایک کامل مخذور ہوجائیگی اسجای واضح ہو کہ بعض اوقات ہمارا مطلب بہت سہولت سے
حاصل ہوجاتا ہی لیکن اکثر ہمین بہت سی عمل کرنی پڑتے ہین عملونکا زیادہ یا کم ہونا موقوف ہی اوپر خواص
عدد ط کی لیکن ہمین ابتک ایسی اصول اور فوائد دریافت نہین ہوئے ہین کہ اونکی ذریعہ سی یہہ بات
پہلی سی معلوم ہوجایا کری کہ اسس مثالمین اتنی عمل کرنی ہونگی واسطی اعداد کی جو کم ہین ۱۳ سی بہت عمل
ضرور نہین ہوتی ہین لیکن جسوقت ط = ۱۳ اوسوقت حساب بہت مشکل اور طویل ہوجاتا ہی اور واسطی
مثال کے اسس حساب کو ہم اسجای سہلکتے ہین فرض کرو ط = ۱۳ یعنی چاہتے ہین ہم دریافت کرنی ایسی
قیمت واسطی آن کے کہ صورت جبریہ ۱۳ ن۲ + ۱ ایک کامل مخذور ہوجاوی اسس صورت مین ظاہر ہی
کہ √(۱۳ ن۲ + ۱) زیادہ ہی ۳ ن سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتی ہین کہ √(۱۳ ن۲ + ۱) = ۳ ن + ف
اور جسوقت مخذور کرتے ہین ہم دونوطرفون اسس مساوات کو اوسوقت حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۱۳ ن۲ + ۱ =
۹ ن۲ + ۶ ف ن + ف۲ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۴ ن۲ − ۶ ف ن = ف۲ − ۱
اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ن۲ − (۳/۲) ف ن = (ف۲ − ۱)/۴ اور جسوقت حل کرتے ہین
اسس مساوات درجہ دوم کو اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات ن = (۳ ف + √(۱۳ ف۲ − ۴))/۴
اور یہان سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ن زیادہ ہی ۶/۴ ف سی یعنے ن زیادہ ہی ف سی اور اسیواسطی
ہم فرض کرتے ہین کہ ن = ف + ق اور یہان سی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۴ ف + ۴ ق =
۳ ف + √(۱۳ ف۲ − ۴) اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ف + ۴ ق = √(۱۳ ف۲ − ۴)
اور جسوقت مخذور کرتے ہین ہم دونوطرفون اسس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
ف۲ + ۸ ق ف + ۱۶ ق۲ = ۱۳ ف۲ − ۴ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۱۲ ف۲ − ۸ ق ف = ۱۶ ق + ۴ اور جسوقت تقسیم کرین دونوطرفون اسس مساوات کو عدد ۴ پر

اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات ۳ ف^{۲} − ۲ ق ف = ۴ ق^{۲} + ۱ اور جسوقت حل کرتے ہین اسمساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوگی یہہ قیمت ف کی ف = $\frac{ق + \sqrt{۱۳ ق^{۲} + ۳}}{۳}$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ ق زیادہ ہی $\frac{۲ ق}{۳}$ یعنے ق سے تو فرض کرتے ہین ہم کہ ف = ق + ک اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۳ ق + ۳ ک = ق + $\sqrt{۱۳ ق^{۲} + ۳}$ اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۲ ق + ۳ ک = $\sqrt{۱۳ ق^{۲} + ۳}$ اور جسوقت مخذور کرتے ہین ہم دونون طرفون اسمساوات کو اوسوقت حاصل ہوگی یہہ مساوات ۱۳ ق^{۲} + ۳ = ۴ ق^{۲} + ۱۲ ک ق + ۹ ک^{۲} اور اسسے یہہ حاصل ہوتا ہی ۹ ق^{۲} − ۱۲ ک ق = ۹ ک^{۲} − ۳ اور اسسے یہہ حاصل ہوتا ہی ۳ ق^{۲} − ۴ ک ق = ۳ ک^{۲} − ۱ اور جسوقت حل کرتے ہین ہم اسمساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ق کی

ق = $\frac{۲ ک + \sqrt{۱۳ ک^{۲} − ۳}}{۳}$ اور یہان سے معلوم ہوتا ہی کہ ق زیادہ ہی

$\frac{۲ ک + ۳ ک}{۳}$ سے یعنی ق زیادہ ہی ک سے تو فرض کرتے ہین ہم کہ ق = ک + س اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۳ ک + ۳ س = ۲ ک + $\sqrt{۱۳ ک^{۲} − ۳}$ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ک + ۳ س = $\sqrt{۱۳ ک^{۲} − ۳}$ اور جسوقت مخذور کرتے ہین ہم دونون طرفون اس مساوات کا تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ک^{۲} + ۶ س ک + ۹ س^{۲} = ۱۳ ک^{۲} − ۳ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۱۲ ک^{۲} − ۶ س ک = ۹ س^{۲} + ۳ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۴ ک^{۲} − ۲ س ک = ۳ س^{۲} + ۱ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ک^{۲} − $\frac{س}{۲}$ ک = $\frac{۳ س^{۲} + ۱}{۴}$ اور جسوقت حل کرتے ہین اسمساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوگی یہہ قیمت ک کی ک = $\frac{س + \sqrt{۱۳ س^{۲} + ۴}}{۴}$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ک زیادہ ہی $\frac{س + ۳ س}{۴}$ یعنے زیادہ ہی س سے تو ہم اسیواسطے فرض کرتے ہین کہ ک = س + ع اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۴ س + ۴ ع = س + $\sqrt{۱۳ س^{۲} + ۴}$ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۳ س + ۴ ع = $\sqrt{۱۳ س^{۲} + ۴}$ اور جسوقت مخذور کرین ہم دونون طرفون اسمساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۹ س^{۲} + ۴ ۲ ع س + ۱۶ ع^{۲} = ۱۳ س^{۲} + ۴ اور اسس سے حاصل ہوتا ہی یہہ ۴ س^{۲} − ۴ ۲ ع س = ۱۶ ع^{۲} − ۴ اور اسس سے یہہ س^{۲} − ۶ ع س = ۴ ع^{۲} − ۱ اور جسوقت حل کرتے ہین اسمساوات درجہ دوم کو اوسوقت

حاصل ہوگی یہہ مساوات س = ۳ع + √(۱۳ع۲ − ۱) اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ س زیادہ ہی ۳ع + ۳ع سے یعنے ۶ع سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین س = ۶ع + ل اور اب حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۶ع + ل = ۳ع + √(۱۳ع۲ − ۱) اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۳ع + ل = √(۱۳ع۲ − ۱) اور اگر مجذور کرین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ۹ع۲ + ۶ل ع + ل۲ = ۱۳ع۲ − ۱ اور اس سی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۴ع۲ − ۶ل ع = ل۲ + ۱ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ع۲ − (۳/۲) ل ع = (ل۲ + ۱)/۴ اور جسوقت فرض کرکے ع کو بطور مقدار مجہول کے

حل کرتے ہین ہم اس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ع = (۳ل + √(۱۳ل۲ + ۴))/۴ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ ع زیادہ ہی

(۶/۴) ل سے یعنی ل سے اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ ع = ل + م اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات ۴ل + ۴م = ۳ل + √(۱۳ل۲ + ۴) اور جسوقت نکال ڈالین دونون طرفون اس مساوات سی ۳ل کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ل + ۴م = √(۱۳ل۲ + ۴) اور جسوقت مجذور کرتی ہین ہم دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ل۲ + ۸م ل + ۱۶م۲ = ۱۳ل۲ + ۴ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

۱۲ل۲ − ۸م ل = ۱۶م۲ − ۴ اور جسوقت قسمت کرتی ہین دونون طرفون اس مساوات کو عدد ۴ پر تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۳ل۲ − ۲م ل = ۴م۲ − ۱ اور جسوقت مقرر کرکے ل کو بطور مقدار مجہول کے جاری کرین ہم اس مساوات پر قاعدہ مساوات درجہ دوم کا تو حاصل ہوگی یہہ قیمت واسطے ل کے ل = (م + √(۱۳م۲ − ۳))/۳ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا

ہی کہ ل زیادہ ہی (۴م)/۳ سے یعنی زیادہ ہی م سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ

ل = م + لا اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۳م + ۳لا = م + √(۱۳م۲ − ۳)

اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات جسوقت کہ نکال ڈالا یعنی م کو دونوطرفون اس مساوات سے

۲م + ۳لا = √(۱۳م۲ − ۳) اور جسوقت مجذور کرین دونوطرفون اس مساوات کو تو حاصل

ہوگی یہہ مساوات ۴م۲ + ۱۲ لام + ۹لا۲ = ۱۳م۲ - ۳ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۹م۲ - ۱۲ لام = ۹لا۲ + ۳ اور جیہ ت متمت کرتی ہین دونوطرفون اسس مساوات کو عدد ۳ پر تو حاصل
ہوتی ہی یہہ مساوات ۳م۲ - ۴ لام = ۳لا۲ + ۱ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
م۲ - $\frac{۴}{۳}$ لام = $\frac{۳لا۲+۱}{۳}$ اور جبوقت حل کرتے ہین اسس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوتی ہی
یہہ قیمت واسطی م کے م = $\frac{۲لا+\sqrt{۱۳لا۲+۳}}{۳}$ اور یہان سے یہہ بات معلوم ہوتی
ہی کہ م زیادہ ہی $\frac{۵}{۴}$ لا سے یعنی لا سے اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ م = لا + ر
اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۳لا + ۳ر = ۲لا + $\sqrt{۱۳لا۲+۳}$ اور اسس سے
حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات لا + ۳ر = $\sqrt{۱۳لا۲+۳}$ اور جبوقت مجذور کرتے ہین ہم
دونوطرفون اسس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات لا۲ + ۶ رلا + ۹ر۲ = ۱۳لا۲+۳ اور
اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۱۲لا۲ - ۶ رلا = ۹ر۲ - ۳ یا ۴لا۲ - ۲ رلا = ۳ر۲ - ۱
اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات لا۲ - $\frac{۱}{۲}$ ر.لا = $\frac{۳ر۲-۱}{۴}$ اور جبوقت مقرر کرکی لا کو
بطور مقدار مجہول کے حل کرتی ہین ہم اسس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
لا = $\frac{ر+\sqrt{۱۳ر۲-۴}}{۴}$ اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ لا زیادہ تر سی اور اسیواسطی
فرض کرتی ہین ہم کہ لا = ر + د اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات ۴ر + ۴د = ر + $\sqrt{۱۳ر۲-۴}$
اور جبوقت دور کرتے ہین ہم دونون طرفون اسس مساوات مین سے مقدار ر کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات
۳ر + ۴د = $\sqrt{۱۳ر۲-۴}$ اور جبوقت مجذور کرتے ہین ہم دونوطرفون اسس مساوات کو تو
حاصل ہوگی یہہ مساوات ۹ر۲ + ۲۴دد + ۱۶د۲ = ۱۳ر۲ - ۴ اور اسس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات
۴ر۲ - ۲۴دد = ۱۶د۲ + ۴ اور جبوقت متمت کرتے ہین ہم دونوطرفون اسس مساوات کو عدد ۴ پر
تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ر۲ - ۶دد = ۴د۲ + ۱ اور جبوقت حل کرتے ہین اسس مساوات درجہ دوم
کو تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ر = ۳د + $\sqrt{۱۳د۲+۱}$ اب ظاہر ہی کہ یہہ صورت اخیر مشابہ ہی
صورت مفروضہ کے اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ د = ۰ اور اسیواسطی حاصل ہوگی یہہ مساوات
ر = ۱ پس اب لکھتی ہین ہم قیمتین سب مقدارون کی جو کہ متواتر فرض کی گئی ہین نقشہ ذیل مین

د = ۰	ل = م + لا = ۳	ق = ک + س = ۱۷
ر = ۱	ع = ل + م = ۵	ف = ق + ک = ۱۰۹
لا = ر + د = ۱	س = ۶ع + ل = ۳۳	ن = ف + ق = ۱۸۰
م = لا + ر = ۲	ک = س + ع = ۳۸	$\sqrt{۱۳ن^۲+۱}$ = ۳ن + ف = ۶۴۹

اور یہان سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ چھوٹی سے چھوٹا عدد جو کہ واسطی ن کے فرض کیا جا سکتا ہی اسکی شرط یہ ہی کہ $\sqrt{۱۳ن^۲+۱}$ ایک کامل مجذور ہو جاوی ۱۸۰ ہی مثال مرقومہ بالا سی یہہ بات خوب واضح ہوتی ہی کہ بعض صورتونمین حساب بہت ہی مشکل اور طویل ہوتا ہی جسیوقت کہ عدد ۱۳ اسی بہی زیادہ ہوتا ہی اوسوقت اکثر دس دفعہ زیادہ عمل کرنے پڑتے ہین بہ نسبت عدد ۱۳ کی چونکہ ہم پہلی سے یہہ بات نہین بتا سکتی ہین کہ کونسی عدد کی واسطی ہمین بہت عمل کرنی پڑیگی تو ہم فائدہ اوٹھا سکتے ہین اور وں کی محنت سی جنہون نے کہ اسی حساب کرکی بہتیری اعداد دریافت کئی ہین واسطی اس مطلب کے اس فصل کی اخیر مین ایک فہرست لگائی گئی ہی اور اوسمین قیمتین ن اور $\sqrt{ط ن^۲+۱}$ اسکے مطابق اون سب قیمتون ط کے جو کہ ۲ سی ۱۰۰ تک واقع ہین اسطرح مرتب کی گئی ہین

یہہ بات بیان کرنی ضرور ہی کہ خاص صورتونمین ہم دریافت کر سکتے ہین بہت سہولت سی قیمتین ن اور $\sqrt{ط ن^۲+۱}$ کی مثلاً جسیوقت کہ ط بہ نسبت کسی عدد مجذور کی بقدر آیا ۲ کی زیادہ یا کم ہوتا ہی اوسوقت ایک عام اور سہل قاعدہ واسطی حصول ہماری مطلب کے مستقل ہی اور یہہ قاعدہ مرقوم آئندہ سی ظاہر ہو جائیگا فرض کرو کہ ط = ی^۲ − ۲ اور چونکہ ضرور ہی کہ ہو وی یہہ مساوات (ی^۲ − ۲) ن^۲ + ۱ = م^۲ = ایک مجذور کی تو یہہ بات ظاہر ہی کہ م کم سی کم ی ن سی اور اسیواسطی ہم فرض کرتے ہین کہ م = ی ن − ف اور اسیواسطی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات (ی^۲ − ۲) ن^۲ + ۱ = ی^۲ ن^۲ − ۲ ی ن ف + ف^۲ اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

ی^۲ ن^۲ − ۲ ن^۲ + ۱ = ی^۲ ن^۲ − ۲ ی ن ف + ف^۲ اور اسسے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

۲ ن^۲ − ۲ ی ن ف = ۱ − ف^۲ اور جسیوقت مقرر کرکی ن کو بطور مقدار مجہول کے حل کرتے ہین ہم اس مساوات کو تو حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ن کی ن = $\frac{ی ف + \sqrt{ی^۲ ف^۲ - ۲ ف^۲ + ۲}}{۲}$ اور یہان یہہ بات ظاہر ہی کہ اگر ف مساوی ایک کے فرض کیا جاوے تو ن = $\frac{ی + \sqrt{ی^۲ - ۲}}{۲}$ = $\frac{ی + ی}{۲}$ = $\frac{۲ ی}{۲}$ = ی

اور چونکہ $\sqrt{ط ن^۲ + ۱}$ = م اور ط = ی^۲ − ۲ تو معلوم ہوا کہ $\sqrt{(ی^۲ - ۲) ی^۲ + ۱}$ = $\sqrt{ی^۴ - ۲ ی^۲ + ۱}$ = ی^۲ − ۱ پس معلوم ہوا کہ م = ی^۲ − ۱ مثلاً اگر ط = ۲۳ تو ظاہر ہی کہ ی = ۵ اور اسیواسطی م = ۲۵ − ۱ = ۲۴ دلیل اوسکی جو کچھ گذرا ہی اسطرح سی ہی ظاہر ہی

جسوقت کہ ط = ی۲ − ۱ اگر اوسوقت فرض کریں ہم ن = ی تو حاصل ہوگی ہمین یہہ مساوات ط ن۲ + ۱ = م۲ − ۲ ی م + ۱ جو مخدور ہی ی۲ − ۱ کا اب فرض کرو کہ ط = ی۲ − ۱ یعنے فرض کرو ط کو کم بہ نسبت ایک عدد مخذور کے بقدر عدد آ کے پس اب ضرور ہی کہ ہووے یہہ مساوات (ی۲ − ۱) ن۲ + ۱ = م۲ اور بطور گزشتہ کے یہہ بات ظاہر ہی کہ م کم ہی بہ نسبت ی ن کے اور اسیواسطے ہم فرض کرتے ہین کہ م = ی ن − ف اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات (ی۲ − ۱) ن۲ + ۱ = ی۲ ن۲ − ۲ ی ن ف + ف۲ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ۲ ی ن ف = ۱ − ف۲ اور اگر مقرر کرکے ن کو بطور معدا مجہول کے حل کرین ہم اس مساوات درجہ دوم کو تو حاصل ہوگی یہہ قیمت ن کی ن = ی ف + √(ی۲ ف۲ − ف۲ + ۱) اور اسجای ظاہر ہی کہ علامت خذر کی دور ہوجاویگی اگر فرض کرین ہم ف = ۱ اور اس صورت مین حاصل ہوگی یہہ مساوات ن = ۲ ی اور م = ۲ ی۲ − ۱ یہی بات اسطرح بہی ظاہر ہی چونکہ ن = ۲ ی اور م = ۲ ی۲ − ۱ تو ط ن۲ + ۱ = ۴ ی۲ − ۴ ی۲ + ۱ = (۲ ی۲ − ۱)۲ یعنے مخذور ۲ ی۲ − ۱ کا مثلاً فرض کرو کہ ط = ۲۴ اور اسیواسطے ی = ۵ اور اس سے حاصل ہوگی یہہ قیمت ن کی ن = ۱۰ اور ۲۴ ن۲ + ۱ = ۲۴۰۱ = (۴۹)۲ اب فرض کرو کہ ط = ی۲ + ۱ یعنے یہہ کہ ط زیادہ ہی کسی عدد مخذور سے بقدر عدد آ کی اور اس صورتین بہی یہہ بات ضرور ہی کہ (ی۲ + ۱) ن۲ + ۱ = م۲ اور چونکہ اس صورتین م زیادہ ہی ی ن سے تو فرض کرتے ہین ہم کہ م = ی ن + ف اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات (ی۲ + ۱) ن۲ + ۱ = ی۲ ن۲ + ۲ ی ن ف + ف۲ یا یہہ مساوات ی۲ ن۲ + ن۲ + ۱ = ی۲ ن۲ + ۲ ی ن ف + ف۲ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ن۲ − ۲ ی ن ف = ف۲ − ۱ اور جسوقت حل کرتے ہین اس مساوات کو اوسوقت حاصل ہوتی ہی یہہ قیمت ن کی ن = ی ف + √(ی۲ ف۲ + ف۲ − ۱) اب فرض کرتے ہین ف = ۱ اور موافق اس فرض کی حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات ن = ۲ ی اور م = ۲ ی۲ + ۱ اور یہی بات ظاہر ہوتی ہی اس سے کہ جسوقت ط = ی۲ + ۱ اور ن = ۲ ی اوسوقت ط ن۲ + ۱ = ۴ ی۲ + ۴ ی۲ + ۱ = (۲ ی۲ + ۱)۲ = ایک مخذور کے مثلاً فرض کرو کہ ط = ۱۷ اور یہان سے یہہ معلوم ہوا کہ ی = ۴ اور اسیواسطے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۱۷ ن۲ + ۱ = م۲ اور اسیواسطے ن = ۸ اور م = ۳۳ اب فرض کرو کہ ط = ی۲ + ۲ یعنے فرض کرو کہ طا دی ہی بہ نسبت کسی عدد مخذور کی بقدر عدد ۲ کی پس اسصورتین حاصل ہوگی یہہ مساوات (ی۲ + ۲) ن۲ + ۱ = م۲ اور اسیواسطے معلوم ہوا کہ م زیادہ ہی ی ن سے اور اسیواسطے ہم فرض کرتے ہین کہ م = ی ن + ف اور اس سے حاصل ہوگی یہہ مساوات ۲ ن۲ − ۲ ی ن ف = ف۲ − ۱ اور اس سے حاصل ہوتی ہی یہہ مساوات

$$ن = \frac{ی ف + ۸ \sqrt{ی^۲ ف^۲ + ۲ ف^۲ - ۲}}{۲}$$ اب فرض کرو کہ ف = ۱ اور ہم اسیواسطے دیا ف کرینگے کہ ن = ی اور م = ی + ۱ یہی بات اور طرحسے بھی ظاہر ہی کسواسطے کہ جسوقت

ط ن^۲ + ۱ = ی^۲ + ۲ ی^۲ + ۱ اور ن = ی تو حاصل ہوگی یہہ مساوات ط ن^۲ + ۱ = ی^۲ + ۲ ی^۲ + ۱ = (ی + ۱)^۲ = ایک مجذور کی مثلاً فرض کرو کہ ط = ۱ اپس اسصورت مین ظاہر ہی کہ ی = ۳ اور اسیواسطے صورت جبریہ

